درج ذیل الفاظ میں primary stress اور secondary stress کی نشاندہی کریں۔

Ans. unwritten. unwrap. Abraham. president, teach. ponder

unwritten	unwrap	Abraham	president	teach	ponder
ان لکھا	کھولنا	ابراہم	صدر	تعلیم	غوروفکر کرنا
un'written	un'wrap	'Abraham	'president	'teach	'ponder

For the Teacher: معلم کے لیے

- Explain to the students the difference between the primary and secondary stress.

طالب علموں کو پرائمری اور سیکنڈری دباؤ (stress) میں فرق سمجھائیں۔

Grammar: گرامر

Adverbs متعلق افعال

A word that modifies the meaning of a verb, an adjective, or another adverb is called an adverb. Adverbs usually come in the following positions in a sentence.

ایسا لفظ جو کسی فعل، اسم صفت یا کسی اور متعلق فعل کا مفہوم واضح کرے، متعلق فعل کہلاتا ہے۔ متعلق افعال عام طور پر کسی جملے میں درج ذیل مقامات پر آتے ہیں۔

Example: She was singing beautifully (**adverb of manner** اسم ظرف بیان) at a concert (**adverb of place** اسم ظرف مکان) last Sunday (**adverb of time** اسم ظرف زماں).

مثال: وہ گزشتہ اتوار ایک محفل موسیقی میں خوبصورتی سے گا رہی تھی۔

Infinitives مصادر

a. You are free to go to your masjid. آپ آزادی سے اپنی مسجد میں جا سکتے ہیں۔

b. He made the people work. اس نے لوگوں کو کام پر لگا دیا۔

The words given in bold have no subject. We say that to go is the infinitive of the verb. Sometimes "to" is used as in example "a", sometimes infinitive without to is used as in example "b".

نمایاں لکھے ہوئے الفاظ کا کوئی فاعل نہیں ہے۔ ہم کہیں گے کہ to go ایک infinitive ہے۔ بعض اوقات ورب کے ساتھ to لگا ہوتا ہے جیسا کہ مثال a میں ہے۔ بعض اوقات to نہیں لگا ہوتا جیسا مثال b میں ہے۔

Gerunds اسمائے فعل

A gerund is that form of the verb which ends in-ing, and has the function of a noun.

فعل اسم (Gerund) ایسے فعل کو کہتے ہیں جس کے ساتھ ing لگا ہو لیکن کام اسم کا کرے۔ مثلاً

a. **Painting** is a good fun. مصوری بہت مزے کی بات ہے۔

b. I like **painting.** مجھے مصوری پسند ہے۔

c. My favourite hobby is **painting.** مصوری میرا پسندیدہ مشغلہ ہے۔

In these sentences **painting** does the work of a noun forming the subject, object and complement.

ان جملوں میں لفظ مصوری بطور فاعل، مفعول اور لازم کے طور پر بطور اسم آیا ہے۔

Conditionals: Type III (unfulfilled condition) شرطیہ جملے: تیسری قسم (ایسی شرط جو پوری نہ ہوئی ہو)

Conditional of this type say that something did not happen because a certain condition was not fulfilled.

اس قسم کے شرطیہ جملے بتاتے ہیں کہ کوئی کام واقع نہیں ہوا کیونکہ خاص شرط پوری نہیں ہوئی تھی۔

Example: **Had** we paid heed to his warnings and advice, we **would not have** got entangled into petty pursuits that have brought forth only disunity and disharmony among our ranks.

مثال: اگر ہم ان کی تنبیہات اور مشورہ کی طرف توجہ دی ہوتی تو معمولی (گھٹیا) مفادات کے چکر میں نہ الجھتے جن کی وجہ سے ہماری صفوں میں انتشار اور افراتفری پیدا ہوئی ہے۔

A. Find the kinds of adverb in the unit. سبق میں سے مختلف اقسام کے ایڈورب تلاش کریں۔

1. Adverb of manner ----------------------------
2. Adverb of place ----------------------------
3. Adverb of time ----------------------------
4. Adverb of frequency ----------------------------
5. Adverb of degree ----------------------------

Ans.

1.	Adverb of manner	bravely
2.	Adverb of place	subcontinent, Lahore
3.	Adverb of time	early, during, before, today, after
4.	Adverb of frequency	only, collectively, individually
5.	Adverb of degree	strongly

B. Write five sentences using adverbs of manner, place and time in the correct sequence.

درست ترتیب سے طرز عمل، مقام اور وقت ظاہر کرنے والے ایڈورب استعمال کرتے ہوئے پانچ جملے لکھیں۔

Ans.

1. Saad will be writing *neatly* **(adverb of manner)** in the *class* **(adverb of place)** tomorrow **(adverb of time).** سعد کل جماعت میں صاف صاف لکھ رہا ہوگا۔
2. Daniyal is singing *sweetly* **(adverb of manner)** in the *garden* **(adverb of place)** today **(adverb of time).** دانیال آج باغ میں سریلے انداز سے گا رہا ہے۔
3. Sajood has been living *happily* **(adverb of manner)** in *Lahore* **(adverb of place)** for ten years **(adverb of time).** سجود خوشی سے لاہور میں دس سالوں سے رہ رہا ہے۔
4. She is speaking *loudly* **(adverb of manner)** in the *class* **(adverb of place)** *now* **(adverb of time).** وہ اس وقت جماعت میں با آواز بلند بول رہی ہے۔
5. He entered *silently* **(adverb of manner)** in the *house* **(adverb of place)** *yesterday* **(adverb of time).** وہ کل خاموشی کے ساتھ گھر میں داخل ہوا۔

C. Make sentences using the following verbs followed by the infinitives.

درج ذیل ورbز کے بعد مصادر استعمال کرتے ہوئے جملے بنائیں۔

Ans. **saw, promised, wanted, began, asked, told, decided**

No.	Words	Sentences
1.	saw	I saw him helping an old man to cross the road. میں نے اسے ایک بوڑھے آدمی کی سڑک پار کرنے میں مدد کرتے دیکھا۔
2.	promised	He promised to help me. اس نے میری مدد کرنے کا وعدہ کیا۔
3.	wanted	I wanted to take rest after lunch. میں دوپہر کے کھانے کے بعد آرام کرنا چاہتا تھا۔
4.	began	The baby began to cry. بچہ چلانے لگا۔
5.	asked	The teacher asked him to read the lesson. استاد نے اسے سبق پڑھنے کو کہا۔
6.	told	I told him not to tell a lie. میں نے اسے جھوٹ نہ بولنے کو کہا۔
7.	decided	They have decided to appear in the examination. انہوں نے امتحان دینے کا فیصلہ کر لیا ہے۔

D. Complete these phrases by adding gerunds and use them in sentences.

اسمائے فعلی کا اضافہ کرتے ہوئے یہ مرکبات ناقص مکمل کریں اور انہیں جملوں میں استعمال کریں۔

good at __________ accused of __________
sad at __________ tired of __________

Ans. good at <u>teaching English</u> accused of <u>stealing money</u>
sad at <u>leaving this job</u> tired of <u>working hard</u>

No.	Sentences
1	Fizza is *good at teaching* English
2.	He was *accused of stealing* money.
3.	He is *sad at leaving* this job.
4	I am *tired of working* hard.

E. Complete the following conditionals. درج ذیل شرطیہ جملے مکمل کریں۔

1. If you had studied hard __________
2. If you had come to me __________
3. If I had seen him __________

Ans.

1. If you had studied hard <u>you would have succeeded.</u> اگر تم نے محنت کی ہوتی تو تم کامیاب ہو جاتے۔
2. If you had come to me <u>I would have helped you.</u> اگر آپ میرے پاس آتے تو میں آپ کی مدد کرتا۔
3. If I had seen him <u>I might have recognised him.</u> اگر میں اس سے ملا ہوتا تو اسے پہچان جاتا۔

F. Write ten sentences using the past perfect tense.
Ans.

1. We <u>had</u> already <u>sold</u> our car. ہم اپنی کار پہلے ہی بیچ چکے تھے۔
2. Pakistan <u>had beaten</u> England in the last test match. پاکستان انگلینڈ کو آخری ٹیسٹ میچ میں ہرا چکا تھا۔
3. They <u>had purchased</u> a new house. انہوں نے نیا گھر خرید لیا تھا۔
4. <u>Had</u> they taken meal? کیا انہوں نے کھانا کھا لیا تھا؟
5. We <u>had</u> not <u>completed</u> our work yet. ہم اپنا کام ابھی ختم نہیں کر چکے تھے۔
6. He <u>had paid</u> the bill before I came. میرے پہنچنے سے پہلے وہ بل ادا کر چکا تھا۔
7. The patient <u>had died</u> before the doctor <u>came</u>. ڈاکٹر کے آنے سے پہلے مریض مر چکا تھا۔
8. I <u>had told</u> him about the dangers of journey. میں اس کو سفر کے خطرات کے بارے میں بتا چکا تھا۔
9. He <u>had taken</u> admission forms before the closing date. اس نے آخری تاریخ سے پہلے داخلہ فارم لے لیے تھے۔
10. We <u>had offered</u> prayer before the sun set. ہم نے سورج غروب ہونے سے پہلے نماز پڑھ لی تھی۔

For the Teacher: معلم کے لیے

- Help students recognize the structure and the use of conditionals Type III
تیسری قسم کے شرطیہ جملوں کی ساخت اور استعمال سمجھنے میں طلبا کی مدد کریں۔
- Illustrate the use of past perfect tense to the students. طلبا کے سامنے فعل ماضی مکمل کے استعمال کی وضاحت کریں۔

Writing Skills: لکھنے کی مہارتیں

A. Write a paragraph on Quaid-e-Azam as a progressive and moderate democrat.
(60-70 words) "قائد اعظم بطور ترقی پسند اور اعتدال پسند جمہوری رہنما" کے عنوان پر ایک مضمون تحریر کریں۔ (60 تا 70 الفاظ)

Ans. Quaid-e-Azam was progressive and moderate democrat. He always worked for a separate homeland for the Muslims of Indo-Pak. He did work without taking care of his health. He sacrificed his rest for the peace of Muslims to make a democratic country "Pakistan". He gave answers to British rulers based on logic and reality. They were failed to convince our Quaid for united India. Our Quaid took a stance, lead the nation after creating a harmony and unity among them and in the end his efforts and democratic thinking bore fruit and we got Pakistan on August 14, 1947. We are thankful to Allah Almighty Who blessed us with a progressive leader like Quaid

قائداعظم ایک ترقی پسند اور معتدل جمہوریت کے حامی رہنما تھے۔ انہوں نے ہمیشہ برصغیر کے مسلمانوں کے لیے الگ وطن کے لیے کام کیا۔ انہوں نے اپنی صحت کا خیال کئے بغیر کام کیا۔ انہوں نے مسلمانوں کے آرام و سکون کی خاطر جمہوری ملک پاکستان بنانے کے لیے اپنا آرام تک قربان کر دیا۔ انہوں نے انگریز حکمرانوں کو دلائل اور حقائق پر مبنی جوابات دیے۔ وہ ہمارے قائد کو متحدہ انڈیا کے لیے قائل کرنے میں ناکام رہے۔ ہمارے قائد ڈٹ گئے قوم میں ہم آہنگی اور اتحاد پیدا کر کے ان کی قیادت فرمائی اور آخرکار ان کی کوششیں اور جمہوری فکر بارآور ثابت ہوئے اور ہم نے 14 اگست 1947ء کو پاکستان حاصل کر لیا۔ ہم اللہ تعالیٰ کے شکر گزار ہیں جس نے ہمیں قائد سا ترقی پسند رہنما عطا فرمایا۔

B. Write an essay on "Quaid-e-Azam - Our National Hero" with the help of following mind map. درج ذیل مائنڈ میپ کی مدد سے "قائداعظم۔ ہمارے قومی ہیرو" کے عنوان پر مضمون تحریر کریں۔

QUAID-e-AZAM – OUR NATIONAL HERO

قائداعظم .... ہمارے قومی ہیرو

Ans.

Quaid-e-Azam Our National Hero قائداعظم ہمارے قومی ہیرو

Muhammad Ali Jinnah was born in Karachi on December 25, 1876. His father Poonja Jinnah. was a famous (مشہور) merchant (تاجر) of Rajkot. Muhammad Ali was brought up with great affection (شفقت) and love. He received his early (ابتدائی) education in Karachi. At first he <u>was admitted</u> (داخل کرایا گیا) to Sind Madrasa High School.

قائداعظم کراچی میں 25 دسمبر 1876ء کو پیدا ہوئے۔ ان کے والد پونجا جناح راجکوٹ کے ایک مشہور تاجر تھے۔ محمد علی کو نہایت شفقت اور پیار سے پروان چڑھایا گیا۔ انہوں نے ابتدائی تعلیم کراچی میں حاصل کی۔ شروع میں انہیں سندھ مدرسہ ہائی سکول میں داخل کرایا گیا۔

He was very promising (ہونہار) and intelligent boy. He was sent to England for higher education. There he joined the institution (ادارہ) of Linclon Inn. The names of the famous law-givers (قانون دان افراد) of the world were written on its main gate. The name of the Holy Prophet (S.A.W) was also written there. So he joined this Inn.

وہ بہت ہونہار اور ذہین لڑکے تھے۔ انہیں اعلیٰ تعلیم کیلئے انگلینڈ بھیجا گیا۔ وہاں انہوں نے لنکن ان کے ادارے میں داخلہ لیا۔ اس کے مین گیٹ پر دنیا کے مشہور قانون دان افراد کے نام لکھے ہوئے تھے۔ رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک بھی وہاں لکھا ہوا تھا۔ اس لئے انہوں نے اس ادارے میں داخلہ لے لیا۔

After attaining (حاصل کرنے کے بعد) the degree of Bar-at-Law he came back to Karachi. He began his practice as a lawyer in Bombay. He was recognized (پہچانے جانے لگے) as a prominent (نمایاں) lawyer in a short time.

بارایٹ لاء کی ڈگری حاصل کرنے کے بعد آپ واپس کراچی آ گئے۔ آپ نے بحیثیت وکیل کے بمبئی میں پریکٹس کا آغاز کیا۔ تھوڑے ہی وقت میں آپ ایک نمایاں وکیل کی حیثیت سے پہچانے جانے لگے۔

He became a member of the Indian National Congress. He was a great supporter (حامی، حمایتی) of Hindu Muslim unity. He served the Congress for many years. The Jinnah Hall in Bombay still reminds us his great services in this respect.

آپ انڈین نیشنل کانگریس کے رکن بن گئے۔ آپ ہندو مسلم اتحاد کے ایک بڑے حامی تھے۔ آپ نے کئی سال کانگریس کی خدمت کی۔ بمبئی کا جناح ہال اب بھی ہمیں اس سلسلے میں ان کی خدمات کی یاد دلاتا ہے۔

The attitude (رویہ) of the Hindus discouraged (حوصلہ شکنی کی) him. He left the Congress and joined the Muslim League. He made the Muslim League the most powerful (طاقتور ترین) political (سیاسی) party of the Muslims. He fought for the rights of the Muslims. So he was called the Quaid-i-Azam.

ہندوؤں کے رویے نے آپ کی حوصلہ شکنی کی۔ آپ نے کانگریس چھوڑ دی اور مسلم لیگ میں شامل ہو گئے۔ آپ نے مسلم لیگ کو مسلمانوں کی سب سے زیادہ طاقتور سیاسی جماعت بنا دیا۔ آپ نے مسلمانوں کے حقوق کیلئے جدوجہد کی۔ اس لئے آپ کو قائداعظم کے نام سے پکارا جانے لگا۔

He tried his best to bring the Indian Muslims together. He asked them to unite and fight against the British rulers. He became permanent (مستقل) president of the Muslim League.

آپ نے ہندوستانی مسلمانوں کو اکٹھا کرنے کی بھرپور کوشش کی۔ آپ نے انہیں متحد ہونے اور برطانوی حکمرانوں کیخلاف جدوجہد کرنے کو کہا۔ آپ مسلم لیگ کے مستقل صدر بن گئے۔

In 1940, he presented the demand to divide India into two countries, India and Pakistan. It is known as Pakistan Resolution. He worked for the independence (آزادی) of the Indian Muslims. He faced (سامنا کیا) the opposition (مخالفت) of the Hindus and the English very bravely (بہادری سے). As a result of his endless efforts (انتھک کوششیں), Pakistan came into being (وجود میں آیا) on August 14, 1947.

1940ء کو آپ نے انڈیا کو دو ممالک انڈیا اور پاکستان میں تقسیم کرنے کا مطالبہ پیش کیا۔ یہ قرارداد پاکستان کے نام سے مشہور ہے۔ آپ نے ہندوستانی مسلمانوں کی آزادی کیلئے کام کیا۔ آپ نے ہندوؤں اور انگریزوں کی مخالفت کا بڑی بہادری سے مقابلہ کیا۔ آپ کی انتھک کوششوں کے نتیجہ میں پاکستان 14 اگست 1947ء کو وجود میں آیا۔

He was appointed (مقرر کیے گئے) the first Governor General of Pakistan. He worked day and night for building up this largest Muslim state. His health (صحت) broke- down (خراب ہو گئی). He passed away (رحلت فرما گئے) on September 11, 1948. The whole nation mourned (سوگ منایا) his death. His tomb (مزار) has been built in Karachi He was the most popular (سب سے زیادہ مشہور) Muslim leader of his time. He lives in our hearts. We should act upon his motto (فرمان، منشور) "Faith (یقین), Discipline (نظم و ضبط), and Unity (اتحاد)." May his soul (روح) rest in peace!

انہیں پاکستان کا پہلا گورنر جنرل مقرر کیا گیا۔ آپ نے اس سب سے بڑی مسلم ریاست کی تعمیر کیلئے دن رات کام کیا۔ آپ کی صحت خراب ہو گئی۔ آپ 11 ستمبر 1948 کو رحلت فرما گئے۔ تمام قوم نے آپ کی وفات پر سوگ منایا۔ آپ کا مزار کراچی میں تعمیر کیا گیا ہے۔ آپ اپنے وقت کے مشہور ترین مسلم رہنما تھے۔ آپ ہمارے دلوں میں زندہ ہیں۔ ہمیں آپ کے فرمان "یقین، نظم و ضبط اور اتحاد" پر عمل کرنا چاہیے۔ اللہ تعالیٰ ان کی روح کو سکون عطا فرمائے! (آمین)

For the Teacher: معلم کے لیے

- Guide students to develop a mind map to focus on the relevant points.

متعلقہ نکات پر توجہ مرکوز کرنے کے لیے مائنڈ میپ بنانے میں طالب علموں کی مدد کریں۔

Oral Communication Skills زبانی بول چال کی مہارتیں:

Youngman: Excuse me. Is there a supermarket near here?
معاف کیجیے گا۔ کیا یہاں قریب میں کوئی سپر مارکیٹ ہے؟

Policeman: Yes. There's one near here.
جی ہاں۔ یہاں قریب ایک ہے۔

Youngman: How shall I get there?
میں وہاں کیسے پہنچوں؟

Policeman: At the traffic lights, take the left first and go straight on. It's on the left.
سامنے ٹریفک لائٹس سے پہلے بائیں مڑیں اور سیدھا جائیں۔ یہ آپ کے بائیں طرف آئے گا۔

Youngman: Is it far?
کیا یہ دور ہے؟

Policeman: Not really.
ہرگز نہیں۔

Youngman: Thank you.
آپ کا شکریہ۔

Policeman: Don't mention it.
اس کی ضرورت نہیں۔

For the Teacher: معلم کے لیے:

- Help them practice the dialogue in pairs with appropriate stress and intonation.
مناسب لب ولہجے سے مل کر مکالمے کی پریکٹس کرنے میں ان کی مدد کریں۔
- Illustrate the use of adverbs and kinds of adverbs. متعلق افعال اور متعلق افعال کی اقسام کے استعمال کی وضاحت کریں۔
- Illustrate the use of infinitives and infinitive phrases, gerunds and gerund phrases.
مصادر، مصادر کے طور پر استعمال ہونے والے الفاظ (infinitive phrases) فعلی اسم اور فعلی اسم کے طور پر استعمال ہونے والے الفاظ (gerund phrases) کے استعمال کی وضاحت کریں۔

Additional Exercises

Objective Type Questions Taken From Previous Papers of Lahore, Gujranwala, Faisalabad, Multan, Sahiwal, Sargodha, Rawalpindi, D.G. Khan and Bahawalpur Boards.

☆ **Answer the following questions.**

1. **What can be the possible solution to our present problems?**
(GRW. GII, MLN. GI, RWP. GI, & GII, LHR. GI, FBD. GI, DGK. GI)

Ans. We can solve our present problems by becoming united leaving aside our personal, local, lingual, ethnic, sectarian or provincial identities and prejudices.

2. **How can we become a strong nation?**
(MLN. GI, SWL. GI, DGK. GI, & GII, LHR. GII, SGD. GII, FBD. GI & GII, GRW. GI, RWP. GI)

Ans. We can become a strong nation if we follow the principles and advices given by our Quaid.

3. **What was the Quaid's concept of our nation?**
(MLN. GI, SGD. GI & GII, GRW. GI & GII, DGK. GII, SWL. GI, RWP. GI, & GII)

Ans. The Quaid's concept of our nation was that the Muslims were a nation with their own distinctive culture and civilization, language and literature, art and architecture, names and nomenclature, sense of values and proportion, legal laws and moral codes, custom and calendar, history and tradition, aptitude and ambitions. He said that they had their own distinctive outlook on life.

4. How much confidence did Quaid-e-Azam have in his nation?
(LHR. GI, FBD. GII, SGD. GII, DGK. GI, MLN. GII)

Ans. Quaid-e-Azam had much confidence in his nation because he believed that his nation was made of sterling material and second to none.

5. Are we working according to the expectations of the great leader? (SWL. GI)

Ans. No, We are not working to the expectations of the great leader. We have not made Pakistan a progressive, democratic country. All of us are not united and ambitious to get progress and compete with other nations.

6. What is the result of neglecting the advice of the Quaid?
(GRW. GII, SWL. GII, RWP. GI, DGK. GI, SWL. GII)

Ans. By neglecting the advice of the Quaid, we have become disunited. That is why we are facing so many problems.

7. Why did the Quaid want the oneness of the whole nation?
(RWP. GII, MLN. GII, SGD. GII, DGK. GII, BWP. GII, FBD. GI, SWL. GII, SGD. GI)

Ans. He wanted so to make the whole nation strong and prosperous.

8. What was the ideology of Pakistan in view of Quaid-e-Azam?
(LHR. GII, FBD. GI, SWL. GII, SGD. GI, BWP. GII, RWP. GII, BWP. GI, & GII)

Ans. The ideology of Pakistan in view of Quaid-e- Azam was based on the fundamental principle that the Muslims were an independent nation and any attempt to get them merge their national and political identity would be strongly resisted.

☆ Use of words / phrases / idioms into sentences.

1. **fundamental:** There is a fundamental difference between the two points of view. (FBD.GI)
2. **aptitude:** She showed a natural aptitude for the work. (SGD. GII, RWP. GII)
3. **afraid of:** The children are afraid of going in the darkness. (RWP. GII)
4. **distinctive:** We have our own distinctive traditions. (DGK. GI)
5. **speech:** He delivered an impressive speech in the parliament. (DGK. GII)
6. **emergence:** During the early times of Pakistan's emergence, Quaid-e-Azam undertook a countrywide tour. (BWP. GII)
7. **accused of:** She accused him of theft. (GRW. GI)
8. **fall a prey:** Aslam has fallen a prey to the bad company. (MLN. GI, SWL. GI) (LHR. GI, SGD. GI & GII, DGK. GI, FBD. GI, & GII)
9. **man in the street:** Media has raised awarness among the men in the street. (FBD. GI, SWL. GII, RWP. GI, BWP. GII, GRW. GI, & GII, MLN. GI, SGD. GI, & GII)
10. **honour:** All the students stood up in the honour of their headmaster. (SWL. GI)
11. **Raising spirit:** Quaid-e-Azam always worked on raising spirit of his people. (LHR. GI, FBD. GII, RWP. GI, SGD. GI. DGK. GI & GII, BWP. GII, MLN. GII)
12. **Bits and Pieces:** The maid is busy in gathering the scattered bits and pieces of broken glass. (GRW. GII, DGK. GI, SWL. GII, RWP. GII, LHR. GI, BWP. GI)
13. **Pass through:** We passed through a thick forest during journey. (SGD. GI, RWP. GI, DGK. GII, BWP. GII)

☆ Choose the word with correct spellings.

1. (A) Building (B) Bulding (C) Biulding (D) Bulidlng (LHR. GI)
2. (A) Literature (B) Lieteratur (C) Leiteratur (D) Litearture (LHR. GII, GRW. GII)
3. (A) Civiliaztion (B) Civiallztion (C) Civilization (D) Ciavilization (LHR. GII, GRW. GII)

4. (A) Anormity (B) Enormety (C) Enormity (D) Enourmity (FBD. GII, RWP. GI, SGD. GI, DGK. GII)
5. (A) Ambetion (B) Ambition (C) Ambiteon (D) Ambotion (SGD. GII, SGD. GII)
6. (A) Emargence (B) Emergance (C) Emergence (D) Emargance (DGK. GI, & GII)
7. (A) Dsipline (B) Dcipline (C) Discipline (D) Dscipline (FBD. GII)
8. (A) Balieves (B) Believes (C) Balievs (D) Believs (MLN. GI)
9. (A) aptetude (B) aptitued (C) aptitude (D) aptetued (SWL. GI, DGK. GI, BWP. GI)
10. (A) numarous (B) numrous (C) numorus (D) numerous (SWL. GII, BWP. GI)
11. (A) Pavot (B) Pivoat (C) Pivot (D) pevot (SGD. GI. DGK. GI)
12. (A) Hestory (B) Historey (C) Hestorey (D) History (RWP. GII)
13. (A) sobcontinent (B) subcontinent (C) subkontinant (D) subcontinant (RWP.GII)
14. (A) independent (B) indapendent (C) independent (D) indapandant (DGK. GII)
15. (A) Sterling (B) Stirling (C) Sturleng (D) Sterlang (FBD. GI)

Ans: 1. Building 2. Literature 3. Civilization 4. Enormity 5. Ambition 6. Emergence 7. Discipline 8. Believes 9. aptitude 10. numerous 11. Pivot 12. History 13. subcontinent 14. independent 15. Sterling

☆ Choose the correct meaning of the underlined word.

1. **Keep up your morale.** (LHR. GI, GRW. GII, MLN. GI, SWL. GII, SGD. GI, DGK. GI, GRW. GI, SWL. GI, & GII, LHR. GII, FBD.GII, SGD. GII, RWP. GI, DGK.GII, SGD. GII)
   (A) wealth (B) self-esteem (C) voice (D) manner
2. **Numerous means:** (MLN. GI, SGD. GI, RWP. GII, RWP. GI, BWP. GII, LHR. GII, GRW. GII, BWP. GII)
   (A) Some (B) All (C) Many (D) None of these
3. **Do not be afraid of death.** (BWP. GI, SWL. GI, LHR. GI, FBD. GII, MLN. GI, BWP. GII)
   (A) Attended to (B) Scared (C) Squared Up (D) None of these
4. **He affirmed three years before the birth of Pakistan.** (MLN. GII)
   (A) Told (B) Said (C) Said emphatically (D) Withheld
5. **We should face it bravely to save the honour of Pakistan and Islam.** (SWL. GI, RWP. GII, MLN. GII)
   (A) repair (B) cope with (C) correct (D) rectify
6. **You are made of sterling material.** (RWP. GI, BWP. GI)
   (A) soft (B) rusty (C) strong (D) costly
7. **The Quaid was a man of strong faith and belief.** (MLN. GII, BWP. GI, & GII)
   (A) Firm Faith (B) Weak Faith (C) Wavering Faith (D) Common Faith
8. **The word spirit means:** (RWP. GI)
   (A) reality (B) laziness (C) humility (D) enthusiasm
9. **Do not be afraid of death.** (LHR. GII, GRW. GII, FBD. GI, MLN. GII)
   (A) attended to (B) scared (C) squared up (D) fed up

10. We should face it bravely. **(SGD. GI, RWP. GII, DGK. GII)**
(A) Sacred (B) Correct (C) Repair (D) Cope with

11. The entire journey of the great leader's struggle was for Muslims of sub-continent. **(RWP. GII)**
(A) short (B) long (C) pleasing (D) complete

12. The word "Affirmed" means: **(RWP. GI)**
(A) Told (B) Said Emphatically (C) Broke in (D) Advised

Ans: 1. self-esteem 2. Many 3. Scared 4. Said emphatically
5. cope with 6. strong 7. Firm Faith 8. enthusiasm
9. scared 10. Cope with 11. complete 12. Said Emphatically

☆ Choose the correct options according to grammar.

1. She was singing beautiful at a concert. The underlined word is a/an: **(MLN. GI, SWL. GI, FBD. GI)**
(A) Adverb of manner (B) Adverb of place
(C) Adverb of time (D) Adverb of degree

2. Painting is good fun. The underlined word is ______. **(RWP. GI)**
(MLN. GI, DGK. GII, MLN. GI, RWP. GII)
(A) Infinite (B) Present Participle
(C) Gerund (D) Past Participle

3. She was singing beautifully. The underlined word is a / an example of: **(LHR. GI,FBD. GII)**
(A) Adverb of time (B) Adverb of manner
(C) Adverb of place (D) Adverb of frequency

4. Quaid-e-Azam was a man of strong faith. The sentence is in ___. **(RWP. GII)**
(A) present tense (B) past tense
(B) future tense (D) past perfect tense

5. You are free to go to your houses. Here "to go" is _____. **(DGK. GII, SGD. GII)**
(A) Gerund (B) Infinitive
(C) Verb (D) adverb

Ans: 1. Adverb of place 2. Gerund 3. Adverb of manner
4. past tense 5. Infinitive

SULTAN AHMAD MASJID

مسجد سلطان احمد

Learning Outcomes: تعلیمی مقاصد:

By the end of this unit students will: اس باب کے اختتام تک طلبا:

- know about the Blue Masjid (Istanbul - Turkey) نیلی مسجد (استنبول۔ترکی) کے بارے میں جان لیں گے۔
- appreciate the Muslim architecture مسلم فن تعمیر کو سراہیں گے۔
- utilize the dictionary skills/ thesaurus skills لغت استعمال کرنے کی مہارتوں/قاموس مترادفات سے فائدہ اٹھائیں گے۔
- recognize varying positions of adverbs in sentences فقرات میں متعلق افعال کی مختلف مقامات پر موجودگی کو جان لیں گے۔
- illustrate the use of the present perfect continuous tense زمانہ فعل حال مکمل جاری کے جملوں کی وضاحت کر سکیں۔
- know about the essentials of descriptive writing بیانیہ تحریر کے اصولوں کو جان سکیں۔

Pre-reading:

- **Name some of the historical places in Pakistan.** پاکستان کے چند تاریخی مقامات کے نام بتائیں۔

Ans. Minar-e-Pakistan (مینار پاکستان), Mizar-e-Quaid (مزار قائد), Historical Khyber Pass (تاریخی درۂ خیبر), Lahore Fort (قلعہ لاہور), Hiran Minar (ہرن مینار). Lahore Museum (عجائب گھر لاہور). etc. are some of the historical places in Pakistan.

مینار پاکستان، مزار قائد، تاریخی درۂ خیبر، قلعہ لاہور، ہرن مینار، عجائب گھر لاہور وغیرہ پاکستان کے چند تاریخی مقامات ہیں۔

- **Tell the names of some important masajid is in Pakistan.** پاکستان کی چند اہم مساجد کے نام بتائیں۔

Ans. Badshahi Masjid (بادشاہی مسجد), Wazir Khan masajid (مسجد وزیر خان), Faisal Masjid (فیصل مسجد), etc. are the names of some important masajid in Pakistan.

بادشاہی مسجد، مسجد وزیر خان، فیصل مسجد وغیرہ پاکستان کی چند اہم مساجد کے نام ہیں۔

- **What do you know about Turkey?** آپ ترکی کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟

Ans. It is an Islamic country located in Western Asia. Turkey was the centre of the Ottoman Empire, until its collapse at the end of the First World War. Kamal Ataturk established modern republic of Turkey in the 1920. Its official language is Turkish. Its capital is Ankara.

یہ مغربی ایشیا میں واقع ایک اسلامی ملک ہے۔ ترکی پہلی عالمی جنگ کے اختتام پر اپنے سقوط تک سلطنت عثمانیہ کا مرکز تھا۔ کمال اتاترک نے جدید ترکی کی ریاست 1920ء کے اوائل میں قائم کی۔ اس کی سرکاری زبان ترکی ہے۔ اس کا دارالحکومت انقرہ ہے۔

For the Teacher: اساتذہ کے لیے

- Conduct pre-reading activity to arouse the students' interest in the topic.
  سبق میں طلبا کی دلچسپی بڑھانے کے لیے قبل از مطالعہ سرگرمی کا اہتمام کریں۔

Paragraph No. 1

1 The Sultan Ahmad Masjid is one of the most impressive monuments in the world (دنیا). It is also known as the Blue Masjid because of the blue tiles (ٹائلیں) that embellish its interior. Situated (واقع) in Istanbul, the largest city in Turkey and the capital of Ottoman Empire (سلطنتِ عثمانیہ) from 1453 to 1923, it has become the most popular tourist attraction.

مسجد سلطان احمد دنیا کی متاثر کن یادگاروں میں سے ایک ہے۔ اندرونی حصے کو آراستہ کرنے والی نیلی ٹائلوں کی وجہ سے یہ نیلی مسجد کے نام سے بھی مشہور ہے۔ ترکی کے سب سے بڑے شہر استنبول جو 1453ء سے 1923ء تک سلطنتِ عثمانیہ کا دارالحکومت تھا، میں واقع یہ مسجد سیاحوں کی توجہ کا مشہور ترین مرکز بن گئی ہے۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
impressive *(adj.)*	ام۔پرے۔سِو	splendid, great, powerful	متاثر کن، جاذبِ نظر
monument *(n.)*	مو۔نیو۔منٹس	memorial, commemoration	تاریخی یادگار
known *(adj.)*	نون	recognized, acknowledged	مشہور
embellish *(v.)*	ام۔بے۔لش	beautify, ornament	آراستہ کرنا، سجانا
interior *(n.)(adj.)*	ان۔ٹی۔ری۔ئر	inner, inside	اندرونی حصہ
situated *(adj.)(v.)*	سِ۔چُو۔اے۔ٹِڈ	located, positioned	واقع، موجود
largest *(adj.)*	لار۔جِسٹ	biggest, greatest	سب سے بڑا
capital *(n.)*	کے۔پی۔ٹل	seat of government	دارالخلافہ
empire *(n.)*	ام۔پائی۔ئر	kingdom, domain	سلطنت
become *(v.)*	بی۔کم	bemade, be built	بنا
popular *(adj.)*	پا۔پیو۔لر	favourite, admired	مقبول، ہردلعزیز
tourist *(n.)*	ٹو۔رسٹ	traveller, visitor	سیاح
attraction *(n.)*	اے۔ٹریک۔شن	charm, fascination	کشش، دلربائی

Simple English: The Sultan Ahmad masjid is one of the splendid memorials in the world. Blue tiles have been used to adorn its inner part. That is why, this masjid is also called the Blue Masjid. It is located in Istanbul which is the biggest city of Turkey. It has also been the capital of Ottoman Empire from 1453 - 1923. The Sultan Ahmad masjid or Blue Masjid has become a prevalent charm for the travellers.

Who started the construction of Blue Masjid? — نیلی مسجد کی تعمیر کس نے شروع کی؟

Ans. Sultan Ahmad I started the construction of Blue Masjid. — سلطان احمد اول نے نیلی مسجد کی تعمیر شروع کی۔

Paragraph No. 2

❷ It was constructed between (درمیان) 1609 and 1616, during (دوران) the rule of Ahmad I. As was the custom, this masjid like the other mesajid of the time, comprises (مشتمل ہے) a tomb (مزار/مقبرہ) of the founder, a madrassah and a hospice.

اسے 1609ء اور 1616ء کے دوران احمد اول کے دورِ حکومت میں تعمیر کیا گیا۔ رواج کے مطابق اپنے زمانے کی دوسری مساجد کی طرح یہ مسجد بھی اپنے بانی کے ایک مقبرے، ایک مدرسے اور ایک سرائے پر مشتمل ہے۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
construct *(v.)*	کن۔سٹرکٹ	build, make	تعمیر کرنا
rule *(n.)*	رُول	reign, sultanate	دورِ حکومت
custom *(n.)*	کس۔ٹم	tradition, practice	رسم و رواج
comprise *(v)*	کم۔پرائز	include, contain	مشتمل ہونا
tomb *(n.)*	ٹوم	mausoleum, graveyard	مقبرہ
founder *(n.)*	فاؤن۔ڈر	originator, initiator	بانی
madrassah *(n.)*	مدرسہ	school, educational institute	مدرسہ
hospice *(n.)*	ہاس۔پس	inn, station	سرائے، مسافر خانہ

Simple English: The Sultan Ahmad masjid was built between 1609 and 1616 during the reign of Ahmad I. In those days, it was a practice to construct the tomb of its creator, a madrassah for religious education and an inn for the tourists adjacent to the masjid. So this practice was observed and these three items were also built in the Sultan Ahmad masjid.

Paragraph No. 3

❸ The construction of the masjid started in 1609. The royal architect Sedefhar Mehmat Aga, was appointed (مقرر کیا گیا) by the Sultan as in-charge of the project. The opening (افتتاحی) ceremony was held in 1616. Unfortunately, the Sultan could not see the completion of the masjid in his life. It was completed in the reign (دور) of his successor Mustafa I.

مسجد کی تعمیر 1609ء میں شروع ہوئی تھی۔ سلطان نے شاہی معمار صدفہار مہمت آغا کو اس منصوبے کی تعمیر کا انچارج مقرر کیا۔ اس کی افتتاحی تقریب 1616ء میں منعقد ہوئی۔ بدقسمتی سے سلطان اپنی زندگی میں مسجد کی تکمیل نہ دیکھ سکا۔ یہ کام اس کے جانشین مصطفیٰ اول کے دورِ حکومت میں پایۂ تکمیل کو پہنچا۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
construction *(n.)*	کن۔سٹرک۔شن	building, erection	تعمیر، ترکیب
royal *(adj.)*	رائل	imperial, kingly	شاہی
architect *(n.)*	آر۔کی۔ٹیکٹ	planner, designer	ماہرِ تعمیرات
appointed *(v.)*	اپ۔وائن۔ٹڈ	assign, choose	مقرر کیا، مامور کیا
ceremony *(n.)*	سیر۔مو۔نی	commemoration, ceremonial	تقریب
project *(n.)*	پرا۔جیکٹ	scheme, task	منصوبہ
unfortunately*(adv.)*	ان۔فور۔چونیٹ۔لی	unluckily, unhappily	بدقسمتی سے

completion *(n.)*	کم۔پلی۔شن	end, finishing	تکمیل، اختتام
reign *(n.)*	ریئن	rule, sultanate	دور
successor *(n.)*	سَک۔سیس۔سَر	heir, inheritor	جانشین

Simple English: The application for building the Sultan Ahmad masjid was started in 1609. The whole plan of construction of the masjid was under the supervision of Sedefhar Mehmat Aga who was the royal architect. The inauguration was held in 1616. Unluckily, the masjid could not be completely constructed during the life of the Sultan. His heir, Mustafa I, completed the construction of the masjid during his reign.

In whose reign was the construction of the Blue Masjid completed?
کس کے دورِ حکومت میں نیلی مسجد کی تعمیر مکمل ہوئی؟

Ans. The construction was completed in the reign of Mustafa I. یہ تعمیر مصطفیٰ اول کے دور میں مکمل ہوئی تھی۔

Paragraph No. 4

❹ The Blue Masjid reflects the architectural style of both the Ottoman masjid and Byzentine church. Hagia Sophia, a masjid (مسجد), one of the wonders of the Muslim architecture, was also kept in view as a model. The Blue Masjid even today (آج بھی) is considered to be unmatched in splendour, majesty and size.

نیلی مسجد، عثمانیہ مسجد اور بازنطینی چرچ دونوں کے تعمیراتی انداز کی عکاسی کرتی ہے۔ ایک مسجد عاجیہ صوفیہ جو کہ مسلم فنِ تعمیر کے عجائبات میں سے ایک تھی، بطور نمونہ اسے بھی سامنے رکھا گیا۔ نیلی مسجد آج بھی شان و شوکت، عظمت اور سائز کے لحاظ سے لاثانی تصور کی جاتی ہے۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
reflect *(v.)*	ری۔فلیکٹ	exhibit, display	ظاہر کرنا، عکاسی کرنا
wonders *(n.)*	وَن۔ڈرز	spectacle, fascination	عجائبات
architecture*(n.)*	آر۔کی۔ٹیک۔چر	construction, design	فنِ تعمیر
model *(n.)*	ماڈل	example, pattern	نمونہ
consider *(v.)*	کن۔سِڈ۔ڈر	think, reckon with	سمجھنا
unmatched *(adj.)*	اَن۔میچڈ	unparalleled, unequalled	لاثانی، بے مثل
splendour *(n.)*	سپلین۔ڈر	grandeur, magnificence	شان و شوکت
majesty *(n.)*	مے۔جس۔ٹی	splendour, glory	عظمت، جاہ و جلال

Simple English: The Ottoman masjid and Byzentine church were considered the best construction models in those days. The Blue Masjid exhibits the building designs of these two buildings. The Hagia Sophia masjid was also considered as one of the miracles of Muslim architecture. Thus the pattern of that masjid was also kept in view while building the Sultan Ahmad masjid. The Blue Masjid is still believed as a unique masjid in its grandeur, magnificence and size.

Paragraph No. 5

❺ The masjid has a spacious forecourt surrounded by a continuous vaulted arcade. It has ablution facilities on both the sides. In the centre there is a fountain(فوارہ) which

مسجد کا ایک وسیع و عریض بیرونی صحن ہے جو ایک مسلسل محرابی راہداری سے گھرا ہوا ہے۔ اس کے دونوں جانب وضو کرنے کی سہولتیں موجود ہیں۔ (صحن کے) مرکز میں ایک فوارہ ہے جو صحن

STOPPING BY WOODS ON A SNOWY EVENING

Robert Frost (1874 – 1963)

برفباری کی شام، جنگل میں قیام

Learning Outcomes:
تعلیمی مقاصد:

By the end of this unit students will:
اس یونٹ کے اختتام تک طلبا:

- construct the meaning of the poem through understanding the key theme
  نفسِ مضمون سمجھ کر نظم کا مفہوم اخذ کر لیں گے۔
- identify the speaker in the poem
  نظم میں خطاب کرنے والے کی پہچان کر لیں گے۔
- identify alliteration in the poem
  نظم میں تجنیسِ حرفی کی شناخت کر لیں گے۔
- interpret the imagery in the poem
  نظم میں تشبیہات کی تشریح کر لیں گے۔
- paraphrase and summarize the poem
  نظم آسان الفاظ میں لکھ لیں گے اور اس کا خلاصہ کر لیں گے۔
- respond to the poem by giving a personal point of view
  ذاتی نقطہ نظر دے کر نظم سے متعلق اپنے خیال کا اظہار کر لیں گے۔
- use adjective phrases and adverb phrases
  اسم صفت کے محاورے اور متعلق فعل کے محاوروں کا استعمال کر لیں گے۔

Pre-reading.
قبل از مطالعہ:

- **Does the title reflect the theme of the poem?**
  کیا عنوان سے نظم کے نفسِ مضمون کی عکاسی ہوتی ہے؟

Ans. Yes. The title of the poem clearly reflects the theme of the poem.
جی ہاں۔ نظم کا عنوان واضح طور پر نظم کے نفسِ مضمون کی عکاسی کرتا ہے۔

- **What makes nature poems appealing to you?**
  فطرت پر لکھی گئی نظموں کی کون سی بات آپ کو متاثر کرتی ہے؟

Ans. Nature poems bring us closer to nature and make us feel beauty, love and kindness of nature. That is why these poems appeal to me.
فطرت پر لکھی ہوئی نظمیں ہمیں فطرت کے قریب تر کر دیتی ہیں اور ہمیں فطرت کی خوبصورتی، پیار اور مہربانی کا احساس دلاتی ہیں۔ اس لیے یہ نظمیں مجھے متاثر کرتی ہیں۔

For the Teacher: **معلم کے لیے:**

- Help students read the poem aloud with proper stress and intonation, then read it silently to infer the theme of the poem.

طلبا کی مدد کریں کہ وہ مناسب لب ولہجہ اور آواز کے اتار چڑھاؤ سے بلند آواز میں نظم پڑھ سکیں اور پھر اسے خاموشی سے پڑھ کر نظم کا نفسِ مضمون (مرکزی خیال) سمجھ سکیں۔

Stanza No. 1

Whose woods these are I think (سوچتا ہوں) I know (جانتا ہوں).	یہ جنگل کس کا ہے میرا خیال ہے میں جانتا ہوں۔
His house is in the village though;	اگرچہ اس کا گھر گاؤں میں ہے؛
He will not see me stopping here	وہ مجھے نہیں دیکھے گا کہ میں یہاں ٹھہرا ہوا ہوں
To watch his woods fill up with snow (برف).	یہ دیکھنے کے لیے کہ اس کا جنگل برف سے لدا ہوا ہے۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
woods *(n.)*	وُڈز	forest, Jungle	جنگل
think *(v.)*	تھِنک	ponder, deem	سوچنا
know *(v.)*	نَو	be aware of, be acquainted with	جاننا/آگاہ ہونا
house *(n.)*	ہاؤس	home, residence	گھر
village *(n.)*	وِلیج	hamlet, any small aggregation of houses	گاؤں
see *(v.)*	سی	notice, find out	دیکھنا
stopping *(v.)*	سٹاپنگ	resting, taking a break	ٹھہرا ہوا/رکا ہوا
watch *(v.)*	واچ	see, view	دیکھنا
fill up *(phr.v.)*	فِل اَپ	become full, cover	بھرنا/پُر کرنا
snow *(n.)*	سنو	watery particles congealed into white or transparent crystals	برف

Reference (حوالہ)

These lines (سطریں) <u>have been taken</u> (لی گئی ہیں) from the poem "Stopping By Woods On A Snowy Evening" <u>written by</u> (کی لکھی گئی) Robert Frost.

یہ سطریں رابرٹ فراسٹ کی لکھی ہوئی نظم "برفباری کی شام، جنگل میں قیام" سے لی گئی ہیں۔

Context (سیاق وسباق)

In this poem, the poet describes the attractive and beautiful nature. He also hints at the need to carry on with the daily affairs of life. The world of fantasy is very inviting. But one must maintain balance between the world of reality and imagination.

اس نظم میں شاعر پُرکشش، خوبصورت فطرت کا ذکر کرتا ہے۔ وہ روزمرہ کے معاملاتِ زندگی سرانجام دینے کی ضرورت کا اشارۃً ذکر کرتا ہے۔ تصورات کی دنیا بہت پُرکشش ہے۔ مگر انسان کو چاہیے کہ حقیقی اور تصوراتی دنیا میں توازن برقرار رکھے۔

Paraphrase (آسان انگریزی)

I know (جانتا ہوں) the owner (مالک) of these woods who is in his village at this time. Therefore (اس لیے), he will not see me stopping here to watch his woods (جنگلات) that have become full of snow.

میں ان جنگلات کے مالک کو جانتا ہوں جو کہ اس وقت اپنے گاؤں میں ہے۔ اس لیے، وہ مجھے اپنے جنگلات میں جو کہ برف سے ڈھک چکے ہیں رکتے ہوئے نہیں دیکھے گا۔

Explanation (وضاحت/تشریح)

The poet is passing (گزرنا) through woods. It is an evening of winter (موسم سرما). It is snowing (برف باری ہو رہی). The owner (مالک) of woods is in his village house. He does not know that there is a traveller stopping in his woods on that snowy evening. The poet is watching (دیکھنا) the woods fill up with snow. He finds the woods lovely (پیارا). Though (اگرچہ) it is dark and wintry, the poet stops there to enjoy (لطف اندوز ہونے کے لیے) that beautiful (خوبصورت) scene (نظارہ).

شاعر جنگل سے گزر رہا ہے۔ یہ موسم سرما کی ایک شام ہے۔ برفباری ہو رہی ہے۔ جنگل کا مالک اپنے گاؤں کے گھر میں ہے۔ وہ نہیں جانتا کہ برفباری کی اس شام کو اس کے جنگل میں ایک مسافر رکا ہوا ہے۔ شاعر برف سے بھرتے ہوئے جنگل کو دیکھ رہا ہے۔ اسے جنگل پیارا لگتا ہے۔ اگرچہ تاریکی ہے اور موسم سرما ہے، شاعر اس خوبصورت نظارے سے لطف اندوز ہونے کے لیے وہاں رک جاتا ہے۔

What hidden meanings do the following words convey to us?

درج ذیل الفاظ ہمیں کون سے پوشیدہ معانی دیتے ہیں؟

woods (جنگل), house (گھر), horse (گھوڑا), harness bell (بندھی ہوئی گھنٹی), downy flake (گری ہوئی برف)

Ans. Woods represents bright as well as dark aspects of nature, imagination and real life. The house stands for civic life. The horse acts as a society agent. The harness bells act as knock of conscious to make the poet aware of the fact that he is a traveller and he has to travel a long distance. He has many things to do. The downy flakes stand for a blanket to lie under and be covered by it. It means that the beauty of nature tempts a person to leave aside everything and take rest in the lap of nature.

جنگل فطرت، تخیل اور حقیقی زندگی کے روشن اور تاریک پہلوؤں کی نمائندگی کرتا ہے۔ گھر شہری زندگی کی علامت ہے۔ گھوڑا معاشرے کا نمائندہ ہے۔ بندھی ہوئی گھنٹیاں شعور کی دستک کا کام دیتی ہیں اور شاعر کو اس حقیقت سے آگاہ کرتی ہیں کہ وہ ایک مسافر ہے اور اسے طویل مسافت طے کرنی ہے۔ اسے کئی کام سرانجام دینے ہیں۔ برف کے گرتے ہوئے گالے کمبل کی علامت ہے جسے اوڑھ کر آرام کرتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ حسن فطرت انسان کو ترغیب دیتا ہے کہ وہ ہر چیز اور ہر کام کو بالائے طاق رکھ کر فطرت کی آغوش میں آرام کرے۔

Stanza No. 2

My little horse must think it queer	میرے ننھے گھوڑے کو یہ عجیب تو لگتا ہوگا
To stop (رکنا) without a farmhouse near	کسی ایسی جگہ پر رکنا جہاں نزدیک فارم ہاؤس نہ ہو
Between the woods and frozen lake (جھیل)	جنگل اور منجمد جھیل کے درمیان
The darkest evening (شام) of the year.	سال کی تاریک ترین شام کو۔

Words	تلفظ	Synonyms	معنی
little *(adj.)*	لِی ٹِل	small, tiny	چھوٹا
queer *(adj.)*	کوئی ئر	strange, unusual	عجیب، انوکھا
stop *(v.)*	سٹاپ	halt, stay	رُکنا
without *(prep.)*	وِد۔آؤٹ	lacking, not having	کے بغیر
farmhouse *(n.)*	فارم۔ہاؤس	a house attached to a form	دیہات کا گھر/حویلی
near *(prep.)*	نی۔اَر	at, within or to a little distance	نزدیک، قریب

frozen *(adj.)*	فروزن	frosted, icebound	جمی ہوئی، منجمد
lake *(n.)*	لیک	stream, a considerable inland body of standing water	جھیل
darkest *(adj.)*	ڈارکسٹ	blackest, dark - skinned	تاریک ترین
evening *(n.)*	ایوننگ	the period of time at the end of the day	شام

Reference (حوالہ)

These lines (سطریں) have been taken (لی گئی ہیں) from (سے) the poem "Stopping By Woods On A Snowy Evening" written by (کے لکھی گئی) Robert Frost.

یہ سطریں رابرٹ فراسٹ کی لکھی ہوئی نظم "برفباری کی شام، جنگل میں قیام" سے لی گئی ہیں۔

Context (سیاق و سباق)

In this poem, the poet describes the attractive and beautiful nature. He also hints at the need to carry on with the daily affairs of life. The world of fantasy is very inviting. But one must maintain balance between the world of reality and imagination.

اس نظم میں شاعر پرکشش، خوبصورت فطرت کا ذکر کرتا ہے۔ وہ روزمرہ کے معاملات زندگی سرانجام دینے کی ضرورت کا اشارۃً ذکر کرتا ہے۔ تصورات کی دنیا بہت پرکشش ہے۔ مگر انسان کو چاہیے کہ حقیقی اور تصوراتی دنیا میں توازن برقرار رکھے۔

Paraphrase (آسان انگریزی)

My little horse must be thinking it strange (عجیب) to stop at a place where there is no farmhouse nearby (نزدیک). We are standing between the woods and frozen lake. It is the darkest (تاریک ترین) evening (شام) of the year.

میرا ننھا گھوڑا ایسی جگہ پر رکنا عجیب تصور کرتا ہوگا؛ جہاں قریب ہی کوئی فارم ہاؤس بھی نہیں ہے۔ ہم جنگلات اور منجمد جھیل کے درمیان کھڑے ہیں۔ یہ سال کی تاریک ترین شام ہے۔

Explanation (وضاحت/تشریح)

The poet's little horse (چھوٹا گھوڑا) finds it strange (عجیب) to stop at a place where there is no farmhouse nearby. It is the darkest evening (تاریک ترین شام) of the year. They are standing (کھڑے) between the woods and the frozen lake. White snow (سفید برف), dark evening (تاریک شام) and frozen lake (منجمد جھیل) present (پیش کرنا) a beautiful scene (خوبصورت منظر). The poet wants to enjoy that beauty of nature. Therefore, he stops there.

شاعر کے چھوٹے گھوڑے کو کسی ایسی جگہ پر رکنا عجیب سا لگتا ہے جہاں قریب ہی کوئی فارم ہاؤس بھی نہیں ہے۔ یہ سال کی تاریک ترین شام ہے۔ وہ جنگل اور منجمد جھیل کے درمیان کھڑے ہیں۔ سفید برف، تاریک شام اور منجمد جھیل خوبصورت منظر پیش کرتے ہیں۔ شاعر اس حسنِ فطرت سے لطف اندوز ہونا چاہتا ہے۔ اس لیے وہ وہاں رک جاتا ہے۔

Note the alliteration and imagery in the poem.

نظم میں تجنیس حرفی اور تشبیہات کی نشاندہی کریں۔

Ans.

Alliteration

Alliteration is used in the following lines.

Whose woods these are I think I know.
His house is in the village though;
He will not see me stopping here
To watch his woods fill up with snow.
He gives his harness bells a shake
The only other sound's the sweep
The woods are lovely, dark and deep.

Imagery

The following lines indicate visual imagery in the poem:

His house is in the village though;
To watch his woods fill up with snow.
The darkest evening of the year.
The woods are lovely, dark and deep,

The following lines indicate auditory imagery:

He gives his harness bells a shake
The only other sound's the sweep

The following line indicates the imagery of touch:

Of easy wind and downy flake.

The following line indicates the imagery of smell:

The woods are lovely, dark and deep,

Stanza No. 3

He gives his harness bells (پٹے بندھی گھنٹیاں) a shake	وہ (گھوڑا) اپنے ساز (لگام زین وغیرہ) کی گھنٹیوں کو ایک جھٹکا دیتا ہے۔
To ask (پوچھنے کے لیے) if there is some mistake.	یہ پوچھنے کے لیے کہ کوئی غلطی تو نہیں ہو گئی۔
The only other sound's (آواز) the sweep	اس کے علاوہ صرف تیز جھونکے کی آواز آتی ہے
Of easy wind (ہوا) and downy flake.	ہلکی (خوشگوار) ہوا کے چلنے اور برف کے نرم گالوں (کے گرنے) کی۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
give *(v.)*	گِو	perform, carry out	دیتا ہے
harness *(n.)*	ہار۔نِس	gear, reins	لگام، ساز
shake *(v.)*	شیک	tremble, shiver	ہلانا
ask *(v.)*	آس ک	inquire, interrogate	پوچھنا
mistake *(n.)*	مِس۔ٹیک	error, oversight	غلطی
sound *(n.)*	ساؤنڈ	something that can be heard	آواز
sweep *(n.)(v.)*	سو۔ای پ	movement, swing	جھونکا
easy *(adj.)*	ای۔زی	soft, mild	آسان، ہلکی
wind *(n.)*	وِنڈ	air, breeze	ہوا
downy *(adj.)*	ڈاؤنی	soft, fluffy	نرم، ملائم
flake *(n.)*	فلیک	layer, piece	برف کے گالے
some *(adv.)(pronoun)*	سَم	an unspecific amount or number	چند، کچھ

Reference **(حوالہ)**

These lines (سطریں) have been taken (لی گئی ہیں) from (سے) the poem "Stopping By Woods On A Snowy Evening" written by (سے لکھی گئی) Robert Frost.

یہ سطریں رابرٹ فراسٹ کی لکھی ہوئی نظم "برفباری کی شام، جنگل میں قیام" سے لی گئی ہیں۔

Context (سیاق وسباق)

In this poem, the poet describes the attractive and beautiful nature. He also hints at the need to carry on with the daily affairs of life. The world of fantasy is very inviting. But one must maintain balance between the world of reality and imagination.

اس نظم میں شاعر پرکشش، خوبصورت فطرت کا ذکر کرتا ہے۔ وہ روزمرہ کے معاملاتِ زندگی سرانجام دینے کی ضرورت کا اشارۃً ذکر کرتا ہے۔ تصورات کی دنیا بہت پرکشش ہے۔ مگر انسان کو چاہیے کہ حقیقی اور تصوراتی دنیا میں توازن برقرار رکھے۔

Paraphrase (آسان انگریزی)

The horse gives his harness bells a shake <u>to ask</u> (پوچھنے کے لیے) me if he <u>has committed a mistake</u> (ایک غلطی کی ہے). I also hear the sound of blowing (چلتی ہوئی) cold wind and falling soft snowflakes.

گھوڑا اپنے پٹے سے بندھی ہوئی گھنٹیوں کو جھٹکا دیتا ہے گویا کہ پوچھ رہا ہو کہ کیا مجھ سے کوئی غلطی ہوئی ہے۔ میں چلتی ہوئی سرد ہوا اور گرتی ہوئی برف کی آواز بھی سن سکتا ہوں۔

Explanation (وضاحت/تشریح)

The horse <u>gives a jerk</u> (جھٹکا دیتا ہے) and <u>in this way</u> (اس طرح سے) he impatiently (بے صبری سے) shakes (حرکت دیتا ہے) the bells of its harness (پٹہ). There is also the sound of <u>light wind</u> (ہلکی ہوا) and <u>soft flakes</u> (نرم گالے) of snow (برف). By the sound of bells, the horse reminds (یاد دلاتا ہے) the poet of his aims (مقاصد) of life and <u>makes him feel</u> (احساس دلاتا ہے) that they should continue their journey to reach their destination (منزل) in time.

گھوڑا جھٹکا دیتا ہے اور اس طرح بے صبری سے اپنے گلے سے بندھی گھنٹیوں کو حرکت دیتا ہے۔ ہلکی ہوا اور برف کے نرم گالوں کی آواز بھی آتی ہے۔ گھنٹیوں کی آواز سے گھوڑا شاعر کو اس کی زندگی کے مقاصد یاد دلاتا ہے اور اسے احساس دلاتا ہے کہ منزل پر بروقت پہنچنے کے لیے انہیں اپنا سفر جاری رکھنا چاہیے۔

Stanza No. 4

The woods are lovely, dark and deep,
But I have promises <u>to keep</u> (پورے کرنا),
And miles to go before I sleep (سونا),
And miles to go before I sleep.

جنگل پیارا، تاریک اور گھنا ہے،
لیکن مجھے اپنے وعدے بھی پورے کرنے ہیں،
اور سونے سے قبل مجھے میلوں مسافت طے کرنی ہے،
اور سونے سے قبل مجھے میلوں مسافت طے کرنی ہے۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
lovely (adj.)	لَولی	beautiful, charming	پیارا
dark (adj.)(n.)	ڈارک	dim, black	تاریک
deep (adj.)	ڈِیپ	profound, thick	گہرا، گھنا
promises (n.)	پرامِسِز	pledges, commitments	وعدے، عہد و پیمان
keep (v.)	کیپ	hold on to, maintain	رکھنا، پاس رکھنا
go (v.)	گو	move, travel	جانا
before (prep.)	بی فور	earlier than, prior to	پہلے
sleep (n.)(v.)	سلیپ	slumber, go to bed	سونا، نیند

Reference (حوالہ)

These lines (سطریں) <u>have been taken</u> (لی گئی ہیں) from (سے) the poem "Stopping By Woods On A Snowy Evening" <u>written by</u> (لکھی گئی) Robert Frost.

یہ سطریں رابرٹ فراسٹ کی لکھی ہوئی نظم "برفباری کی شام، جنگل میں قیام" سے لی گئی ہیں۔

Context

In this poem, the poet describes the attractive and beautiful nature. He also hints at the need to carry on with the daily affairs of life. The world of fantasy is very inviting. But one must maintain balance between the world of reality and imagination.

(سیاق وسباق)

اس نظم میں شاعر پرکشش، خوبصورت فطرت کا ذکر کرتا ہے۔ وہ روزمرہ کے معاملاتِ زندگی سرانجام دینے کی ضرورت کا اشارۃً ذکر کرتا ہے۔ تصورات کی دنیا بہت پرکشش ہے۔ مگر انسان کو چاہیے کہ حقیقی اور تصوراتی دنیا میں توازن برقرار رکھے۔

Paraphrase

The woods are lovely, dark and deep. But I cannot stop there for a long time. I have to do many (بہت سے) things (کام). I have to travel long distance before I reach (پہنچنا) my home and take rest.

(آسان انگریزی)

جنگلات پیارے، تاریک اور گہرے ہیں۔ مگر میں وہاں زیادہ دیر تک رُک نہیں سکتا۔ مجھے کئی کام سرانجام دینا ہیں۔ مجھے گھر پہنچنے اور آرام کرنے سے پہلے طویل مسافت طے کرنی ہے۔

Explanation

The poet says that the woods are lovely (پیارا), dark (تاریک) and deep (گہرا، گھنا) but he has many things (کام) to do. He has to fulfill (پورے کرنے ہیں) his promises (وعدے). He has to travel a long distance (فاصلہ) before he reaches his destination (منزل) and takes rest. He reminds himself that he must not remain there, for (کیونکہ) he has "promises to keep", and a long journey ahead of (کے سامنے) him.

(وضاحت/تشریح)

شاعر کہتا ہے کہ جنگل پیارا، تاریک اور گھنا ہے لیکن اسے کئی کام کرنا ہیں۔ اسے اپنے وعدے پورا کرنے ہیں۔ اسے اپنی منزل پر پہنچنے اور آرام کرنے سے پہلے طویل فاصلہ طے کرنا ہے۔ وہ خود کو یاد دلاتا ہے کہ اسے وہاں ہرگز نہیں رکنا چاہیے کیونکہ اسے وعدے پورا کرنا ہیں اور اسے ایک طویل سفر درپیش ہے۔

Summary

(Easy)

The poet stops (رکتا ہے) in woods to have a look (ایک نظر دیکھنے کے لیے) at natural beauty. It is evening. The cold wind is blowing. The snow flakes are falling (گر رہے). The owner of woods is in his village. There is no farmhouse nearby. The horse finds it strange to stop there. The poet cannot stop in lovely, dark and deep woods. He has to travel a long distance (طویل مسافت طے کرتا ہے) to reach his home. He has many things to do before he may take rest. Therefore, he continues (جاری رکھتا ہے) his journey. The poet feels attraction (کشش) towards woods but his responsibilities (ذمہ داریاں) pull him out of woods (اسے جنگلات سے نکالتی ہیں). We learn from this poem that we must maintain balance (توازن) between the world of reality (حقیقی دنیا) and imagination (تصور، تخیل).

شاعر قدرتی حسن کا نظارہ کرنے کے لیے جنگلات میں رُکتا ہے۔ شام کا وقت ہے۔ شدید سرد ہوا چل رہی ہے۔ برف کے گالے گر رہے ہیں۔ جنگلات کا مالک اپنے گاؤں میں ہے۔ نزدیک ہی کوئی فارم ہاؤس نہیں ہے۔ گھوڑا وہاں رکنا عجیب خیال کرتا ہے۔ شاعر پیارے، تاریک اور گہرے جنگلات میں نہیں رُک سکتا۔ اُسے گھر پہنچنے کے لیے طویل سفر طے کرتا ہے۔ اُسے آرام کرنے سے پہلے کئی کام سرانجام دینا ہیں۔ اس لیے وہ اپنا سفر جاری رکھتا ہے۔ شاعر جنگلات میں کشش پاتا ہے مگر اس کی ذمہ داریاں اُسے جنگلات سے نکال لاتی ہیں۔ ہم اس نظم سے یہ سیکھتے ہیں کہ ہمیں حقیقی اور تصوراتی دنیا میں توازن قائم رکھنا چاہیے۔

Summary

(Standard/Outstanding)

- Conduct (منعقد کریں) pre-reading activity to arouse the (ابھارنا) students' interest in the topic.
  اس موضوع پر طلبہ کی دلچسپی بڑھانے کے لیے قبل از مطالعہ سرگرمی منعقد کریں۔
- Make them predict (اندازہ لگانا) from the title and the illustrations (تصاویر) about the contents of the text.
  ٹائٹل اور تصاویر کے ذریعے متن کے موضوعات کے بارے میں ان سے اندازہ لگوانے میں مدد کریں۔

Paragraph No. 1

❶ Noise pollution is defined as any form (صورت) of noise that disrupts the normal functioning of life. If left unchecked, it can have serious effects on the mind and body of humans.

شور کی آلودگی سے مراد آواز کی ایسی ہر صورت ہے جو زندگی کی معمول کی کارگزاری کو خراب کر دیتی ہے۔ اگر اسے روکا نہ جائے تو یہ انسانی ذہن اور جسم پر شدید اثرات مرتب کر سکتی ہے۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
define *(v.)*	ڈی فائن	describe, specify	تعریف کرنا
disrupt *(v.)*	ڈس رپٹ	unsettle, disarrange	منتشر کرنا
functioning *(n.)*	فنکشننگ	practical working	کارگزاری
unchecked *(adj.)*	ان چیکڈ	not controlled or restrained	روک تھام کے بغیر

Simple English: Noise pollution is said to be any form of noise that disturbs the procedure of normal life. If it is not stopped it can cause serious effects on life and body of humans and animals.

What is normal functioning and how is it disrupted? معمول کی کارگزاری کیا ہے اور یہ کس طرح خراب ہوتی ہے؟

Ans. Normal functioning means to live with calm and peace and it is disrupted by the noise pollution.
معمول کی کارگزاری سے مراد امن اور سکون سے رہنا ہے اور یہ شور کی وجہ سے خراب ہوتی ہے۔

Paragraph No. 2

❷ Noise pollution is one of the biggest source of discomfort, stress and nuisance (تکلیف دہ، غصہ، خلل) in Pakistan. In urban areas and big cities, noise pollution has reached to a dangerous level. For instance (مثال کے طور پر), a survey by the Punjab Environmental (ماحولیاتی) Protection Agency claims that the level of noise in Lahore has reached 91 decibels whereas a maximum of 75 decibels is acceptable. This means that the mental and physical health of so many people is already at risk (خطرے میں).

شور کی آلودگی پاکستان میں بے سکونی، ذہنی دباؤ اور خرابی پیدا کرنے والے سب سے بڑے اسباب میں سے ایک ہے۔ شہری علاقوں اور بڑے شہروں میں شور کی آلودگی خطرناک سطح پر پہنچ چکی ہے۔ مثال کے طور پر پنجاب ماحولیاتی تحفظ کے ادارے نے ایک سروے میں دعویٰ کیا ہے کہ لاہور میں شور کی سطح 91 ڈیسی بل تک پہنچ چکی ہے جبکہ اس کی قابل قبول سطح 75 ڈیسی بل ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ بہت سے لوگوں کی ذہنی اور جسمانی صحت پہلے ہی خطرے میں ہے۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
sources *(n.)*	سورسز	causes, derivation	وجوہات، ذرائع
discomfort *(n.)*	ڈس کمفرٹ	pain, irritation,	بے سکونی
stress *(n.)*	سٹریس	force, strain	ذہنی دباؤ
survey *(v.)*	سروے	research, review	جائزہ لینا، معائنہ

nuisance *(n.)*	نوئسنس	trouble, problem	تکلیف دہ شخص یا عمل
urban *(adj.)*	اربن	civic, city	شہری
instance *(n.)*	انسٹانس	example, occasion	مثال
acceptable *(adj.)*	ایکسیپٹ ایبل	satisfactory, suitable	قابلِ قبول
claims *(v.)*	کلیمز	insist, assert	دعویٰ کرنا
mental *(adj.)*	مینٹل	intellectual, brain	ذہنی، دماغی
physical *(adj.)*	فزیکل	bodily, fleshly	جسمانی، طبعی
risk *(n.)*	رسک	danger, hazard	خطرہ

Simple English: In Pakistan one of the major sources of discomfort and disturbance is the noise pollution. In developed areas and big cities noise pollution has reached out an alarming stage. A survey carried out by the Punjab Environment. Agency reveals the level of noise in Lahore has reached 91 decibels where 75 decibels is permitted. It is clear from this that mental and physical health of many people is already in danger.

Paragraph No. 3

❸ The major causes of noise pollution in Pakistan are traffic on roads, construction (تعمیراتی) sites (جگہیں), careless use of electronic appliances and loud speech patterns (عادتیں). Noise coming from different modes (ذرائع) of transport, i.e. vehicles, airplanes, trains, ships, proves (ثابت ہوتا ہے) to be highly stressful (پریشان کن) for human communities (آبادیاں). With the population growth and development in urban areas, the vehicular traffic has also multiplied (اضافہ ہوا ہے). This has given rise (اضافہ کرنا) to noise pollution, largely (وسیع پیمانے پر) in the form of unwarranted honking (ہارن) by drivers. Also, the mushroom growth of residential colonies near airports and railway stations has exposed (خطرے میں ڈالا) residents (رہائشی) to permanent and unavoidable source of noise pollution.

سڑکوں پر ٹریفک، تعمیراتی جگہیں، بجلی کے آلات کا غیر محتاط استعمال اور اونچی آواز میں بولنے کی عادتیں، پاکستان میں شور کی آلودگی کی بڑی وجوہات ہیں۔ نقل و حمل کے مختلف ذرائع سے آنے والا شور، مثلاً گاڑیاں، ہوائی جہاز، ریل گاڑیاں اور بحری جہاز انسانی آبادیوں کے لیے بہت زیادہ پریشان کن ثابت ہوا ہے۔ شہری علاقوں میں آبادی میں اضافے اور ترقی کے ساتھ، گاڑیوں کی ٹریفک میں بھی اضافہ ہوا ہے۔ اس نے شور کی آلودگی کو، وسیع پیمانے پر ڈرائیوروں کے غیر ضروری ہارن بجانے کی صورت میں بڑھا دیا ہے۔ ایئرپورٹوں اور ریلوے سٹیشنوں کے قریب رہائشی علاقوں میں تیزی سے اضافے نے بھی رہائشیوں کو شور کے مستقل اور ناقابلِ بچاؤ خطرے میں ڈال دیا ہے۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
pollution *(n.)*	پولیوشن	contamination, uncleanness	آلودگی
careless *(adj.)*	کیئرلیس	irresponsible, negligent	غیر محتاط
appliances *(n.)*	اپلائنسز	devices, instruments	آلات
growth *(n.)*	گروتھ	increase, development	اضافہ، نشوونما
immense *(adj.)*	امینس	huge, great	بے حد زیادہ
development *(n.)*	ڈویلپمنٹ	growth, increase	ترقی
mushroom *(n.) (v.)*	مشروم	a fungal growth that typically takes the form of a domed cap on a stalk	تیزی سے بڑھنا، کھمبی

unwarranted *(adj.)*	اَن وارنٹڈ	not justified or authorized	غیر ضروری
permanent *(adj.)*	پرمانینٹ	lasting, eternal	مستقل
unavoidable *(adj.)*	اَن اَوائیڈ ایبل	notable to be avoided, prevented or ignored	ناقابلِ بچاؤ

Simple English: The main reasons of noise pollution in Pakistan are road traffic, construction sites, careless use of electronic appliances and habit of speaking aloud. Noises produced by different types of traffic vehicles for example aeroplanes, trains, ships etc. are very stressful for the people. With the growth in population and development in urban areas the vehicular traffic has also increased. This has created great noise pollution especially in the form of unnecessary use of horns by drivers. The construction of colonies near airports and railway stations had put the people living in those areas into a permanent and unavoidable source of noise pollution.

Identify topic sentences, supporting sentences and concluding sentences of the paragraphs. پیراگرافوں میں تعارفی جملوں، معاون جملوں اور اختتامی جملوں کی نشاندہی کریں۔

Paragraph - 1:

Topic Sentence: Noise pollution is defined as any form (صورت) of noise that disrupts the normal functioning of life.

Supporting Sentence: –

Concluding Sentence: If left unchecked, it can have serious effects on the mind and body of humans as well as animals.

Paragraph - 2:

Topic Sentence: Noise pollution is one of the biggest sources of discomfort, stress and nuisance (تکلیف دہ شخص یا عمل) in Pakistan.

Supporting Sentence: For instance (مثال کے طور پر), a survey by the Punjab Environmental (ماحولیاتی) Protection Agency claims that the level of noise in Lahore has reached 91 decibels whereas a maximum of 75 decibels is acceptable.

Concluding sentence: This means that the mental and physical health of so many people is already at risk (خطرے میں).

Paragraph - 3:

Topic Sentence: The major causes of noise pollution in Pakistan are road traffic, construction (تعمیراتی) sites (جگہیں), careless use of electronic appliances and loud speech patterns (عادتیں).

Supporting Sentence: With the population growth and development in urban areas, the vehicular traffic has also multiplied (اضافہ ہوا ہے).

Concluding sentence: Also, the mushroom growth of residential colonies near airports and railway stations has exposed (خطرے میں ڈالا) residents (رہائشی) to permanent and unavoidable source of noise pollution.

Paragraph - 4:

Topic Sentence: Another source of noise pollution in urban areas is the work on construction sites.

Supporting Sentence: The transport and equipment (سامان) used at construction sites, its grilling (چبھتا) and piercing sound is a big source of noise pollution.

Concluding sentence: It not only disturbs (پریشان کرنا) the general public but also affects construction workers by causing mental (ذہنی) fatigue.

Paragraph - 5:

Topic Sentence: Use of technology is another cause (سبب) of noisepollution.

Supporting Sentence: They also use electricity generators excessively in residential areas and put other residents ill at ease.

Concluding sentence: For this, people need to develop (ترقی کرنا) some civic (شہری) responsibility so that others may not be in trouble because of these careless actions.

Paragraph - 6:

Topic Sentence: Noise pollution causes not only environmental damage (نقصان) but it also has a negative impact (اثر) on human (انسانی) health.

Supporting Sentence: It can cause aggression , hypertension, high stress levels, hearing (سماعت) loss (نقصان), restlessness (بے چینی), depression and insomnia (بے خوابی). Insomnia can further (مزید) lead to anxiety, bad temper (بدمزاجی) and emotional stress (دباؤ).

Concluding sentence: This gives them unnecessary (غیرضروری) mental (ذہنی) and physical (جسمانی) tension.

Paragraph - 7:

Topic Sentence: In Pakistan, there is a dire (اشد) need (ضرورت) to bring down (کم کرنا) the noise levels (شور کے درجات) , coming from different sources.

Supporting Sentence: Furthermore (مزید برآں), the government should ensure (یقینی بنانا) smooth (ہموار) traffic flow (روانی), block (روکنا) noise emitting (خارج کرنا) vehicles from roads, use noise barriers where necessary (ضروری), and expedite construction work to minimize noise pollution.

Concluding Sentence: Moreover, people should be discouraged to speak loudly in these areas.

Paragraph - 8:

Topic Sentence: Noise pollution is a serious issue and needs more attention at local and state level.

Supporting Sentence: It is, therefore, a need to acquire more civic (شہری) sense and responsible (ذمہ دارانہ) attitude (رویہ) to avoid the unnecessary use of this irritant in the environment.

Concluding sentence: Only then our country would be a much quieter (پرسکون) and much more peaceful place to live in.

Paragraph No. 4

❹ Another source of noise pollution in urban areas is the work on construction sites. Construction work in urban areas is usually slow and time-consuming (وقت لینے والا). The use of transport and equipment (سامان) at construction sites, its grilling (چھیدنا) and piercing sound is a big source of noise pollution. It not only disturbs (پریشان کرنا) the general public but also affects the construction workers by causing mental (ذہنی) fatigue.

شہری علاقوں میں شور کی آلودگی کا ایک اور سبب تعمیراتی جگہوں پر ہونے والا کام ہے۔ شہری علاقوں میں تعمیراتی کام عام طور پر سست رفتار اور وقت برباد کرنے والا ہوتا ہے۔ نقل وحمل اور تعمیراتی جگہوں پر استعمال ہونے والا سامان اور چھیدنے اور سوراخ کرنے کی آواز بھی شور کی آلودگی کا بڑا سبب ہے۔ یہ نہ صرف عوام کو پریشان کرتا ہے بلکہ کارکنوں کی بھی ذہنی اور جسمانی تھکاوٹ کا باعث بن کر متاثر کرتا ہے۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
construction (n.)	کنسٹرکشن	building, creation	تعمیر

usually *(adj.)*	یوژوالی	normally, commonly	عام طور پر
causing *(v.)*	کازنگ	making something happen	وجہ بنتا ہوا
piercing *(v.)*	پیئرسنگ	penetrating, sharp	سوراخ کرنا
affects *(v.)*	افیکٹس	influence, emotionally move	متاثر کرتا ہے
fatigue *(n.)*	فٹیگ	tiredness, heaviness	تھکان

Simple English: Another source of noise pollution in urban areas is the work at construction sites. The construction work in rural areas in very slow and time-taking. The equipment used at construction sites, its grilling and piercing sounds cause noise pollution. It disturbs the general public as well as construction workers by causing mental fatigue.

For the Teacher: معلم کے لیے:

- While-readihg activity may be conducted to interact with the text. More while-reading questions may be asked.
  پڑھتے وقت ٹیکسٹ کے ساتھ تعلق قائم رکھنے کے لیے سرگرمی کا اہتمام کیا جائے۔ مزید پڑھنے کے دوران سوالات پوچھے جائیں۔
- Help students analyze passages in the text to identify the key idea/ central thought and supporting details e.g. cause and effect.
  ٹیکسٹ میں پیراگراف کا تجزیہ کرنے، بنیادی نظریہ، مرکزی خیال اور معاون تفصیلات مثلاً علت و معلول (وجہ اور اثر) وغیرہ کا تعلق اور مفہوم جاننے میں طلبہ کی مدد کریں۔

Paragraph No. 5

❺ Use of technology is another cause (سبب) of noise pollution. For example, unmonitored use of mobile phones, electricity generators, music systems and TV, all become irritants from time to time (وقت کے ساتھ ساتھ). People usually (عام طور پر) do not switch off their mobiles or put them on silent modes (انداز) when they enter offices, hospitals, schools and colleges. They also use electricity generators excessively in residential areas and put other residents ill at ease. Moreover (اس کے علاوہ), listening to loud (بلند) music or TV on a loud volume is another source of noise pollution. For this, people need to develop (پیدا کرنا) some civic (شہری) responsibility so that others may not be in trouble because of their careless actions.

ٹیکنالوجی کا استعمال شور کی آلودگی کا ایک اور سبب ہے۔ مثلاً موبائل فون کا بلا روک ٹوک استعمال، بجلی کے جنریٹرز، میوزک سسٹم اور ٹی۔ وی وقت کے ساتھ ساتھ تکلیف دہ ہو جاتے ہیں۔ جب لوگ دفتروں، ہسپتالوں، سکولوں اور کالجز میں جاتے ہیں تو عام طور پر اپنے موبائل فون بند یا سائلینٹ موڈ پر نہیں کرتے۔ وہ رہائشی علاقوں میں بجلی کے جنریٹرز زیادہ استعمال کرتے ہیں اور دوسرے رہائشیوں کے آرام میں خلل ڈالتے ہیں۔ اس کے علاوہ بلند موسیقی یا ٹی وی کو بلند آواز میں سننا شور کی آلودگی کا ایک اور سبب ہے۔ اس کے لیے لوگوں کو ذمہ دار شہریوں کا سا رویہ اپنانے کی ضرورت ہے تاکہ دوسرے لوگ اُن کے غیر ذمہ دارانہ افعال کی وجہ سے تکلیف کا شکار نہ ہوں۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
unmonitored *(adj.)*	اَن مونیٹرڈ	unchecked, uncontrolled	نگرانی کے بغیر
irritants *(n.)*	اریٹینٹس	annoying, bothering	تکلیف دہ چیزیں
excessively *(adv.)*	ایکسیسولی	too much, extreme	زیادہ مقدار میں
listening *(v.)*	لسننگ	hearing, pay attention	سننا
responsibility *(n.)*	ریسپونسیبلٹی	duty, task	ذمہ داری
careless *(adj.)*	کیئرلیس	irresponsible, negligent	غیر ذمہ

Simple English: Use of technology is one of the many causes of noise pollution. For example, unchecked use of mobile phones, electricity generators, music systems and TV all these become troublesome after sometime. People do not put off their mobiles or keep them on silent system when they enter offices, hospitals, schools and colleges. Electricity generators are used in great number in residential areas which also put the people around in trouble. Another source of noise pollution is listening music or TV loudly. Therefore, the people are required to develop civic sense so that other people are not put to trouble due to these careless acts.

How does technology increase noise pollution? What are technology-based irritants?

ٹیکنالوجی کس طرح شور کی آلودگی میں اضافہ کرتی ہے؟ ٹیکنالوجی کی وجہ سے تکلیف دہ چیزیں کونسی ہیں؟

Ans. The transport and equipment used at construction sites, its grilling and piercing sound is a big source of noise pollution.

تعمیراتی سامان کی نقل و حمل بشمول تعمیراتی جگہوں پر اس کا استعمال چھیدنے اور سوراخ کرنے کی آوازیں بھی شور کی آلودگی کا بڑا سبب ہیں۔

Paragraph No. 6

⑥ Noise pollution causes not only environmental damage (بگاڑ) but it also has a negative impact (اثر) on human (انسانی) health. It can cause aggression , hypertension, high stress levels, hearing(سماعت) loss(نقصان), restlessness (بےچینی), depression and insomnia (بےخوابی). Insomnia can further (مزید) lead to anxiety, bad temper (بدمزاجی) and emotional stress (دباؤ). In addition (مزید برآں), noise pollution can seriously affect the learners, it gives them unnecessary (غیرضروری) mental (ذہنی) and physical (جسمانی) tension.

شور کی آلودگی نہ صرف ماحولیاتی بگاڑ کا سبب بنتی ہے بلکہ اس کا انسانی صحت پر بھی منفی اثر ہوتا ہے۔ یہ سخت رویہ، ہائی بلڈ پریشر، زیادہ ذہنی دباؤ، سماعت کی خرابی، بےچینی، ذہنی دباؤ اور بےخوابی کا سبب بن سکتا ہے۔ بےخوابی مزید بےچینی، بدمزاجی اور جذباتی دباؤ کی طرف لے جا سکتی ہے۔ مزید برآں شور کی آلودگی طالب علموں کو بری طرح سے متاثر کر سکتی ہے، یہ اُن کو غیرضروری ذہنی اور جسمانی تناؤ میں مبتلا کرتی ہے۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
anxiety *(n.)*	اینگزائٹی	uneasiness, concern	بےچینی
stress *(n.)*	سٹریس	emphasize, strain	ذہنی دباؤ
aggression *(n.)*	ایگریشن	hostility, malice	سخت رویہ
hypertension *(n.)*	ہائپرٹینشن	abnormally high blood pressure	ہائی بلڈ پریشر
depression *(n.)*	ڈپریشن	despair, misery	ذہنی دباؤ
emotional *(adj.)*	ایموشنل	psychological, moving	جذباتی
Insomnia *(n.)*	ان سومنیا	habitual sleeplessness, inability to sleep	بےخوابی
tension *(n.)*	ٹینشن	stress, strain	تناؤ

Simple English: Noise pollution not only creates environmental damage but it also has a bad effect on human life. It can cause hard attitude, high blood pressure, high tension, hearing loss, restlessness, mental stress and sleeplessness. The condition of sleeplessness can further cause anxiety, bad temper, emotional disorder. In addition to these, noise pollution can seriously affect those who are in the process of learning. This (noise pollution) puts them to unwanted mental and physical stress.

Paragraph No. 7

❼ In Pakistan, there is a dire (اشد) need (ضرورت) to bring down (کم کرنا) the noise levels (شور کے درجات), coming from different sources. The government must (لازمی طور پر) gear up (فعال ہونا) and utilize (استعمال کرنا) various (مختلف) means (ذرائع) to control (قابو کرنا) unwarranted noise levels. For example, the Punjab Environment Protection Agency recommends (تجویز کرتا ہے) around (تقریباً) 55 decibels of noise level in residential colonies and 75 decibels in commercial areas (علاقے). These figures (اعداد و شمار) must be strictly enforced (لاگو کرنا) by the government. Furthermore (مزید یہ کہ), the government should ensure (یقینی بنانا) smooth (ہموار) traffic flow (روانی), block (روکنا) noise emitting (خارج کرنا) vehicles from roads, use noise barriers where necessary (ضروری), and expedite construction work to minimize noise pollution. Also, the residential societies should come forward to frame and enforce rules in their areas to check unnecessary noise producing agents (عاملین). Offices, hospitals and academic institutions should strictly prohibit (منع کرنا) the use of mobile phones for better (بہتر) noise management. Moreover, people should be discouraged to speak loudly in these areas.

پاکستان میں مختلف ذرائع سے آنے والے شور کے درجات کو کم کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ شور کے غیر ضروری درجات پر قابو پانے کے لیے حکومت کو لازمی طور پر مختلف ذرائع فعال کرنے اور استعمال میں لانے چاہئیں۔ مثال کے طور پر، پنجاب کا ماحولیاتی تحفظ کا ادارہ، شہری علاقوں میں تقریباً 55 ڈیسی بل اور کمرشل علاقوں میں 75 ڈیسی بل شور کی سطح تجویز کرتا ہے۔ ان اعداد و شمار کو گورنمنٹ کی طرف سے لازماً سختی سے لاگو کرنا چاہیے۔ مزید یہ کہ گورنمنٹ کو شور کی آلودگی کو کم سے کم کرنے کے لیے ٹریفک کی یکساں روانی، شور خارج کرنے والی گاڑیوں کو سڑکوں پر آنے سے روکنا، جہاں ضروری ہو شور کی راہ میں رکاوٹوں کا استعمال اور تعمیراتی کام کی جلد تکمیل کو یقینی بنانا چاہیے۔ رہائشی انجمنوں کو بھی اپنے علاقوں میں غیر ضروری شور پیدا کرنے والے عاملین کو روکنے قوانین تشکیل دینے اور لاگو کرنے کے لیے آگے آنا چاہیے۔ دفتروں، ہسپتالوں اور تعلیمی اداروں میں شور کے بہتر انتظام کے لیے موبائل فون کا استعمال سختی سے منع ہونا چاہیے۔ اس کے علاوہ ان علاقوں میں لوگوں کو اونچی آواز میں بولنے سے روکنا چاہیے۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
vehicles (n.)	وہیکل	conveyance medium	گاڑی، سواری
expedite (v.)	ایکسپیڈائٹ	make an action happen sooner or be accomplished more quickly	کام کی رفتار بڑھانا
minimize (v.)	منی مائز	reduce, decrease	کم کرنا
frame (v.)	فریم	casing, structure	تشکیل دینا
discourage (v.)	ڈس کریج	disheart, not encourage	حوصلہ شکنی کرنا
better (adj.)	بیٹر	to a greater degree, more completely	بہتر
management (n.)	مینجمنٹ	administration, control	انتظام
strictly (adv.)	سٹرکٹ لی	firmly by, with force	سختی سے

Simple English: In Pakistan, it is very necessary to reduce the noise levels coming from various sources. The government should act speedily and take various means to control unnecessary noise levels. For example the Punjab Environment Protection Agency recommends about 55 decibels of noise in places of residences and 75 decibels in places where commercial activities are carried out. The restriction must be strictly enforced by the government. The government should also ensure regular normal traffic output, withdraw noise making vehicles from roads, use noise barriers where required and speed up the construction work to reduce noise pollution. The residential societies should also come forward, make and

enforce rules for their areas to check unwanted agents which produce noise. Similarly offices, hospitals and academic institutions should strictly disallow the use of mobile phones in their respective areas in order to maintain better noise management. In addition to this, people should be discouraged to speak loudly in the said areas.

What are the harmful effects of noise pollution on human health?
شور کی آلودگی انسانی صحت پر کون سے خطرناک اثرات مرتب کر رہی ہے؟

Ans. It can cause aggression, hypertension. high stress levels, hearing loss, restlessness, depression and insomnia. Insomnia can further lead to anxiety, bad temper and emotional stress. In addition, noise pollution can seriously affect the learners. This gives them unnecessary mental and physical tension.

یہ سخت رویہ، ہائی بلڈ پریشر، زیادہ ذہنی دباؤ، سماعت کی خرابی، بے چینی، ذہنی دباؤ اور بے خوابی کا سبب بن سکتا ہے۔ بے خوابی مزید بے چینی، بدمزاجی اور جذباتی دباؤ کی طرف لے جا سکتی ہے۔ مزید برآں شور کی آلودگی طالب علموں کو بری طرح سے متاثر کر سکتی ہے۔ اس سے وہ غیر ضروری ذہنی اور جسمانی تناؤ کا شکار ہو جاتے ہیں۔

Paragraph No. 8

Noise pollution is a serious issue and needs attention at local and state level. People must develop awareness about the dangerous impact of noise on human health. It is, therefore, a need to acquire more civic (شہری) sense and responsible (ذمہ دارانہ) attitude (رویہ) to avoid the unnecessary use of noise pollution irritants in the environment. Only then our country would be a much quieter (پرسکون) and peaceful place to live in.

شور کی آلودگی ایک سنجیدہ مسئلہ ہے اور مقامی اور حکومتی سطح پر اسے توجہ کی ضرورت ہے۔ لوگوں کو انسانی صحت پر شور کے خطرناک اثر کے بارے میں لازماً آگہی پیدا کرنی چاہیے۔ اس لیے ماحول میں آواز کی آلودگی کے غیر ضروری استعمال سے بچنے کے لیے زیادہ شہری احساس اور ذمہ دارانہ رویہ اپنانے کی ضرورت ہے۔ صرف اسی طرح ہمارا وطن رہنے کے لیے زیادہ پرسکون اور پرامن جگہ ہو سکتی ہے۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
issue *(n.)*	ایشو	topic, point	مسئلہ
attention *(n.)*	اٹینشن	thought, consideration	توجہ
awareness *(n.)*	اویئرنیس	knowledge of, understanding of	آگہی، آگاہی
dangerous *(adj.)*	ڈینجرس	perilous, hazardous	خطرناک
acquire *(v.)*	ایکوائر	get, receive	حاصل کرنا
avoid *(v.)*	اوائیڈ	prevent, refrain from	بچنا
civic *(adj.)*	سِوک	public, municipal	شہری
quieter *(n.)*	کوائیٹر	more soft, more low	پرسکون، خاموش کرنے والا
responsible *(adj.)*	ریسپونسبل	in charge, accountable	ذمہ دار
peaceful	پیس فل	at peace, friendly	پرامن

Simple English: Noise pollution is a very thoughtful problem and requires more attention at local and state level. People should know the harmful effects of noise on human health. There is, therefore a requirement to develop more civic sense and responsible attitude to avoid the unwanted use of this troublesome element in the environment. Our country only then, would becomes calm and peaceful to reside.

How can we cope with the serious issue of noise pollution? ہم شور کی آلودگی کے سنجیدہ مسئلے سے کیسے نمٹ سکتے ہیں؟

Ans. Every citizen should try to strictly follow the recommendations of Punjab Environment Protection Agency about control of noise pollution. This would help controlling this problem very much.

ہر شہری کو پنجاب انوائرنمنٹ پروٹیکشن ایجنسی کی شور کو کنٹرول کرنے کی سفارشات پر عمل کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔ اس سے اس مسئلے کو کنٹرول کرنے میں کافی مدد مل سکتی ہے۔

Theme: نفسِ مضمون

The unit gives awareness (آگاہی) about the negative impact of noise pollution on human health. It describes the major contributors of noise pollution and how they affect mental and physical health. It also outlines various solutions to combat the problem of noise pollution.

یہ سبق انسانوں کی صحت پر شور کی آلودگی کے منفی اثر سے آگہی فراہم کرتا ہے۔ یہ شور کی آلودگی پیدا کرنے والے بڑے عناصر کا ذکر کرتا ہے اور بتاتا ہے کہ کس طرح وہ ذہنی اور جسمانی صحت کو متاثر کرتے ہیں۔ یہ شور کی آلودگی کے مسئلے سے نمٹنے کے لیے مختلف حل بھی پیش کرتا ہے۔

Glossary: فرہنگ

الفاظ	تلفظ	معانی		الفاظ	تلفظ	معانی
distracts (v.)	ڈسٹریکٹس	پریشان کرتا ہے	—	disturbs (n.)	ڈسٹربز	پریشان کرتا ہے
immense (adj.)	امینس	بے حد، عظیم	—	huge (adj.)	ہیوج	بہت بڑا
mushrooming (n.)	مشرومنگ	تیزی سے بڑھنا	—	growing (n.)	گروئنگ	نمو پانا، بڑھنا
excessively (adv.)	ایکسیسولی	بہت زیادہ	—	extremely (adv.)	ایکسٹریملی	بے حد زیادہ
patrolling (n.)	پٹرولنگ	گشت، حفاظت	—	guarding (n.)	گارڈنگ	حفاظت
insomnia (n.)	انسومنیا	بے خوابی	—	sleeplessness (n.)	سلیپ لیس نیس	بے خوابی
irritant (n.)	اری ٹینٹ	تکلیف دہ چیز	—	annoying (adj.)	انوائنگ	پریشان کن

Oral Activity: زبانی سرگرمی

Group Discussion: Form groups of four and make a plan to control the effects of noise pollution in your school. First, list the sources that produce noise around your school. For every source, find a practical solution to overcome the problem of noise pollution. Share your findings in a class presentation.

اپنے سکول سے شور کی آلودگی کے اثرات کو کنٹرول کرنے کے لیے چار چار کے گروپ تشکیل دیں اور ایک منصوبہ بنائیں۔ اول ان اسباب کی فہرست بنائیں جو آپ کے سکول کے اردگرد شور پیدا کرتے ہیں۔ شور کی آلودگی کے مسئلے پر قابو پانے کے لیے ہر سبب کے لیے ایک عملی حل تلاش کریں۔ اپنے حل کلاس میں ایک دوسرے کو پیش کریں۔

Comprehension: تفہیم عبارت

A. Cause (وجہ، علت، سبب), effect (اثر، نتیجہ) and solutions (حل). وجہ (علت، سبب)، اثر (معلول) اور حل

Do you worry about pollution? Complete the table below with your partner(s).List the causes of noise pollution. What are their effects? Can you think of some solutions to these problems?

کیا آپ آلودگی کے بارے میں پریشان ہیں؟ اپنے شریک ساتھی/ساتھیوں کی مدد سے یہ ٹیبل مکمل کریں۔ شور کی آلودگی کی وجوہات بیان کریں۔ ان کے اثرات کیا ہیں؟ کیا آپ ان مسائل کے حل تجویز کر سکتے ہیں؟

Causes of noise pollution شور کی آلودگی کی وجوہات	Effects of noise pollution شور کی آلودگی کے اثرات	Solutions حل
honking ہارن کی آواز	irritability تکلیف	strict rules to check honking ہارن کی آواز روکنے کے لیے سخت قوانین
work of construction تعمیر کا کام	fatigue تھکاوٹ، تھکان	construction sites should be monitored تعمیری مقامات کی نگرانی کی جانی چاہیے۔
use of technology ٹیکنالوجی کا استعمال	insomnia بے خوابی	control unwarranted noise level. غیر ضروری شور پر قابو پائیں۔

B. Answer the following questions. درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

1. How do you define noise pollution? آپ شور کی آلودگی کی کیسے تعریف کریں گے؟

Ans. Any form of noise that disrupts the normal functioning of life is called noise pollution.
شور کی کوئی ایسی شکل جس سے زندگی کے معمولات متاثر ہوں شور کہلاتی ہے۔

2. How is transport a source of noise pollution? ٹرانسپورٹ کی وجہ سے شور کی آلودگی کیسے پیدا ہوتی ہے؟

Ans. Noise coming from vehicles, airplanes, trains and ships cause noise pollution.
گاڑیوں، ہوائی جہازوں، ریل گاڑیوں اور بحری جہازوں سے آنے والے شور سے شور کی آلودگی پیدا ہوتی ہے۔

3. How is construction work a cause of noise pollution? تعمیری کام کی وجہ سے شور کی آلودگی کیسے پیدا ہوتی ہے؟

Ans. The transport and equipments used at construction sites. its drilling and piercing sound is a big source of noise pollution. تعمیری مقامات پر گاڑیوں کی آمدورفت اور اوزاروں کی آوازوں سے شور کی آلودگی پیدا ہوتی ہے۔

4. How is the use of technology causing noise pollution?
ٹیکنالوجی کے استعمال کی وجہ سے شور کی آلودگی کیسے پیدا ہو رہی ہے؟

Ans. Unmonitored use of technology such as mobile phones, electricity generators etc is causing noise pollution. ٹیکنالوجی کے بے دریغ استعمال جیسا کہ موبائل فونز اور بجلی کے جنریٹرز وغیرہ کی وجہ سے شور کی آلودگی پیدا ہو رہی ہے۔

5. Why is noise dangerous for human health? شور انسانی صحت کے لیے کیوں خطرناک ہے؟

Ans. Noise pollution can cause problems like, aggression, hypertension, hearing loss, restlessness, depression and insomnia etc.
شور کی آلودگی سے چڑچڑاپن، ہائی بلڈ پریشر، بہرہ پن، بے چینی، ذہنی دباؤ اور بے خوابی وغیرہ کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں۔

6. What kind of precautions may reduce noise coming from electronic devices?
کس طرح کی احتیاطی تدابیر کی وجہ سے برقی آلات سے پیدا ہونے والا شور کم کیا جا سکتا ہے؟

Ans. The people need to develop some civic responsibility, while using electric devices. It may reduce noise. لوگوں کو چاہیے کہ برقی آلات سے آنے والے شور کو کم کرنے کے لیے احساسِ ذمہ داری کا مظاہرہ کریں۔

C. In paragraphs 3, 4, 5, 6 and 7 the writer is describing the causes, effects and solutions of noise pollution. Identify and summarize these using the given mind map.
مصنف پیراگراف نمبر 3، 4، 5، 6 اور 7 میں شور کی آلودگی کی وجوہات، اثرات اور حل بیان کر رہا ہے۔ دیا گیا مائنڈ میپ استعمال کرتے ہوئے ان کو شناخت کریں اور مختصراً بیان کریں۔

Cause I پہلی وجہ
Cause II دوسری وجہ
Cause III تیسری وجہ
Effects اثرات
Solutions حل

Ans. Students should locate the causes, effects and solution in the above mentioned paragraphs.

طلبا اوپر دیے گئے پیراگرافوں میں وجوہ، اثرات اور حل تلاش کریں۔

Vocabulary: ذخیرہ الفاظ:

A. Write the synonyms of the following words. درج الفاظ کے مترادف الفاظ تحریر کریں۔

disrupts *(v.)*	منتشر کرتا ہے	(Para 1)	shatters	nuisance	(Para 2)	troublesome	تکلیف دہ
rapid	تیز	(Para 3)	fast	piercing	(Para 4)	penetrating	چھیدنا
unmonitored	نگرانی کے بغیر	(Para 5)	unchecked				

B. Form other words using the root words? استعمال کرتے ہوئے دوسرے الفاظ بنائیں۔

pollute آلودہ کرنا
- polluter آلودہ کرنے والا
- polluted آلودہ
- pollution آلودگی
- pollutes آلودہ کرتا ہے
- pollutant آلودگی پھیلانے والے عناصر
- polluting آلودہ کرنے والا

construct تعمیر کرنا
- constructer تعمیر کرنے والا
- constructed تعمیر شدہ
- construction تعمیر
- constructive قابل تعمیر
- constructional تعمیراتی
- constructing تعمیر کرتے ہوئے

C. Choose five words you have made from the root words and use them in sentences.

اساسی الفاظ سے بنائے گئے الفاظ سے پانچ الفاظ منتخب کریں اور انہیں جملوں میں استعمال کریں۔

Words	Meanings	Sentences
Pollution:	آلودگی	Pollution is a big problem of the modern world. آلودگی جدید دنیا کا ایک بڑا مسئلہ ہے۔
Pollutant:	آلودگی پھیلانے والا	Careless use of technology has made it pollutant. آلودگی کے غیر محتاط استعمال نے اسے آلودگی پھیلانے والا بنا دیا ہے۔
Construct:	تعمیر کرنا	Mason is constructing a new building. معمار ایک نئی عمارت تعمیر کر رہا ہے۔
Develop:	نشوونما پانا، ترقی کرنا	We should try to develop civic sense. ہمیں مہذبانہ احساس ذمہ داری پیدا کرنے کی کوشش کرنی چاہیے۔
Development:	ترقی	The government is encouraging the development of small business. حکومت چھوٹے کاروبار کی ترقی کی حوصلہ افزائی کر رہی ہے۔

For the Teacher: معلم کے لیے:

- Tell students about cause and effect relation and solution.

طلبا کو علت (وجہ) اور معلول (نتیجہ، اثر) کے تعلق اور ان کے حل کے بارے میں بتائیں۔

Grammar: گرامر:

Transitional devices ربط قائم کرنے یا تبدیلی بیان کرنے والے الفاظ

Transitional devices are the words and phrases that connect parts of your writing. They link sentences and paragraphs together to maintain continuity of ideas.

The following is a list of some commonly used transitional words or phrases.

ربط قائم کرنے یا تبدیلی بیان کرنے والے الفاظ سے مراد ایسے الفاظ ہیں جو تحریر کے مختلف حصوں میں ربط (تعلق) قائم کرتے ہیں۔ وہ خیالات کا تسلسل قائم رکھنے کے لیے جملوں اور عبارتوں کو ملاتے ہیں۔ عام طور پر استعمال ہونے والے چند ایک ربط قائم کرنے والے الفاظ کی فہرست درج ذیل ہے۔

Types (اقسام)	Transitional device (ربط قائم کرنے والے الفاظ)
addition (اضافی)	and (اور), again (دوبارہ), besides (مزید برآں), finally (آخرکار), further (مزید), furthermore (مزید یہ کہ), too (بھی), next (اگلا), lastly (آخرکار), moreover (مزید برآں), in addition (اضافی طور پر), first (پہلا) (second (دوسرا), etc. وغیرہ)

comparison (موازنہ)	but (لیکن), yet (تاہم), on the other hand (دوسری طرف), however (تاہم), nevertheless (جب تک کہ نہیں), on the contrary (اس کے برعکس), by comparison (مقابلتاً), where (جہاں), compared to (کے لحاظ سے), although (اگرچہ), meanwhile (اس دوران), after all (آخرکار), in contrast (کے تضاد میں)
emphasis (تاکید یا کہنا زور)	definitely (یقیناً), extremely (شدید طور پر), obviously (واضح طور پر), in fact (درحقیقت), indeed (واقعی), absolutely (مکمل طور پر), positively (مثبت طور پر), naturally (قدرتی طور پر), always (ہمیشہ), forever (ہمیشہ کے لیے), never (کبھی نہیں), certainly (یقیناً)
sequencing (ترتیب بیان کرنا)	first (پہلا), second (دوسرا), third (تیسرا), next (اگلا), then (پھر), following this (اس کے بعد), at this time (اس وقت), now (اب), at this point (اس نکتہ پر), after (بعد), afterward (بعد میں), subsequently (نتیجے کے طور پر), finally (آخرکار), consequently (نتیجے کے طور پر), previously (پہلے), thus (اس لیے), therefore (اس لیے) , hence (اب سے، آئندہ سے، اس کی وجہ سے), next (اگلا)
exemplification (مثال دینا)	for example (مثال کے طور پر), for instance (مثال کے طور پر), in this case (اس صورت میں), on this occasion (اس موقع پر), to demonstrate (مظاہرہ کرنا، کر کے دکھانا), to illustrate (وضاحت کرنا), as an illustration (مثال کے طور پر)
summarization (خلاصہ لکھنا/اختصار نویسی)	in brief (مختصراً), on the whole (مجموعی طور پر), summing up (نتیجہ اخذ کرتے ہوئے), to conclude (نتیجہ اخذ کرنا), in conclusion (نتیجے کے طور پر), therefore (اس لیے), accordingly (اس کے مطابق), thus (اس لیے), as a result (نتیجے کے طور پر), consequently (نتیجے کے طور پر)

A. Identify the transitional devices in paragraphs 8 and 9.

پیراگراف نمبر 8 اور 9 میں استعمال کیے گئے ربطی الفاظ کی شناخت کریں۔

Ans.and (اور), therefore (اس لیے), only (صرف)

For the Teacher: معلم کے لیے:

- Illustrate the use of transitional devices. ربطی الفاظ کے استعمال کی وضاحت کریں۔
- Explain to students that transitional devices link/ connect sentences within and beyond paragraphs. طلبا کو وضاحت سے بتائیں کہ ربطی الفاظ عبارتوں میں یا عبارتوں سے باہر جملوں میں ربط/تعلق قائم کرتے ہیں۔

B. Read the sentences and insert appropriate transitional devices in the blanks given below. جملے پڑھیں اور نیچے دی گئی خالی جگہوں میں مناسب ربطی الفاظ لگائیں۔

1. It was announced that doctors' salaries would be increased. _____ doctors ended their strike.
   اعلان ہوا کہ ڈاکٹروں کی تنخواہیں بڑھا دی جائیں گی اور اس کے نتیجے میں ڈاکٹروں نے ہڑتال ختم کر دی۔
   a) as a result ✓ b) certainly c) and
2. Amjad is an excellent teacher. __ ____ he explains the subject matter very well and makes sure that all students understand the concepts.
   امجد ایک شاندار ٹیچر ہے اس وجہ سے وہ بہت اچھی طرح سے نفس مضمون کی وضاحت کرتا ہے اور یقینی بناتا ہے کہ سب تصورات اچھی طرح سمجھ لیں۔
   a) consequently ✓ b) meanwhile c) for example

3. Amina speaks English very well. ____ she does not assist her friends in learning to speak English. آمنہ بہت اچھی انگریزی بولتی ہے، تاہم وہ انگریزی بولنا سیکھنے میں اپنی سہیلیوں کی مدد نہیں کرتی۔
   a) however ✓ b) further c) thus
4. The government has levied more taxes. _____ the salary structure has not been improved. حکومت نے نئے ٹیکسز لگا دیے ہیں مگر تنخواہوں میں اضافہ نہیں کیا ہے۔
   a) in fact b) but ✓ c) hence
5. Salma is a good speaker. __ __ she also writes very well. سلمیٰ اچھی مقررہ ہے مزید یہ کہ وہ بہت اچھا لکھ بھی لیتی ہے۔
   a) in addition ✓ b) consequently c) next

Adverb Clause متعلق فعل کے طور پر استعمال ہونے والا جزو جملہ (کلاز)

An adverb clause is a group of words which does the work of an adverb. It usually begins with a subordinating conjunction such as, after (بعد میں), because (کیونکہ) until (تک), where (کہاں، جہاں), while (جب کہ), unless (جب تک کہ نہ), as (جب کہ), when (جب), since (سے), if (اگر), though (اگرچہ), wherever (جہاں کہیں).

Example: He finished first <u>**though he began late**</u>. مثال: اس نے پہلے ختم کیا <u>اگرچہ اس نے بعد میں شروع کیا تھا۔</u>

ایڈورب کلاز سے مراد الفاظ کا ایسا گروپ ہے جو متعلق فعل (adverbs) کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔ یہ عام طور پر ایک سب آرڈی نیٹنگ حرف عطف جیسا کہ بعد میں، کیونکہ، تک، کہاں (جہاں)، جب کہ، جب تک کہ نہ، جب، کب، سے، اگر، اگرچہ، جہاں کہیں وغیرہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

C. Underline adverb clauses in the following sentences. Also encircle the subordinating conjunctions. درج ذیل جملوں میں ایڈورب کلاز کے نیچے خط لگائیں۔ جبکہ سب آرڈی نیٹنگ حروف عطف کے گرد بھی خط لگائیں۔

1. You may sit wherever you like.
2. He will pass if he works hard.
3. We shall wait here until you come.
4. I did not buy it because it was very expensive.
5. Do it before you forget?

Ans.1. You may sit **wherever** <u>you like</u>. آپ جہاں چاہیں بیٹھ سکتے ہیں۔
2. He will pass **if** he <u>works hard</u>. اگر وہ محنت کرتا ہے تو کامیاب ہو جائے گا۔
3. We shall wait here **until** <u>you come</u>. آپ کے یہاں آنے تک ہم یہاں انتظار کریں گے۔
4. I did not buy it **because** <u>it was very expensive</u>. میں نے یہ نہیں خریدا کیونکہ یہ بہت مہنگا تھا۔
5. Do it **before** <u>you forget</u>? یہ کام کر لیں اس سے پہلے کہ آپ بھول جائیں۔

For the Teacher: معلم کے لیے:

- Help students identify and use adverb clauses. ایڈورب کلاز کا استعمال سمجھنے میں سٹوڈنٹس کی مدد کریں۔

D. Supply suitable adverb clauses. مناسب ایڈورب کلاز لگائیں۔

1. Nobody likes him _____________.
2. She sings exactly _____________.
3. I will not go out _____________.
4. It shall remain _____________.
5. _____________, I spoke to his brother.

Ans.1. Nobody likes him because he is rude. اُسے کوئی بھی پسند نہیں کرتا کیونکہ وہ بدتمیز ہے۔

2. She sings exactly like a classical singer. وہ کلاسیکل گائیک کی طرح گاتی ہے۔

3. I will not go out because I am not feeling well. میں باہر نہیں جاؤں گا کیونکہ میری طبیعت ٹھیک نہیں ہے۔

4. It shall remain closed for one week because of stocker taking.
یہ سٹاک ٹیکنگ کے لیے ایک ہفتہ بند رہے گی۔

5. He shall pass the exams, I spoke to his brother.
وہ امتحان میں ضرور کامیاب ہو جائے گا، میں نے اس کے بھائی سے کہا۔

E. Use the following subordinating conjunctions in sentences.

درج ذیل سب آرڈی نیٹنگ حروف عطف کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔

since, unless, though, while, as, when, after

Words	Meanings	Sentences
since	سے	Since you are not interested, I would not tell you about it. چونکہ آپ دلچسپی نہیں رکھتے، اس لیے میں اس بارے میں آپ کو نہیں بتاؤں گا۔
unless	جب تک کہ نہ	You would not pass unless you work hard. جب تک آپ محنت نہیں کرتے، کامیاب نہیں ہوں گے۔
though	اگرچہ	Though he is poor, he is honest. اگرچہ وہ غریب ہے، مگر دیانتدار ہے۔
while	جبکہ	I was studying, while he was playing. میں پڑھ رہا تھا جب کہ وہ کھیل رہا تھا۔
as	جب کہ، کیونکہ	Saleem collects stamps as it is his favourite hobby. سلیم ٹکٹیں جمع کرتا ہے کیونکہ یہ اس کا پسندیدہ مشغلہ ہے۔
when	جب	I shall call you when I get there. جب میں وہاں پہنچوں گا تو آپ کو فون کروں گا۔
after	بعد میں	I shall call you after I get there. وہاں پہنچنے کے بعد میں آپ کو فون کروں گا۔

F. Identify and write these clauses in the relevant columns of the table.

ان کلازز کی شناخت کریں اور انہیں ٹیبل کے متعلقہ کالم میں تحریر کریں۔

1. Asif plays hockey as he enjoys it. آصف ہاکی کھیلتا ہے کیونکہ وہ اس سے لطف اندوز ہوتا ہے۔

2. Shazia could not catch the bus because she was late. شازیہ بس میں سوار نہ ہو سکی کیونکہ اسے دیر ہو گئی تھی۔

3. Ali could not finish his test of Mathematics on time although he knew all the answers.
علی بروقت اپنا ریاضی کا ٹیسٹ مکمل نہ کر سکا اگرچہ اسے تمام جوابات آتے تھے۔

4. Arifa quickly ate her lunch as she was very hungry.
عارفہ تیزی سے دوپہر کا کھانا کھانے لگی کیونکہ اسے بہت بھوک لگی ہوئی تھی۔

5. Harris is back from work so he must take rest. حارث کام سے واپس آیا ہے، اس لیے اسے آرام ضرور کرنا چاہیے۔

6. You must work hard if you want to succeed in life.
اگر تم زندگی میں کامیاب ہونا چاہتے ہو تو تمہیں ضرور محنت کرنی چاہیے۔

No.	Independent Clauses	Dependent Clauses
1.	Asif plays hockey	as he enjoys it.
2.	Shazia could not catch the bus	because she was late.
3.	Ali could not finish his test of mathematics on time	although he knew all the answers.
4.	Arifa quickly ate her lunch	as she was very hungry.
5.	Harris is back from work	so he must take rest.
6.	You must work hard	if you want to succeed in life.

For the Teacher: معلم کے لیے

- Explain to students that adjective clauses and adverb clauses are always dependent clauses.
  طلبا کو واضح کریں کہ اسم صفت کی کلازز اور ایڈورب کلازز ہمیشہ انحصار کرنے والی (ڈی پینڈینٹ) کلازز ہوتی ہیں۔

G. Read the following sentences and tick the right adverbial clause given in brackets.

درج ذیل جملے پڑھیں اور بریکٹوں میں دی گئی ایڈورب سے متعلقہ درست کلازز پر نشان لگائیں۔

1. The train left the station <u>as Asad arrived</u>. (adverbial clause of place, adverbial clause of time)
2. You can put it <u>wherever you like</u>. (adverbial clause of place, adverbial clause of reason)
3. <u>After the thief had stolen money</u>, he left home quickly. (adverbial clause of time, adverbial clause of manner)
4. He was very pleased <u>that you have passed</u>. (adverbial clause of place, adverbial clause of reason)
5. He failed <u>because he had not worked hard</u>. (adverbial clause of reason, adverbial clause of place)

Ans. 1. The train left the station <u>as Asad arrived</u>. (adverbial clause of time✓)

جب اسد پہنچا تو ٹرین اسٹیشن سے روانہ ہوئی۔

2. You can put it <u>wherever you like</u>. (adverbial clause of place✓)

آپ جہاں کہیں پسند کریں اسے رکھ سکتے ہیں۔

3. <u>After the thief had stolen money</u>, he left home quickly. (adverbial clause of manner✓)

رقم چرانے کے بعد چور تیزی سے گھر سے نکل گیا۔

4. He was very pleased <u>that you have passed</u>. (adverbial clause of reason✓)

وہ بہت خوش تھا کہ آپ کامیاب ہو گئے ہیں۔

5. He failed <u>because he had not worked hard</u>. (adverbial clause of reason✓)

وہ ناکام ہو گیا کیونکہ اس نے محنت نہیں کی تھی۔

Use of comma to separate a dependent clause from the main clause.

مین کلاز سے ڈی پینڈ ینٹ کلاز کو جدا کرنے کے لیے کوما کا استعمال

a. In a sentence which has an independent and a dependent clause, a comma is used to separate the two, if the sentence starts with the dependent clause.

ایسا جملہ جس میں انڈی پینڈ ینٹ اور ڈی پینڈ ینٹ کلاز دونوں استعمال ہوں اور جملہ ڈی پینڈ ینٹ کلاز سے شروع ہو تو

b. The dependent clause usually starts with any of these subordinating conjunctions:

ڈی پینڈ ینٹ کلاز عام طور پر ان میں سے کسی ایک سب آرڈی نیٹنگ حرف عطف سے شروع ہوتی ہے:

while (جب کہ), as (کیونکہ), although (اگرچہ), because (کیونکہ), since (چونکہ), if (اگر), after (بعد), before (پہلے), until (تک)

c. If the same sentence starts with an independent clause, no comma is required.

اگر وہی جملہ انڈی پینڈ ینٹ کلاز سے شروع ہو تو کوما لگانے کی ضرورت نہیں۔

Examples: مثالیں

a. While I was eating, the doorbell rang. جب میں کھا رہا تھا دروازے کی گھنٹی بجی۔

The doorbell rang while I was eating. دروازے کی گھنٹی بجی جبکہ میں کھا رہا تھا۔

b. Because her alarm clock had been broken, she was late for class.

کیونکہ اس کا الارم کلاک ٹوٹ گیا تھا اسے جماعت سے دیر ہو گئی۔

She was late for class because her alarm clock had been broken.

اسے جماعت سے دیر ہو گئی کیونکہ اس کا الارم کلاک ٹوٹ گیا تھا۔

c. If you are sick, you must see a doctor. اگر آپ بیمار ہیں تو آپ کو کسی ڈاکٹر سے ضرور ملنا چاہیے۔

You must see a doctor if you are sick. آپ کو کسی ڈاکٹر سے ضرور ملنا چاہیے اگر آپ بیمار ہیں۔

d. When the rain stops, we will clean the driveway. جب بارش رکے گی تو ہم گاڑی کا راستہ صاف کریں گے۔

We will clean the driveway when the rain stops. جب بارش رکے گی تو ہم گاڑی کا راستہ صاف کریں گے۔

H. Mark the sentences as correct or incorrect. Put a comma to make the sentence correct. درست یا غلط جملے کی نشاندہی کریں۔ جملے کو درست کرنے کے لیے کوما لگائیں۔

1. Because Aliya had missed her school bus she was late for school. (Incorrect)
2. After Kalim comes home he will take you to the book shop. (Incorrect)
3. The class will have the swimming lesson if the instructor comes tomorrow. (Correct)
4. When it rains I'll bring an umbrella to school. (Incorrect)
5. Although Mr. Asif was sick, he went to work. (Correct)

Ans.

1. Because Aliya had missed her school bus, she was late for school.

چونکہ عالیہ سکول کی بس پر سوار ہو گئی اسے سکول سے دیر ہو گئی۔

2. After Kalim comes home, he will take you to the book shop.

کلیم کے گھر آنے کے بعد وہ آپ کو بک شاپ لے جائے گا۔

3. The class will have the swimming lesson if the instructor comes tomorrow.

اگر انسٹرکٹر کل آیا تو کلاس کو تیراکی کا سبق ملے گا۔

4. When it rains, I'll bring an umbrella to school. جب بارش ہوئی میں سکول ایک چھتری لے کر آؤں گی۔

5. Although Mr. Asif was sick, he went to work. اگرچہ مسٹر آصف بیمار تھا وہ کام پر چلا گیا۔

Writing Skills: تحریری مہارتیں

A. Write a paragraph on "The Effects of Land Pollution on Human Health".

"انسانی صحت پر زمینی آلودگی کے اثرات" کے موضوع پر ایک مضمون تحریر کریں۔

Ans. Agriculture, mining and human garbage cause land pollution. Pesticide and industrial chemical run off cause soil contamination. This land pollution affects human health badly. The thousands of different pollutants cause disorder, eye infection, damage of nervous system and anemia. A large number of babies are born with very serious disabilities. It can ruin people's livelihoods. Pollution can render land barren and useless. The land is polluted with chemical pollutants. These chemicals may cause skin problems, birth effects and cancer etc. Domestic trash and other solid wastes are thrown into the streets or are dumped at open places. These sides serve as breeding and feeding places for rats, flies, worms and germs which spread diseases. Particularly, children become victims to these diseases. Human life is badly affected by the insecticides and other chemicals. When these chemicals get into the human body, they cause diseases. They are not only harmful for human health but are injurious to plants as well.

زراعت، کان کنی اور انسانی کوڑا کرکٹ زمینی آلودگی کی وجہ بنتے ہیں۔ زرعی ادویات اور صنعتوں سے نکلنے والے کیمیکل مٹی کی آلودگی کا باعث بنتے ہیں۔ یہ زمینی آلودگی انسانی صحت کو بری طرح متاثر کرتی ہے۔ آلودگی پھیلانے والے ہزاروں عناصر، بدنظمی، آنکھوں کی بیماریاں، اعصابی نظام کی خرابی اور خون کی کمی کی وجہ بنتے ہیں۔ بہت بڑی تعداد میں بچے شدید معذوریوں کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔ یہ لوگوں کی روزی کو بھی ختم کر سکتی ہے۔ آلودگی زمین کو بنجر اور بے کار بنا سکتی ہے۔ زمین کیمیکل پالیوٹنٹس کے ساتھ آلودہ ہو جاتی ہے۔ یہ کیمیکلز جلدی امراض، پیدائشی اثرات اور کینسر وغیرہ کی وجہ بن سکتی ہے۔ گھریلو کوڑا کرکٹ یا دوسرے ٹھوس فاضل مادے گلیوں میں پھینک دیئے جاتے ہیں یا کھلی جگہوں پر ڈھیر لگا دیئے جاتے ہیں۔ یہ چوہوں، مکھیوں، کیڑوں اور جراثیموں کی تولید اور خوراک کی جگہیں ہیں جو کہ بیماریاں پھیلاتے ہیں۔ خاص طور پر بچے ان بیماریوں کا شکار ہوتے ہیں۔ انسانی زندگی کیڑے مار ادویات اور دوسرے کیمیکلز کی وجہ سے بری طرح متاثر ہوتی ہے۔ جب یہ کیمیکلز انسانی جسم میں داخل ہوتے ہیں تو وہ بیماریوں کا باعث بنتے ہیں۔ وہ نہ صرف انسانی صحت کے لیے بلکہ پودوں کے لیے بھی نقصان دہ ہیں۔

B. Write an application to the principal of your school for arranging separate bins for dry waste (plastic, glass, paper).

خشک کوڑا کرکٹ (پلاسٹک، شیشہ، کاغذ) الگ الگ کوڑا دانوں میں ڈالنے کا انتظام کرنے کے لیے اپنے سکول کے پرنسپل کو درخواست تحریر کریں۔

Ans. Application to the principal.

The Principal,
Government Central Model School,
Lahore.

Sir,

With due respect, I beg to state that the collection system of wastes in our school is not up to the mark.

Wastes are thrown into the plots. Plastic, glass and paper are seen everywhere. I request you to arrange separate bins for these dry wastes. So that we may control the pollution.

I shall be very thankful to you.

Yours obediently,
Arshad Mahmood,
Roll No. 57
Class IX,
October 15, 20___

بڑے احترام سے میں عرض کرتا ہوں کہ ہمارے سکول میں فاضل مادے کو اکٹھا کرنے کا نظام معیار کے مطابق نہیں ہے۔
فاضل مادے پلاٹوں میں پھینک دیے جاتے ہیں۔ پلاسٹک، شیشہ اور کاغذ ہر طرف دکھائی دیتے ہیں۔ میری گزارش ہے کہ اس خشک کوڑا کرکٹ کے لیے علیحدہ ڈبوں کا انتظام کیا جائے تاکہ آلودگی پر قابو پایا جا سکے۔
میں آپ کا بہت شکر گزار ہوں گا۔

C. Write a letter to the Executive Officer of Environmental Protection Agency in your city, informing him about the irregular collection of solid waste in your area.

اپنے شہر کے ایگزیکٹو آفیسر ماحولیاتی تحفظ کو اپنے علاقہ میں کوڑا کرکٹ اکٹھا کرنے کے سلسلہ میں بے قاعدگی کے بارے میں اطلاع کرتے ہوئے ایک خط تحریر کریں۔

Ans. Letter to Executive Officer

Examination Hall,
City A.B.C.
5th July, 20___

The Executive Officer,
Punjab Environmental Protection Agency,
Lahore.

Irregular collection of solid waste.

Sir,

I want to draw your attention to a very serious issue in our locality. The collection of solid waste materials in our area is irregular. Domestic trash and other solid wastes are thrown into the streets or are dumped at open places. The municipal committee does not collect these wastes regularly. These places are becoming breeding and feeding places for rats, flies, worms and germs which spread diseases.

I request you to make appropriate arrangements for regular collection of solid wastes.

Yours faithfully.

میں آپ کی توجہ اپنے علاقے کے ایک اہم مسئلے کی طرف دلانا چاہتا ہوں۔ ہمارے علاقے میں سے فاضل مادوں کو جمع کرنے کا نظام بے قاعدہ ہے۔ گھریلو کوڑا کرکٹ اور دوسرے ٹھوس فاضل مادے گلیوں میں پھینک دیے جاتے ہیں یا کھلی جگہوں پر ڈھیر لگا دیے جاتے ہیں۔ میونسپل کمیٹی ان فاضل مادوں کو باقاعدگی سے اکٹھا نہیں کرتی۔ یہ جگہیں چوہوں، مکھیوں، کیڑوں اور جراثیموں کے لیے تولید اور خوراک کی جگہیں بنتی ہیں جو کہ بیماریاں پھیلاتے ہیں۔
آپ سے درخواست ہے کہ ان ٹھوس مادوں کو باقاعدگی سے اکٹھا کرنے کے لیے مناسب انتظام کیے جائیں۔

For the Teacher: معلم کے لیے:

- Tell the students that dry waste i.e. used papers, juice boxes and bottles can be recycled. Such material should be disposed of in the respective bins.
  سٹوڈنٹس کو بتائیں کہ خشک کوڑا کرکٹ، جیسا کہ استعمال شدہ کاغذات، جوس کے ڈبے اور بوتلیں دوبارہ قابل استعمال بنائے جا سکتے ہیں۔ ایسا میٹریل ان سے متعلقہ کوڑا دانوں میں ڈالنا چاہیے۔
- Arrange students' visit to a Recycling Plant. کسی ری سائیکلنگ پلانٹ میں سٹوڈنٹس کے دورے کا بندوبست کریں۔

Sample Letter

Examination Hall
City A. B. C
April 20, 2017

The Chairman
Punjab Curriculum & Textbook Board
Lahore.

Shortage of Textbooks

Dear/Sir/Madam

We are students of 9th class.We are confronted with the problem of the paucity of textbooks in the area. This state of affairs is causing a great loss to our studies.
We want to draw your attention to this grave issue and hope for an instant favour Kindly ensure availability of the textbooks in the area at the earliest.
Hope for a favourable response.

Sincerely,

____
Students of all the sections of 9th class

Oral Communication Skills: زبانی بول چال کی مہارتیں:

Expressions of Advice مشورہ دینے، نصیحت کرنے کے لیے استعمال ہونے والے الفاظ

I think you should - - -	میرا خیال ہے آپ کو چاہیے - - -
I don't think you should - - -	میرا خیال نہیں ہے کہ آپ کو چاہیے - - -
You ought to - - -	آپ کا اخلاقی فرض ہے کہ - - -
You ought not to - - -	اخلاقی طور پر آپ کو نہیں - - -
If I were you - - -	اگر میں آپ کی جگہ پر ہوتا - - -
If I were in your place - - -	اگر میں آپ کی جگہ پر ہوتا - - -
If I were in your position - - -	اگر میں آپ کی جگہ پر ہوتا - - -
I suggest that you - - -	میرا مشورہ ہے کہ آپ - - -

For the Teacher: معلم کے لیے:

Guide students to write a formal letter following the given flow chart and sample.
دیے گئے فلو چارٹ اور نمونہ کے خط کی مدد سے رسمی خط لکھنے میں سٹوڈنٹس کی رہنمائی کریں۔

- Help them write and revise the pattern of formal letters and applications in extended social and academic environment. انہیں غیر معمولی سماجی اور تعلیمی ماحول میں رسمی خطوط اور درخواستوں کے نمونوں کو لکھنے اور دہرانے میں مدد دیں۔
- Guide them to write the address on the envelope clearly and in proper format.
لفافے پر واضح طور پر اور مناسب ترتیب سے پتا تحریر کرنے میں انہیں رہنمائی مہیا کریں۔

Additional Exercises

Objective Type Questions Taken From Previous Papers of Lahore, Gujranwala, Faisalabad, Multan, Sahiwal, Sargodha, Rawalpindi, D.G. Khan and Bahawalpur Boards.

☆ **Answer the following questions.**

1. **What should government do to bring down the noise level?** (FBD. GII)

Ans. The government must gear up and utilize various means to control unwarranted noise level.

2. **How is use of technology causing noise pollution?** (SGD. GI, MLN. GII)

Ans. Unmonitored use of technology such as mobile phones, electricity generators etc. is causing noise pollution.

3. **How can we cope with noise pollution issue?** (MLN. GII)

Ans. Every citizen should try to strictly follow the recommendations of Punjab Environment Protection Agency about control of noise pollution. This would help controlling this problem very much.

4. **How does noise pollution cause environmental damage?** (SGD. GII)

Ans. Use of technology is one of the many causes of noise pollution. For example, unchecked use of mobile phones, electricity generators, music systems and TV all these become troublesome after sometime. People do not put off their mobiles or keep them on silent system when they enter offices, hospitals, schools and colleges.

5. **How do you define noise pollution?** (FBD. GI, & GII, LHR. GI, & GII, FBD. GI, DGK. GI, & GII, GRW. GII, FBD. GI, GRW. GII, SGD. GII, DGK. GI. & GII)

Ans. Any form of noise that disrupts the normal functioning of life is called noise pollution.

6. **Why is noise dangerous for human health?** (GRW. GI, SWL. GII, FBD. GII, MLN. GII, RWP. GII)

Ans. Noise pollution can cause problems like, aggression, hypertension, hearing loss, restlessness, depression and insomnia etc.

7. **How is transport a source of noise pollution?** (FBD. GII, BWP. GI, RWP. GI, BWP. GII, SWL. GII, DGK. GII)

Ans. Noise coming from vehicles, airplanes, trains and ships causes noise pollution.

8. **What is normal functioning and how is it disrupted?** (LHR. GII, BWP. GI, & GII, RWP. GII)

Ans. Normal functioning means to live with calm and peace and it is disrupted by the noise pollution.

9. **How is construction work a cause of Noise Pollution?** (GRW. GII, BWP. GI)

Ans. The transport and equipments used at construction sites, its drilling and piercing sound is a big source of noise pollution.

10. **How is transport a source of noise pollution?** (LHR. GI, DGK. GI)

Ans. Noise coming from vehicles, airplanes, trains and ships cause noise pollution.

11. **What harmful effects noise pollution is causing on human health?** (GRW. GI, SWL. GII, RWP. GII)

Ans. It can cause aggression, hypertension, high stress levels, hearing loss, restlessness,

depression and insomnia. Insomnia can further lead to anxiety, bad temper and emotional stress. In addition, noise pollution can seriously affect the learners. This gives them unnecessary mental and physical tension.

☆ Use of words / phrases / idioms into sentences.

1. **dangerous:** The most dangerous form of drug addiction is the absolute dependence on it. **(LHR. GI)**
2. **damage:** The rain caused damage to wheat crops. **(RWP. GII, BWP. GII)**
3. **acquire:** Saad has acquired a good knowledge of English. **(LHR. GII)**
4. **develop:** We must develop more awareness about the dangerous impact of noise on human health. **(BWP. GII)**
5. **pollution:** Pollution is a world-wide problem. **(LHR. GII, RWP. GII)**

☆ Choose the word with correct spellings.

1.	(A) Careless	(B) Careles	(C) Caerless	(D) Kareless	(FBD. GII)
2.	(A) Iritant	(B) Irritant	(C) Irretant	(D) Irritent	(MLN. GI, SGD. GII)
3.	(A) decibels	(B) decibles	(C) dicebels	(D) decebels	(SWL. GI)
4.	(A) civecc	(B) cevic	(C) civic	(D) ceivic	(SGD. GII)
5.	(A) Environment	(B) Enviranment	(C) Anvironment	(D) Environmant	(BWP. GI, LHR. GI, MLN. GII)
6.	(A) Ensure	(B) Innsure	(C) Ensare	(D) Ensoar	(LHR. GII)
7.	(A) immanse	(B) immense	(C) immence	(D) immancc	(SWL. GI)
8.	(A) Distract	(B) Destract	(C) Destrect	(D) Distrect	(SGD. GI)
9.	(A) Technalogy	(B) Technulogy	(C) Technology	(D) Teknology	(MLN. GI)
10.	(A) Excessivly	(B) Excessivily	(C) Excsively	(D) Excessively	(BWP. GI)

Ans: 1. Careless 2. Irritant 3. decibels 4. civic 5. Environment 6. Ensure 7. immense 8. Distract 9. Technology 10. Excessively

☆ Choose the correct meaning of the underlined word.

1. **It is a big 'source' of discomfort.** **(SWL. GI)**
   (A) pill (B) pain (C) time (D) means
2. **People must develop more awareness about noise pollution.** **(LHR. GII, DGK. GI)**
   (A) rationalism (B) knowledge (C) realization (D) reality
3. **Immense means.** **(SGD. GII, RWP. GI, DGK. GII, RWP. GII, MLN. GI)**
   (A) Many (B) Few (C) Different (D) Huge
4. **Noise emitting vehicles:** **(LHR. GI)**
   (A) giving (B) taking (C) reaction (D) controlling
5. **The word expedite means:** **(LHR. GI)**
   (A) slow (D) dull (C) fast (D) improve

Ans: 1. means 2. realization 3. Huge 4. giving 5. fast

THREE DAYS TO SEE

دیکھنے کے لیے تین دن

Learning Outcomes: — تعلیمی مقاصد:

By the end of this unit students will: — اس یونٹ کے اختتام پر طلبا:

- skim and scan the text — متن کا سرسری جائزہ اور بغور مطالعہ کر سکیں۔
- know about the role models depicting professionalism
  ایسے مثالی کرداروں کے بارے میں جان سکیں جو پیشہ ورانہ اوصاف کا عملی نمونہ ہیں۔
- use of conditional sentences — شرطیہ جملے استعمال کر سکیں۔
- analyze a narrative and bring out the central theme — کہانی کا تجزیہ کر سکیں اور مرکزی خیال جان سکیں۔
- identify and differentiate simple, compound and complex sentences
  سادہ، مرکب اور پیچیدہ جملے پہچان سکیں اور ان میں فرق جان سکیں۔
- recapitulate transitional devices — ربط اور تعلق قائم کرنے والے الفاظ کا از سر نو جائزہ لے سکیں۔

Pre-reading. — قبل از مطالعہ سرگرمی

- **What does the title suggest?** — عنوان دیکھ کر ذہن میں کیا آتا ہے؟

Ans. The title suggests that this is the story of a person who has a wish to get eyesight to see this world even for three days. only.

عنوان سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ کسی ایسے انسان کی کہانی ہے جو خواہش رکھتا ہے کہ اس دنیا کو دیکھنے کے لیے اسے صرف تین دن کے لیے ہی بینائی مل جائے۔

- **Have you ever heard about Helen Keller?**

کیا آپ نے کبھی ہیلن کیلر کے بارے میں سنا ہے؟

Ans. No, I have never heard about Helen Keller.

نہیں میں نے ہیلن کیلر کے بارے میں کبھی نہیں سنا ہے۔

- **Do you know any person who is deprived of sight? Share your information.**

کیا آپ کسی ایسے شخص کو جانتے ہیں جو بصارت سے محروم ہے؟ اپنی معلومات سے آگاہ کریں۔

Ans. I know a blind man in my street. He can't even walk without help.

میں اپنی گلی میں ایک نابینا آدمی کو جانتا ہوں۔ وہ مدد کے بغیر چل بھی نہیں سکتا۔

Helen Keller (1880-1968) after an illness was left blind and deaf (بہری) at the age of 19 months. Keller wrote 'The World I Live In' in 1908 giving readers an insight (بصیرت) into how she felt about the world.

ہیلن کیلر (1880ء، 1968ء) ایک بیماری کے بعد 19 ماہ کی عمر میں اندھی اور بہری ہوگئی تھی۔ کیلر نے 1908ء میں The World I Live In تحریر کی جس میں اس نے قارئین کو تصور دیا کہ وہ دنیا کے بارے میں کیا محسوس کرتی ہے۔

Paragraph No.1

❶ Sometimes (بعض اوقات), I have thought that it would be an excellent rule to live each day as if we die tomorrow. Such an attitude (رویہ) would emphasize sharply the values of life. We should live each day with gentleness (نرمی), vigour, and a keenness (شوق) of appreciation which is often lost when time stretches before us in the constant panorama (منظر) of more days and months and years to come. There are those, of course, who would adopt (منتخب کرنا) the epicurean motto (مقولہ) of "eat, drink, and be merry" (کھاؤ، پیو اور موج اڑاؤ) but most people would be chastened (سنورنا) by the certainty (یقین) of impending death.

بعض اوقات میں سوچتی ہوں کہ یہ ایک شاندار اصول ہوگا کہ ہر دن اس طرح گزارا جائے جیسے ہم نے کل مرجانا ہے۔ اس طرح کے رویہ سے زندگی کی اقدار کو بہت اہمیت ملے گی۔ ہمیں ہر دن نرم خوئی، جوش و جذبہ اور صلہ ستائش کے ذوق و شوق میں گزارنا چاہیے جو اکثر اس وقت کھو جاتا ہے جب ہمارے سامنے آنے والے ایام، مہینوں اور سالوں کی صورت میں وقت کا مستقل تصور قائم ہو جاتا ہے۔ یقیناً ایسے لوگ بھی ہیں جو عیش پسندی کے مقولے "کھاؤ، پیو اور موج اڑاؤ" کو اپنائیں گے لیکن زیادہ تر لوگ سر پر کھڑی موت کے یقین سے سنور جائیں گے۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
excellent *(adj.)*	ایکسی لینٹ	outstanding, brilliant	اعلیٰ، شاندار
emphasize *(v.)*	ایمفے سائز	highlight, underline	زور دینا
sharply *(adv.)*	شارپ لی	keenly, quickly	تیزی سے
vigour *(n.)*	وِگر	energy, vitality	طاقت، جوش و جذبہ
appreciation *(n.)*	اپری سی ایشن	admiration, gratitude	تعریف
stretch *(v.)*	سٹریچ	extend, spread	پھیلانا
epicurean *(n.)*	ایپی کیوریئن	a person devoted to sensual enjoyment, especially that derived from fine food and drink	عیش پسندی پر مبنی
impending *(adj.)*	امپینڈنگ	approaching, forthcoming	سر پر کھڑی

Simple English: Some times I have an idea that it would be a good way to live each day of life an if one has to die the next day. This method of living life would highlight the values of life. We should live each day with kindness, devotion, and keenness of appreciation which quality is often ignored when time stretches before in the shape of more days and months and years to come. There are certain people who believe in merry-making phrase of eat drink and be merry but most of people would reform themselves by the certainty of forthcoming death.

How can you relate the underlined phrase with this paragraph?

آپ خط کشیدہ مقولے کا اس پیراگراف کے ساتھ کس طرح تعلق قائم کر سکتے ہیں؟

The underlined phrase "eat, drink, and be merry" means to live each moment in happiness and merry-making This phrase has no relation with the paragraph because Helen Keller was a very sensitive lady. No doubt we should live with vigour and keenness but we should be moderate as well.

خط کشیدہ مقولے "کھاؤ، پیو اور موج اڑاؤ" کا مطلب ہے، ہر لمحہ عیش و عشرت میں گزارنا۔ اس مقولے کا پیراگراف سے کوئی تعلق نہیں کیونکہ ہیلن کیلر ایک بہت حساس خاتون تھیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمیں جوش اور شوق سے رہنا چاہیے لیکن ہمیں معتدل پسند بھی ہونا چاہیے۔

Paragraph No.2

❷ In stories, the doomed hero is usually saved (بچانا) at the last minute by some stroke (ضرب) of fortune (تقدیر), but almost (تقریباً) always his sense of values is changed. He becomes (بنتا) more appreciative of the meaning of life and its permanent spiritual (روحانی)values. It has often been noted that those who live, or have lived, in the shadow (سایہ) of death bring a mellow sweetness to everything they do.

کہانیوں میں تباہی کے کنارے پر کھڑا ہیرو آخری لمحے پر خوش قسمتی کی وجہ سے بچ جاتا ہے، لیکن تقریباً ہمیشہ اس کا احساسِ اقدار تبدیل ہو جاتا ہے۔ وہ زندگی کے معنوں اور اس کی مستقل روحانی اقدار کا زیادہ قدر دان ہو جاتا ہے۔ یہ اکثر دیکھا گیا ہے کہ وہ جو موت کے سایہ تلے رہتے ہیں یا رہ چکے ہیں وہ اپنے ہر کام میں ایک خوشگوار خوبصورتی لے آتے ہیں۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
doomed *(v.)*	ڈومڈ	condemned, ill-fated	تباہی کا شکار
appreciative *(adj.)*	اپریشی ایٹو	requires admiration, recognition	تعریفی/معترف
fortune *(n)*	فارچون	fate, luck	تقدیر/قسمت
values *(n)*	ویلیوز	work, ethics	اقدار
permanent *(adj.)*	پرمانینٹ	lasting, long-term	مستقل
spiritual *(adj.)*	سپرچوئل	non-material, religious	روحانی
note *(v.)*	نوٹ	notice, see	مشاہدہ کرنا
shadow *(n.)*	شیڈو	shade, shape	سایہ
mellow *(adj.)*	میلو	soft, smooth	مدھم
sweetness *(n.)*	سویٹ نس	the quality of being sweet	چاشنی/مٹھاس

Simple English: In stories, the hopeless hero is saved at the last-moment by a stroke of fortune, but now his sense of values is changed. He understands more clearly the meaning of life and its permanent - spiritual values. It has mostly been seen that those who live or have lived under the shade of death bring a pleasantly smooth sweetness to everything they do.

Paragraph No.3

❸ Perhaps (شاید) I can best illustrate (وضاحت کرنا) by imagining what I should most like to see if I were given the use of my eyes, say for just three days.

فرض کریں اگر مجھے صرف تین دنوں کے لیے اپنی آنکھوں کے استعمال کی اجازت دی جائے تو شاید میں بہترین طور پر یہ تصور کرتے ہوئے وضاحت کر سکوں گی کہ میں سب سے زیادہ کیا دیکھنا پسند کروں گی۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
perhaps *(adv.)*	پرہیپس	may be, possibility	شاید
illustrate *(v.)*	السٹریٹ	demonstrate, explain	وضاحت کرنا
imagining *(v.)*	امیجنگ	creativity, vision	تصور کرنا
say *(v.)*	سے	suppose, estimate	فرض کرنا، کہنا

Simple English: Perhaps I can describe very clearly by imagining that what I would like to see if I am given only for three days the use of eyes.

Paragraph No.4

❹ On the first day (پہلے دن), I should want most to see the people whose kindness, gentleness and companionship have made my life worth living (جینے کے قابل).

پہلے دن میں ان لوگوں کو زیادہ دیکھنا چاہوں گی جن کی رحمدلی، شرافت اور دوستی نے میری زندگی کو جینے کے قابل بنایا ہے۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
kindness (n.)	کائنڈنس	goodwill, good behaviour	رحمدلی مہربانی
gentleness (n.)	جینٹل نس	kindness, tenderness	شرافت
companionship (n.)	کمپینین شپ	friendship, ally	دوستی
worth (adj.)	ورتھ	sufficiently good, important or interesting to justify specific action	قابل، قدر و قیمت

Simple English: The first day I would like to meet those people who have made my life worth living by their kindness, gentleness and companionship.

Paragraph No.5

❺ The next day (اگلے دن) - the second day of sight - I should arise with the dawn (صبح صادق) and see the thrilling (پرجوش) miracle by which night is transformed into day. I should behold with awe (خوف) the magnificent panorama (منظر) of life with which the sun awakens the sleeping earth.

اگلے روز۔ بصارت کے دوسرے دن ۔ مجھے طلوع صبح کے ساتھ جاگنا چاہیے اور وہ پرجوش معجزہ دیکھنا چاہیے جو کہ رات کو دن میں تبدیل کر دیتا ہے۔ مجھے زندگی کا وہ شاندار منظر جس سے سورج سوئی ہوئی زمین کو جگاتا ہے خوف کے احساس کے ساتھ دیکھنا چاہیے۔

Words	تلفظ	Synonyms	معانی
arise (v.)	ارائز	get up, wake up	جاگنا
transform (v.)	ٹرانسفارم	change, alter	تبدیل ہونا
miracle (n.)	میریکل	wonder, amazing	معجزہ
behold (v.)	بی ہولڈ	see or observe	دیکھنا
magnificent (adj.)	میگنی فیسنٹ	splendid, glorious	شاندار
awaken (v.)	آویکن	stimulate, arouse	جگانا

Simple English: On the second day of my obtaining sight I should awake up with the dawn and see the grand miracle through which the night changes into day. I should watch this wonderful scene of life with surprise when the sun awakes the sleeping earth.

Why is the arising of the sun so special for the author? سورج کا طلوع ہونا مصنف کے لیے خاص کیوں ہے؟

Ans. Arising of the sun is so special for the author because it gives a new hope to dejected fellows.

طلوع صبح مصنف کے لیے بہت اہمیت کی حامل ہے کیونکہ یہ رنجیدہ لوگوں کو نئی امید فراہم کرتی ہے۔

For the Teacher: استاد کے لیے

- While-reading activity may be conducted (منعقد کرنا) to interact with the text. More while-reading questions may be asked.
  پڑھتے ہوئے متن کے ساتھ رابطہ قائم کرنے کے لیے سرگرمی منعقد کی جا سکتی ہے۔ مزید یہ کہ دوران مطالعہ سوالات پوچھے جا سکتے ہیں۔
- Help students analyze the chronological (تاریخی) order of arranging paragraphs 4 to 8.
  طلبہ کی پیراگراف 4 تا 8 کو تاریخ وار ترتیب دینے میں مدد کریں۔

APPLICATIONS (درخواستیں)

There is found minor difference in the subject matter and formation of letter and application. Application is, indeed, a kind of letter. In application, writer's address is written at the bottom of the left hand corner. Date is also written at the bottom of the left hand corner.
خط اور درخواست میں نفسِ مضمون اور بناوٹ کا معمولی سا فرق ہوتا ہے۔ درخواست دراصل خط کی ہی ایک قسم ہے۔ درخواست میں لکھنے والے کا ایڈریس نیچے بائیں جانب کونے میں لکھا جاتا ہے۔ تاریخ بھی نیچے بائیں جانب کونے میں لکھی جاتی ہے۔

SKETCH OF AN APPLICATION

The Headmaster,
Government High School,
Faisalabad.
Dear Sir/Madam,
Most respectfully I beg to state that ____________________
____
__________ (BODY OF THE APPLICATION) __________
____
Thanking You.
Yours Obediently,
X.Y.Z.
Class -IX,
May 25, 20___.

(i) Application for sick leave (درخواست رخصت بوجہ بیماری)

Easy

The Principal,
Government C.H.M. High School,
Faisalabad.
Sir,

With due respect, It is stated that I have been suffering from high fever since last night. Though, I am taking medicine, yet the doctor has advised me to take complete bed rest for three days. Kindly grant (عنایت کرنا) me leave for three days. I shall be very thankful (شکرگزار) to you.
مؤدبانہ گزارش ہے کہ میں کل رات سے شدید بخار میں مبتلا ہوں۔ اگرچہ میں دوا لے رہا ہوں مگر ڈاکٹر صاحب نے مجھے تین روز مکمل آرام کی ہدایت کی ہے۔ براہِ مہربانی مجھے تین دن کی رخصت عنایت فرمائیں۔ میں آپ کا بہت ممنون ہوں گا۔

Yours obediently,
X.Y.Z.
Class -IX,
2nd May, 20---.

Standard

The Principal,
Government C.H.M. High School,
Faisalabad.
Sir,

Most respectfully, it is stated that I have been suffering (مبتلا) from high fever since last evening (کل شام سے). I have taken medicine from my family doctor. The doctor has advised me to take complete bed rest for three days. Thus, I am unable to attend the school in this condition. Kindly grant (عنایت فرمائیں) me leave for three days. I would surely (یقیناً) be obliged (احسان مند) for this grant of leave. A copy of doctor's prescription has been attached (منسلک کردہ) to the application.

نہایت ادب کے ساتھ گزارش ہے کہ میں کل شام سے شدید بخار میں مبتلا ہوں۔ میں نے اپنے فیملی ڈاکٹر سے دوائی لی ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے مجھے تین دن مکمل آرام کرنے کا مشورہ دیا ہے۔ چنانچہ میں ایسی صورت میں سکول میں حاضری کے قابل نہیں ہوں۔ براہ مہربانی مجھے تین یوم کی رخصت عنایت فرمائیں۔ رخصت کی اس عنایت پر میں یقیناً آپ کا ممنون ہوں گا۔ ڈاکٹری نسخے کی نقل درخواست کے ساتھ منسلک کر دی گئی ہے۔

Yours obediently,
X.Y.Z.
Class -IX,
2nd. May, 20---.

(ii) Application for the grant of fee concession / stipend
(فیس معافی / وظیفہ کے لیے درخواست)

Easy

The Principal,
Government I.T. Model High School,
Lahore.
Sir,

Respectfully (ادب سے), it is stated that I belong to a very poor family as my father is a poor watchman and cannot pay my school fee. So, I request you to oblige me by giving full fee concession (رعایت) along with monthly stipend of Rs. 300.00.

Thanking you in anticipation.

مودبانہ گزارش ہے کہ میں ایک بہت ہی غریب گھرانے سے تعلق رکھتا ہوں چونکہ میرے والد ایک غریب چوکیدار ہیں اور وہ میری سکول کی فیس ادا نہیں کر سکتے۔ لہٰذا میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ براہ مہربانی مجھے مکمل فیس معافی کے ساتھ ماہوار 3 سو روپے وظیفہ عنایت کرتے ہوئے ممنون کیجیے۔
پیشگی آپ کا شکریہ۔

Yours obediently,
X.Y.Z.
Class -IX,
25th. February, 20—.

Standard

The Principal,
Government I.T. Model High School,
Lahore.

Sir,

Most respectfully (ادب سے) it is stated (بیان کرنا) that I belong to en extremely poor family. My father is a watchman (چوکیدار). He gets salary (تنخواہ) of Rs.5000/- per month. He has to support a large family of seven members in his meager income. So (اس لیے) he has to borrow (ادھار لینا پڑتا ہے) money every month. We are living from hand to mouth (بمشکل گزارہ کر رہے). It is very difficult for me to pay my school fee. He has asked me several times to discontinue (منقطع کرنا) my studies. But I don't want to do so. Sir, I am a regular, punctual, hardworking (محنتی) and brilliant (ذہین) student of your school. I have passed examination with credit (نمایاں پوزیشن سے). In the light of these facts (حقائق), I request you kindly grant me full fee concession and grant stipend of Rs.300.00/- per month. I shall be very thankful to you for this favour (اس تعاون پر). The income certificate from my father's employer is attached (لف) for your kind consideration.

نہایت ادب سے بیان کرتا ہوں کہ میں نہایت غریب گھرانے سے تعلق رکھتا ہوں۔ میرے اباجان چوکیدار ہیں۔ وہ ماہانہ پانچ ہزار تنخواہ لیتے ہیں اور اپنی اس قلیل آمدنی میں انہیں سات افراد پر مشتمل بڑے کنبہ کی کفالت کرنا ہوتی ہے۔ اس لیے انہیں ہر مہینے کچھ رقم ادھار لینا پڑتی ہے۔ ہم بمشکل گزارہ کر رہے ہیں۔ میرے لیے سکول فیس ادا کرنا بہت مشکل ہے۔ انہوں نے مجھے کئی بار کہا ہے کہ میں سلسلہ تعلیم منقطع کر دوں۔ مگر میں ایسا نہیں کرنا چاہتا۔ جناب، میں آپ کے سکول کا ایک باقاعدہ، وقت کا پابند، محنتی اور ذہین طالب علم ہوں۔ میں نے امتحانات نمایاں پوزیشن سے پاس کیے ہیں۔ ان حقائق کی روشنی میں میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ مجھے مکمل فیس معاف فرمائی جائے اور تین سو روپے ماہانہ وظیفہ بھی دیا جائے۔ اس تعاون پر میں آپ کا بہت مشکور ہوں گا۔ اباجان کے مالک کی طرف سے آمدنی سرٹیفکیٹ آپ کے ملاحظہ کے لیے درخواست کے ساتھ لف کر دیا ہے۔

Yours obediently,
X.Y.Z.
Class -IX,
25th, February, 20--.

(iii) Application for a character certificate (کریکٹر سرٹیفکیٹ کے لیے درخواست)

Easy

The Headmaster,
Government High School,
Multan.
Sir,

Most respectfully, It is stated that I have been a science student in your school for two years. I have passed Matriculation Examination this year, getting 709 marks. Now I have to get admission in college. I am in need of character certificate for this purpose. Kindly issue me it as soon as possible.

Thanking you in advance.

نہایت ادب سے گزارش ہے کہ میں آپ کے سکول میں دو سالوں سے سائنس گروپ کا طالب علم رہا ہوں۔ اس سال میں نے میٹرک کا امتحان 709 نمبر لیتے ہوئے پاس کر لیا ہے۔ اب مجھے کالج میں داخلہ لینا ہے۔ مجھے اس مقصد کے لیے کریکٹر سرٹیفکیٹ کی ضرورت ہے۔ برائے مہربانی جتنی جلدی ممکن ہو مجھے یہ جاری کر دیجیے۔
آپ کا پیشگی شکریہ۔

Yours obediently,
X.Y.Z.
Class -IX,
9th, May, 20---.

Standard

The Headmaster,
Government High School,
Multan.

Sir,

Most respectfully (نہایت ادب سے) I beg to state that I have been a student in your school for two years. I have passed Matriculation examination in first division this year. I have secured 709 marks in the science group. Sir, I have been a regular (باقاعدہ) and punctual (وقت کا پابند) student with outstanding (غیر معمولی) performance (کارکردگی) in curricular and non-curricular activities. Now I want to join in Government college. I am to submit character certificate along with the admission form.

Kindly issue me the character certificate as soon as possible. I shall be very thankful to you for this favour.

نہایت ادب سے التماس ہے کہ میں دو سال تک آپ کے سکول میں طالب علم رہا ہوں۔ میں نے اس سال میٹرک کا امتحان درجہ اوّل میں پاس کر لیا ہے۔ میں نے سائنس گروپ میں 709 نمبر لیے ہیں۔ میں آپ کے سکول میں نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں میں اعلیٰ کارکردگی دکھانے والا ایک باقاعدہ اور وقت کا پابند طالب علم رہا ہوں۔ اب میں سرکاری کالج میں داخلہ لینا چاہتا ہوں۔ مجھے داخلہ فارم کے ساتھ کریکٹر سرٹیفکیٹ پیش کرنا ہے۔
براہ مہربانی جتنی جلدی ممکن ہو مجھے کریکٹر سرٹیفکیٹ عنایت فرمایا جائے۔ اس عنایت کے لیے میں آپ کا بہت مشکور رہوں گا۔

Yours obediently,
X.Y.Z.
Class -IX,
9th May, 20—.

(iv) Application for an urgent piece of work at home
(گھر پر ضروری کام کی درخواست)

Easy

The Headmaster,
Government Central School,
Lahore.

Sir,

Most respectfully, I beg to state that my father has got injured (زخمی) in a road accident (سڑک پر حادثہ). He has been got admitted in the Civil Hospital. I have to attend (تیمارداری کرنا) him all the time because I haven't any sibling (بہن بھائی). Kindly grant me leave for a week.

I shall be thankful to you.

نہایت ادب سے گزارش کرتا ہوں کہ میرے ابو جان سڑک کے حادثہ میں زخمی ہو گئے ہیں۔ انھیں سول ہسپتال داخل کر دیا گیا ہے۔ مجھے ہی ہر وقت ان کی تیمارداری کرنی ہے کیونکہ میرا کوئی اور بہن بھائی نہیں ہے۔ براہ مہربانی مجھے ایک ہفتہ کی رخصت عنایت فرمائیے۔
میں آپ کا شکر گزار رہوں گا۔

Yours obediently,
X.Y.Z.
Class -IX,
2nd January, 20---.

Standard

The Headmaster,
Government Central School,
Lahore.
Respected Sir,

Most respectfully, it is stated that my father has got badly injured (بری طرح زخمی) in a road accident. It happened (وقوع ہوا) that my father was returning home after his usual (معمول کے مطابق) morning walk (صبح کی سیر), when a milkman coming on his bike from the opposite side (مخالف سمت) could not maintain (برقرار رکھنا) his balance (توازن) and badly (بری طرح) hit my father. My father fell down (نیچے گرنا) and got severe bruises and disjoint in left leg. A crowd (ہجوم) gathered around my father and took him to the Civil Hospital.

Sir, My mom is very upset (پریشان) and cannot attend (تیمارداری) him alone. I am their only (اکلوتا) son, so I have to attend him in hospital all the time. Doctors say that my father will be kept in constant observation (مسلسل نگرانی میں) minimum for a week. Therefore, I request you to grant me leave for a week.

I shall be thankful to you for this favour.

نہایت ادب سے گزارش ہے کہ میرے والد صاحب سڑک حادثہ میں بُری طرح زخمی ہو گئے ہیں۔ ہوا یوں کہ میرے ابو جان اپنی معمول کی صبح کی سیر سے گھر لوٹ رہے تھے کہ مخالف سڑک سے موٹر سائیکل پر آتا ہوا گوالا توازن برقرار نہ رکھ سکا اور بری طرح میرے ابو جان سے ٹکرا گیا۔ میرے ابو جان گر پڑے اور انہیں شدید خراشیں آئیں اور بائیں ٹانگ کا جوڑ ہل گیا۔ مجمع ان کے گرد جمع ہو گیا اور انہیں سول ہسپتال لے گیا۔

جناب، میری امی جان بہت پریشان ہیں اور تنہا اُن کی تیمارداری نہیں کر سکتی۔ میں ان کا اکلوتا بیٹا ہوں تبھی مجھے ہی ہر وقت ہسپتال میں اُن کی تیمارداری کرنا ہے۔ ڈاکٹر کہتے ہیں کہ کم از کم ایک ہفتہ میرے ابو جان کو مسلسل نگرانی میں رکھا جائے گا۔ چنانچہ میں آپ سے درخواست کرتا ہوں کہ مجھے ایک ہفتے کی رخصت عنایت فرمائیں۔

اس نوازش پر میں آپ کا بہت ممنون ہوں گا۔

Yours obediently,
X.Y.Z.
Class -IX,
2nd. January, 20—.

(v) Application for a job (نوکری کی درخواست)

The Director, (آفیسر کا نام لکھیں)
District Government, (آفس کا نام لکھیں)
A.B.C. (City). (شہر کا نام لکھیں)
Respected Sir,

I have come to know through (سے، کے ذریعے) reliable sources (معتبر ذرائع) that some posts (آسامیاں) of clerks, typists, superintendents, teachers, instructors, insurance agents, public relation officers, etc. are lying vacant (خالی پڑی) under your kind control. You have invited applications to fill (پُر کرنا) the post (عہدہ). I am a sincere (مخلص) and devoted (جانثار) worker (کارکن). I have good academic background (تعلیمی پس منظر) and relevant work experience. I am in dire need of a job. I offer myself as an applicant for the post.

معتبر ذرائع سے مجھے معلوم ہوا ہے کہ آپ کے زیرِسایہ کلرکوں، ٹائپسٹوں، سپرنٹنڈنٹس، اساتذہ، انسٹرکٹرز، بیمہ ایجنٹوں، پبلک ریلیشن افسروں وغیرہ کی چند آسامیاں خالی پڑی ہیں۔ اور عہدہ کی آسامی پر کرنے کے لیے آپ کو درخواستیں مطلوب ہیں۔ میں ایک مخلص اور جانثار کارکن ہوں۔ میں اچھا تعلیمی پس منظر اور متعلقہ کام کا تجربہ رکھتا ہوں۔ مجھے ملازمت کی اشد ضرورت ہے۔ میں اپنے آپ کو اس آسامی کے لیے بطور اُمیدوار پیش کرتا ہوں۔

My particulars (کوائف) are as under:
میرے کوائف حسب ذیل ہیں۔

Name:	Muhammad Aslam	محمد اسلم	نام:
Father's Name:	Muhammad Ali	محمد علی	والد کا نام:
Gender:	Male	مرد	جنس:
Marital Status:	Single	غیر شادی شدہ	ازدواجی حیثیت:
Nationality:	Pakistani	پاکستانی	قومیت:
Religion:	Islam	اسلام	مذہب:

Academic Qualification:
تعلیمی قابلیت:

(i)	Matric:	1st. Division	درجۂ اول	میٹرک:
(ii)	F.A.	1st. Division	درجۂ اول	ایف۔اے:
(iii)	B.A.	1st. Division	درجۂ اول	بی۔اے:
(iv)	M.A.	2nd. Division	درجۂ دوئم	ایم۔اے:

(v) Computer Foundation short course: "A" Grade
کمپیوٹر کی بنیادی مہارتوں میں شارٹ کورس: درجۂ اول

(vi) Speed in Typing: 35 words per minute
ٹائپ کرنے کی رفتار: ایک منٹ میں 35 الفاظ

(vii) Speed in Short Hand (English and Urdu): 150 words per minute
شارٹ ہینڈ کی رفتار (انگریزی اور اُردو): ایک منٹ میں 150 الفاظ

I assure (یقین دلاتا ہوں) you that I will serve your department devotedly (تن دہی سے) and diligently (دل جمعی سے).
میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ میں تن دہی اور دل جمعی سے آپ کے ڈیپارٹمنٹ کی خدمت کروں گا۔

Thanking you in anticipation.
آپ کا پیشگی شکریہ۔

Yours obediently,

Muhammad Aslam

310- Shalimar Road,

Baghbanpura, Lahore.

October 10, 20----.

(vi) Write a letter to a bookseller requesting him to send you some books per V.P.P.

(کسی کتب فروش کو بذریعہ وی۔پی۔پی کتب منگوانے کی درخواست کرنے کے لیے خط لکھیں۔)

Easy

The Manager,
Hamdard Book Depot,
Urdu Bazaar, Lahore.

Sir,

Kindly (براہ مہربانی) send me the following books by V.P.P. urgently (فوری طور پر).

براہ مہربانی مندرجہ ذیل کتب بذریعہ وی۔پی۔پی فوری طور پر بھیج دیجیے۔

Names of Books:

(i) Hamdard Grammar and Composition for Class-IX (1 copy)
(ii) Hamdard Urdu for Class-IX (1 copy)
(iii) Hamdard Pakistan Studies for Class-IX (1 copy)
(iv) Hamdard Chemistry for Class-IX (1 copy)

Yours faithfully,
Muhammad Farhan Suleman
H #: 203, Block-C, Iqbal Town,
Faisalabad.
January 01, 20----.

Standard

The Manager,
Hamdard Book Depot.
Urdu Bazaar, Lahore.

Respected Sir,

I need the following (درج ذیل) books urgently (فوری طور پر). I shall be thankful to you if you send these books to me by V.P.P. Kindly allow me special discount (خصوصی رعایت) on these books.

مجھے درج ذیل کتابوں کی اشد ضرورت ہے۔ اگر آپ مجھے یہ کتابیں بذریعہ وی۔پی۔پی بھیج دیں تو میں آپ کا بہت مشکور ہوں گا۔ مہربانی سے ان کتابوں پر خصوصی رعایت فرمائیں۔

Names of Books:

(i) Hamdard Grammar and Composition for Class-IX (1 copy)
(ii) Hamdard Urdu for Class-IX (1 copy)
(iii) Hamdard Pakistan Studies for Class-IX (1 copy)
(iv) Hamdard Chemistry for Class-IX (1 copy)

Yours truly,
Muhammad Farhan Suleman
H #: 203, Block-C, Iqbal Town,
Faisalabad.
January 01, 20----.

DIALOGUE WRITING (مکالمہ نویسی)

The conversation between two or among many persons is called 'Dialogue'. Just like story writing and application writing, it is also an art to write a dialogue.

Following points should be kept in mind while writing a dialogue:

دو یا دو سے زیادہ افراد کے درمیان گفتگو کو مکالمہ کہتے ہیں۔ کہانی نویسی اور درخواست نویسی کی طرح مکالمہ نویسی بھی ایک فن ہے۔ مکالمہ لکھتے وقت درج ذیل باتیں مدنظر رکھنی چاہئیں:

(i) مکالمہ روزمرہ بول چال کی شکل میں لکھنا چاہیے۔ الفاظ سادہ جملے چھوٹے چھوٹے اور بے تکلفی پر مبنی ہونے چاہئیں۔

(ii) مکالمہ موضوع کے مطابق ہونا چاہیے۔ ادھر ادھر کی غیر ضروری باتیں مکالمہ میں شامل نہیں ہونی چاہئیں۔

(iii) مکالمہ نویس کو مختلف کرداروں کی زبان میں گفتگو کرنی چاہیے۔ مکالمہ میں کہیں بھی براہ راست اپنی رائے نہیں لکھنی چاہیے۔

(iv) مکالمہ میں دلچسپی اور خوشگوار ماحول پیدا کرنے کے لیے چند ایک ہلکے پھلکے مزاحیہ جملے بھی شامل کیے جا سکتے ہیں لیکن ادب آداب اور سلیقہ مندی کے اصولوں کو مدنظر رکھنا چاہیے۔

(v) بات کرنے والے کا نام بائیں طرف الگ جگہ پر تحریر کریں اور گفتگو سے colon کے ذریعے جدا کریں۔

(vi) مکالمہ دلچسپ انداز سے شروع ہونا چاہیے اور کسی نہ کسی اخلاقی سبق پر ختم ہونا چاہیے۔

(vii) مکالمہ تحریر کرنے کے بعد دو تین بار اچھی طرح پڑھ کر اس میں غلطیاں درست کر لیں۔

(نیچے چند ایک اہم مکالمہ جات دیے گئے ہیں یہ مکالمہ جات امتحانی نقطہ نگاہ سے نہایت اہم ہیں اور امتحانات میں کچھ انہی میں سے کوئی مکالمہ دیا جاتا ہے۔)

(i) Dialogue between a teacher and a student
(استانی اور طالبہ کے درمیان مکالمہ)

Teacher: Hello Fauzia. You are a bit late, today.
استانی: ہیلو فوزیہ آج آپ کچھ دیر سے آئی ہو۔

Fauzia: Yes, Madam, I am sorry for that.
فوزیہ: جی ہاں میڈم مجھے اس کے لیے افسوس ہے۔

Teacher: Well, What was the reason?
استانی: اچھا، کیا وجہ تھی؟

Fauzia: The school bus was coming in right time (صحیح وقت پر), but when it began to cross the canal bridge (نہر کا پل), suddenly it stopped with a jerk (ایک جھٹکے کے ساتھ). One of its tyre got punctured.
فوزیہ: سکول بس صحیح وقت پر آ رہی تھی مگر جب یہ نہر کے پل سے گزرنے لگی تو اچانک یہ جھٹکے سے رک گئی۔ اس کا ایک ٹائر پنکچر ہو گیا تھا۔

Teacher: I understand, it is not due to your fault (قصور).
استانی: میں سمجھ گئی، مگر تو اس میں آپ کا کوئی قصور نہیں ہے۔

Fauzia: Madam, there is another thing and that is the bus driver had no jack with him. He tried to stop other vehicles by waving (ہلاتے ہوئے) his hand, but nobody paid any attention (توجہ) to him.
فوزیہ: میڈم ایک بات اور ہے اور وہ یہ کہ ڈرائیور کے پاس جیک نہیں تھا۔ اس نے ہاتھ ہلا کر دوسری گاڑیوں کو رکنے کا اشارہ کیا لیکن کسی نے بھی اس کی طرف کوئی توجہ نہ دی۔

Teacher: Then what did you do? Did you come by another bus?
استانی: تب آپ نے کیا کیا؟ کیا آپ دوسری بس سے آئی؟

Fauzia: No Madam, I left the bus where it was and came to school on foot (پیدل).
فوزیہ: جی نہیں میڈم میں نے بس وہیں چھوڑ دی اور پیدل سکول آئی۔

Teacher: Very well! You are really (یقیناً) a brave girl. Now let us (آؤ) start our lesson.

استانی: بہت خوب۔ تم درحقیقت ایک بہادر لڑکی ہو۔ اب آؤ ہم اپنا سبق شروع کرتے ہیں۔

(ii) Dialogue between two students regarding prayers
(دو طالب علموں کے درمیان نماز کے متعلق مکالمہ)

Osama: I want to take some rest for a while as I have taken my meals (کھانا).

اسامہ: میں کچھ دیر آرام کرنا چاہتا ہوں۔ کیونکہ میں نے دوپہر کا کھانا کھا لیا ہے۔

Salman: Ok, you take rest while I fix the picture of a landscape (قدرتی منظر) on the wall with the sticking tape (چسپاں کرنے والی ٹیپ).

سلمان: ٹھیک ہے آپ آرام کریں اس دوران میں چسپاں کرنے والی ٹیپ کے ساتھ قدرتی منظر کی تصویر دیوار پر چسپاں کرتا ہوں۔

Osama: Beautiful! That looks (دکھائی دیتی ہے) nice there. Now we should go for prayers to the mosque.

اسامہ: خوبصورت! وہ وہاں عمدہ دکھائی دیتی ہے۔ اب ہمیں نماز کے لیے مسجد چلنا چاہیے۔

Salman: I am going to the bazaar and I shall return soon (جلد).

سلمان: میں بازار جا رہا ہوں مگر میں جلد ہی واپس آ جاؤں گا۔

Osama: No, we should say the prayers first. Do you hear the moezzin's call for the prayers?

اسامہ: نہیں، ہمیں پہلے نماز ادا کرنی چاہیے۔ کیا آپ موذن کی پکار (اذان) سن رہے ہیں؟

Salman: Yes, I am hearing, but I am going out for an urgent piece of work.

سلمان: جی ہاں، میں سن رہا ہوں لیکن میں ایک ضروری کام سے باہر جا رہا ہوں۔

Osama: Nothing in this world is more urgent (ضروری) than a prayer.

اسامہ: اس دنیا میں کوئی بھی چیز نماز سے زیادہ ضروری نہیں ہے۔

Salman: I don't really understand it. Art (کام) is long and life is short. A man has to do so much in this world. There are so many amusements (تفریحات) such as games, sports, TV, cricket and films, etc. Sorry, I am going.

سلمان: میں واقعی یہ بات نہیں سمجھتا۔ کام زیادہ ہے اور زندگی مختصر ہے۔ آدمی کو اس دنیا میں بہت کچھ کرنا ہے۔ یہاں بہت سی تفریحات مثلاً کھیل تماشے ٹیلی ویژن، کرکٹ اور فلمیں وغیرہ ہیں۔ معاف کرنا (مگر) میں جا رہا ہوں۔

Osama: My dear! I sincerely wish you pray. Prayers give us peace of mind (ذہنی سکون), courage (حوصلہ), freshness (تازگی), hope in our short life here on the earth and eternal goodness (ابدی اچھائی) in the life hereafter.

اسامہ: میرے عزیز! میری مخلصانہ خواہش ہے کہ آپ نماز ادا کریں۔ نمازیں ہمیں اس دنیا کی مختصر زندگی میں ذہنی سکون، حوصلہ، تازگی، اُمید اور آخرت کی زندگی میں ابدی نیکی عطا کرتی ہیں۔

Salman: Osama! I am tired (تنگ آ گیا) of your sermons. سلمان: اسامہ! میں آپ کی نصیحتوں سے تنگ آ گیا ہوں۔

Osama: See, Allah has given us eyes, ears, hands and brain. Allah has blessed (عطا فرمائی) us with beautiful and wonderful things. We should thank Him for all these things by saying prayers.

اسامہ: دیکھو! اللہ نے ہمیں آنکھیں، کان، ہاتھ اور دماغ عطا فرمائے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ہمیں خوبصورت اور حیرت انگیز چیزیں عطا فرمائی ہیں۔ ہمیں نماز ادا کر کے ان تمام چیزوں کے لیے اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔

Salman: You are right. I fear Allah. I love Him, too. I am ready to go to mosque with you.
سلمان: تم ٹھیک کہتے ہو۔ میں اللہ سے ڈرتا ہوں۔ میں اس سے پیار بھی کرتا ہوں۔ میں آپ کے ساتھ مسجد جانے کے لیے تیار ہوں۔

(iii) Dialogue asking one's way
(راستہ معلوم کرنے کے بارے میں مکالمہ)

A: Excuse me for troubling (تکلیف دینے کے لیے) you sir, but can you tell me the way to the museum (عجائب گھر)?
الف: جناب آپ کو زحمت دینے کے لیے معذرت خواہ ہوں۔ لیکن کیا آپ مجھے عجائب گھر کا راستہ بتا سکتے ہیں؟

B: Certainly (یقیناً), go straight on along this road, then turn to the right and you will reach a green square with flag poles (کھمبے). That is Istanbul Square. Cross (عبور کریں) it and you will see a red-brick building with domes (گنبد). That is the museum.
ب: یقیناً، اس سڑک پر سیدھا جائیں پھر دائیں طرف مڑیں اور آپ جھنڈوں کے کھمبوں والے سبز سکوئر / چوک پر پہنچ جائیں گے۔ یہ استنبول سکوئر ہے۔ اسے عبور کریں۔ آپ ایک سرخ اینٹوں کی گنبدوں والی عمارت دیکھیں گے۔ یہی عجائب گھر ہے۔

A: Thank you very much, Sir. الف: آپ کا بہت شکریہ، جناب۔

B: It is my pleasure. ب: یہ میری خوشی ہے۔

(A goes on walking and takes the wrong turn. He wanders around a good deal. Tired and upset, he talks to a passer-by).
(الف چلتا جاتا ہے اور غلط موڑ لیتا ہے۔ وہ کافی دیر اِدھر اُدھر گھومتا ہے۔ تھکا ہوا اور پریشان ہو کر وہ ایک راہ گیر سے بات کرتا ہے)۔

A: Excuse me, Sir. Kindly let me know if I am going right to the museum.
الف: معاف کیجئے گا جناب! مہربانی کر کے مجھے بتائیں کیا میں عجائب گھر کے لیے صحیح راستہ پر جا رہا ہوں؟

B: I am sorry, Sir. I am also a stranger (اجنبی) here. ب: مجھے افسوس ہے، جناب۔ میں بھی یہاں پر اجنبی ہوں۔

(Another gentleman C hears them and stops there.) (ایک اور شخص 'ج' ان کی بات سنتا ہے اور وہاں رک جاتا ہے۔)

C: Yes. Go straight this way for one and a half mile. Then you will reach Chowk Azadi. After that you should turn to the left. But it is a long way (لمبا راستہ).
ج: جی ہاں۔ اس راستے پر ڈیڑھ میل تک چلتے جائیں۔ پھر آپ چوک آزادی پہنچیں گے۔ اس کے بعد آپ کو بائیں طرف مڑنا چاہیے۔ لیکن یہ کافی لمبا راستہ ہے۔

A: How (کتنا) far, do you think? الف: آپ کے خیال میں یہ کتنا لمبا راستہ ہے؟

C: I think it is more than two miles (دو میل سے زیادہ). If I have to go there, I would take a bus.
ج: میرے خیال میں یہ دو میل سے زیادہ لمبا راستہ ہے۔ اگر مجھے وہاں جانا ہوتا تو میں بذریعہ بس جاتا۔

A: Please tell me the number and route (راستہ) of the bus. الف: براہ مہربانی مجھے بس کا نمبر اور راستہ بتائیں۔

C: It is bus number 117 which goes from Chowk Azadi to the museum.
ج: بس نمبر 117 ہے جو چوک آزادی سے عجائب گھر جاتی ہے۔

A: Thank you very much. الف: آپ کا بہت شکریہ۔

(iv) Dialogue concerning time between a brother and a sister
(بھائی اور بہن کے درمیان وقت کے متعلق مکالمہ)

Ali: Tell me the time.
علی: مجھے وقت بتائیں۔

Fatima: It is five to eight (آٹھ بجنے میں پانچ منٹ) by my watch.
فاطمہ: میری گھڑی پر آٹھ بجنے میں پانچ منٹ ہیں۔

Ali: If you want to catch the train for Rawalpindi, we must hurry up.
علی: اگر آپ راولپنڈی کے لیے گاڑی پکڑنا چاہتے ہیں تو ہمیں بہت جلدی کرنی چاہیے۔

Fatima: What is the time of its departure (روانگی)?
فاطمہ: اس کی روانگی کا کیا وقت ہے؟

Ali: It leaves (روانہ ہوتی ہے) at quarter past nine (سوا نو بجے).
علی: یہ سوا نو بجے روانہ ہوتی ہے۔

Fatima: Then don't worry, we have much time.
فاطمہ: پھر پریشان نہ ہوں، ہمارے پاس کافی وقت ہے۔

Ali: I am not sure about that what have you been doing? When did you get up ?
علی: مجھے اس کا یقین نہیں ہے کہ آپ کیا کرتی رہی ہیں؟ آپ کب بیدار ہوئیں؟

Fatima: I got up earlier (پہلے) than half past five. Then I performed ablution (وضو کیا) and offered my morning prayer. Now breakfast is ready. Don't look at me like that.
فاطمہ: میں ساڑھے پانچ بجے سے پہلے ہی بیدار ہو گئی تھی۔ پھر میں نے وضو کیا اور نماز فجر ادا کی۔ اب ناشتہ تیار ہے۔ میری طرف ایسے مت دیکھو۔

Ali: For God's sake (خدا کے واسطے), get ready. We must start at once. We cannot waste even a single minute.
علی: خدا کے واسطے تیار ہو جائیں۔ ہمیں فوراً روانہ ہو جانا چاہیے۔ ہم ایک منٹ بھی ضائع نہیں کر سکتے۔

Fatima: It's okay my dear brother. You just finish your glass of milk, I am coming.
فاطمہ: میرے پیارے بھائی ٹھیک ہے۔ تم بس اپنا دودھ کا گلاس ختم کرو، میں آ رہی ہوں۔

Ali: Sister, hurry up otherwise we'll miss our train. You should be punctual for all tasks.
علی: بہنا، جلدی کریں ورنہ ہماری ریل گاڑی چھوٹ جائے گی۔ آپ کو تمام کاموں کے لیے وقت کا پابند ہونا چاہیے۔

Fatima: *(Finishes her sandwich)* I am ready. Take that luggage and put it in the car. I lock the doors.
فاطمہ: (اپنا سینڈوچ ختم کرتی ہے) میں تیار ہوں۔ وہ سامان سفر لے جاؤ اور اسے کار میں رکھو۔ میں دروازوں کو تالا لگاتی ہوں۔

Ali: *(Takes the luggage.)* Let's go sister. *(They go out.)*...
علی: (سامان سفر اٹھاتا ہے) بہنا آیئے چلتے ہیں۔ (وہ باہر چل پڑتے ہیں).

(v) Dialogue between a tailor and a customer
(درزی اور گاہک کے درمیان مکالمہ)

(Father is about to set up (لگانے لگے) the tape recorder. He calls Yasser and Aamina to come there. They turn up in a moment.

(والد صاحب ٹیپ ریکارڈر لگانے لگے ہیں۔ وہ یاسر اور آمنہ کو وہاں پر بلاتے ہیں۔ وہ ایک لمحہ میں وہاں پہنچ جاتے ہیں)

Father: You will hear a dialogue on the tape just now.
والد صاحب: آپ ابھی ٹیپ پر ایک مکالمہ سنیں گے۔

Yasser: What is this dialogue about?
یاسر: یہ مکالمہ کس بارے میں ہے؟

Father: Have a look (دیکھو) at this picture. *(He shows them picture of a tailor and a*

customer. He then switches the tape recorder on. Children listen attentively. (توجہ سے))

والد صاحب: اس تصویر کو دیکھو۔ (وہ انھیں ایک درزی اور گاہک کی تصویر دکھاتے ہیں۔ پھر وہ ٹیپ ریکارڈر چلاتے ہیں۔ بچے توجہ سے سنتے ہیں)

Tailor: Good Morning, Sir! What can I do for you? درزی: صبح بخیر! جناب عالی! میں آپ کے لیے کیا کر سکتا ہوں؟

Customer: Please take my measurement (پیائش) for a suit.

گاہک: براہ مہربانی ایک سوٹ تیار کرنے کے لیے آپ میری پیائش لیں۔

Tailor: With pleasure (خوشی کے ساتھ), Sir! Kindly come here and tell me the style and shade of your choice. درزی: خوشی کے ساتھ جناب! براہ مہربانی ادھر تشریف لے آئیں اور مجھے اپنی پسند کا نمونہ اور رنگ بتادیں۔

Customer: I want a brown tweed suit of ordinary (عام) style and also tell me your stitching charges. گاہک: میں بھورے رنگ کا ٹوئیڈ کا بنا ہوا عام سا سوٹ چاہتا ہوں نیز مجھے سلائی کی قیمت بھی بتادیں۔

Tailor: I shall charge Rs. 900/- only for this suit, Sir.

درزی: جناب عالی! میں صرف اس سوٹ کے نو سو روپے لوں گا۔

Customer: That is quite right (بالکل درست). گاہک: یہ بالکل درست ہے۔

Tailor: Would you kindly come sometime next week for the try?

درزی: کیا آپ جانچ کے لیے مہربانی کر کے اگلے ہفتے میں کسی روز آ سکتے ہیں؟

Customer: Yes, ring me up (فون کرنا). I give you my phone number.

گاہک: جی ہاں۔ مجھے فون کر دینا۔ میں آپ کو اپنا فون نمبر دیتا ہوں۔

Tailor: Very well, Sir! Good Morning. *(Father takes out the plug and talks to his children)*

درزی: بہت اچھا جناب۔ صبح بخیر۔ (ابا جان پلگ نکال دیتے ہیں اور بچوں کے ساتھ باتیں کرتے ہیں)

Father: My Children, what do you have to say about it?

والد صاحب: میرے بچو! آپ اس کے متعلق کیا کہنا چاہتے ہیں؟

Yasser: Father, it was very interesting (دلچسپ). یاسر: ابا جان یہ بہت دلچسپ تھا۔

Aamina: Father, I would like to hear it again and then we shall practise (مشق کریں گے). Yasser will act as the tailor and I shall play the role (کردار) of the customer.

آمنہ: ابا جان! میں یہ دوبارہ سننا پسند کروں گی اور اس کے بعد ہم مشق کریں گے۔ یاسر درزی کا کردار ادا کرے گا اور میں گاہک کا کردار ادا کروں گی۔

※※※

PRODUCING SPEECH SOUNDS

All the sounds are produced through the contraction of our chest muscles, as they produce the flow of air that is needed for almost all speech sounds. After passing through the larynx, the air goes through the 'vocal tract' which ends at the mouth and nostrils. Thus the changes caused by air flow in the vocal tract produce sounds. In order to learn how the sounds of speech are produced, it is necessary to become familiar with the different parts or articulators of the vocal tract.

تمام آوازیں (Sounds) ہماری چھاتی کے پٹھوں کے سکڑنے کے نتیجے میں پیدا ہوتی ہیں کیونکہ یہی پٹھے ہوا کا وہ بہاؤ پیدا کرتے ہیں جو قریباً تمام گویائی آوازوں کے لیے ضروری ہیں۔ ہوا نرخرہ (larynx) سے گزرنے کے بعد منہ اور نتھنوں پر ختم ہونے والے صوتی راستے (vocal tract) سے گزرتی ہے۔ یوں منہ میں ہوا کے بہاؤ کے ذریعے وقوع پذیر ہونے والی تبدیلیاں آوازیں (sounds) پیدا کرتی ہیں۔ یہ جاننے کے لیے کہ نطقی آوازیں (Speech sounds) کیسے پیدا ہوتی ہیں Speech sounds کے مختلف حصوں یا گویائی جوڑ (articulators) سے آشنائی ہونا ضروری ہے۔

درج ذیل ڈائیگرام انسانی منہ کے قوت گویائی والے جوڑ (articulators) دکھاتی ہیں:

THE ORGANS OF SPEECH

Note:

L : Lip   T : Teeth

TR : Teeth - Ridge

HP : Hard Palate   SP : Soft Palate

U : Uvula   P : Pharynx

BI : Blade, Including the tip of the tongue

F : Front of the tongue

B : Back of the tongue

E : Epiglottis   Lr : Larynx

V : Vocal cords

W : Windpipe   FP : Food Passage

Figure (1)

ALVEOLAR
RIDGE
NASAL CAVITY
HARD PALATE
SOFT PALATE
LIP
TEETH
LIP
UVULA
PHARYNX
TONGUE
Tip
Blade
Front
Back
EPIGLOTTIS
LARYNX
OESOPHAGUS
VOCAL CORDS
TRACHEA

Figure (2)

LETTER WRITING (خط نویسی)

Letters reflect the writer's thoughts and sentiments. We write letters to express our feelings and to get informations. There are three main classes of letters. A letter comprises six parts and a good letter appears only if these six parts are written correctly.

خطوط مصنف کے خیالات و احساسات کی عکاسی کرتے ہیں۔ ہم اپنے جذبات کا اظہار کرنے اور معلومات حاصل کرنے کے لیے خط لکھتے ہیں۔ خطوط کی بنیادی اقسام تین ہیں۔ ایک خط چھے حصوں پر مشتمل ہوتا ہے اور خط کے یہ مختلف حصے صحیح اصولوں کے مطابق لکھ دیے جائیں تو ایک اچھی تحریر سامنے آتی ہے۔

(i) Personal Letters — ذاتی خطوط

(ii) Official Letters and Applications — دفتری خطوط اور درخواستیں

(iii) Business Letters — کاروباری خطوط

Parts of a Letter خط کے حصے

1. Writer's Address (لکھنے والے کا پتہ)

It is normally written at the top of the letter paper at the right hand corner. In the examination, it is written at the top right corner like this:

یہ عام طور پر خط کے صفحے کے اوپر دائیں کونے میں لکھا جاتا ہے۔ امتحانی پرچے میں اس کو پیپر کے اوپر دائیں جانب اس انداز میں لکھیں گے:

Examination Hall,
(City) A.B.C.

2. Date تاریخ:

Normally it is given just below the writer's address. The date must be written in either of the following ways:

یہ عام طور پر خط لکھنے والے کے پتے کے بالکل نیچے لکھی جاتی ہے۔ تاریخ مندرجہ ذیل طریقوں میں سے کسی بھی طرح لکھی جائے گی۔

January 1, 20___. (OR)
1st January, 20___.

3. Salutations (آداب و تسلیمات)

This section comprises those words which are used for addressee.

یہ حصہ ان الفاظ پر مشتمل ہوتا ہے جو مخاطب کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں

(اس میں My کا 'M' بڑا dear کا 'd' چھوٹا اور اگلے لفظ کا پہلا حرف بڑا لکھتے ہیں اور اس کے بعد Comma ضرور لگاتے ہیں۔)

My dear Father, My dear Mother, — رشتہ داروں کے لیے:

Dear Ali, Dear Sara, — دوستوں اور واقف کاروں کے لیے:

4. Body of the Letter (خط کا مرکزی حصہ)

This is the most important part of a letter which narrates the purpose of letter writing. This part may contain a number of paragraphs. Some opening sentences which may be used according to the occasion are as follows.

یہ خط کا سب سے اہم حصہ ہوتا ہے جس میں خط لکھنے کا مقصد بیان کیا جاتا ہے۔ یہ حصہ ایک سے زیادہ پیروں پر مشتمل ہو سکتا ہے۔ چند ابتدائیہ جملے جو موقع کی مناسبت سے استعمال کیے جا سکتے ہیں مندرجہ ذیل ہیں۔

(i) I received your kind letter only the other day.
(ii) It is quite a long time since I heard from you.
(iii) I was very glad to receive your letter.
(iv) My joy knew no bounds when I learnt of your success ....

(v) I am much pained to hear that ....

(vi) You will be sorry to know that ....

(vii) You will be pleased to know that ....

(viii) Thank you very much for your letter ....

The letter should be closed with a proper phrase. One of the following phrases may be used according to the occasion.

خط کا اختتام کسی مناسب جملے پر کرنا چاہیے۔ مندرجہ ذیل جملوں میں سے کوئی بھی موقع کی مناسبت سے استعمال کیا جا سکتا ہے۔

(i) With best regards,

(ii) With love and best wishes to all at home,

(iii) With best wishes,

(iv) Hoping to see you soon,

(v) Hoping for an early reply,

(vi) Hoping to hear from you soon,

(vii) Thanking you,

5. The Subscription (اختتام)

This part is mentioned at the bottom left corner of paper. Here, words are used according to the association with addressee. It has different forms.

اس حصے کو پیپر کے بائیں جانب نیچے لکھتے ہیں۔ اس حصے میں مکتوب الیہ (جس کے نام لکھا جائے) سے تعلقات کے مطابق الفاظ استعمال کیے جاتے ہیں۔ (اس کے بعد Comma ضرور لگائیں گے) اس کی مختلف اشکال ہیں۔

Yours affectionately, (OR) Your affectionate son, — رشتہ داروں کے لیے:

Yours sincerely, (OR) Your sincere friend, — دوستوں کے لیے:

Yours truly, — اجنبیوں کے لیے:

اس کے بعد لکھنے والا اپنا نام لکھتا ہے۔

In the examination, write this in place of your name. — امتحانات میں اپنے نام کی جگہ یہ لکھیں۔

X.Y.Z.

6. The address of the person to whom the letter is sent: اس شخص کا پتہ جسے خط بھیجا گیا ہے:

It is written on the envelope or the back of the postcard. We write:

یہ لفافے پر یا پوسٹ کارڈ کی پچھلی جانب لکھا جاتا ہے۔ ہم لکھتے ہیں:

(i) The name of the person in the first line, — پہلی سطر میں اس شخص کا نام،

(ii) The name of the house and the street or the name of the village in the second line,

دوسری سطر میں گھر اور گلی کا نام یا گاؤں کا نام،

(iii) The name of the district in the last line. — آخری سطر میں ضلع کا نام

Mr. Nisar Ahmad Khan,

House No. 5, Peoples Colony,

Faisalabad.

Formal for the common Letter

Examination Hall,
(City) A.B.C.
May 27, 20 ____.

My dear Father,

....

....

....

............(Body of the Letter)............

....

....

....

Your loving son,
X.Y.Z.

(i) Write a letter to your mother who is worried about your health.

(والدہ کے نام خط لکھیں جو آپ کی صحت کے بارے میں پریشان ہیں)

Easy

Examination Hall,
(City) A.B.C.
January 02, 20—.

My dear Mother,

Assalam-o-Alaikum! I received (وصول کیا) your letter. I am glad (خوش) to know that you are in good health. You have asked (پوچھا) me about (بارے میں) my health. A few days ago, I caught cold. Doctor Afzal Hashmi treated (علاج کیا) me. I took medicine regularly. After complete bed rest, I recovered (صحت یاب ہو گیا). Now I am all right. I am taking good care of my diet (خوراک) and exercise. I am going to school regularly. You need not worry about me.

Salam to all at home,

Your loving (پیارا) son,
X.Y.Z.

السلام علیکم! مجھے آپ کا خط ملا۔ میں یہ جان کر خوش ہوں کہ آپ کی صحت اچھی ہے۔ آپ نے مجھ سے میری صحت کے بارے میں پوچھا ہے۔ چند دن قبل مجھے نزلہ ہو گیا۔ ڈاکٹر افضل ہاشمی نے میرا علاج کیا۔ میں نے باقاعدگی سے دوائی۔ مکمل آرام کے بعد میں صحت یاب ہو گیا۔ اب میں بالکل ٹھیک ہوں۔ میں اپنی خوراک اور ورزش کا دھیان رکھ رہا ہوں۔ میں باقاعدگی سے سکول جا رہا ہوں۔ آپ کو میرے بارے میں پریشان ہونے کی ضرورت نہیں۔
گھر میں سب کو میرا سلام۔

Standard

Examination Hall,
(City) A.B.C.
January 02, 20___.

My dear Mother,

I received your kind letter a few (چند) days ago. I am quite happy to know that you are

enjoying good health. You have inquired (دریافت کیا) me about my health. I am sorry not to reply in time (بروقت), because I caught a bit cold and flu. I consulted to the school doctor, Afzal Hashmi, who checked (معائنہ کیا) me and treated (علاج کیا) me. He advised (نصیحت کی) me to do complete bed rest and take medicine regularly (باقاعدگی سے). So I did bed rest and took medicine regularly (پابندی وقت سے). Now I am all right. I have started going to school regularly and following the other routine (معمولات). You need not worry about me.

Compliments (سلام) and regards (آداب) to all at home.

Your loving (پیارا) son,
X.Y.Z.

چند روز قبل مجھے آپ کا پُر شفقت خط ملا۔ میں یہ جان کر بہت خوش ہوں کہ آپ اچھی صحت سے لطف اندوز ہو رہی ہیں۔ آپ نے میری صحت کے بارے دریافت کیا تھا۔ بروقت جواب نہ دینے کے لیے مجھے افسوس ہے کیونکہ مجھے ہلکا سا نزلہ زکام ہو گیا تھا۔ میں نے سکول کے ڈاکٹر افضل ہاشمی صاحب سے مشورہ کیا جنھوں نے میرا معائنہ کیا اور علاج کیا۔ انھوں نے مجھے مکمل آرام کرنے اور باقاعدگی سے دوا لینے کی نصیحت کی۔ لہٰذا میں نے آرام کیا اور پابندی وقت سے دوا لی۔ اب میں بالکل ٹھیک ہوں۔ میں نے باقاعدگی سے سکول جانا اور دیگر معمولات زندگی کی پیروی کرنا شروع کر دی ہے۔ لہٰذا آپ کو میرے بارے میں فکرمند ہونے کی ضرورت نہیں۔
گھر میں سب کو سلام و آداب۔

(ii) Write a letter to your father asking him about the health of your mother.

(والدہ کی صحت کے بارے میں پوچھنے کے لیے والد کے نام خط لکھیں۔)

Easy

Examination Hall,
(City) A.B.C.
February 23, 20___.

Dear Father,

Assalam-o-Alaikum! From Maqsood's letter, I have come to know (پتہ چلا ہے) that mother is suffering (بخار) from high fever. I am really (واقعی) worried (پریشان) about her. I am sure (یقین ہونا) that you are taking good care of her health. I pray to Allah Almighty for her early recovery (جلد صحت یابی). Please inform (آگاہ کریں) me about her present condition (موجودہ حالت) as early as possible.

With love to all at home.

Your loving son,
X.Y.Z.

السلام علیکم! مقصود کے خط سے مجھے پتہ چلا ہے کہ امی جان کو تیز بخار ہے۔ میں واقعی ان کے بارے میں پریشان ہوں۔ مجھے یقین ہے کہ آپ ان کی صحت کا خوب دھیان رکھ رہے ہوں گے۔ میں اللہ تعالیٰ سے ان کی جلد صحت یابی کے لیے دعا گو ہوں۔ مہربانی سے جس قدر جلد ممکن ہو ان کی موجودہ حالت سے مجھے آگاہ فرمائیں۔
گھر میں سب کے لیے پیار۔

Standard

Examination Hall,
(City) A.B.C.
February 23, 20___.

Dear Father,

Assalam-o-Alaikum! I hope my letter will find you in the best of health. Today I received Maqsood's letter and got the news of mother's illness (بیماری). It was a shocking (دھچکا دینے والا) news for me and I am extremely worried (شدید متفکر) about her ailment (بیماری). I remember (یاد کرنا) that when I came to the hostel last week, she was not feeling good that day. Certainly (یقیناً), you are

taking good care (خیال رکھنا) of her, but also forbid (منع کرنا) her to do domestic chores (گھریلو کام کاج) as the usual routine. She needs full bed rest. Kindly get her treated completely by a good physician (معالج، طبیب). I am praying to Allah Almighty for her early recovery (صحت یابی). Please inform (اطلاع دینا) me about her present condition by the return of post (جوابی ڈاک سے). Insha Allah, I shall be there as soon as my monthly tests over.

Regards to elders and love to youngsters at home.

Your loving son,
X.Y.Z.

السلام علیکم! میں اُمید کرتا ہوں کہ میرا یہ خط آپ کو موصول ہوگا تو آپ تندرست ہوں گے۔ آج مجھے منصور کا خط ملا اور امی کی خرابی صحت کی خبر ملی۔ یہ خبر میرے لیے بہت دُکھ پہنچانے والی تھی اور میں اُن کی بیماری کے بارے میں شدید متفکر ہوں۔ مجھے یاد ہے کہ جب گذشتہ ہفتے میں ہوسٹل آیا تھا تو اُس روز اُن کی طبیعت ٹھیک نہیں تھی۔ یقیناً آپ ان کا پورا خیال رکھ رہے ہیں مگر انھیں گھریلو کام کاج معمولات کے مطابق کرنے سے منع کیجیے۔ انھیں مکمل آرام کی ضرورت ہے۔ برائے مہربانی کسی اچھے معالج سے اُن کا مکمل علاج کروائیے۔ میں اُن کی جلد صحت یابی کے لیے دُعا کر رہا ہوں۔ براہِ مہربانی مجھے جوابی ڈاک سے اُن کی موجودہ حالت کے بارے میں اطلاع دیجیے۔ ان شاء اللہ میں ماہانہ ٹیسٹ ختم ہوتے ہی جلد از جلد وہاں پہنچ جاؤں گا۔

گھر میں سبھی بڑوں کو آداب اور چھوٹوں کو پیار۔

(iii) Write a letter to your sister congratulating her on her success in the examination.

(امتحان میں کامیابی پر مبارک باد دینے کے لیے اپنی بہن کے نام خط لکھیں)

Easy

Examination Hall,
(City) A.B.C.
April 20, 20___.

My dear Yasmeen,

I am very happy to know (جان کر) that you have passed the 9th class with credit. You have stood first in your class. I am proud of you. You have always been a hard working student and I hope you will work even harder next year. No doubt, you have won our hearts by showing such an outstanding result. I congratulate you on this brilliant (شاندار) success. May you succeed in every sphere (ہر شعبے میں) of your life.

With best wishes (تمنائیں).

Yours affectionately,
X.Y.Z.

میں یہ جان کر بہت خوش ہوں کہ آپ نے نویں جماعت کا امتحان نمایاں پوزیشن سے پاس کرلیا ہے۔ آپ اپنی جماعت میں اول آئی ہیں۔ مجھے آپ پر ناز ہے۔ آپ ہمیشہ سے ہی ایک محنتی طالبہ رہی ہو اور میں امید کرتی ہوں کہ آپ اگلے سال بھی اس سے زیادہ محنت کرو گی۔ درحقیقت آپ نے ایسا نمایاں نتیجہ دکھا کر ہمارے دل جیت لیے ہیں۔ میں آپ کو اس شاندار کامیابی پر مبارکباد دیتی ہوں۔ اللہ تعالیٰ زندگی کے ہر شعبے میں آپ کو کامیاب کرے۔

نیک تمناؤں کے ساتھ۔

Standard

Examination Hall,
(City) A.B.C.
April 20, 20___.

My dear Yasmeen,

I am so delighted (مسرور) to know that you have got through 9th class examination with distinction. It is really pleasant to hear that you have stood first in the class. You have brought good name (نام روشن کرنا) to your Alma Mater (مادرِ علمی). No doubt only a brilliant (ذہین) student just

like you can get glorious success (شاندار کامیابی). And surely this success will prove a milestone (سنگ بنیاد) for your further achievements.

My dear sister, I cordially congratulate (دلی مبارکباد) you on this occasion (موقع) of your splendid achievement (شاندار کامیابی) and sending you a present (تحفہ) of wrist watch (کلائی گھڑی). Hopefully you will like it, as it will be quite useful (مفید) for you especially during examinations. I wish you success in all walks of life (تمام شعبہ ہائے زندگی).

With best wishes! (آرزوئیں تمنائیں)

Yours affectionately,
X.Y.Z.

یہ جان کر میں بہت مسرور ہوں کہ آپ نے نویں جماعت کا امتحان نمایاں کامیابی کے ساتھ پاس کر لیا ہے۔ یہ سننا حقیقتاً پُرمسرت ہے کہ آپ نے جماعت میں اول پوزیشن لی ہے۔ آپ نے اپنے مادرِ علمی (سکول) کا نام روشن کر دیا ہے۔ بے شک صرف آپ کی طرح کا کوئی ذہین / قابل طالب علم ہی شاندار کامیابی حاصل کر سکتا ہے اور یقیناً یہ کامیابی آپ کی مزید کامیابیوں کے لیے سنگِ بنیاد ثابت ہوگی۔

میری پیاری بہن، اس شاندار کامیابی کے حصول پر میں دل سے آپ کو مبارکباد دیتی ہوں اور کلائی گھڑی کا تحفہ بھیج رہی ہوں۔ اُمید ہے کہ آپ اسے پسند کرو گی کیونکہ یہ تمہارے لیے بالخصوص امتحانات میں بہت مفید ثابت ہوگی۔ میری تمنا ہے کہ تم زندگی کے تمام شعبوں میں کامیاب ہو۔

نیک تمناؤں کے ساتھ۔

(iv) Write a letter to your mother about the test you have just taken.
(حال ہی میں اپنے دیے ہوئے ٹیسٹ کے بارے میں والدہ کو خط لکھیں)

Easy

Examination Hall,
(City) A.B.C.
November 10, 20___.

My dear Mother,

Assalam-o-Alaikum! How are you? By the Grace of God (اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے) I am quite fine (بالکل ٹھیک). I am sorry that I could not write you earlier (جلد). I was taking the second terms papers which ended yesterday. I did well in all the papers. I hope to get 90% marks. I also hope I will stand first (ضرور اول آؤں گا) in my class. I request you to pray for my success.

Salaam to all at home.

Your loving son,
X.Y.Z.

السلام علیکم! آپ کیسی ہیں؟ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے میں بالکل ٹھیک ہوں۔ مجھے افسوس ہے کہ میں آپ کو جلد نہ لکھ سکا۔ میں سیکنڈ ٹرم کے پرچہ جات دے رہا تھا جو کہ کل ختم ہوئے ہیں۔ تمام پرچہ جات میں میری کارکردگی اچھی رہی۔ مجھے نوے فیصد نمبر حاصل ہونے کی امید ہے۔ مجھے یہ بھی امید ہے کہ اپنی جماعت میں ضرور اول آؤں گا۔ میری درخواست ہے کہ میری کامیابی کے لیے دعا کریں۔

گھر میں سب کو سلام

Standard

Examination Hall,
(City) A.B.C.
November 10, 20___.

My dear Mother,

Assalam-o-Alaikum! Are you all right? I am quite well here by the grace of Allah Almighty. A few days ago I received your letter, but could not reply, as I was busy in taking Second Term Tests. Your letter shows your worry about my studies. Mom, I am anxious (بے چین)

to tell you that I have performed well in the tests and I am sure (پر یقین ہونا) that I will secure (حاصل کرنا) 90 per cent marks for my outstanding performance (امتیازی کارکردگی). My teachers and I am expecting (توقع کرنا) that I am going to stand first in the class. It is the great blessing of Allah, who has made me dedicated (لگن پیدا کی) towards my studies and guides me thoroughly. Further (مزید), I just need your abundant prayers (وافر دعائیں).

Pay my regards and compliments to all at home.

Your loving son,
X.Y.Z.

السلام علیکم! کیا آپ بخریت ہیں؟ میں یہاں بفضل خدا بالکل ٹھیک ہوں۔ کچھ دن پہلے مجھے آپ کا خط موصول ہوا مگر میں جواب نہ دے سکا کیونکہ میں ماہانہ ٹیسٹوں میں مصروف تھا۔ آپ کا خط میری تعلیم کے بارے میں آپ کی فکر کو ظاہر کرتا ہے۔ ابو جان! میں آپ کو بتانے کے لیے بے چین ہوں کہ میں نے ٹیسٹوں میں بہت اچھی کارکردگی دکھائی ہے اور میں پر یقین ہوں کہ میں اپنی غیر معمولی/امتیازی کارکردگی کے لیے نوے فیصد نمبر لے لوں گا۔ میں اور میرے اساتذہ کرام توقع کر رہے ہیں کہ میں جماعت میں اول آؤں گا۔ یہ سب اللہ تعالیٰ کی عظیم نوازش ہے جس نے مجھ میں پڑھائی کے لیے لگن پیدا کی ہے اور میری مکمل راہنمائی کرتا ہے۔ مزید مجھے صرف آپ کی بے شمار دعاؤں کی ضرورت ہے۔

گھر میں سب کو میری جانب سے آداب و تسلیمات دیجیے۔

(v) Write a letter to your father requesting him to send you some extra funds for payment of hostel dues.

(ہاسٹل کے واجبات کی ادائیگی کے لیے زائد رقم بھیجنے کی درخواست کرنے کے لیے والد کے نام خط لکھیے)

Easy

Examination Hall,
(City) A.B.C.
October 01, 20___.

My dear Father,

Assalam-o-Alaikum! You will be happy to know (جان کر) that I stood first in my class getting 765 marks. I had to buy some Guide books (امدادی کتب) to my course and stationery. They have emptied (خالی کر دی) my pocket. Now I have run short (کمی ہونا) of money. I shall be grateful (مشکور) to you if you send me Rs.3000 for the payment of hostel dues (واجبات) and other expenditures (اخراجات).

Salaam to all at home.

Yours affectionately,
X.Y.Z.

السلام علیکم! آپ یہ جان کر خوش ہوں گے کہ میں 765 نمبر لے کر اپنی جماعت میں اول آیا ہوں۔ مجھے اپنے کورس سے متعلقہ کچھ امدادی کتب اور سامان کتابت خریدنا پڑا۔ اس سے میری جیب خالی ہو گئی ہے۔ اب میرے پاس رقم کی کمی ہو گئی ہے۔ اگر آپ مجھے ہاسٹل کے واجبات ادا کرنے اور دیگر اخراجات کے لیے تین ہزار روپے بھیج دیں تو میں آپ کا بہت مشکور ہوں گا۔

گھر میں سب کو سلام۔

Standard

Examination Hall,
(City) A.B.C.
October 01, 20___.

My dear Father,

Assalam-o-Alaikum! I hope that you will be fine. Our result has been declared and I have stood first in my section, securing (اکتساب کرتے ہوئے) 765 marks. My hard work and your prayers

have bore fruit, so Allah Almighty has endowed me with success.

I had to purchase (خریدنا) some hand-books (خلاصے) of my new course (نصابِ تعلیم) and other stationery (لکھائی کا سامان), thus my budget (بجٹ) got disturbed (درہم برہم کرنا) as those expenditures (اخراجات) have destituted (کنگال کرنا) me. Though(اگرچہ), I am very frugal (کفایت شعار) but unfortunately (بدقسمتی سے) now a days I have run short (کمی ہونا) of money. Kindly, obliged (متشکر کرنا) me by sending Rs. 3000 for the payment (ادائیگی) of hostel dues (واجبات) and other expenditures (اخراجات). I know that, this month my demand of extra money would upset your domestic budget (گھریلو میزانیہ), but I am helpless (بے بس) in the face of my necessities (ضروریات), so send me the said amount as soon as possible (جتنا جلد ممکن ہو).

Pay my humble compliments (عاجزانہ تسلیمات) to all at home.

Yours affectionately,

X.Y.Z.

السلام علیکم! مجھے امید ہے کہ آپ خیریت سے ہوں گے۔ ہمارے نتیجے کا اعلان کر دیا گیا ہے اور میں نے 765 نمبر لے کر اپنے سیکشن میں اول پوزیشن لی ہے۔ میری محنت اور آپ کی دعائیں رنگ لے آئی ہیں اسی لیے اللہ تعالیٰ نے مجھے کامیابی سے نوازا ہے۔

مجھے نئے نصاب کے لیے چند خلاصے اور دیگر لکھائی پڑھائی کا سامان خریدنا تھا یوں میرا بجٹ منتشر ہو گیا کیونکہ اُن اخراجات نے مجھے کنگال کر دیا ہے۔ اگرچہ میں کافی کفایت شعار ہوں مگر بدقسمتی سے آج کل میرے پاس روپے کی کمی ہے۔ براہِ مہربانی ہاسٹل کے واجبات کی ادائیگی اور دیگر اخراجات کیلئے تین ہزار روپے بھیج کر مجھے متشکر کریں۔ میں جانتا ہوں کہ اس ماہ میرا اضافی رقم کا تقاضا آپ کے گھریلو بجٹ کو گڑبڑ کر دے گا مگر میں اپنی ضروریات کے آگے بے بس ہوں لہٰذا جتنا جلد ہو سکے مجھے مطلوبہ رقم بھجوا دیجیے۔

گھر میں سب کو میرا عاجزانہ سلام پیش کیجیے۔

(vi) Write a letter to your brother about the importance of the study of science subjects.

(سائنسی مضامین پڑھنے کی اہمیت کے بارے میں بھائی کو خط لکھیں)

Easy

Examination Hall,
(City) A.B.C.
May 03, 20___.

My dear Hamid,

Assalam-o-Alaikum! I am very happy to know about your brilliant (شاندار) success in the Middle Standard Examinations. I think you will definitely (یقیناً) get scholarship (وظیفہ). It is time for you to decide whether you would like to study Arts or Science subjects for further studies. I advise you to study the science subjects because this is the age of science (سائنس کا زمانہ) and if you want to make progress, science is the best field to study. Doctors, engineers, architects, IT specialists are all ornamented (آراستہ) with the scientific knowledge. I wish you become a national hero in the field of science.

With best wishes.

Yours affectionately,
X.Y.Z.

السلام علیکم! مڈل سٹینڈرڈ امتحان میں آپ کی شاندار کامیابی کے بارے میں جان کر میں بہت خوش ہوں۔ میرا خیال ہے کہ تم یقیناً وظیفہ حاصل کرو گے۔ اب وقت آ گیا ہے کہ آپ فیصلہ کریں کہ مزید تعلیم کے لیے آپ آرٹس کے مضامین پڑھنا چاہتے ہو یا سائنس کے۔ میں آپ کو سائنس کے مضامین کے مطالعہ کا مشورہ دیتا ہوں کیونکہ یہ سائنس کا زمانہ ہے اور اگر آپ ترقی کرنا چاہتے ہیں تو مطالعہ کا بہترین شعبہ سائنس ہے۔ ڈاکٹرز، انجینئرز، معمار، آئی ٹی سپیشلسٹس سبھی سائنسی تعلیم سے آراستہ ہوتے ہیں۔ میری خواہش ہے کہ آپ سائنس کے شعبہ میں قومی ہیرو بن جائیں۔

نیک تمناؤں کے ساتھ۔

Standard

Examination Hall,
(City) A.B.C.
May 03, 20___.

My dear Hamid,

Assalam-o-Alaikum! Hopefully this letter will find you in the best of health. I am extremely (بے انتہا) glad (مسرور) to listen about your outstanding (اعلیٰ) achievement (کامیابی) in the Middle Standard Examination. I am certain (پُریقین ہونا) that you will receive scholarship (وظیفہ). Now you have to take either (یا تو) Humanities or Science subjects for further studies. As you know that we are living in the age of science, so I sincerely (خلوص سے) advise (نصیحت کرنا) you to study science subjects. Today all the progress in our world is due to this field (شعبہ). You know that the western countries are developed (ترقی یافتہ) only because of their supremacy (بالادستی، غلبہ) in the field of science. Doctors, engineers, architects, IT specialists, etc. all are equipped (لیس ہونا) with scientific knowledge.

I advise you to take science subjects for further studies and emerge (اُبھر کر سامنے آنا) as our national hero in this field. Believe me, by studying science you'll have vast (وسیع) scope (وسعت، گنجائش) to choose any field of your further choice, as this knowledge provides you tremendous (شاندار) opportunities of employments (روزگار کے مواقع). Furthermore (مزید یہ کہ), you'll be able to serve your nation and country in a positive way. I hope you will pay heed to my words (نصیحت پر دھیان دینا).

With a lot of best wishes.
Yours affectionately,
X.Y.Z.

السلام علیکم! امید ہے کہ یہ خط آپ کو ملے گا تو آپ تندرست ہوں گے۔ مڈل سٹینڈرڈ امتحانات میں آپ کی اعلیٰ کامیابی کا سن کر میں بہت زیادہ خوش ہوں۔ میں پُریقین ہوں کہ آپ وظیفہ پائیں گے۔ اب آپ کو مزید تعلیم کے لیے یا تو علمی یا پھر سائنسی مضامین اختیار کرنا ہوں گے۔ جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ آج ہم سائنسی دور میں جی رہے ہیں، لہٰذا میں آپ کو مخلصانہ نصیحت کرتا ہوں کہ سائنس کے مضامین کا مطالعہ کیجیے۔ آج ہماری دنیا میں ساری ترقی اسی شعبے کی وجہ سے ہے۔ آپ کو معلوم ہے کہ آج مغربی ممالک صرف سائنس کے شعبے میں اپنی بالادستی ہی کی بنا پر ترقی یافتہ ہیں۔ ڈاکٹر، انجینئر، ماہرین تعمیرات، آئی ٹی ماہرین، وغیرہ سبھی سائنسی علم سے لیس ہوتے ہیں۔

میں آپ کو نصیحت کرتا ہوں کہ مزید تعلیم کے لیے سائنس کے مضامین اختیار کرو اور اس شعبے میں ہمارے قومی ہیرو کے طور پر اُبھر کر سامنے آؤ۔ میرا یقین کریں، سائنس کے مضامین پڑھنے سے آپ کے لیے مزید اپنی مرضی کے شعبے کو اپنانے کی وسیع گنجائش ہوگی کیونکہ یہ علم آپ کو روزگار / پیشوں کے شاندار مواقع فراہم کرتا ہے۔ مزید یہ کہ آپ مثبت انداز میں اپنے ملک و قوم کی خدمت کرنے کے قابل ہو جائیں گے۔ امید کرتا ہوں کہ آپ میری نصیحت پر توجہ دیں گے۔

بے پناہ نیک تمناؤں کے ساتھ۔

(vii) Write a letter to your friend congratulating her on her birthday.

(اپنی سہیلی کو اس کی سالگرہ پر مبارکباد دینے کے لیے خط لکھیں۔)

Easy

Examination Hall,
(City) A.B.C.
August 03, 20___.

My dear Fatima,

Today I received your birthday invitation card. I am very happy to know that your birthday is on the 10th of this month. I congratulate you on this happy occasion (موقع). But I am sorry to say that I cannot attend your birthday party as my mom is sick now a days. I am sending you a gift of wrist watch. It will remind you of my love for you.

Please pay my compliments and congratulations to all at home.

Yours sincerely,

X.Y.Z.

آج مجھے آپ کی سالگرہ کا دعوت نامہ موصول ہوا۔ میں یہ جان کر بہت خوش ہوں کہ اس مہینے کی دس تاریخ کو آپ کی سالگرہ ہے۔ میں خوشی کے اس موقع پر آپ کو مبارکباد دیتی ہوں۔ مگر یہ کہتے ہوئے مجھے افسوس ہے کہ میں آپ کی سالگرہ کی تقریب میں شریک نہیں ہو سکتی کیونکہ میری امی آج کل بیمار ہیں۔ میں آپ کو کلائی گھڑی کا تحفہ بھیج رہی ہوں۔ یہ آپ کو میرے پیار کی یاد دلائے گا۔

مہربانی فرما کر میری طرف سے گھر کے تمام افراد کو سلام اور مبارکباد پیش کریں۔

Standard

Examination Hall,
(City) A.B.C.
August 03, 20___.

My dear Fatima,

Today, I received your birthday invitation card. it is a pleasant news for me that you are going to celebrate (جشن منانا) your birthday on the 10th instant of this month. I am really (حقیقتاً) glad (خوش) and cordially (دلی طور پر) congratulate (مبارکباد دینا) you on this memorable (یادگار) and happy occasion (موقع). Surely (یقیناً), it is a time of great pleasure for you and your family (اہل خانہ). It would have been a great pleasure (مسرت) for me to attend (شرکت کرنا) your birthday ceremony (تقریب), but I am extremely sorry to say that I am unable to attend your party. My mother is sick now a days and I am really worried about her. You know that my elder sister has got married, so I am the only one to attend (تیمارداری کرنا) the mother at home. Hopefully (اُمید ہے), you will not mind (برا ماننا) my absence (غیر موجودگی) and accept (قبول کرنا) my excuse (معذرت). Anyhow, (بہرحال) I am sending you a beautiful present (تحفہ) of wrist (کلائی) watch. This gift will always remind (یاد دلانا) you of my true feelings (سچے جذبات) of love for you.

Please convey my regards and compliments to all at home.

Yours sincerely,

X.Y.Z.

آج مجھے آپ کی سالگرہ کا دعوت نامہ موصول ہوا میرے لیے یہ خوش کن خبر ہے کہ آپ اس ماہ کی دس تاریخ کو اپنی سالگرہ منانے والی ہیں۔ میں حقیقتاً بہت خوش ہوں اور اس یادگار و پرمسرت موقع پر آپ کو دلی مبارکباد دیتی ہوں۔ یقیناً یہ آپ اور آپ کے اہل خانہ کے لیے بہت ہی خوشی کا وقت ہے۔ آپ کی سالگرہ کی تقریب میں شرکت کرنا میرے لیے بہت ہی پرمسرت ہوتا مگر مجھے یہ کہتے ہوئے شدید افسوس ہے کہ میں آپ کی پارٹی میں شرکت کرنے سے قاصر ہوں۔ میری امی آج کل بیمار ہیں اور میں ان کے لیے بہت متفکر ہوں۔ آپ جانتی ہیں کہ میری بڑی بہن کی شادی ہو چکی ہے چنانچہ گھر میں امی کی تیمارداری کے لیے صرف میں ہی ہوں۔ مجھے امید ہوں کہ آپ میری غیر موجودگی کا برا نہیں مانیں گی اور میری معذرت / عذر کو قبول کر لیں گی۔ تاہم میں کلائی گھڑی کا ایک خوبصورت تحفہ آپ کو بھیج رہی ہوں۔ یہ تحفہ ہمیشہ آپ کو اپنے لیے میری محبت کے سچے جذبات کی یاد دلائے گا۔

مہربانی فرما کر میری طرف سے گھر میں سب کو آداب اور مبارکباد پیش کریں۔

(viii) Write a letter to your friend requesting her to spend her spring holidays with you.

(اپنی سہیلی کو موسم بہار کی تعطیلات اپنے ساتھ گزارنے کی درخواست کرنے کیلئے خط لکھیں)

Easy

Examination Hall,
(City) A.B.C.
April 07, 20___.

My dear Alina,

Assalam-o-Alaikum! I hope you will be fine (ٹھیک). Our schools are going to be closed for spring holidays. I am writing this letter to invite you to spend a few days of these holidays with me. You know that I live in a hilly village. Here the cool atmosphere and green hills present a charming scene. The air of high mountains put a new life into our body. There is a fast flowing ice-cold stream near our village. The sweet smell of flowers spreads everywhere. We shall live together for few days. We shall enjoy the world of beauty and colours. I am sure that you will do come. Please inform me as early as possible about your programme by the return of post.

I am waiting for your reply.

Yours sincerely,
X.Y.Z

السلام علیکم! مجھے امید ہے کہ آپ ٹھیک ہوں گی۔ ہمارے سکول بہار کی چھٹیوں کے لیے بند ہونے والے ہیں۔ میں آپ کو دعوت دینے کے لیے یہ خط لکھ رہی ہوں کہ آپ ان چھٹیوں کے کچھ دن میرے ساتھ گزاریں۔ آپ جانتی ہیں کہ میں ایک پہاڑی گاؤں میں رہتی ہوں۔ یہاں سرد فضا اور سرسبز پہاڑیاں دلکش نظارہ پیش کرتی ہیں۔ بلند پہاڑوں کی ہوا ہمارے جسم میں نئی روح پھونکتی ہے۔ ہمارے گاؤں کے نزدیک برف کی طرح ٹھنڈی تیزی سی بہتی ہوئی ندی ہے۔ پھولوں کی بھینی خوشبو ہر طرف پھیل جاتی ہے۔ ہم کچھ دن اکٹھے رہیں گے۔ ہم رنگ و جمال کی اس دنیا سے لطف اندوز ہوں گے۔ مجھے یقین ہے کہ آپ ضرور آؤ گی۔ مہربانی سے جوابی لفافے کے ذریعے مجھے جلد از جلد اپنے پروگرام سے مطلع فرمائیں۔

میں آپ کے جواب کی منتظر ہوں۔

Standard

Examination Hall,
(City) A.B.C.
April 07, 20___.

My dear Alina,

Assalam-o-Alaikum! I do hope that you will be fit and fine by the grace of Allah Almighty. I am writing this letter to tell you that our school is going to be closed for spring holidays. You too have informed (اطلاع دی) me that your school is also going to be closed. My dear, it is time to

relax (آرام کرنا) and enjoy (لطف اٹھانا), getting rid of (نجات پانا) toilsome (تھکا دینے والا) study routine (معمولات پڑھائی). You know very well that I am a dweller (رہائشی) of hill station (پہاڑی مقام) and do live in a beautiful village. Ours is a pretty village in the Northern Areas and one may refresh (تازہ دم کرنا) oneself by visiting these areas. Therefore (اس لیے) I am willing (خواہشمند ہونا) that you should spend some days with me during these spring holidays. We'll have fun together (اکٹھے موج مستی کرنا) and shall visit Murree, Swat, Gilgit, Kalam, etc. My siblings (بہن بھائی) will also join (شامل ہونا) us and your company will surely add (اضافہ کرنا) to the beauty of these tours (دورہ). I am certain (پُر یقین ہونا) about your arrival (آمد). Don't worry (فکر کرنا), you will be quite secure (محفوظ) here. Just soon let me know about your tour-programme by the return of post (واپسی ڈاک).

I am waiting your reply anxiously (بے چینی سے).

Yours sincerely,

X.Y.Z.

السلام علیکم! اُمید کرتی ہوں کہ آپ بفضلِ خدا بخیرو عافیت ہوں گی۔ میں آپ کو یہ بتانے کے لیے یہ خط لکھ رہی ہوں کہ موسم بہار کی چھٹیوں کے لیے ہمارا سکول بند ہونے والا ہے۔ آپ نے بھی مجھے اطلاع دی ہے کہ آپ کا سکول بھی بند ہو رہا ہے۔ میری پیاری، اب پڑھائی کے تھکا دینے والے معمولات سے نجات پا کر آرام وسکون کرنے اور لطف اندوز ہونے کا وقت ہے۔ آپ بخوبی جانتی ہیں کہ میں ایک پہاڑی مقام کی رہائشی ہوں اور ایک خوبصورت سے گاؤں میں رہتی ہوں۔ ہمارا گاؤں شمالی علاقہ جات میں ایک پیارا سا دیہات ہے اور کوئی شخص ان علاقوں کا دورہ کر کے خود کو تازہ دم کر سکتا ہے۔ اس لیے میں چاہتی ہوں کہ موسم بہار کی ان چھٹیوں میں آپ کو میرے ہاں چند دن گزارنے چاہئیں۔ ہم اکٹھے خوب مزہ کریں گے اور مری، سوات، گلگت، کالام وغیرہ کا دورہ کریں گے۔ میرے بہن بھائی بھی ہمارے ساتھ ہوں گے اور آپ کا ساتھ (تو) یقیناً ان تفریحات کی خوبصورتی میں اضافہ کردے گا۔ میں آپ کی آمد کے بارے میں پُر یقین ہوں۔ فکر نہ کریں آپ یہاں بالکل محفوظ و مامون ہوں گی۔ بس جلدی سے مجھے واپسی ڈاک کے ذریعے اپنے دورے کے پروگرام کے بارے میں بتادیں۔

میں بے چینی سے آپ کے خط کی منتظر ہوں۔

(ix) Write a letter to your friend congratulating him on the marriage of his sister.

(اپنے دوست کو اس کی بہن کی شادی پر مبارکباد دینے کیلئے خط لکھیں۔)

Easy

Examination Hall,
(City) A.B.C.
December 29, 20___.

My dear Shahid,

Assalam-o-Alaikum! Your letter came to hand yesterday. I am very happy to know about the marriage ceremony (تقریب) of your sister. I congratulate you on this occasion. I am sorry to say that I cannot attend the ceremony because my annual exams are approaching (قریب آنا) and I have to prepare for them. I hope you will not mind it (برا نہیں منائیں گے).

Pay my regards and congratulations to all at home.

Yours sincerely,

X.Y.Z.

السلام علیکم! کل آپ کا خط ملا۔ میں آپ کی ہمشیرہ کی شادی کی تقریب کے بارے میں جان کر بہت خوش ہوں۔ میں اس موقع پر آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ مجھے یہ کہتے ہوئے افسوس ہے کہ میں اس تقریب میں حاضر نہیں ہو سکتا کیونکہ میرے سالانہ امتحانات قریب آ رہے ہیں اور مجھے ان کی تیاری کرنی ہے۔ مجھے امید ہے کہ آپ برا نہیں منائیں گے۔

گھر میں سب کو آداب اور مبارکباد کہہ دیں۔

Standard

Examination Hall,
(City) A.B.C.
December 29, 20___.

My dear Shahid,

Assalam-o-Alaikum! Yesterday your letter arrived (پہنچا) and herald (خوشی کی منادی کرنا) the exciting news of the marriage of your sister. I am pleased (مسرور ہونا) to learn about her marriage. No doubt, it is a grand occasion (بڑا موقع) for your family and all will be joyful (خوش) and excited (پرجوش). All near and dear ones (عزیز و اقارب) will gather (اکٹھا ہونا) and enhance (بڑھانا) your happiness. It is going to be great bustle (رونق، چہل پہل، دھوم دھام) in your home.

I cordially congratulate you on this happy occasion. May she thrive (پھلنا پھولنا) there fortunately (خوش قسمتی سے) and cause (سبب بننا) long-lasting (دیرپا) happiness in her spouse' life. I wish I could attend the marriage ceremony (شادی کی تقریب) and share your happiness (خوشی بانٹنا).
Unfortunately (بدقسمتی سے) I am unable (معذور ہونا) to attend the functions as I have to prepare (تیاری کرنا) for impending annual examinations. I haven't revise (دہرانا) my course (نصاب) fully till yet, so I am busy in studies day in and day out (دن رات ایک کرنا). I do hope that you will not mind my excuse (عذر). Although I am sending a present (تحفہ) for Baji Fouzia, with my best wishes (نیک تمنائیں). Kindly convey (پہنچانا) my congratulations and regards to all at home.
Yours sincerely,
X.Y.Z.

اسلام علیکم! کل آپ کا خط موصول ہوا اور آپ کی بہن کی شادی کی خبر کی پرجوش منادی کی۔ ان کی شادی کا سن کر میں بہت مسرور ہوں۔ بے شک یہ آپ کے خاندان کے لیے ایک بہت بڑا موقع ہے اور سبھی خوش و پرجوش ہوں گے۔ سبھی عزیز و اقارب اکٹھے ہوں گے اور آپ کی خوشی میں اضافہ کریں گے۔ آپ کے گھر تو بڑی دھوم دھام ہونے والی ہے۔
خوشی کے اس موقع پر میں آپ کو دلی مبارکباد دیتا ہوں۔ اللہ کرے کہ وہ وہاں خوش بختی سے پھلے پھولے اور اپنے شریکِ حیات کی زندگی میں تادیر خوشی/مسرت کا سبب بنے۔ کاش کہ میں شادی کی تقریب میں شرکت کر پاتا اور آپ کی خوشی بانٹ سکتا۔ بدقسمتی سے میں تقریبات میں شرکت سے قاصر ہوں کیونکہ میرے سالانہ امتحان سر پر ہیں۔ میں نے تاحال اپنا نصاب مکمل طور پر دہرایا بھی نہیں ہے چنانچہ میں پڑھائی میں دن رات ایک کرکے مصروف ہوں۔ مجھے امید ہے کہ میرے عذر پر آپ برا نہیں منائیں گے۔ تاہم میں نیک تمناؤں کیساتھ باجی فوزیہ کے لیے ایک تحفہ بھیج رہا ہوں۔ براہِ مہربانی، گھر میں سبھی کو میری مبارکباد اور آداب پہنچا دیں۔

(x) Write a letter to your friend requesting him to lend you some books.

(اپنے دوست سے چند کتب مستعار لینے کی درخواست کرنے کے لیے خط لکھیں۔)

Easy

Examination Hall,
(City) A.B.C.
February 18, 20___.

My dear Zeeshan,

I hope you are enjoying good health. My examination is over. I am quite free these days. I want to improve (بہتر کرنا) my English. Please lend (ادھار دینا) me some books about English language and literature (ادب). I promise to use them with care. I shall return them as early as possible.

Pay my compliments (تسلیمات) to your parents.

Yours sincerely,
X.Y.Z.

مجھے امید ہے کہ آپ اچھی صحت سے لطف اندوز ہو رہے ہوں گے۔ میرے امتحانات ختم ہو گئے ہیں۔ میں آج کل بالکل فارغ ہوں۔ میں اپنی انگلش بہتر بنانا چاہتا ہوں۔ مہربانی سے مجھے انگریزی زبان اور ادب کے بارے میں کچھ کتابیں ادھار دیں۔ میں انہیں احتیاط کے ساتھ استعمال کرنے کا وعدہ کرتا ہوں۔ جس قدر جلد ممکن ہوا میں یہ کتابیں آپ کو واپس کر دوں گا۔
اپنے والدین کو میری طرف سے تسلیمات کہہ دیں۔

Standard

Examination Hall,
(City) A.B.C.
February 18, 20___.

My dear Zeeshan,

I hope this letter will find you in the best of your health. My examination is over. Now I am free from hectic routine (پریشان کن معمول) for the time being (وقتی طور پر), therefore I want to relax and enjoy myself fully. Zeeshan, I have planned to utilize (استفادہ کرنا) my leisure (فرصت کے اوقات) positively. You know very well (بخوبی آگاہ) that I am a bit (تھوڑا سا) weak in English language. I am in need (ضرورت ہونا) of studying some useful (مفید) books of English language and literature. I know that you are fond (شوقین) of collecting (جمع کرنا) and reading books on diversed topics (مختلف النوع موضوعات). Luckily (خوش قسمتی سے), you have a good collection (مجموعہ) in your library (کتب خانہ). I request (درخواست کرنا) you to lend (اُدھار دینا) me some English books for a few (چند) days. I assure (یقین دہانی کرانا) you to use them carefully (احتیاط سے) and return intact (صحیح سالم) and soon. Kindly pay my humble compliments (عاجزانہ تسلیمات) to your parents.

Yours sincerely,

X.Y.Z.

اُمید ہے کہ یہ خط آپ کو موصول ہوگا تو آپ اچھی صحت میں ہوں گے۔ میرے امتحانات ختم ہو چکے ہیں۔ اب میں وقتی طور پر اُلجھن زدہ معمول سے آزاد ہوں، اس لیے میں سکون کرنا اور خود سے لطف اندوز ہونا چاہتا ہوں۔ ذیشان، میں نے اپنے فارغ وقت سے بھرپور استفادہ کرنے کا منصوبہ بنایا ہے۔ آپ بخوبی آگاہ ہیں کہ میں انگریزی زبان میں تھوڑا سا کمزور ہوں۔ مجھے انگریزی زبان و ادب کی چند مفید کتب پڑھنے کی ضرورت ہے۔ مجھے معلوم ہے کہ آپ مختلف النوع موضوعات پر کتب جمع کرنے اور پڑھنے کے شوقین ہیں۔ خوش قسمتی سے آپ نے اپنے کتب خانے میں کتابوں کا اچھا مجموعہ رکھا ہوا ہے۔ میں درخواست کرتا ہوں کہ مجھے انگریزی کی کچھ کتابیں چند روز کے لیے ادھار دے دیں۔ میں آپ کو یقین دہانی کراتا ہوں کہ انھیں احتیاط سے استعمال کروں گا اور صحیح سالم جلدی لوٹا دوں گا۔ براہِ مہربانی اپنے والدین کو میری عاجزانہ تسلیمات دیجیے۔

(xi) Write a letter to your friend thanking her for her hospitality during your visit to her house.

(سہیلی کے گھر قیام پر اس کی میزبانی کا شکریہ ادا کرنے کے لیے اُسے خط لکھیں)

Easy

Examination Hall,
(City) A.B.C.
May 23, 20___.

My dear Aqsa,

I have reached home safely. I am quite fine here. I spent (گزارا) a good time with you. I felt (محسوس کیا) as if it was my own home. Your parents treated (پیش آئے) me as their own family

member. I shall always remember their love for me. My mother and father all praise for you and they wish me to thank you for kind hospitality.

Convey my thanks to aunt and uncle for their kindness and love.

With best wishes.

Yours sincerely,
X.Y.Z.

میں بحفاظت گھر پہنچ گئی ہوں۔ میں یہاں بالکل ٹھیک ہوں۔ میں نے آپ کے ساتھ اچھا وقت گزارا۔ میں نے یوں محسوس کیا جیسے یہ میرا اپنا گھر تھا۔ آپ کے والدین میرے ساتھ اس طرح پیش آئے جیسے میں ان کے ہی خاندان کی ایک فرد ہوں۔ میں ہمیشہ ان کے پیار کو یاد رکھوں گی۔ میرے ابو اور امی آپ کے بڑے معترف ہیں اور ان کی خواہش ہے کہ میں آپ کی مشفقانہ مہمان نوازی کا شکریہ ادا کروں۔

میری طرف سے خالہ اور خالو کو ان کی شفقت اور محبت کے لیے شکریہ ادا کر دینا۔

نیک خواہشات کے ساتھ۔

Standard

Examination Hall,
(City) A.B.C.
May 23, 20___.

My dear Aqsa,

I have reached home quite safe and sound (صحیح سلامت). I am alright (بالکل ٹھیک) here. To stay with you and your family was a marvelous (حیرت انگیز) experience (تجربہ) for me. Indeed (دراصل), I spent there a good time. I really felt secured (محفوظ) and at home there. I cannot forget (بھولنا) your hospitality (مہمان نوازی). Your siblings (بہن بھائی) gave me nice company (صحبت دینا) and never let me get bored. On the other hand (دوسری جانب), your parents took great care (بہت خیال رکھا) of me and treated (برتاؤ کیا) as their own child. Their love and affection (شفقت) has imprinted (نقش کرنا) indelible impacts (انمٹ نقوش).

My dear, I am truly thankful (شکرگزار) to all of you and will always cherish (عزیز رکھنا) those sweet memories (میٹھی یادیں). My visit (دورہ) and stay (قیام) in your house infact, was one of the happiest experiences of my life. My parents are particularly (بطور خاص) all praise for you and wish (چاہنا) me to express gratitude (شکرگزاری کرنا) for your hospitality (مہمان نوازی), you rendered (ادا کرنا) for me.

Kindly convey (پہنچانا) my gratitude to dear aunt and uncle for their kindness and affection (شفقت).

With best wishes.

Yours sincerely,
X.Y.Z.

میں بالکل صحیح سلامت گھر پہنچ گئی ہوں اور یہاں بالکل ٹھیک ٹھاک ہوں۔ آپ اور آپ کے اہل خانہ کے ساتھ قیام کرنا میرے لیے ایک انوکھا (حیرت انگیز) تجربہ تھا۔ دراصل میں نے وہاں اچھا وقت گزارا۔ میں نے خود کو بالکل محفوظ اور گھر جیسا ہی محسوس کیا۔ میں آپ کی مہمان نوازی نہیں بھول سکتی۔ آپ کے بہن بھائیوں نے مجھے اچھی صحبت دی اور مجھے کبھی بور نہ ہونے دیا۔ دوسری جانب آپ کے والدین نے میرا بہت خیال رکھا اور مجھ سے اپنے بچے کی طرح برتاؤ رکھا۔ ان کے پیار و شفقت نے میرے ذہن پر انمٹ نقوش ثبت کر دیے ہیں۔

میری عزیزہ، میں حقیقتاً آپ سب کی شکرگزار ہوں اور اُن میٹھی یادوں کو ہمیشہ ہی عزیز رکھوں گی۔ آپ کے گھر میرا دورہ و قیام درحقیقت میری زندگی کے پُرمسرت ترین تجربات میں سے ایک تھا۔ میرے والدین خاص کر آپ کے بڑے معترف ہیں اور چاہتے ہیں کہ میں اُس مہمان نوازی پر آپ کا شکریہ ادا کروں، جو آپ نے میری کی۔

براہِ کرم، پیارے خالو جان اور خالہ جان کو اُن کی شفقت و محبت پر میرے تشکرات پہنچا دیجیے۔

نیک خواہشات کے ساتھ۔

(xii) Write a letter to your friend condoling the death of his mother.
(اپنے دوست کو اس کی والدہ کی وفات پر تعزیت کے لیے خط لکھیں۔)

Easy

Examination Hall,
(City) A.B.C.
September 28, 20___.

My dear Inaam,

Assalam-o-Alaikum! I received your letter yesterday. I am very sorry at your mother's sudden death (اچانک وفات). It is a great loss (بڑا صدمہ). Your mother was very pious (نیک) and kind (مہربان) woman. She loved everyone and everyone loved her. All my sympathies (ہمدردیاں) are with you. Have patience (صبر) and pray to God for your mother's eternal peace (دائمی سکون). May Allah shower His eternal blessings (رحمتیں) upon her. Ameen!

Yours sincerely,
X.Y.Z.

السلام علیکم! کل مجھے آپ کا خط ملا۔ مجھے آپ کی والدہ کی اچانک وفات کا جان کر بہت دکھ ہوا۔ یہ بہت بڑا صدمہ ہے۔ آپ کی والدہ بہت نیک اور مہربان خاتون تھیں۔ وہ ہر ایک سے محبت کرتی تھی اور ہر کوئی ان سے محبت کرتا تھا۔ میری سب ہمدردیاں آپ کے ساتھ ہیں۔ صبر کریں اور اپنی والدہ کے دائمی سکون کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ ان پر اپنی ابدی رحمتیں نازل فرمائے۔ آمین!

Standard

Examination Hall,
(City) A.B.C.
September 28, 20___.

My dear Inaam,

Assalam-o-Alaikum! Your letter came to hand (موصول ہوا) yesterday. I am greatly (بہت زیادہ) shocked to learn about the news of your mother's sudden death. Though, she was in good health, but who can avert Divine decree... I have no words to express (اظہار کرنا) my sorrow (دکھ) at your great loss (عظیم نقصان). It was the decree of fate (قسمت کا لکھا), as everyone is born to die some day in the mortal (فانی) world and nobody can avert (بدلنا) this Divine decree (خدائی فیصلہ). We can just pray for the peace of the departed souls of our near and dear ones (عزیز و اقارب).

My dear, your mother was very nice lady, having characteristics (کرداری خصوصیت) of godliness (پارسائی، تقویٰ) and kindness (شفقت، مہربانی). And due to these traits (خصوصیات) she had earned good name. She loved everyone and resultantly (نتیجتاً) was loved by everyone. My sympathies (ہمدردیاں) are with you. Please accept my condolences (تعزیت) at this occasion (موقع) of great grief and sorrow. You should be patient (صابر) and pray a lot (وافر) to Allah Almighty for your mother's eternal (دائمی) peace (سکون). May Allah Almighty (خدائے بزرگ و برتر) bless (نوازنا) her with His eternal blessings (رحمتیں). Ameen!

Yours sincerely,
X.Y.Z.

السلام علیکم! کل آپ کا خط ملا۔ آپ کی والدہ کی اچانک وفات کی خبر سن کر مجھے بہت زیادہ صدمہ ہوا۔ اگر چہ وہ اچھی صحت رکھتی تھیں مگر خدائی حکم کو کون ٹال سکتا ہے۔۔۔ آپ کے اس عظیم سانحے پر اظہار افسوس کے لیے میرے پاس الفاظ نہیں ہیں۔ یہ قسمت کا لکھا تھا چونکہ اس فانی دنیا میں ہر شخص ہی کسی روز مر جانے

کے لیے پیدا ہوتا ہے اور کوئی بھی اس خدائی فیصلے کو بدل نہیں سکتا۔ ہم بس اپنے عزیز و اقارب کی بچھڑتے والی روحوں کے سکون کے لیے دعا ہی کر سکتے ہیں۔
میرے عزیز، آپ کی والدہ تقوی و شفقت کی خوبیوں کی حامل ایک بہترین خاتون تھیں۔ اور انھی خصوصیت کی بنا پر انھوں نے اچھا نام و مقام پایا تھا۔ انھوں نے سب سے محبت کی اور نتیجتاً سبھی سے محبت پائی۔ میری ہمدردیاں آپ کے ساتھ ہیں۔ براو کرم عظیم دکھ اور غم کے اس موقع پر میری تعزیت قبول کیجیے۔ آپ کو صابر بننا چاہیے اور اپنی امی کے دائمی سکون کے لیے اللہ تعالی سے۔ سب بناہ دعا کرنی چاہیے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالی انھیں اپنی ابدی رحمتوں سے نوازے۔ آمین!

(xiii) Write a letter to your brother advising him to take steps to improve his health.

(اپنے بھائی کو اپنی صحت ٹھیک کرنے کے اقدامات لینے کے لیے نصیحت کا خط لکھیں۔)

Easy

Examination Hall,
(City) A.B.C.
March 03, 20___.

My dear Imran,

Assalam-o-Alaikum! I am very much worried (پریشان) to know that you have grown weak due to (کی وجہ سے) overwork. Nothing can compensate (تلافی کرنا) the loss of health. You should take due care of your health. You should go for a morning walk daily. Take regular exercise and balanced diet (متوازن غذا). Do not study till late at night. Act upon (عمل کرو) this saying (کہاوت), "Early to bed and early to rise (اٹھنا) makes a man healthy (تندرست), wealthy (دولت مند) and wise." I hope you will pay heed (دھیان دو گے) to it.

Yours affectionately,
X.Y.Z.

السلام علیکم! میں یہ جان کر بہت پریشان ہوں کہ تم زیادہ کام کی وجہ سے کمزور ہو گئے ہو۔ کوئی چیز بھی صحت کے نقصان کی تلافی نہیں کر سکتی۔ تمہیں اپنی صحت کا مناسب دھیان رکھنا چاہیے۔ تمہیں روزانہ صبح کی سیر کے لیے جانا چاہیے۔ باقاعدہ ورزش کرو اور متوازن غذا کھاؤ۔ رات گئے تک نہ پڑھو۔ اس کہاوت پر عمل کرو "جلد سونا اور جلد بیدار ہونا انسان کو تندرست، دولت مند اور عقل مند بناتا ہے۔" مجھے امید ہے کہ تم اس طرف دھیان دو گے۔

Slandard

Examination Hall,
(City) A.B.C.
March 03, 20___.

My dear Imran,

Assalam-o-Alaikum! I am extremely (شدید) worried (متفکر) after came to know from mother that you have ruined (برباد کرنا) your health by burning midnight oil (رات دن محنت کرنا) to get a distinctive position (نمایاں پوزیشن). Remember (یاد رکھنا), nothing will compensate your lost health. Though (اگرچہ), it is appreciable (قابل ستائش) to devote (وقف کرنا) maximum (زیادہ سے زیادہ) time to your studies, but you should also take good care of yourself.

It is my sincere (مخلصانہ) advice (نصیحت) to you, to pay due attention (جائز توجہ) to your disordered (بے ترتیب) life style (انداز زندگی). Go for a morning walk regularly. Do not be lazy (سست) and take some useful (کارآمد) exercise (ورزشیں) daily. Be careful (محتاط رہنا) about your intake and take only balanced and nutrient (غذائیت سے بھرپور) diet (غذا). Spare some time for relaxation (آرام) and don't keep studying till late night. Act upon this famous (مشہور) proverb (مقولہ); "Early to bed

and early to rise makes a man healthy, wealthy and wise." To maintain fitness (درستی برقرار رکھنا) you should participate (حصہ لینا) in physical sports (جسمانی کھیلیں). Hopefully my words will not go to the deaf ears (کسی بات پر توجہ نہ دینے والا). Just act upon my advice seriously (سنجیدگی سے).

With best wishes.
Yours affectionately,
X.Y.Z.

السلام علیکم! امی جان سے یہ معلوم ہونے پر میں شدید متفکر ہوں کہ تم نے نمایاں پوزیشن حاصل کرنے کے لیے دن رات محنت کرتے ہوئے اپنی صحت برباد کر لی ہے۔ یاد رکھو! کوئی بھی چیز تمہاری کھوئی ہوئی صحت کا ازالہ نہیں کرے گی۔ اگرچہ یہ قابل ستائش ہے کہ تم اپنا زیادہ سے زیادہ وقت اپنی پڑھائی کے لیے وقف کرو، مگر تمہیں اپنی صحت کا بھی خیال رکھنا چاہیے۔

تمہیں یہ میری مخلصانہ نصیحت ہے کہ اپنے بے ترتیب انداز زندگی پر خاص توجہ کرو۔ صبح کی سیر کے لیے باقاعدگی سے جاؤ۔ سست نہ ہو اور روزانہ چند مفید ورزشیں کرو۔ اپنی خوراک کے بارے میں محتاط رہو اور صرف متوازن و غذائیت سے بھرپور غذا لو۔ سستانے کے لیے تھوڑا وقت نکالو اور رات گئے تک پڑھتے نہ رہو۔ اس مشہور مقولے پر عمل کرو: "جلدی سونا اور جلدی جاگنا انسان کو صحت مند، دولت مند اور عقل مند بناتا ہے"۔ جسمانی درستی برقرار رکھنے کے لیے تمہیں جسمانی کھیلوں میں حصہ لینا چاہیے۔ اُمید ہے کہ میرے الفاظ کسی لاپرواہ کے لیے نہ ہوں گے۔ بس سنجیدگی سے میری نصیحت پر عمل پیرا ہو جاؤ۔

نیک تمناؤں کے ساتھ۔

(xiv) Write a letter to your sister thanking her for a gift.
(تحفہ دینے پر بہن کا شکریہ ادا کرنے کے لیے خط لکھیں۔)

Easy

Examination Hall,
(City) A.B.C.
July 19, 20___.

My dear Nurmeen,

Assalam-o-Alaikum! I hope that this letter will find you in the best of your health. I have just received your kind letter and the gift of a wrist watch on my birthday. It is a very beautiful watch. I needed (ضرورت تھی) it badly. It keeps correct time and it will make me punctual . It will always remind (یاد دلانا) me of your great love for me. I thank you once again for this valuable (قیمتی) gift.

Yours affectionately,
X.Y.Z.

السلام علیکم! مجھے امید ہے کہ جب یہ خط آپ کو ملے گا تو تم بہترین تندرست ہوگی۔ مجھے ابھی تمہارا پیارا سا خط اور میری سالگرہ کا خوبصورت کلائی گھڑی کا تحفہ ملا۔ یہ بہت خوبصورت گھڑی ہے۔ مجھے اس کی اشد ضرورت تھی۔ یہ درست وقت بتاتی ہے۔ اور مجھے وقت کا پابند بنا دے گی۔ یہ ہمیشہ مجھے تمہارے پیار کی یاد دلائے گی۔ میں اس قیمتی تحفے کے لیے ایک بار پھر تمہارا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

Standard

Examination Hall,
(City) A.B.C.
July 19, 20___.

My dear Nurmeen,

Assalam-o-Alaikum! I do hope that my letter will find you in the best of your health. I received your parcel containing (مشتمل) a precious gift of a wrist watch. Dear sister, I liked (پسند کیا)

your gift a lot. It is a very nice watch of delicate design (نازک نمونہ). Its square shaped dial makes it attractive (جاذب نظر). Truly speaking, It was my dire need (شدید ضرورت), because I have lost my earlier watch some days ago. Your kind gift has fulfilled (پورا کرنا) my need. This watch is of superior quality and gives correct time (درست وقت). Surely (یقیناً), it will make me punctual (وقت کا پابند). I will keep it in good condition (اچھی حالت میں) and shall remember (یاد کرنا) your affection (شفقت) and great love.

I thank you from the depth of my heart (دل کی گہرائی سے) for this lovely gift (پیارا تحفہ). It will remind (یاد دلانا) me of your deep love feelings (پیار کے جذبات) for me. Thanks again for such a valuable (قیمتی) gift.

Yours affectionately,
X.Y.Z.

السلام علیکم! مجھے امید ہے کہ میرا یہ خط تمہیں تندرست و توانا پائے گا۔ مجھے تمہارا پارسل ملا جو کہ میرے لیے سالگرہ کے ایک قیمتی تحفے کلائی گھڑی پر مشتمل تھا۔ پیاری بہنا، مجھے تمہارا تحفہ بہت پسند آیا ہے۔ یہ نازک سے نمونے والی بہت ہی عمدہ گھڑی ہے۔ اس کا چوکور ڈائل اسے جاذب نظر بناتا ہے۔ سچی بات ہے کہ مجھے اس (گھڑی) کی شدید ضرورت تھی کیونکہ کچھ روز قبل میری پہلے والی گھڑی کھو گئی ہے۔ تمہارے مشفقانہ تحفے نے میری ضرورت پوری کر دی ہے۔ یہ گھڑی اعلیٰ معیاری ہے اور صحیح وقت دیتی ہے۔ یقیناً یہ مجھے وقت کا پابند کر دے گی۔ میں اسے اچھی حالت میں رکھوں گا اور تمہاری شفقت اور بے پناہ پیار کو یاد کروں گا۔

اس پیارے تحفے کے لیے میں دل کی گہرائی سے تمہارا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ یہ مجھے اپنے لیے تمہارے گہرے پیار کے احساسات کی یاد دلائے گی۔ ایسے بیش قیمت تحفہ کے لیے ایک بار پھر سے شکریہ۔

(xv) Write a letter to your friend thanking him for the books he lent to you.

(دوست نے جو کتابیں آپ کو ادھار دیں اُن کے لیے اس کا شکریہ ادا کرنے کا خط لکھیں۔)

Easy

Examination Hall,
(City) A.B.C.
November 11, 20___.

My dear Touseef,

Assalam-o-Alaikum! I have received the books on English you have lent (مستعار دی ہیں) me. I am very thankful (شکر گزار) to you for them. I have started reading these books. I shall keep them with great care. I promise to return you these books as soon as (جس قدر جلد) possible (ممکن). I thank you once again.

Pay my salam to all at home.

Yours sincerely,
X.Y.Z.

السلام علیکم! مجھے انگریزی کی وہ کتابیں مل گئیں ہیں جو آپ نے مجھے مستعار دی ہیں۔ میں ان کے لیے آپ کا بہت شکر گزار ہوں۔ میں نے ان کتابوں کا مطالعہ شروع کر دیا ہے۔ میں ان کو بڑی احتیاط سے رکھوں گا۔ میں وعدہ کرتا ہوں کہ جس قدر جلد ممکن ہوا یہ کتابیں آپ کو واپس کر دوں گا۔ میں ایک بار پھر آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

گھر میں سبھی کو میرا سلام کہیے۔

Standard

Examination Hall,
City A.B.C.
November 11. 20___.

My dear Touseef,

Assalam-o-Alaikum! I do hope that you are enjoying good health by the grace of Allah (بفضلِ خدا). Yesterday, I received a parcel (پارسل), containing (پر مشتمل) English books which you lent (ادھار دی) me to quench my thirst (پیاس بجھانا) of reading. You have sent me some good and helpful (مددگار) books on language and literature. My dear, I deeply express my gratitude (شکرگزاری) for this favour (حمایت،طرفداری). I was in dire need of improving (بہتر کرنا) my English language and your books will surely help me a lot to improve my communication skills (مہارتیں) in English.

These books are going to broaden (وسعت دینا) my vision (بصیرت) and polish my language skills. I assure (یقین دلانا) you to keep them intact (جوں کا توں رکھنا) and return as soon as possible (جتنی جلدی ممکن ہو). Now, I am the trustee (امانت دار،امین) of your books and I will take every possible care (ہر ممکن احتیاط برتنا) to keep them in good condition (اچھی حالت میں رکھنا). Thanks a lot, once again.

Kindly convey (پہنچانا) my compliments (تسلیمات) to all at home.

Yours sincerely,

X.Y.Z.

السلام علیکم! اُمید کرتا ہوں کہ آپ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی صحت سے لطف اندوز ہو رہے ہوں گے۔ کل مجھے اُن انگریزی کتب پر مشتمل پارسل موصول ہوا جو آپ نے مجھے اپنے مطالعہ کی تشنگی کے لیے مستعار دیں۔ آپ نے مجھے زبان و ادب کی چند اچھی و کارآمد کتب بھیجی ہیں۔ میرے عزیز! اس حمایت پر میں بے پناہ اظہارِ تشکر کرتا ہوں۔ مجھے اپنی انگریزی بہتر بنانے کی اشد ضرورت تھی اور آپ کی (بھیجی ہوئی) کتابیں یقیناً مجھے اپنی انگریزی ابلاغ کی مہارتوں کو بہتر بنانے میں بہت زیادہ مدد دیں گی۔

یہ کتب میری بصیرت میں اضافہ کرنے اور لسانی مہارتوں کو صیقل کرنے والی ہیں۔ میں انھیں جوں کا توں رکھنے اور جتنی جلدی ممکن ہو سکے واپس کرنے کی یقین دہانی کراتا ہوں۔ اب میں آپ کی (ان) کتب کا امانت دار ہوں اور انھیں اچھی حالت میں رکھنے کی ہر ممکن کوشش کروں گا۔ ایک بار پھر سے بہت شکریہ۔
براہِ مہربانی گھر میں سبھی کو میری تسلیمات پہنچا دیجیے۔

☆☆☆

PARAGRAPH WRITING (عبارت نویسی)

A Paragraph is a number of sentences, grouped together and relating to one topic; or, a group of related sentences that develop a single point. The supporting details of paragraph must point to a single idea or topic. Each detail must be relevant and related to the main idea. There exist a few principles of paragraph structure i.e.

عبارت اُن متعدد فقرات کا مجموعہ ہوتا ہے جو کسی واحد موضوع پر اکٹھے کیے گئے ہوں یا فقرات کا ایسا مجموعہ جو کسی واحد نکتہ نظر پر بحث کرتا ہو۔ عبارت کی معاون تفصیلات کو واحد خیال یا موضوع سے متعلقہ ہونا چاہیے۔ ہر تفصیل مرکزی خیال سے وابستہ ہونی چاہیے۔ عبارت نویسی کے لیے چند اصول/قوانین موجود ہیں۔ مثلاً:

(i) Unity of thought (ii) Order or Sequence of Construction
(iii) Full & Rounded Final Sentences in the Conclusion.

Following are given a few paragraphs of the Text Book and previous Board Papers:

ذیل میں درسی کتاب اور بورڈ کے سابقہ پرچہ جات کے کچھ پیراگرافس دیے جاتے ہیں:

1. My School (Easy) (میرا سکول)

I study (پڑھتا ہوں) in the Al-Faisal Grammar High School, Faisalabad. Its building is very grand (بڑی). It has three storeys (منزلیں). There are twenty seven rooms in it. All the rooms are neat (صاف), clean and airy (ہوادار). Every classroom has two electric fans. There is a big hall in my school. Meetings (اجلاس) and examinations are held there. My school has a big library. We read books, newspapers and magazines there. My school also has a science laboratory. Fifty teachers teach in my school. They are well qualified (اعلیٰ تعلیم یافتہ), trained and experienced (تجربہ کار). They are very hardworking (محنتی). They are kind (شفیق) to us. They teach us with great care (احتیاط) and devotion (لگن). Our principal is a very noble man (شریف آدمی). All obey (کہا ماننا) and honour (عزت کرنا) him. My school shows very excellent (شاندار) results. May it flourish (ترقی کرنا) day by day (روز بروز)!

میں الفیصل گرامر ہائی سکول فیصل آباد میں پڑھتا ہوں۔ اس کی عمارت بہت بڑی ہے۔ یہ تین منزلہ ہے۔ اس میں ستائیس کمرے ہیں۔ تمام کمرے صاف ستھرے اور ہوادار ہیں۔ ہر کلاس روم میں دو برقی پنکھے ہیں۔ میرے سکول میں ایک بڑا ہال ہے۔ یہاں میٹنگز اور امتحانات منعقد ہوتے ہیں۔ میرے سکول میں ایک بڑی لائبریری ہے۔ ہم وہاں کتابیں، اخبارات اور رسائل پڑھتے ہیں۔ میرے سکول میں ایک سائنس لیبارٹری بھی ہے۔ میرے سکول میں پچاس اساتذہ پڑھاتے ہیں۔ وہ بہت تعلیم یافتہ، تربیت یافتہ اور تجربہ کار ہیں۔ وہ بہت محنتی ہیں۔ وہ ہم سے شفقت سے پیش آتے ہیں۔ وہ ہمیں نہایت احتیاط اور لگن سے پڑھاتے ہیں۔ ہمارے پرنسپل صاحب بہت شریف آدمی ہیں۔ سب اُن کا کہا مانتے ہیں اور عزت کرتے ہیں۔ میرا اسکول بہت ہی شاندار نتائج دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اسے روز بروز ترقی دے۔

My School (Standard) (میرا سکول)

My school is a place (مقام، ٹھکانہ) of great charm (کشش) for me. Although (اگرچہ) its building is pretty old (بہت پرانی), yet it seems (دکھائی دیتا ہے) to cast a spell (جادو کرنا) on us. Some of the walls are massive (بڑی) and ceilings (چھتیں) are very high. Even the cruel (سخت) summer (موسم گرما) fails to make our classrooms hot and humid. The location (محل وقوع) of my school is just by the side of the historic (تاریخی) fort (قلعہ). The high walls of the fort scarred (نشان زدہ) with signs (اثرات، علامات) of wind (ہوا) and weather (موسم), look wonderful (حیرت انگیز). They have a mystery (راز، اسرار) of their own. We understand (سمجھتے ہیں) our history lesson (سبق) very well because of nearness (قرب) to the

famous fort. The teaching staff at my school is kind (مہربان) and devoted (لگن والا). A large playground with a row of evergreen (سدابہار) tall trees faces (سامنے ہے) the school building. Moreover it is away (دور) from all the hustle and bustle (چہل پہل) of the main road. I am glad (خوش) that my school is far ahead (بہت آگے) of others in good results, sports, debates(مباحثے), library and scouting.

میرا اسکول میرے لئے بہت پرکشش جگہ ہے۔ اگرچہ اس کی عمارت بہت پرانی ہے، پھر بھی یہ ہمیں سحرزدہ کرتی دکھائی دیتی ہے۔ کچھ دیواریں بہت بڑی ہیں اور چھتیں بہت اونچی ہیں۔ حتی کہ سخت موسم گرما ہمارے کلاس روم کو گرم اور تم آلود کرنے میں ناکام رہتا ہے۔ میرا اسکول تاریخی قلعہ کے بالکل ساتھ واقع ہے۔ قلعہ کی بلند دیواریں آب و ہوا اور موسم کے اثرات لیے ہوئے حیرت انگیز دکھائی دیتی ہیں۔ ان کے اپنے اسرار و رموز ہیں۔ مشہور قلعہ کے قریب ہونے کی وجہ سے ہم اپنا تاریخ کا سبق بہت اچھی طرح سے سمجھ جاتے ہیں۔ میرے سکول کو پڑھانے والا عملہ مہربان اور لگن والا ہے۔ سکول کی عمارت کے سامنے ایک بڑا کھیل کا میدان ہے جس میں سدابہار لمبے درختوں کی قطار ہے۔ مزید یہ کہ یہ مین روڈ کی گہما گہمی سے پرے ہے۔ میں خوش ہوں کہ میرا اسکول اچھے نتائج، کھیلوں، مباحثوں، لائبریری اور سکاؤٹنگ میں دیگر سکولوں سے بہت آگے ہے۔

2. Girl Guides (Easy) (گرل گائیڈز)

Girl Guides is an international (بین الاقوامی) organization (تنظیم). It was founded (بنیاد رکھی گئی) by Mr. Baden Powel and his sister Lady Agnes in 1910. Rallies (اجتماعات) are organized for the girl guides. They are given training (تربیت) to do their work themselves and to serve others. They cook their own food. They do everything by themselves. This training builds (تعمیر کرتی ہے) their character (کردار). A sense of sacrifice (قربانی کا احساس) is developed in them. They become willing (رضا مند) worker and co-operative (تعاون کرنے والی). They can face (سامنا کر سکتی ہیں) their problems manfully (مردانہ وار). During the war, their services are very useful (مفید) for the society. Sometimes, international rallies are arranged. Girl guides meet guides of foreign countries. Feeling of fellowship is developed in them. Girl guides work for the peace (امن) of the world. It is a very useful (مفید) organization because its aim is to serve the mankind (انسانیت).

گرل گائیڈز ایک بین الاقوامی تنظیم ہے۔ اس کی بنیاد مسٹر بیڈن پاول اور اس کی بہن لیڈی ایگنس نے 1910ء میں رکھی۔ گرل گائیڈ کے لیے اجتماعات منعقد کیے جاتے ہیں۔ انہیں اپنے کام خود کرنے اور دوسروں کی خدمت سرانجام دینے کی تربیت دی جاتی ہے۔ وہ اپنا کھانا پکاتی ہیں۔ وہ ہر کام اپنے ہاتھوں سے کرتی ہیں۔ یہ تربیت ان کے کردار کی تعمیر کرتی ہے۔ ان میں قربانی کا احساس پیدا کیا جاتا ہے۔ وہ عملی کام کے لیے آمادہ کارکن اور تعاون کرنے والی بن جاتی ہیں۔ وہ اپنے مسائل کا مردانہ وار سامنا کر سکتی ہیں۔ جنگ کے دوران ان کی خدمات معاشرہ کے لیے بہت فائدہ مند ہوتی ہیں۔ بعض اوقات بین الاقوامی اجتماعات منعقد کیے جاتے ہیں۔ گرل گائیڈز دیگر ممالک کی گائیڈز سے ملتی ہیں۔ ان میں ایک دوسرے کے ساتھ ہونے کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ گرل گائیڈز عالمی امن کے لیے کام کرتی ہیں۔ یہ ایک بہت مفید تنظیم ہے کیونکہ اس کا مقصد انسانیت کی خدمت کرنا ہے۔

Girl Guides (Standard) (گرل گائیڈز)

Girl Guides is a British organization (تنظیم) of girls. It was founded (بنیاد رکھی گئی) by Baden Powel and his sister Lady Agnes in 1910. The main(بنیادی) objective (مقصد) of this movement (تحریک) is to make the young girls conscious of (آگاہ) their responsibilities (ذمہ داریاں). A member girl guide, is given a variety (کئی طرح کے) of programmes that shape (بناتے ہیں) her character (کردار). She learns, in association with (کے ساتھ مل کر) other girl guides, how to keep herself clean and healthy (صحت مند). She is instructed (رہنمائی مہیا کی جاتی ہے) how to build (کیسے تعمیر کرتے ہیں) her moral(اخلاق)

and social character. She learns basic (بنیادی) facts (حقائق) about courtesy (شائستگی) and etiquettes (آدابِ محفل). Furthermore (مزید برآں), a girl guide is taught how to raise home developing ability (قابلیت،صلاحیت). She learns household (گھریلو) skills like cooking (کھانا پکانا), knitting (بُننا), stitching (سلائی کرنا), planning (منصوبہ بنانا) and maintenance (دیکھ بھال کرنا) etc.

گرل گائیڈ لڑکیوں کی ایک برطانوی تنظیم ہے۔اس کی بنیاد بیڈن پاول اور اس کی بہن لیڈی ایگنس نے 1910ء میں رکھی۔اس تحریک کا بنیادی مقصد نوجوان لڑکیوں کو ان کی ذمہ داریوں سے آگاہ کرنا ہے۔ایک رُکن گرل گائیڈ کو کئی طرح کے پروگرام دیے جاتے ہیں جو اس کی کردار سازی کرتے ہیں۔وہ دیگر گرل گائیڈز کے اشتراک سے صاف ستھرا اور صحت مند رہنا سیکھتی ہے۔اسے اپنے اخلاقی اور سماجی کردار کی تعمیر کیلئے رہنمائی مہیا کی جاتی ہے۔وہ شائستگی اور آدابِ محفل کے بارے میں بنیادی حقائق سیکھتی ہے۔مزید برآں ایک گرل گائیڈ کو تعلیم دی جاتی ہے کہ گھر بنانے کی قابلیت کیسے پیدا کی جاتی ہے۔وہ گھریلو ہنر جیسا کہ کھانا پکانا، بُننا، سلائی کرنا، منصوبہ سازی اور دیکھ بھال وغیرہ سیکھتی ہے۔

3. A Visit to a Museum (Easy) (ایک عجائب گھر کی سیر)

A museum (عجائب گھر) is a treasure (خزانہ) of the past. The articles (اشیاء) kept there reflect (عکاسی کرتی ہیں) our culture (ثقافت) and civilization (تہذیب). Last Sunday, I visited the Lahore museum with my friend Ayub. We bought tickets and entered the museum. The museum is divided into various (کئی) sections (شعبہ جات). Most things are kept in glass cases. We saw old weapons (ہتھیار) like swords (تلواریں), sheaths (حفاظتی خول), spears (نیزے), shields (ڈھالیں) and helmets (خود،ہیلمٹ). Old uniforms of soldiers and the generals were also displayed. We saw specimens (نمونے) of paintings, carpentry, statues (مجسمے), pottery, garments (لباس) and ornaments (زیورات). There were many statues of Buddha carved from different stones. The old manuscripts (ہاتھ سے لکھے نسخے) of the Holy Quran and other books impressed us. We walked about the museum for two hours. This visit provided us a great deal (بہت سا) of knowledge (علم) and information (معلومات).

عجائب گھر ماضی کا ایک خزانہ ہوتا ہے۔وہاں رکھی گئی اشیاء ہماری ثقافت اور تہذیب کی عکاسی کرتی ہیں۔گزشتہ اتوار میں نے اپنے دوست ایوب کے ہمراہ لاہور عجائب گھر کا دورہ کیا۔ہم نے ٹکٹ خریدے اور عجائب گھر میں داخل ہو گئے۔عجائب گھر کو کئی حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔اکثر چیزیں شیشے کی الماریوں میں رکھی گئی ہیں۔ہم نے پرانے ہتھیار مثلاً تلواریں، حفاظتی خول، نیزے، ڈھالیں اور ہیلمٹ دیکھے۔سپاہیوں اور جرنیلوں کی پرانی وردیاں بھی نمائش کے لیے رکھی گئی تھیں۔ہم نے پینٹنگز، لکڑی سے بنی ہوئی چیزیں، مجسمے، مٹی کے برتن، لباس اور زیورات کے نمونے دیکھے۔وہاں مہاتما بدھ کے مختلف پتھروں سے تراشے گئے بہت سے مجسمے تھے۔ہاتھ سے لکھے گئے قرآن پاک اور دیگر کتابوں کے نسخوں نے ہمیں متاثر کیا۔ہم دو گھنٹے تک عجائب گھر کی سیر کرتے رہے۔اس سیر نے ہمیں بہت سا علم اور معلومات فراہم کیں۔

A Visit to a Museum (Standard) (ایک عجائب گھر کی سیر)

The Lahore Museum (عجائب گھر) is an important (اہم) place where works (کام) of art, and other objects (اشیاء، چیزیں) of historical (تاریخی) value (قدر و قیمت) are kept (رکھی گئی) to display. Last Monday, our class visited it in supervision of our history teacher. It is an old imposing (متاثر کن) building with a high ceiling. The incharge of the museum is called the curator (مہتمم، ناظم). Our well-informed (خوب آگاہ، اچھی طرح آگاہ، باخبر) teacher took us round different sections (شعبہ جات) of the beautiful museum. There were neatly (صفائی سے) arranged (ترتیب دیے ہوئے) glass- cases which displayed ancient (قدیم) swords (تلواریں), daggers (خنجر), garments (لباس), ornaments (زیورات), coins (سکے), bows (کمانیں) and arrows (تیر). There were tags (لیبل، تحریری نوٹس) with brief (مختصر) descriptions (تحریریں), on most of the items on display. There were paintings, pictures and clay

models (مٹی کے نمونے) of ancient craftsmanship(دستکاری' ہنرمندی' مہارت). There was the huge(بڑا) statue (مجسمہ) of Queen Victoria in one room of the museum. There were old manuscripts (قلمی نسخے) of the Holy Quran in another room. Full-size doors and frames (ڈھانچے) with primitive(ابتدائی دور کے، قدیم زمانے کے) fittings were specimens (نمونے) of rare (نایاب) woodwork (لکڑی کا کام)craftsmanship. The impressive (متاثر کن)display in the museum gave us a wealth of information and insight (آگہی آگاہی) into our past. It was a rewarding (منافع بخش' شاندار) visit indeed (حقیقت میں).

لاہور کا عجائب گھر ایک اہم مقام ہے جہاں فن شہ پارے اور تاریخی قدر و قیمت والی دیگر اشیاء نمائش کے لیے پیش کی گئی ہیں۔ گذشتہ ہفتے ہماری جماعت نے تاریخ کے استاد کی زیر نگرانی میوزیم کا دورہ کیا۔ یہ اونچی چھت والی ایک پرانی متاثر کن عمارت ہے۔ عجائب گھر کے انچارج کو مہتمم یا ناظم کہتے ہیں۔ ہمارے باخبر استاد محترم ہمیں خوبصورت عجائب گھر کے مختلف شعبہ جات میں لے گئے۔ وہاں صاف ستھرے انداز سے ترتیب دی گئی شیشے کی الماریاں تھیں جن میں قدیم کوزوں، تجروں، لباس، زیورات، سکوں، کمانوں اور تیروں کو نمائش کیلئے رکھا گیا تھا۔ وہاں نمائش کیلئے رکھی گئی زیادہ تر اشیاء پر مختصر تعارف کے لیبل لگے ہوئے تھے۔ وہاں مصوری، تصاویر اور قدیم ہنر مندی کے مظہر مٹی کے نمونے تھے۔ عجائب گھر کے ایک کمرے میں ملکہ وکٹوریہ کا بڑا مجسمہ رکھا ہوا تھا۔ ایک دوسرے کمرے میں قرآن پاک کے ہاتھ سے لکھے ہوئے پرانے نسخے تھے۔ مکمل سائز کے دروازے اور ڈھانچے جنہیں قدیم فنکو کے ساتھ رکھا گیا تھا لکڑی کے کام میں مہارت کے نایاب نمونے تھے۔ عجائب گھر میں متاثر کن نمائش سے ہمیں علم کی دولت اور ماضی کے بارے میں آگہی حاصل ہوئی۔ یہ درحقیقت ایک منافع بخش سیر تھی۔

4. A Visit to a Hospital (Easy) (ایک ہسپتال کا دورہ)

Health (صحت) is a great blessing (نعمت) of Allah. A man who has a good health can really enjoy (لطف اندوز ہونا) the life. It was 16th of June, 2008 when my grandmother fell seriously ill (بیمار). She was rushed (تیزی سے لیجایا گیا) to the Civil Hospital. For the next ten days my brother and I attended on (تیمارداری کی) her day and night. There were 25 beds in the ward. Some of the patients (مریض) were in serious condition (تشویشناک صورتحال). Some of them were moaning (چلا رہے) with pain (تکلیف). The nurse on duty was not looking after (دیکھ بھال کر رہی) the patients properly (مناسب طور پر). The courtyard (صحن) and corridors (برآمدے) were full of patients. Some patients were in critical condition (خطرناک حالت) but there was no doctor to look after them. There was a long queue (قطار) of the patients in the outdoor department. I was shocked to see miserable (قابل رحم) condition of the patients. I prayed for the recovery (صحت یابی) of the patients and came back to my house. May Allah save us from all kinds of diseases!

صحت اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ اچھی صحت کا مالک انسان حقیقی معنوں میں زندگی سے لطف اندوز ہو سکتا ہے۔ یہ 16 جون 2008ء کا دن تھا جب میری دادی اماں شدید بیمار ہو گئیں۔ انہیں تیزی سے سول ہسپتال لے جایا گیا۔ آئندہ دس روز میرے بھائی نے اور میں نے دن رات ان کی تیمارداری کی۔ وارڈ میں پچیس بستر تھے۔ کچھ مریضوں کی حالت تشویشناک تھی۔ ان میں سے کچھ تکلیف سے چلا رہے تھے۔ ڈیوٹی پر موجود نرس مریضوں کی مناسب دیکھ بھال نہیں کر رہی تھی۔ صحن اور برآمدے مریضوں سے بھرے ہوئے تھے۔ کچھ مریضوں کی حالت خطرناک تھی لیکن ان کی دیکھ بھال کے لیے کوئی ڈاکٹر نہ تھا۔ آؤٹ ڈور کے شعبہ میں مریضوں کی ایک لمبی قطار تھی۔ مریضوں کی قابل رحم حالت دیکھ کر مجھے صدمہ ہوا۔ میں نے مریضوں کی صحت یابی کے لیے دعا مانگی اور اپنے گھر واپس آ گیا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں تمام قسم کی بیماریوں سے محفوظ فرمائے۔ آمین۔

A Visit to a Hospital (Standard) (ایک ہسپتال کا دورہ)

A clash (تصادم) took place (ہوا) between two rival (متحارب، مخالف) parties(جماعتیں، گروہ) and three persons received bullet (گولی) injuries (زخم). My father went to the hospital to enquire (دریافت کرنا) about the health of one of those injured (زخمی). I accompanied (ساتھ گیا) him and saw the pitiable (قابل رحم) condition (حالت) of patients in the ward. There were about 30 beds with patients either

lying (لیٹے ہوئے) or reclining (ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے). About half a dozen of patients were moaning (کراہ رہے) miserably (بری طرح) and their condition (حالت) was critical (تشویشناک). One of them stopped moaning after about half an hour and I was shocked to learn that he had died (مر چکا تھا). After completing the hospital formalities (رسمی کارروائیاں), the dead body was handed over to (کے حوالے کردی گئی) his relatives. In the nearby outdoor department of the hospital, there were pathetic (قابل رحم) scenes. Ailing (بیمار) children were wailing (واویلا کر رہے تھے), a few women suffering from some disease were lying under a tree. They looked like mere skeletons (ڈھانچے). An unconscious (بیہوش) patient was being carried on a stretcher. Some boys were brought on cots with fractured bones. A profusely (بہت زیادہ) bleeding (خون بہہ رہا) woman, injured in an accident, was being taken to the casualty ward (حادثات کا وارڈ). There were some bandaged (مرہم پٹی کیے ہوئے) patients who winced (بے چینی سے حرکت کرتے ہوئے) with pain. The courtyard (صحن) and the corridors (برآمدے) were crowded and the sight of suffering was unbearable (ناقابل برداشت). Before leaving the hospital, I sincerely (مخلصانہ) prayed (دعائیں) for the recovery (صحت یابی) of all the patients.

دو متحارب گروہوں میں تصادم ہوا اور تین افراد گولی لگنے سے زخمی ہو گئے۔ میرے ابا جان اُن زخمی افراد میں سے ایک شخص کی صحت کے بارے میں دریافت کرنے کیلئے ہسپتال گئے۔ میں ان کے ساتھ گیا اور وارڈ میں مریضوں کی قابل رحم حالت دیکھی۔ تقریباً تیس بستر تھے جن پر مریض یا تو لیٹے ہوئے تھے یا ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے۔ تقریباً نصف درجن مریض بری طرح کراہ رہے تھے اور ان کی حالت تشویشناک تھی۔ ان میں سے ایک نے تقریباً آدھے گھنٹے بعد کراہنا بند کر دیا اور مجھے یہ جان کر صدمہ ہوا کہ وہ مر گیا تھا۔ ہسپتال کی رسمی کارروائیاں مکمل کرنے کے بعد نعش اس کے رشتے داروں کے حوالے کر دی گئی۔ ہسپتال کے قریب کے آؤٹ ڈور کے شعبے میں قابل رحم مناظر نظر آ رہے تھے۔ بیماری میں مبتلا بچے واویلا کر رہے تھے، چند بیمار عورتیں ایک درخت کے نیچے لیٹی ہوئی تھیں۔ وہ محض ڈھانچوں کی طرح نظر آ رہی تھیں۔ اسٹریچر پر ایک بیہوش مریض کو لایا جا رہا تھا۔ کچھ ٹوٹی ہوئی ہڈیوں والے لڑکوں کو چارپائیوں پر لایا گیا۔ ایک حادثے میں زخمی ہونے والی خاتون کو جس کا بہت زیادہ خون بہہ رہا تھا شعبہ حادثات میں لایا جا رہا تھا۔ کچھ مرہم پٹی کیے ہوئے مریض تھے جو تکلیف سے بے چین تھے۔ صحن اور برآمدوں میں لوگوں کا ہجوم تھا اور مصیبت اور پریشانی (کے شکار لوگوں) کی حالت ناقابل برداشت تھی۔ ہسپتال سے نکلنے سے پہلے میں نے تمام مریضوں کی صحت یابی کیلئے نہایت خلوص سے دعائیں مانگیں۔

5. Fashions (Easy) (فیشن)

Fashion is not a new thing. Every age has its own fashions. By nature (فطرتاً) a man likes change (تبدیلی) in his life. He gets tired of (سے اُکتا جاتا ہے) the routine life (روزمرہ کی زندگی). He finds pleasure and joy in new things. A new style of dress or hair style is called a 'fashion' and a person who adopts (اختیار کرتا ہے) this new style is called 'fashionable'. In this modern world, fashions are on the increase (بڑھ رہے). By adopting fashion in dress or hair-style people show off (نمائش کرتے ہیں) their wealth (دولت) and vanity (تکبر). They devote a lot of time to personal decoration and dresses. They look upon fashions as a necessity (ضرورت) of life. They spend (خرچ کرتے ہیں) a lot of (بہت سی) money (رقم) on shoes, ties, socks, garments, powders, perfumes and ornaments. T.V. and picture magazines play (ادا کرتے ہیں) an important (اہم) role (حصہ، کردار) in making us fashionable. We cannot get rid of fashions but an excessive (حد سے زیادہ) craze (جنون) for them is unwanted (غیر ضروری).

فیشن کوئی نئی چیز نہیں ہے۔ ہر دور کے اپنے فیشن ہوتے ہیں۔ فطرتاً ہر انسان اپنی زندگی میں تبدیلی پسند کرتا ہے۔ وہ روزمرہ کی زندگی سے اُکتا جاتا ہے۔ وہ نئی چیزوں میں خوشی اور لطف محسوس کرتا ہے۔ نئے طرز کا لباس یا بالوں کا سٹائل فیشن کہلاتا ہے اور ایسا شخص جو یہ نیا سٹائل اختیار کرتا ہے فیشن ایبل (جدت پسند) کہلاتا ہے۔ اس جدید دنیا میں فیشن بڑھ رہے ہیں۔ لباس یا بالوں کے سٹائل کے فیشن اختیار کر کے لوگ اپنی دولت کی نمائش اور تکبر کا اظہار کرتے ہیں۔ وہ ذاتی

تزئین وآرائش اور لباس پر کافی زیادہ وقت لگا دیتے ہیں۔ وہ فیشن کو زندگی کی ضرورت کے طور پر دیکھتے ہیں۔ وہ جوتوں، ٹائیوں، جرابوں، لباس، پاؤڈروں، پرفیوم اور زیورات پر کافی زیادہ روپیہ خرچ کرتے ہیں۔ ٹیلی ویژن اور تصویری میگزین ہمیں فیشن ایبل بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ہم فیشنوں سے چھٹکارا نہیں پا سکتے لیکن ان کا حد سے زیادہ جنون غیر ضروری ہے۔

Fashions (Standard) (فیشن)

No doubt (بیشک) it is an age (دور) of fashions. The fascination (دلچسپی، سحر، جادو) of fashions is particularly (خصوصاً) very strong in our cities. Adults (بالغ افراد) as well as youngs (نوعمر، نوجوان) know fully well the social (سماجی) importance of fashions. The craze (جنون، حد سے بڑھا ہوا شوق) to look smart and up-to-date (جدید) is becoming even stronger. The garment industry, attractive (پرکشش) advertising and films are mainly responsible (ذمہ دار) for this craze. The T.V. commercials and the press have also affected and captured the imagination (تخیل) of the people. Pakistanis, working abroad have transferred in (ملک کے اندر بھیجی) a lot of (بہت سی) money (رقم) in recent years (حالیہ سالوں میں، موجودہ سالوں میں). Shopping plazas and markets have sprung up (قائم ہو گئے ہیں) everywhere. Foreign (غیر ملکی) designs and elegant (شاندار) dressmaking are very much in demand. Every week there are full-page colour pictures of fashion-wears, powders, perfumes and cosmetics (میک اپ کی اشیا). Fabrics (لباس), footwear (جوتے، جرابیں وغیرہ), furniture, fast food (برگر، پیزا وغیرہ) and video films have become the fashion of the day. People in cities seem to have given away to shifting fashions. Fashions move like windstorms (طوفان). The glitter (چمک دمک) of advertisements makes everything look like gold. We should guard ourselves, because all that glitters may not be gold in some cases.

بیشک یہ فیشن کا دور ہے۔ فیشن میں دلچسپی خصوصاً ہمارے شہروں میں بہت زیادہ ہے۔ بالغ اور نوعمر افراد نہایت اچھی طرح فیشن کی سماجی اہمیت سے آگاہ ہیں۔ سمارٹ اور فیشن کے مطابق نظر آنے کا جنون تیز تر ہوتا جا رہا ہے۔ کپڑوں کی صنعت، پرکشش اشتہار بازی اور فلمیں خصوصی طور پر اس جنون کی ذمہ دار ہیں۔ ٹی وی کے کمرشل اشتہارات اور پریس نے بھی لوگوں کی سوچ کو متاثر کیا ہے اور اسے جکڑ لیا ہے۔ حالیہ سالوں میں بیرون ملک کام کرنے والے پاکستانیوں نے بہت سی رقم ملک کے اندر بھیجی ہے۔ ہر جگہ شاپنگ پلازے اور مارکیٹیں قائم ہو گئی ہیں۔ غیر ملکی ڈیزائنوں اور شاندار لباس سازی کی بہت زیادہ طلب ہے۔ ہر ہفتے مکمل صفحہ پر رنگین فیشن پر مبنی لباسوں، پاؤڈرز، پرفیوم اور میک اپ کی اشیاء کی تصویریں شائع ہوتی ہیں۔ لباس، جوتے، جرابیں، فرنیچر، فاسٹ فوڈ اور ویڈیو فلمیں وغیرہ آج کے دور کا فیشن بن گئے ہیں۔ شہروں کے لوگ تو فیشن بدلنے کے رجحان میں زیادہ مبتلا دکھائی دیتے ہیں۔ فیشن طوفانوں کی طرح حرکت کرتے ہیں۔ اشتہارات کی چمک دمک سے ہر چیز سونے کی طرح چمکتی دکھائی دیتی ہے۔ ہمیں اپنا خیال خود کرنا چاہئے، کیونکہ ہر چیز جو چمکتی ہے بعض صورتوں میں سونا نہیں ہو سکتی۔

6. A River in Flood (Easy) (دریا میں طغیانی)

The main cause (بڑی وجہ) of floods (سیلاب) in our country is heavy (شدید) rainfall (بارش) in the monsoon. Last year all the rivers of the province (صوبہ) of Punjab overflowed their banks (کناروں سے بہہ نکلے). The villagers were sleeping (سو رہے) in their houses, when the flood-water entered their houses. Crops were destroyed (تباہ ہو گئیں). The roads were closed and traffic stopped. The flood destroyed many houses and buildings. It uprooted (اکھاڑ دیئے) the telephone and electric poles (کھمبے). Thousands of people were rendered homeless (بے گھر). The government set up (قائم کئے) relief camps (امدادی کیمپ) throughout the affected areas (متاثرہ علاقے). The well-to-do (صاحب حیثیت)

people helped the flood-stricken (سیلاب زدہ) people (لوگ) with food, clothes and medicines. There was a great loss (بہت زیادہ نقصان) of life and property (جائیداد). May Allah save us from the havoc (تباہی) of floods.

ہمارے ملک میں سیلابوں کی بڑی وجہ مون سون کی شدید بارشیں ہیں۔ گزشتہ سال صوبہ پنجاب کے تمام دریاؤں میں طغیانی آ گئی۔ جب سیلاب کا پانی ان کے گھروں میں داخل ہوا تو دیہاتی سو رہے تھے۔ فصلیں تباہ ہو گئیں۔ سڑکیں بند ہو گئیں اور ٹریفک رک گئی۔ سیلاب نے بہت سے مکانات اور عمارتیں تباہ کر دیں۔ اس نے ٹیلی فون اور بجلی کے کھمبے اکھاڑ دیے۔ ہزاروں لوگ بے گھر ہو گئے۔ حکومت نے تمام متاثرہ علاقوں میں امدادی کیمپ قائم کر دیے۔ صاحب حیثیت لوگوں نے سیلاب زدہ لوگوں کی مدد خوراک، لباس اور ادویات سے کی۔ بہت زیادہ جانی اور مالی نقصان ہوا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں سیلاب کی تباہ کاریوں سے محفوظ رکھے۔

A River in Flood (Standard) (دریا میں طغیانی)

Last summer (موسم گرما) I visited my village which is about 20 miles south (جنوب) of Jhang. For over a week the wet spell (مرطوب موسم) had been a delightful (خوشگوار) experience (تجربہ). The rain was driven in sharp bursts by the rushing (تیزی سے چلتی ہوئی) wind (ہوا). One morning, in the early hours, there went up a cry "water, water". The Chenab was in flood. There was water in our big courtyard. The low-lying part of the village sank under three feet of water. Panic (خوف) gripped (گرفت میں لے لیا) the whole village. There were bushels (بھاری سامان) on almost every head. Most of the folks started moving through the flooded fields towards the nearby high mound (پہاڑی تودہ). It was a scene of great misery. From the corner of the high mound, I had the first glimpse (نظارہ) of the river in flood. The entire (تمام) area (علاقہ) upto the far-off (دور دراز کے) road bridge and even beyond (پرے) was just one sheet (تہہ) of muddy water (گرد آلود پانی). Logs were seen floating fast. The trees all round, with half of their trunks (تنے) in water, stood firm like unfolded (اَن کھلی) umbrellas (چھتریاں). Far (دور) below (نیچے) we saw the floating corpses (لاشیں) of horses and cows. The flood all around and the floating (تیرتی ہوئی) objects (اشیاء) on water filled our heart with dread (خوف).

گزشتہ موسم گرما میں، میں نے اپنے گاؤں کا دورہ کیا جو جھنگ کے جنوب میں تقریباً بیس میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ ایک ہفتہ سے بھی زیادہ دن موسم مرطوب رہا ایک خوشگوار تجربہ تھا۔ تیزی سے چلتی ہوئی ہوا نے بارش کو تھپیڑوں میں دھکیل دیا۔ ایک دن صبح سویرے ہی ہر طرف شور مچ گیا "پانی" "پانی"۔ دریائے چناب میں سیلاب آ گیا تھا۔ ہمارے بڑے صحن میں پانی تھا۔ گاؤں کا نشیبی حصہ تین فٹ پانی میں ڈوب گیا تھا۔ تمام گاؤں پر خوف کی فضا چھا گئی۔ تقریباً ہر ایک سر پر سامان لدا نظر آ رہا تھا۔ زیادہ تر لوگوں نے سیلاب زدہ کھیتوں میں سے گزر کر قریبی بڑی پہاڑی پر جانا شروع کر دیا تھا۔ یہ بہت بڑی مصیبت کا منظر تھا۔ بلند پہاڑی کے کونے سے میں نے سیلاب زدہ دریا کو پہلی نظر دیکھا۔ تمام علاقہ، دور پل کی سڑک تک اور اس سے بھی پرے تک گرد آلود پانی کی تہہ میں ڈوبا ہوا تھا۔ لکڑی کے ٹکڑے تیزی سے تیرتے دکھائی دے رہے تھے۔ ہر طرف درخت جن کے آدھے تنے پانی میں ڈوبے ہوئے تھے اَن کھلی چھتری کی طرح مضبوطی سے کھڑے تھے۔ دور ہم نے گھوڑوں اور گائیوں کی تیرتی ہوئی لاشیں دیکھیں۔ ہر طرف آئے ہوئے سیلاب اور پانی پر تیرتی ہوئی اشیاء نے ہمیں بہت زیادہ خوفزدہ کر دیا۔

7. A Dream (Easy) (ایک خواب)

It cannot be said that all dreams (خواب) are just (محض) ideas (خیالات، تصورات). The Holy Quran describes (بیان کرتا ہے) a few (چند) dreams which were meaningful (بامعنی) and proved (ثابت ہوئے) true. Last Sunday, I had a very pleasant (خوشگوار) dream. I saw that it was twilight (چاندنی روشنی). I saw myself flying (اڑتا ہوا) over a very beautiful valley. There flowed (بہتی) two streams in the

valley. It was flowing milk in one stream. The water of other stream was just like honey (شہد). I landed (زمین پر اترا) there and drank a cup of honey. I was astonished (حیران رہ گیا) to see the beautiful flowers of different colours. They were spreading (پھیلے ہوئے) upto the last edge (کنارہ) of the valley. The pretty (خوبصورت) tiny (چھوٹے) birds which I had never seen before were sitting on the branches (شاخیں) of the trees. They were chirping (چہچہا رہے) nicely (عمدگی سے). It seemed (دکھائی دیتا تھا) that they were praying to Allah. I think I had been to the paradise (جنت).

یہ نہیں کہا جا سکتا کہ تمام خواب محض تصورات ہوتے ہیں۔ قرآن پاک میں چند خوابوں کا ذکر ہوتا ہے جو بامعنی تھے اور سچ ثابت ہوئے۔ گزشتہ اتوار میں نے ایک بہت خوشگوار خواب دیکھا۔ میں نے دیکھا کہ ہر طرف چاندنی روشنی تھی۔ میں نے خود کو ایک بہت خوبصورت وادی پر اڑتے ہوئے دیکھا۔ اس وادی میں دو ندیاں بہتی تھیں۔ ایک ندی میں دودھ بہہ رہا تھا۔ دوسری ندی کا پانی بالکل شہد جیسا تھا۔ میں وہاں اترا اور ایک کپ شہد پیا۔ رنگارنگ مختلف پھول دیکھ کر میں حیران رہ گیا۔ وہ وادی کے آخری کنارے تک پھیلے ہوئے تھے۔ خوبصورت ننھے پرندے جو میں نے پہلے کبھی نہیں دیکھے تھے، درختوں کی شاخوں پر بیٹھے ہوئے تھے۔ وہ خوبصورتی سے چہچہا رہے تھے۔ یوں دکھائی دیتا تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی تعریف بیان کر رہے تھے۔ میرا خیال ہے کہ میں جنت میں پہنچ گیا تھا۔

A Dream (Standard) (ایک خواب)

A couple (دو) of nights ago (پہلے), I had a terrible dream. Strangely enough, I found myself right on the roof-top of a three-storey (تین منزلہ) building (عمارت). It was probably (غالباً) our ancestral (آباؤاجداد کا) house in Sankhatra. The view (نظارہ) from the top was magnificent (شاندار). The far and wide green fields, the winding (بل کھاتی ہوئی) road and the far-off misty (دھندآلود) hills had a perfect setting. Suddenly, I felt a jolt (جھٹکا) and the building began to move sideways, like a swing (جھولا). It was an earthquake jerk (زلزلے کا جھٹکا). A terrific (خوفناک) jerk made the building lean dangerously (خوفناک طور پر), and then the top storey along with me lay on the ground like a fallen tree (گرا ہوا درخت). I saw it fall so vividly (واضح طور پر) as if I was awake. Luckily I was not hurt at all. Then I saw a tall, mighty (بڑا) tree. Its leaves and branches disappeared (غائب ہو گئیں) suddenly (اچانک) as if by magic (جادو). Its huge (بڑا) trunk (تنا) began to shake and then it crashed with a tearing (کان پھاڑنے والی) sound. I woke up and felt horrified (خوفزدہ). I began to recite (تلاوت کرنا شروع کر دی) verses (آیات) of the Holy Quran and felt a bit (قدرے) relaxed (پرسکون) in about half an hour.

دو رات قبل میں نے ایک خوفناک خواب دیکھا۔ کافی حیرت کی بات تھی، میں نے خود کو ایک تین منزلہ عمارت کی چھت پر پایا۔ یہ غالباً سنکھترا میں ہمارے آباؤاجداد کا گھر تھا۔ چوٹی سے نظارہ شاندار تھا۔ دور دراز کے کشادہ سرسبز کھیت، بل کھاتی ہوئی سڑک اور دور کی دھندآلود پہاڑیاں مکمل نظارہ پیش کر رہی تھیں۔ اچانک، مجھے جھٹکا محسوس ہوا اور عمارت نے ایک جھولے کی طرح دائیں بائیں جھولنا/لہرانا شروع کر دیا۔ یہ زلزلے کا جھٹکا تھا۔ ایک خوفناک جھٹکے نے عمارت کو خوفناک حد تک جھکا دیا اور پھر اوپر والی منزل مجھ سمیت گرے ہوئے درخت کی طرح زمین پر پڑی تھی۔ میں نے اسے گرتے ہوئے اس قدر واضح طور پر دیکھا گویا کہ میں جاگ رہا تھا۔ خوش قسمتی سے میں بالکل زخمی نہیں ہوا۔ پھر میں نے ایک لمبا، بڑا درخت دیکھا۔ اس کے پتے اور شاخیں اچانک غائب ہو گئیں جیسے کہ جادو سے ہو گئیں۔ اس کا بڑا تنا ہلنے لگا اور پھر یہ کان پھاڑنے والی آواز کے ساتھ گر گیا۔ میں جاگ گیا اور خوف زدہ ہو گیا۔ میں نے قرآن پاک کی آیات کی تلاوت شروع کر دی اور آدھے گھنٹے بعد قدرے سکون محسوس کیا۔

8. How to Keep Our Town Clean (Easy) (اپنے قصبے کو کیسے صاف ستھرا رکھا جائے)

Cleanliness (صفائی) is the base (بنیاد) of Islam. It is well known (مشہور) saying (محاورہ، کہاوت) "Where there is cleanliness there is godliness." Islam is the religion (مذہب) of cleanliness. It teaches its followers to remain clean physically (جسمانی طور پر), mentally (ذہنی طور پر) and spiritually

(روحانی طور پر). Our Holy Prophet (S.A.W) himself swept his room. His companions also followed his noble example. Neat and clean environment (ماحول) has a cheerful (خوشگوار) effect (اثر). It is our duty to keep (رکھنا) our town clean. We should develop an awareness (شعور) of cleanliness among (درمیان) our masses (عوام). We should not throw (پھینکنا) garbage (کوڑا کرکٹ) in the streets. We should not throw fruit and vegetables peels (چھلکے) in front of (سامنے) our houses. Plastic, polythene and rubbish (غلاظت) of our houses should not be thrown into the gutters. We should plant (لگانا) trees and flower beds for healthy (صحت بخش) atmosphere. We should co-operate (تعاون کرنا) with the sanitation staff of the Municipal Corporation. In this way, we will be able to keep our town clean.

صفائی اسلام کی بنیاد ہے۔ یہ ایک مشہور کہاوت ہے" جہاں صفائی ہو وہاں خدا پرستی ہے۔" اسلام دین طہارت ہے۔ یہ اپنے ماننے والوں کو تعلیم دیتا ہے کہ وہ جسمانی طور پر، ذہنی طور پر اور روحانی طور پر صاف ستھرے رہیں۔ ہمارے رسول پاک ﷺ خود اپنے کمرے میں جھاڑو دے دیتے تھے۔ ان کے صحابہؓ نے ان کی شاندار اسوۂ حسنہ کی پیروی کی۔ صاف ستھرے ماحول کا خوشگوار اثر ہوتا ہے۔ اپنے قصبے کو صاف ستھرا رکھنا ہماری ذمہ داری ہے۔ ہمیں اپنی عوام میں صفائی کے بارے میں شعور پیدا کرنا چاہیے۔ ہمیں کوڑا کرکٹ گلیوں میں نہیں پھینکنا چاہئے۔ ہمیں پھلوں اور سبزیوں کے چھلکے اپنے گھروں کے سامنے نہیں پھینکنے چاہئیں۔ پلاسٹک، پولی تھین اور ہمارے گھروں کا کوڑا کرکٹ گٹروں میں نہیں پھینکا جانا چاہیے۔ ہمیں خوش گوار فضا کیلئے پودے اگانے چاہئیں اور پھولوں کی کیاریاں بنانی چاہئیں۔ ہمیں میونسپل کارپوریشن کے صفائی کرنے والے سٹاف سے تعاون کرنا چاہئے۔ اس طریقے سے ہم اپنے قصبے کو صاف رکھنے کے قابل ہو جائیں گے۔

How to Keep Our Town Clean (Standard) (اپنے قصبے کو کیسے صاف ستھرا رکھا جائے)

Cleanliness is next to godliness. We must give a serious thought (خصوصی اہمیت، خصوصی فکر) to this golden (سنہری) truth (سچائی). Neat and clean (صاف ستھرا) environment (ماحول) has a cheerful (خوشگوار) effect (اثر). It is a sure (یقینی) sign (علامت) of civilization (تہذیب). Knowledge is a great blessing (نعمت) of Allah. We are fortunate (خوش قسمت) to have the opportunity (موقع) to receive education. As school going boys and girls, it is our responsibility to keep our town clean. We ought to develop civic sense (معاشرتی تہذیب). We should not, throw fruit and vegetable peels (چھلکے) all over the street. A banana or melon peel thrown carelessly (لاپرواہی سے) on the road can cause a fracture (ہڈی کا ٹوٹنا) or even death of a passerby. Plastic, polythene and wooden items should not be thrown into manholes. A choked (بند) gutter spreads filth (گندگی) and stench (بدبو) all over the street. Life becomes miserable (قابل رحم). Spitting (تھوکنا) is another problem as it causes disease and insanitation (گندگی). We can politely (شائستگی سے) prevent one another from spitting on floors. We should not throw hard things or stone in toilets. We should not be shy of taking a broom (جھاڑو) and sweeping the littered (کوڑا کرکٹ والا حصہ) portion (حصہ) of the street in front of our house. We should (چاہئے) take care (خیال رکھنا) of trees, plants and flower-beds (پھولوں کی کیاریاں) in a park. If we happen to pass by an unattended runningwater tap (نلکا), we should stop and close it immediately. As citizens we should be vigilant (ہوشیار، چوکنا) and report to the municipality if its staff neglects (نظر انداز کرتا ہے) its duty. We can also add to cleanliness if we sprinkle (چھڑکاؤ کرتے ہیں) (چھڑکتے ہیں) water on our portion of the road. Dust (گردوغبار) and pollution (آلودگی) can be effectively (موثر طور پر) controlled if everyone of us lends a helping hand. God loves people who practise purity (پاکیزگی، پرہیزگاری) and cleanliness (صفائی).

صفائی خدا پرستی کے قریب ہے۔ ہمیں اس شہری سچائی کو خصوصی اہمیت دینی چاہیے۔ صاف ستھرے ماحول کا خوشگوار اثر ہوتا ہے۔ یہ تہذیب کی ایک یقینی علامت ہے۔ علم اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ ایک بڑی نعمت ہے۔ ہم خوش قسمت ہیں کہ ہمیں تعلیم حاصل کرنے کا موقع ملا ہے۔ سکول جانے والے لڑکوں اور لڑکیوں کی حیثیت سے یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ اپنے قصبے کو صاف ستھرا رکھیں۔ ہمیں اپنے اندر معاشرتی تہذیب پیدا کرنی چاہیے۔ ہمیں پھلوں اور سبزیوں کے چھلکوں کو گلی میں نہیں پھینکنا چاہیے۔ سڑک پر لاپرواہی سے پھینکا ہوا کیلے یا خربوزہ کا چھلکا کسی راہ گیر کی ہڈی ٹوٹنے کا اور حتیٰ کہ موت کا بھی سبب بن سکتا ہے۔ پلاسٹک، پولی تھین اور لکڑی کی چیزوں کو پانی کی نکاسی کے بدرو پائپوں میں نہیں پھینکنا چاہیے۔ ایک بند گٹر تمام گلی میں غلاظت اور بدبو پھیلا دیتا ہے۔ زندگی ناقابل برداشت ہو جاتی ہے۔ تھوکنا ایک دوسرا مسئلہ ہے کیونکہ اس سے بیماری اور گندگی پیدا ہوتی ہے۔ ہم شائستگی سے ایک دوسرے کو فرش پر تھوکنے سے روک سکتے ہیں۔ ہمیں سخت چیزوں یا پتھر کو بیت الخلا میں نہیں پھینکنا چاہیے۔ ہمیں اپنے گھر کے سامنے گلی کے کوڑا کرکٹ والے حصے کو جھاڑو دے کر صاف کرنے میں شرمندگی محسوس نہیں کرنی چاہیے۔ ہمیں پارک میں درختوں، پودوں اور پھولوں کی کیاریوں کا خیال رکھنا چاہیے۔ اگر ہمارا گزر کسی ایسے پانی کے نلکے کے قریب سے ہو جو بد احتیاطی کی وجہ سے کھلا چھوڑ دیا گیا ہو تو ہمیں چاہیے کہ رک جائیں اور اسے فوراً بند کر دیں۔ بحیثیت شہریوں کے ہمیں چوکنا رہنا چاہیے اور اگر اس کا سٹاف اپنے فرض میں کوتاہی برتتا ہے تو بلدیہ کو اطلاع کرنی چاہیے۔ اگر ہم سڑک کے اپنے (قریبی) حصے پر پانی کا چھڑکاؤ کرتے ہیں تو اس سے بھی ہم صفائی میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ اگر ہم میں سے ہر کوئی مدد کے لیے ہاتھ بڑھائے تو گرد و غبار اور آلودگی کو مؤثر طور پر روکا جا سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں سے پیار کرتا ہے جو پاکیزگی اور صفائی اختیار کرتے ہیں۔

9. An Industrial Exhibition (Easy) (ایک صنعتی نمائش)

The purpose (مقصد) of Industrial Exhibition is to intimate (آگاہ کرنا) the public with the products made in Pakistan. Industrial exhibitions are arranged throughout the country. In Lahore it is organized near the Fortress stadium on the occasion (موقع) of Horse and Cattle show. Once I went to see the exhibition with my parents. Many industrial units had displayed their products (مصنوعات) in big stalls. These stalls included (شامل تھیں) textiles, ready-made garments, electric goods, household items, (گھریلو اشیاء) handicrafts (ہاتھوں سے بنی اشیاء), glassware (شیشے کا سامان), furniture, utensils (برتن) of stainless steel and sports goods. The prices were less (کم) than the market rates. People were buying goods of their choice (انتخاب) at reduced (کم) rates. There was great hustle and bustle (چہل پہل). Every stall was crowded (پرہجوم) with people. We went round the fair (میلہ) and saw each stall. My parents bought some cloth, glass-wares and crockery (برتن وغیرہ). In the evening we came back. In fact, the industrial fairs go a long way in popularizing (مشہور کرنے میں) the products of the country.

صنعتی نمائش کا مقصد عوام کو پاکستان میں بنی ہوئی مصنوعات سے آگاہ کرنا ہے۔ صنعتی نمائشیں ملک بھر میں منعقد کی جاتی ہیں۔ لاہور میں یہ فورٹرس اسٹیڈیم کے قریب میلہ مویشیاں کے موقع پر منعقد ہوتی ہے۔ ایک بار میں اپنے والدین کے ساتھ نمائش دیکھنے گیا تھا۔ بہت سے صنعتی اداروں نے اپنی مصنوعات بڑے سٹالوں میں نمائش کیلئے رکھی ہوئی تھیں۔ ان سٹالوں میں ٹیکسٹائل، تیار شدہ ملبوسات، بجلی کی اشیاء، گھریلو اشیاء، ہاتھوں سے بنی ہوئی اشیاء، شیشے کا سامان، فرنیچر، سٹیل سے بنے ہوئے برتن اور کھیلوں کے سامان کے سٹال شامل تھے۔ قیمتیں مارکیٹ کی قیمتوں سے کم تھیں۔ لوگ کم قیمتوں پر اپنی پسند کی چیزیں خرید رہے تھے۔ وہاں بہت زیادہ چہل پہل تھی۔ ہر سٹال پر لوگوں کا ہجوم تھا۔ ہم نے میلے کا چکر لگایا اور ہر ایک سٹال دیکھا۔ میرے والدین نے کچھ کپڑا، شیشے کا سامان اور کراکری خریدی۔ شام کو ہم واپس آ گئے۔ درحقیقت صنعتی میلے ملکی مصنوعات کی تشہیر کرنے میں کافی زیادہ کردار ادا کرتے ہیں۔

An Industrial Exhibition (Standard) (ایک صنعتی نمائش)

An industrial (صنعتی) exhibition (نمائش) was arranged (کا اہتمام کیا گیا تھا) in Islamabad in March last (گذشتہ) year. The intention (ارادہ) of the organizers was to exhibit industrial products at one place. The trading community (کاروباری طبقہ) and the general public (عوام الناس) showed keen (گہری) interest (دلچسپی) in Pakistani products. Accompanied by (کے ہمراہ) my elder (بڑا) brother (بھائی) and

sisters (بہنیں) I went round the elegant (شاندار) and brightly lit (خوب روشن) stalls. Exhibits included textiles and garments, electrical goods, household (گھریلو) items (اشیاء), handicrafts (ہاتھ سے بنی ہوئی اشیاء), glass wares, furniture, sewing machines and stainless steel. The Pakistan Railway and Wapda had put up (لگائے گئے) very informatory (معلوماتی) stalls. Heavy industrial goods, rollers, water pumps, tube-well equipment (سامان), motors, fertilizers (کھادیں) and machinery were also on display. Prices of consumer goods (اشیائے صرف) were quite (نہایت) reasonable (معقول). Manufacturers (بنانے والے) were selling their products at reduced (کم) rates. Besides (اس کے علاوہ), there were food and entertainment stalls which attracted the cheerful (خوش باش) crowds (لوگوں کی ٹولیاں).

گزشتہ سال مارچ کے مہینے میں اسلام آباد میں ایک صنعتی نمائش کا اہتمام کیا گیا۔ انتظام کرنے والوں کا ارادہ یہ تھا کہ صنعتی مصنوعات کو ایک ہی جگہ نمائش کیلئے رکھا جائے۔ کاروباری طبقے اور عوام الناس نے پاکستانی مصنوعات میں گہری دلچسپی دکھائی۔ اپنے بڑے بھائی اور بہنوں کے ہمراہ میں نے شاندار، جگمگاتے سٹالوں کا چکر لگایا۔ نمائش میں رکھی گئی اشیاء میں ٹیکسٹائل اور گارمنٹس، بجلی کی اشیاء، گھریلو اشیاء، ہاتھوں سے بنی ہوئی اشیاء، شیشے کا سامان، فرنیچر، سلائی مشینیں اور سٹین لیس سٹیل (کے برتن) شامل تھے۔ پاکستان ریلوے اور واپڈا نے نہایت معلوماتی سٹال لگائے ہوئے تھے۔ بھاری صنعتی سامان، رولرز، پانی کے پمپس، ٹیوب ویل کا سامان، موٹریں، کھادیں اور مشینری بھی نمائش کیلئے رکھی گئی تھی۔ اشیائے صرف کی قیمتیں نہایت معقول تھیں۔ پیداکنندگان اپنی اشیاء کم قیمتوں پر فروخت کر رہے تھے۔ اس کے علاوہ کھانے کے اور تفریح کے سٹال تھے جو لوگوں کی خوش باش ٹولیوں کیلئے کشش رکھتے تھے۔

10. My Neighbour (Easy) (میرا ہمسایہ)

A good neighbour (ہمسایہ) is a blessing (نعمت) of Allah. Mr. Fiaz is my next-door (اگلے گھر میں رہنے والا) neighbour. He is a lawyer (وکیل). He is a rich man. He is an aged man (زیادہ عمر کا آدمی). He is healthy (صحت مند) and strong (طاقتور). He is tall (لمبا) and handsome (خوبصورت). He is very active and smart (چست اور فعال). He has a smiling (مسکراتا ہوا) face. He is very sociable (ملنسار) and friendly (دوست نواز). He loves the children living in his neighbourhood (پڑوس). He looks after (دیکھ بھال کرتا ہے) them during (دوران) the absence (غیر حاضری) of their elders. He helps poor (غریب لوگ) and the needy (ضرورت مند لوگ). He himself attends a neighbour who falls ill (بیمار). Due to these qualities (خوبیاں), he is respected by the people. He says his prayers regularly. He recites the Holy Quran daily. We live like real (حقیقی) relatives (رشتے دار). I thank God that my neighbour is very good and nice (مہربان). I am proud of him. May he live long!

اچھا ہمسایہ اللہ تعالیٰ کی نعمت ہے۔ مسٹر فیاض میرے ساتھ والے گھر میں رہنے والا ہمسایہ ہے۔ وہ ایک وکیل ہے۔ وہ ایک امیر آدمی ہے۔ وہ بڑی عمر کا آدمی ہے۔ وہ تندرست اور طاقتور ہے۔ وہ لمبا اور خوبصورت ہے۔ وہ بہت چست اور سمارٹ ہے۔ وہ مسکراتا ہوا چہرہ رکھتا ہے۔ وہ بہت ملنسار اور دوستانہ مزاج کا مالک ہے۔ وہ اپنے پڑوس میں رہنے والے بچوں سے پیار کرتا ہے۔ وہ ان کے بڑوں کی عدم موجودگی میں ان کی دیکھ بھال کرتا ہے۔ وہ غریبوں اور ضرورت مندوں کی مدد کرتا ہے۔ جو ہمسایہ بیمار پڑ جائے وہ خود اس کی دیکھ بھال کرتا ہے۔ ان خوبیوں کی وجہ سے لوگ اس کا احترام کرتے ہیں۔ وہ باقاعدگی سے نماز ادا کرتا ہے۔ وہ روزانہ قرآن پاک کی تلاوت کرتا ہے۔ ہم حقیقی رشتے داروں کی طرح رہتے ہیں۔ میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ میرا ہمسایہ بہت اچھا اور نیک ہے۔ مجھے اس پر ناز ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی عمر دراز کرے!

My Neighbour (Standard) (میرا ہمسایہ)

Mr. Ashraf Minhas is my immediate neighbour (ساتھ رہنے والا ہمسایہ). He is a handsome (خوبصورت), middle-aged (درمیانی عمر کا) scholar (عالم) with a vigorous zest (خوشگوار جذبات) for life. He is a

real gentleman (شریف انسان) with a lot of goodwill. You could not wish to meet a more goodnatured (نیک فطرت) and hospitable (مہمان نواز) man than him. He likes gardening. His garden is full of flowers in spring (موسم بہار). He invites his neighbours and entertains (خدمت کرتا ہے) them warmly. He delights (خوش کردیتا ہے) everybody with fond details (شوق پرمبنی تفصیلات) of lovely flowers and their blooming patterns (کھلنے کے انداز). Mr. Minhas is an optimist (امید پرست) by nature and he never worries himself over trifles (چھوٹی چھوٹی باتیں). He has a remarkable (قابل تعریف) sense of humour (حس مزاح) and he gets along (میل جول رکھتا ہے) well (اچھی طرح) with his neighbours. He has a son and a daughter. They are known for their fine taste (اچھا ذوق) and good manners. (اچھے طور طریقے).

مسٹر اشرف منہاس میرے ساتھ والے گھر میں رہنے والے پڑوسی ہیں۔ وہ ایک خوبصورت، درمیانی عمر کے عالم ہیں اور زندگی کے بارے میں خوش گوار جذبات رکھتے ہیں۔ وہ حقیقی معنوں میں ایک شریف انسان ہیں جنہیں بہت زیادہ شہرت حاصل ہے۔ آپ ان سے زیادہ نیک فطرت اور مہمان نواز انسان سے ملنے کی خواہش نہیں کر سکتے۔ انہیں باغبانی پسند ہے۔ موسم بہار میں ان کا باغ پھولوں سے بھر جاتا ہے۔ وہ اپنے ہمسایوں کو مدعو کرتے ہیں اور گرم جوشی سے ان کی خدمت کرتے ہیں۔ وہ ہر شخص کو خوبصورت پھولوں اور ان کے کھلنے کے انداز پر مبنی پرشوق تفصیلات سے خوش کر دیتے ہیں۔ مسٹر منہاس فطرتاً امید پرست ہیں اور وہ کبھی بھی چھوٹی چھوٹی باتوں پر پریشان نہیں ہوتے۔ وہ نمایاں حس مزاح رکھتے ہیں اور ان کا اپنے ہمسایوں کے ساتھ میل جول اچھا ہے۔ ان کا ایک بیٹا اور ایک بیٹی ہے۔ وہ اپنے اعلیٰ ذوق اور اچھے طور طریقوں کی وجہ سے مشہور ہیں۔

11. A Meena Bazaar (Easy) (ایک مینا بازار)

At our school, a meena bazaar was held (منعقد ہوا تھا) in the last (گزشتہ) week (ہفتہ) of November. It was held to collect money for the Hilal-e-Ahmar. The girls had set up (قائم کیے) stalls in which pakoras, fruit-chat, shami-kababs and chicken-sticks were available (مہیا، موجود). A teacher had set up a confectioner shop (حلوائی کی دکان). The ladies were purchasing (خرید رہی) sweets (مٹھائیاں) for their children. Other teachers had their stalls too. They sold bangles (چوڑیاں), rings (انگوٹھیاں), hairpins and handkerchiefs (دستی رومال). A girl was selling balloons (غبارے) which were being purchased (خریدے جا رہے تھے) by the children. A girl had set up her stall at the pavement (راستہ). She was selling toys (کھلونے). Senior students had assistants with them. The mothers of the students had come to see the function (تقریب). They purchased many things from their daughters. A merry-go-round (گھومنے والا جھولا) was also available. Many girls, children and women were having a joy ride (پرلطف سواری). There was a great rush (ہجوم) there. Our principal donated (عطیہ میں دی) the sale money to the local Hilal-e-Ahmar society.

ہمارے سکول میں نومبر کے آخری ہفتے میں ایک مینا بازار منعقد ہوا۔ یہ ہلال احمر کیلئے رقم اکٹھی کرنے کے سلسلہ میں منعقد کیا گیا تھا۔ لڑکیوں نے سٹال لگائے تھے جن میں پکوڑے، فروٹ چاٹ، شامی کباب اور چکن اسٹک رکھی گئی تھیں۔ ایک استانی نے حلوائی کی دکان لگائی تھی۔ خواتین اپنے بچوں کیلئے مٹھائیاں خرید رہی تھیں۔ دیگر معلمات نے بھی اپنے سٹال لگائے تھے۔ انہوں نے چوڑیاں، انگوٹھیاں، بالوں کی پنیں اور دستی رومال بیچے۔ ایک لڑکی غبارے بیچ رہی تھی جنہیں بچے خرید رہے تھے۔ ایک لڑکی نے پختہ راستے پر اپنا سٹال لگایا تھا۔ وہ کھلونے بیچ رہی تھی۔ سینئر طالبات کے ساتھ ان کے معاون کار بھی تھے۔ طالبات کی مائیں تقریب دیکھنے آئی تھیں۔ انہوں نے اپنی بیٹیوں سے بہت سی چیزیں خریدیں۔ ایک گھومنے والا جھولا بھی موجود تھا۔ بہت سی لڑکیاں، بچے اور عورتیں جھولے لے رہے تھے۔ وہاں بہت ہجوم تھا۔ ہمارے پرنسپل نے ہلال احمر کی مقامی سوسائٹی کو چیزوں کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم عطیہ میں دے دی۔

A Meena Bazaar (Standard) (ایک مینابازار)

At our school a meena bazaar was held in the first week (ہفتہ) of February. There was quite a big crowd (بہت بڑا ہجوم) of chattering (گپ شپ لگاتی ہوئی) girls in the front lawn. They were radiant (خوش طبع) and relaxed (پرسکون) because there was no teaching that day. There were different stalls set up by teachers and senior students. There were potfuls (ڈھیروں) of foodstuffs with tasty (مزیدار) sauce (چٹنی) neatly arranged on big tables. Girl shopkeepers were surprisingly (حیرت انگیز طور پر) alert (ہوشیار) and efficient (مستعد). The girl customers tried little tricks with the stall-holders and laughed heartily. Sizzling (گرم) pakoras, fruit-chat, shami kababs, chicken sticks were in great demand. Senior students had assistants with them. They kept an eye on the light spirited (ہلکی فطرت کی مالک), naughty (شرارتی) customers (خریدار). There was a very entertaining (دل بہلانے والا) variety show in the afternoon. Our principal donated (عطیہ میں دے دی) the sale money (فروخت سے حاصل ہوئی والی رقم) to a charitable (خیراتی) organization (تنظیم).

فروری کے پہلے ہفتے میں ہمارے سکول میں ایک مینابازار منعقد ہوا۔ سامنے کے سبزہ زار میں خوش گپیوں میں مصروف لڑکیوں کا بہت بڑا ہجوم تھا۔ وہ خوش طبع اور پرسکون تھیں کیونکہ اس دن کوئی پڑھائی نہ تھی۔ اساتذہ اور سینئر طالبات نے مختلف سٹال لگائے تھے۔ بڑے میزوں پر ڈھیروں کھانے کی اشیاء، مزے دار چٹنی کے ساتھ سلیقے سے سجائی گئی تھیں۔ دکاندار لڑکیاں حیرت انگیز طور پر ہوشیار اور مستعد تھیں۔ خریداری کیلئے آنے والی لڑکیوں نے سٹال لگانے والی لڑکیوں کے ساتھ ہلکی پھلکی اٹھکیلیاں کیں اور خوب قہقہے لگائے۔ گرم پکوڑوں، فروٹ چاٹ، شامی کباب، چکن اسٹکس کی بہت زیادہ طلب تھی۔ سینئر طالبات کے ساتھ ان کی معاون کارلڑکیاں بھی تھیں۔ انہوں نے ہلکی فطرت کی شرارتی خریدار لڑکیوں پر نگاہ رکھی۔ سہ پہر کو نہایت ہی جی بہلانے والا ورائٹی شو منعقد ہوا۔ ہماری پرنسپل صاحبہ نے چیزوں کی فروخت سے حاصل ہونے والی رقم ایک خیراتی تنظیم کو عطیہ میں دے دی۔

12. A Road Accident (Easy) (سڑک پر ہونے والا حادثہ)

A few days ago, I had to go to Multan from Faisalabad. The bus was new and comfortable (آرام دہ). There were only 25 passengers(مسافر) in the bus. The driver was in a good mood and was going a bit (قدرے) fast (تیز). A truck was coming at full speed from the opposite side (مخالف سمت). The truck driver tried (کوشش کی) to overtake (آگے نکلنے کی) other vehicle (گاڑی). By doing so truck struck (ٹکرایا) to our bus with full force (پوری قوت سے). This collision (ٹکراؤ) caused a great explosion (دھماکہ). The front part of the truck was badly (بری طرح سے) damaged (متاثر ہوا). Its engine became useless (بیکار). The front part of the bus was totally (مکمل طور پر) ruined (تباہ ہوگیا). Its driver died on the spot (موقع پر). The truck driver was injured. He was arrested (گرفتار ہوگیا) by the police. It was a horrible (خوفناک) and terrifying (ہولناک) scene. The passengers were screaming (چلا رہے) awfully (بری طرح). Luckily (خوش قسمتی سے), I was not injured. There was great weeping and crying. The passers by (پاس سے گزرنے والے) took out (نکالا) the passengers from the bus. Two men and a woman had died. The dead bodies and injured persons (زخمی افراد) were brought to the hospital. The dead bodies (لاشیں) were handed over (حوالے کردی گئیں) to their heirs (ورثا).

چند دن پہلے مجھے فیصل آباد سے ملتان جانا پڑا تھا۔ بس نئی اور آرام دہ تھی۔ بس میں صرف پچیس مسافر تھے۔ ڈرائیور اچھے موڈ میں تھا اور قدرے تیزی سے جا رہا تھا۔ مخالف سمت سے ایک ٹرک تیز رفتار سے آ رہا تھا۔ ٹرک ڈرائیور نے دوسری گاڑی سے آگے نکلنے کی کوشش کی۔ ایسا کرتے ہوئے ٹرک ہماری بس سے پوری قوت سے ٹکرا گیا۔ اس ٹکراؤ سے بہت بڑا دھماکہ ہوا۔ ٹرک کا اگلا حصہ بری طرح متاثر ہوا۔ اس کا انجن بیکار ہو گیا۔ بس کا اگلا حصہ مکمل طور پر تباہ ہو گیا۔ اس کا

ڈرائیور موقع پر مارا گیا۔ ٹرک ڈرائیور زخمی ہو گیا۔ اسے پولیس نے گرفتار کر لیا۔ یہ ایک خوفناک اور ہولناک منظر تھا۔ مسافر بری طرح سے چیخ رہے تھے۔ خوش قسمتی سے میں زخمی نہ ہوا۔ ہر طرف بہت زیادہ رونے اور چلانے کی آوازیں تھیں۔ راہ چلتے لوگوں نے مسافروں کو بس میں سے باہر نکالا۔ دو آدمی اور ایک عورت مارے گئے۔ نعشیں اور زخمی افراد کو ہسپتال لایا گیا۔ نعشیں ان کے ورثاء کے حوالے کر دی گئیں۔

A Road Accident (Standard) (سڑک پر ہونے والا حادثہ)

A few days ago, I witnessed (دیکھا) an accident (حادثہ) on the Lahore - Narowal road. It was a very sad (افسوسناک) spectacle (منظر). The road at the spot (جگہ) was littered (خراب تھی) with broken glasses (ٹوٹا ہوئے شیشے), bits (ٹکڑے) of wooden frames and iron bars (لوہے کی سلاخیں). The luggage (سامان) of the bus- passengers (مسافر) was in a muddy sideway nullah (کھائی). There were little pools (جوہڑ) of blood with bricks (اینٹیں) around them. A horse lay dead right in the middle. A tonga frame, nearby was just like a heap (ڈھیر) of broken painted wood. A head on collision (تصادم' ٹکراؤ) between a bus and a truck had taken place. The terrible (خوفناک) collision had its impact (اثر) on the nearby tonga. Two persons were killed on the spot and five others sustained (لگے) serious (شدید نوعیت کے) injuries (زخم). The bus lay on one side with its heavy wheels raised high in the air. The police arrived, took control (چارج لیا) and recorded (ریکارڈ کئے) statements (بیانات).

چند دن پہلے میں نے لاہور نارووال روڈ پر ایک حادثہ ہوتے دیکھا۔ یہ بہت افسوسناک منظر تھا۔ سڑک پر حادثے کی جگہ ٹوٹے ہوئے شیشے' لکڑی کے فریموں کے ٹکڑے اور لوہوں کی سلاخیں بکھری ہوئی پڑی تھیں۔ بس کے مسافروں کا سامان ساتھ ہی دلدلی کھائی میں پڑا تھا۔ وہاں خون کے چھوٹے چھوٹے جوہڑ تھے جن کے اردگرد اینٹیں رکھی گئی تھیں۔ عین درمیان میں ایک گھوڑا مرا ہوا پڑا تھا۔ نزدیک ہی ایک تانگے کا فریم ٹوٹی ہوئی پینٹ شدہ لکڑی کے ڈھیر کی شکل میں پڑا تھا۔ ایک بس اور ٹرک سامنے سے آپس میں ٹکرائے تھے۔ اس خوفناک تصادم کا قریبی تانگے پر اثر ہوا۔ دو افراد موقع پر ہی مارے گئے۔ اور دیگر پانچ افراد کو شدید نوعیت کے زخم آئے۔ بس ایک طرف پڑی تھی جس کے بھاری ٹائر ہوا میں بلند تھے۔ پولیس پہنچی، کنٹرول سنبھالا اور بیانات قلمبند کیے۔

13. Pakistani Woman (Easy) (پاکستانی عورت)

The women (خواتین) of Pakistan are working in almost (تقریباً) all spheres (شعبے) of life in our country. Though (اگرچہ) the scope (دائرہ کار) for the women in Pakistan was limited (محدود), but it can be seen now that women are working satisfactorily (تسلی بخش طور پر) in every field(شعبہ). Previously (گذشتہ) the teaching (تدریس) and nursing professions (پیشے) were considered (خیال کئے جاتے تھے) suitable (مناسب) for women but due to (کی وجہ سے) increase (اضافہ) in number of women in the country, many new professions are now open for competition (مقابلہ) for women as well (بھی). A woman, now, cannot be kept limited to her house. The reason (وجہ) for this is the rapid increase (اضافہ) of women population which is nearly (تقریباً) fifty percent of the total population. The Pakistani women, now-a-days, are working in banks, offices, private firms, hotels, departmental stores, hospitals, schools, colleges, universities, government offices, etc. They have joined the Armed Forces as well and are even (یہاں تک کہ) flying aircrafts (ہوائی جہاز) of Pakistan Air Force.

پاکستان کی خواتین ہمارے ملک میں تقریباً ہر شعبہ ء زندگی میں کام کر رہی ہیں۔ اگرچہ پاکستان میں خواتین کے لیے دائرہ کار محدود تھا' لیکن اب دیکھا جا سکتا ہے کہ خواتین ہر شعبے میں تسلی بخش طور پر کام کر رہی ہیں۔ گزشتہ دور میں تدریس اور نرسنگ کے پیشے خواتین کیلئے موزوں سمجھے جاتے تھے لیکن ملک میں خواتین کی تعداد میں اضافہ کی وجہ سے بہت سے نئے پیشے اب خواتین میں مقابلے کے لیے بھی موجود ہیں۔ اب ایک خاتون کو اس کے گھر تک محدود نہیں رکھا جا سکتا۔ اس کی وجہ

عورتوں کی آبادی میں تیزی سے اضافہ ہے جو کہ کل آبادی کا تقریباً پچاس فیصد ہے۔ آج کل پاکستانی خواتین بینکوں، دفتروں، پرائیویٹ فرموں، ہوٹلوں، ڈیپارٹمنٹل سٹوروں، ہسپتالوں، سکولوں، کالجوں، یونیورسٹیوں، سرکاری دفاتر وغیرہ میں کام کر رہی ہیں۔ وہ مسلح افواج میں بھی ملازمت اختیار کر چکی ہیں اور یہاں تک کہ پاکستانی فضائیہ کے جہاز بھی اڑا رہی ہیں۔

Pakistani Woman (Standard) (پاکستانی عورت)

Women in Pakistan have begun to take an active part in different spheres (شعبہ جات) of life. In the past job opportunities (مواقع) for them were few. By and large (عام طور پر) women worked as lady doctors, nurses, health visitors and teachers during the first ten years of Pakistan. But spheres for women now are greater than ever before. They seem (دکھائی دیتی ہیں) well on the way to become even more active in the near future (مستقبل قریب). They compete (مقابلہ کرتی ہیں) successfully (کامیابی سے) in the central (مرکزی) superior (اعلیٰ) services (خدمات کے) examinations (امتحانات). They are holding responsible (ذمہ دار، ذمہ داران) positions (عہدے) in administration, custom, income tax, railway, foreign service, police and postal (ڈاک کے شعبہ جات) departments. Some of them are in the assemblies as M.N.As. Quite a number of educated (تعلیم یافتہ) women are in banks and in business. Pakistan had its first-ever woman Prime Minister (وزیراعظم) in 1988 - 90 and again in 1994 - 1996. Women of Pakistan are now more conscious of (سے باخبر، آگاہ) their social (سماجی) and political (سیاسی) status (کردار) in the twenty first century.

پاکستانی خواتین نے زندگی کے مختلف شعبوں میں فعال کردار ادا کرنا شروع کر دیا ہے۔ ماضی میں ان کیلئے روزگار کے مواقع کم تھے۔ پاکستان کے پہلے دس سالوں میں عام طور پر خواتین، لیڈی ڈاکٹرز، نرسیں، ہیلتھ وزیٹرز اور اساتذہ کے طور پر کام کرتی تھیں۔ لیکن اب خواتین کے شعبہ جات پہلے سے کہیں زیادہ ہیں۔ وہ مستقبل قریب میں زیادہ فعال ہوتی نظر آتی ہیں۔ وہ css امتحانات میں کامیابی سے مقابلہ کرتی ہیں۔ وہ ایڈمنسٹریشن، کسٹم، انکم ٹیکس، ریلوے، وزارت خارجہ، پولیس اور ڈاک کے شعبوں میں اہم عہدوں پر فائز ہیں۔ ان میں سے چند ایک اسمبلیوں میں بطور ممبر قومی اسمبلی بھی موجود ہیں۔ بہت زیادہ تعداد میں تعلیم یافتہ خواتین بینکوں اور کاروبار میں بھی ہیں۔ پاکستان میں پہلی خاتون وزیراعظم نے 1988ء سے 1990ء تک اور دوبارہ 1994ء سے 1996ء تک حکومت کی۔ پاکستان کی خواتین اب اکیسویں صدی میں اپنے سماجی اور سیاسی کردار سے زیادہ آگاہ ہیں۔

14. A Fortune Teller (قسمت کا حال بتانے والا)

Everybody wishes (چاہتا ہے) to know (جاننا) about his future. A person who predicts (پیشین گوئی کرتا ہے) about our future is called a 'Fortune Teller'. A fortune-teller is very clever (ہوشیار). He is a psychologist (ماہر نفسیات). He can guess (اندازہ لگا سکتا ہے) the problem (مسئلہ) of a man who comes to him. He examines his palm-lines and draws some figures (ہندسے) and lines (لائنیں) on a slate. He tells him about his past. He tells him that his stars are not in his favour. He gives him some prints of the hands of Hazrat Ali (R.A). He tells him now he will be successful (کامیاب) in every field of life. Some fortune tellers have cards before them. A parrot (طوطا)comes out of a cage and picks up (اٹھاتا ہے) a card. The card shows the future of the customer (گاہک). These fortune-tellers can be seen sitting on the footpath (پیدل چلنے کا راستہ) near (نزدیک) the courts and shrines (مزارات) of saints (صوفیا). They earn (کماتے ہیں) their livelihood (روزی) by befooling (احمق بناتے ہوئے) the simple people. They satisfy the illiterate people by saying that they will get soon whatever they wish.

ہر شخص اپنے مستقبل کے بارے میں جاننا چاہتا ہے۔ ایسا شخص جو ہمارے مستقبل کے بارے میں پیشین گوئی کرتا ہے "قسمت بتانے والا" کہلاتا ہے۔

قسمت کا حال بتانے والا بہت ہوشیار ہوتا ہے۔ وہ ماہر نفسیات ہوتا ہے۔ وہ اپنے پاس آنے والے آدمی کے مسئلے کے بارے میں اندازہ لگا سکتا ہے۔ وہ اس کے ہاتھوں کی لکیروں کو غور سے دیکھتا ہے اور ایک سلیٹ پر کچھ ہندسے اور لائنیں کھینچ دیتا ہے۔ وہ اسے اس کے ماضی کے بارے میں بتاتا ہے۔ وہ اسے بتاتا ہے کہ اس کے ستارے اس کے موافق نہیں ہیں۔ وہ اسے حضرت علیؓ کے ہاتھوں کے پرنٹ کیے ہوئے کچھ عکس دیتا ہے۔ وہ اسے بتاتا ہے کہ اب وہ زندگی کے ہر شعبہ میں کامیاب ہوگا۔ قسمت کا حال بتانے والے کچھ لوگوں کے سامنے کارڈز ہوتے ہیں۔ ایک طوطا پنجرے سے باہر آتا ہے اور ایک کارڈ اٹھاتا ہے۔ کارڈ گاہک کے مستقبل کو ظاہر کرتا ہے۔ قسمت کا حال بتانے والے یہ افراد عدالتوں کے نزدیک اور صوفیا کے مزاروں کے قریب فٹ پاتھ پر بیٹھے دیکھے جا سکتے ہیں۔ وہ سادہ لوگوں کو احمق بناتے ہوئے اپنی روزی کماتے ہیں۔ وہ ان پڑھ لوگوں کو یہ کہہ کر مطمئن کر دیتے ہیں کہ وہ جو چاہتے ہیں انہیں جلد حاصل ہو جائے گا۔

15. Basant (بسنت)

This festival (تہوار) comes in the second week (ہفتہ) of February. It is thought (تصور کیا جاتا ہے) that the winter season (موسم سرما) has ended. It is the festival of kites flying. It is very popular (مشہور) among the people. They compete (مقابلہ کرتے ہیں) with one another in kite flying. When a kite is cut they cry at their top of voice "Bo Katta." Kites of different colours and sizes are seen in the sky. Some people use bugles, beat (بجاتے ہیں) drums and raise slogans (نعرے لگاتے ہیں). People enjoy this festival with a great zeal (بہت زیادہ جوش و خروش). They use floodlights and fly kites at night. They invite (مدعو کرتے ہیں) their relatives to come to their city and share their joys. They provide them special diet. This hobby is very dangerous (خطرناک). It is mere (محض، صرف) a wastage (ضیاع، نقصان) of money (رقم). Some children fall (گر جاتے ہیں) from (سے) the roofs (چھتوں) and become crippled (اپاہج ہو جاتے ہیں). Sometimes, sharp, strong and twisted chemical thread of a kite cuts throat of a motor bike rider and he is killed. At some places the metal string of a kite causes electrocutions and in this way some precious (قیمتی) lives (جانیں) are lost (ضائع ہو جاتی ہیں). There are also power failures due to this metal string. In this way this hobby causes wastage of life and money. So it should be totaly banned.

یہ تہوار فروری کے دوسرے ہفتے میں آتا ہے۔ یہ تصور کیا جاتا ہے کہ موسم سرما ختم ہو گیا ہے۔ یہ پتنگ بازی کا تہوار ہے۔ یہ لوگوں میں بہت مشہور ہے۔ وہ پتنگ بازی میں ایک دوسرے کا مقابلہ کرتے ہیں۔ جب ایک پتنگ کٹ جاتی ہے تو وہ بھرپور آواز میں چلاتے ہیں "بوکاٹا"۔ آسمان پر مختلف رنگوں اور سائزوں کی پتنگیں دکھائی دیتی ہیں۔ کچھ لوگ بگل استعمال کرتے ہیں، ڈرم بجاتے ہیں اور نعرے لگاتے ہیں۔ لوگ بڑے شوق سے یہ تہوار مناتے ہیں۔ وہ فلڈ لائٹ استعمال کرتے ہیں اور رات کو پتنگیں اڑاتے ہیں۔ وہ اپنے رشتے داروں کو اپنے شہر آنے اور اپنی خوشیوں میں شامل ہونے کی دعوت دیتے ہیں۔ وہ انہیں خاص قسم کا کھانا پیش کرتے ہیں۔ یہ مشغلہ بہت خطرناک ہے۔ یہ محض رقم کا ضیاع ہے۔ کچھ بچے چھتوں سے گر پڑتے ہیں اور اپاہج ہو جاتے ہیں۔ بعض اوقات کسی پتنگ کے تیز، مضبوط اور بل دار کیمیائی دھاگے کی وجہ سے کسی موٹر سائیکل سوار کا گلا کٹ جاتا ہے اور وہ مارا جاتا ہے۔ بعض مقامات پر پتنگ کی دھاتی تار بجلی کی تاروں سے چھو جاتی ہے اور اس سے کرنٹ بہنے لگتا ہے جس سے کچھ قیمتی جانیں ضائع ہو جاتی ہیں۔ اس دھاتی تار کی وجہ سے بجلی بھی منقطع ہو جاتی ہے۔ اس طرح اس مشغلے کی وجہ سے جانی اور مالی نقصان ہوتا ہے۔ اس لیے اس پر مکمل پابندی عائد ہونی چاہیے۔

16. A Picnic (ایک تفریحی سیر)

It was the month of July. Some of my friends arranged (انتظام کیا) a picnic party. The venue (جگہ) chosen (منتخب کی گئی) for the party was Changa-Manga. We hired (کرایہ پر لی) a wagon and reached our destination at about 2.p.m. There were many green plots before us. The whole park was full with many visiting parties. We found a suitable (مناسب، موزوں) shady place (سایہ دار جگہ) in the park. We settled there. We were awfully (بری طرح) hungry (بھوکے) and tired (تھکے ہوئے). We

spread (پھیلایا) the dining sheet (دسترخوان) and took out the edibles (کھانے پینے کی اشیاء). We ate the food to the fill. We took rest (آرام کیا) for a while (تھوڑی دیر کیلئے). Changa Manga is an artificial (مصنوعی) forest (جنگل). Special arrangements have been made for the recreation (تفریح) of the visitors. There is a beautiful lake (جھیل) in it. The bridges (پل) made over the lake are shaky (جھولتے ہوئے) and flexible (لچک دار). There is a big zoo in the forest in which many animals have been kept. There are many tuck shops in the park. The prominent (نمایاں) quality of this park is its circular (دائرے میں گھومنے والی) railway train. The visitors (زائرین/سیر کرنے والے) may have a complete visit of the whole forest by means (ذریعہ) of it. Now it was evening. We got into the train. It passed through (میں سے گزری) the thick forest. We enjoyed our picnic very much. We hired a wagon and reached (پہنچ گئے) our destination (منزل) at Faisalabad.

یہ جولائی کا مہینہ تھا۔ میرے کچھ دوستوں نے پکنک پارٹی کا اہتمام کیا۔ پارٹی کیلئے جس جگہ کا انتخاب کیا گیا وہ چھانگا مانگا تھی۔ ہم نے ایک ویگن کرایہ پر لی اور دو بجے دوپہر اپنی منزل پر پہنچے۔ ہمارے سامنے بہت سے ہرے بھرے پلاٹ تھے۔ تمام پارک بہت سی آنے والی پارٹیوں سے بھرا ہوا تھا۔ ہمیں پارک میں ایک مناسب سایہ دار جگہ مل گئی۔ ہم وہاں بیٹھ گئے۔ ہمیں بری طرح سے بھوک لگی ہوئی تھی اور تھک چکے تھے۔ ہم نے دسترخوان بچھایا اور کھانے پینے کی اشیا نکالیں۔ ہم نے جی بھر کے کھانا کھایا۔ ہم نے کچھ دیر آرام کیا۔ چھانگا مانگا ایک مصنوعی جنگل ہے۔ زائرین کی تفریح کیلئے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ اس میں خوبصورت جھیل ہے۔ جھیل کے اوپر بنائے گئے پل جھولتے ہوئے اور لچکدار ہیں۔ جنگل میں ایک بڑا چڑیا گھر ہے جس میں بہت سے جانور رکھے گئے ہیں۔ پارک میں بہت سی ٹک شاپس ہیں۔ اس پارک کی نمایاں خوبی اس کی دائرے میں گھومنے والی ریلوے ٹرین ہے۔ سیر کرنے والے اس کے ذریعے تمام جنگل کی مکمل سیر کر سکتے ہیں۔ اب شام ہو چکی تھی۔ ہم ٹرین پر سوار ہوئے۔ یہ گھنے جنگل میں سے گزری۔ ہم اپنی پکنک سے بہت لطف اندوز ہوئے۔ ہم نے ویگن کرایہ پر لی اور اپنی منزل فیصل آباد پہنچ گئے۔

17. A Street Quarrel (گلی میں ہونے والا جھگڑا)

Latif and Azeem live in the same street. One day, Latif was playing with a ball. Azeem took the ball and went to his house. Latif knocked (دستک دی) at the door of Azeem. When Azeem came out Latif began to call his names. Soon (جلد ہی) they began to exchange (تبادلہ کرنے لگے) hot words (گرم الفاظ). Then they used their fists (مٹھیاں/مکے) to blow (مارنے کیلئے) each other. Latif gave a blow (مکا مارا) to Azeem on his nose. It began to bleed (خون بہنے لگا). Some passers-by tried to pacify (غصہ ٹھنڈا کرنے کی کوشش کی) them. Azeem threw a brick at Latif. His head began to bleed. He was taken to the hospital. He remained (رہا) there for a week. The old people of the streets gathered and brought them round (ان میں صلح کرا دی). They again became friends. We should remain calm and quite (خاموش اور پرسکون) and avoid (بچنا) to pick up a quarrel (جھگڑا کرنا).

لطیف اور عظیم ایک ہی گلی میں رہتے ہیں۔ ایک دن لطیف ایک گیند سے کھیل رہا تھا۔ عظیم نے گیند پکڑ لی اور اپنے گھر لے گیا۔ لطیف نے عظیم کے دروازے پر دستک دی۔ جب عظیم باہر آیا تو لطیف نے اسے گندے ناموں سے پکارنا شروع کر دیا۔ جلد ہی وہ غصے میں ایک دوسرے سے باتیں کرنے لگے پھر وہ ایک دوسرے کو مکے مارنے لگے۔ لطیف نے عظیم کی ناک پر ایک مکہ مارا۔ اس سے خون بہنا شروع ہو گیا۔ کچھ راہ گیروں نے ان کا غصہ ٹھنڈا کرنے کی کوشش کی۔ عظیم نے لطیف کو ایک اینٹ ماری۔ اس کے سر سے خون بہنے لگا۔ اسے ہسپتال لے جایا گیا۔ وہ ہفتہ بھر وہاں رہا۔ گلی کے بزرگ لوگ اکٹھے ہوئے اور ان کی صلح کرا دی۔ وہ دوبارہ دوست بن گئے۔ ہمیں پرسکون رہنا چاہیے اور جھگڑا کرنے سے بچنا چاہیے۔

18. A Visit To A Historical Place (ایک تاریخی مقام کی سیر)

A visit (سیر) to a historical (تاریخی) place means to peep (جھانکنا) into our past. It was Sunday. My friends Sobia, Rabia, Naila and Noviha came to me. We decided for sightseeing the Tomb (مقبرہ) of Jahangir. This tomb is situated at Shahdara. It is four miles away from Lahore, on the right bank (دایاں کنارہ) of the river Ravi. We hired a taxi and reached the Tomb of Jahangir. We entered through the main gate. There were many grassy plots there. We saw a lot of shady (سایہ دار) trees there. Many footpaths were running this and that way. Birds were chirping in the trees. The sight was very charming (دلکش). We were overjoyed. Flowers of different kinds and colours were growing in the flower beds. They were very fragrant (خوشبودار). A grand (شاندار) marble building (سنگ مرمر کی بنی ہوئی عمارت) stands in the garden. Jahangir the great Mughal emperor lies buried (دفن ہیں) in it. We offered (ادا کی) Fatiha there. A lofty (بلند) minaret (مینار) stands at each corner (کونہ) of the building. We greatly admired the masons (معمار) of the past for their skill (مہارت). This great tomb was built by Shahjehan. Now we were tired (تھک چکے تھے) and hungry. We sat under a shady (سایہ دار) tree. We ate sweet cakes and fruit with juices. After it we took rest (آرام کیا) for an hour. Now the sun was about to set. We hired (کرایہ پر لی) a taxi and reached (پہنچ گئے) home.

کسی تاریخی مقام کی سیر سے مراد اپنے ماضی میں جھانکنا ہے۔ اتوار کا دن تھا۔ میری سہیلیاں ثوبیہ، رابعہ، نائلہ اور نوویہا میرے پاس آئیں۔ ہم نے مقبرہ جہانگیر کی سیر کا فیصلہ کیا۔ یہ مقبرہ شاہدرہ میں واقع ہے۔ یہ لاہور سے چار میل دور دریائے راوی کے دائیں کنارے واقع ہے۔ ہم نے ایک ٹیکسی کرائے پر لی اور مقبرہ جہانگیر پہنچ گئے۔ ہم بڑے گیٹ سے اندر داخل ہوئے۔ وہاں بہت سے سرسبز پلاٹ تھے۔ ہم نے وہاں بہت سے سایہ دار درخت دیکھے۔ ادھر ادھر پیدل چلنے کے بہت سے راستے بنے ہوئے تھے۔ درختوں پر پرندے چہچہا رہے تھے۔ نظارہ بہت دلکش تھا۔ ہم بہت زیادہ خوش ہوئے۔ پھولوں کی کیاریوں میں مختلف رنگوں اور اقسام کے پھول اُگے ہوئے تھے۔ وہ بہت خوشبودار تھے۔ باغ میں ایک بڑی سنگ مرمر کی عمارت بنی ہوئی ہے۔ عظیم مغل شہنشاہ جہانگیر اس میں دفن ہے۔ ہم نے وہاں فاتحہ پڑھی۔ بلڈنگ کے ہر ایک کونے میں ایک بلند مینار بنا ہوا ہے۔ ہم نے ماضی کے معماروں کی مہارت پر ان کی بہت زیادہ تعریف کی۔ یہ عظیم مقبرہ شاہ جہان نے تعمیر کیا تھا۔ اب ہم تھک چکے تھے اور ہمیں بھوک لگی ہوئی تھی۔ ہم ایک سایہ دار درخت کے نیچے بیٹھے۔ ہم نے جوس کے ساتھ میٹھے کیک اور پھل کھائے۔ اس کے بعد ہم نے ایک گھنٹہ تک آرام کیا۔ اب سورج غروب ہونے کو تھا۔ ہم نے ایک ٹیکسی کرایہ پر لی اور گھر پہنچ گئے۔

19. A Visit to the Zoo (چڑیا گھر کی سیر)

I visited the Zoo at Lahore on last Sunday with my friends. We bought (خریدے) tickets and entered the Zoo. We saw the section (شعبہ) of beasts (وحشی جانور). There were bears (ریچھ), foxes (لومڑ), jackals (گیدڑ) and wolves (بھیڑیے). A gray bear was moving in its cage (پنجرہ). We heard the roar (دھاڑ) of a lion. It was moving restlessly (بے چینی سے) in its cage. We went forward (آگے). We saw monkeys and baboons (بن مانس) jumping and dancing. Next to them were stags (بارہ سنگھے), deer (ہرن) and rabbits (خرگوش). On the other side, there were birds (پرندے). We saw pigeons (کبوتر), parrots (طوطے) and sparrows (چڑیا) of different colours. There was a big elephant (ہاتھی) also. It was eating sugarcane (گنا). A big crowd of children had gathered there. We saw ducks (بطخیں), cranes (سارس), red and silver fish swimming in the pond. We enjoyed the visit very much.

میں نے گزشتہ اتوار اپنے دوستوں کے ہمراہ لاہور کے چڑیا گھر کی سیر کی۔ ہم نے ٹکٹیں خریدیں اور چڑیا گھر میں داخل ہوئے۔ ہم نے وہ حصہ دیکھا جہاں وحشی جانور (درندے) تھے وہاں ریچھ، لومڑ، گیدڑ اور بھیڑیے تھے۔ ایک بھورا بھالو اپنے پنجرے میں گھوم پھر رہا تھا۔ ہم نے ایک ببر شیر کے دھاڑنے کی آواز سنی۔ وہ اپنے پنجرے میں بے چینی سے گھوم رہا تھا۔ ہم آگے بڑھ گئے۔ ہم نے بندروں اور بن مانسوں کو اچھلتے اور ناچتے ہوئے دیکھا۔ ان سے بعد بارہ سنگھے، ہرن اور خرگوش تھے۔ دوسری طرف پرندے تھے۔ ہم نے مختلف رنگوں کے کبوتر، طوطے اور چڑیاں دیکھیں۔ وہاں ایک بڑا ہاتھی بھی تھا۔ وہ ایک گنا کھا رہا تھا۔ وہاں بچوں کا ایک بڑا ہجوم اکٹھا ہو چکا تھا۔ ہم نے جوہڑ میں بطخیں، سارس، سرخ اور چاندی کے رنگ کی مچھلیاں تیرتی ہوئی دیکھیں۔ ہم سیر سے بہت زیادہ لطف اندوز ہوئے۔

20. Allama Iqbal (علامہ اقبالؒ)

Allama Muhammad Iqbal was born in Sialkot on November 9, 1877. His forefathers (آباؤ اجداد) belonged to (سے تعلق رکھتے تھے) Kashmir. His father Sheikh Noor Muhammad was a religious (مذہبی) and pious (نیک، پارسا، متقی) man. His mother Imam Bibi was also a pious lady. Their training (تربیت) deeply impressed (متاثر کیا، اثر ڈالا) his life. He completed his studies of the Holy Quran in early age (ابتدائی عمر). He passed his Matriculation Examination from the local (مقامی) Mission High School. He passed his Intermediate Examination from the Murray College Sialkot. He joined the Government College Lahore and passed his M.A. in Philosophy. He went abroad (بیرون ملک) for higher (اعلیٰ) education (تعلیم). He studied law in England and became a barrister. Then he went to Germany where he studied philosophy and was awarded (دی گئی) a Ph.D degree. He came back and started his law practice in Lahore. He spent most of his time in poetry. In his poetry he gave the Muslims the message (پیغام) of hope. He took active part (سرگرم حصہ) in politics (سیاست). He gave the idea of Pakistan. He asked Quaid-i-Azam to accept the leadership (رہنمائی، قیادت) of the Muslim League in the struggle for achieving Pakistan. He passed away (وفات پائی) on the 21st of April 1938. He was buried (دفن کیا گیا) in Lahore near the Badshahi Mosque. The names of his books are Bang-e-Dira, Baal-e-Jibrael, Zarb-e-Kaleem, Payam-e-Mashriq, Javed Nama, Zaboor-e-Ajam and Asrar-e-Khudi. May his soul rest in peace (امن، سلامتی)! Ameen.

علامہ محمد اقبالؒ سیالکوٹ میں 9 نومبر 1877ء کو پیدا ہوئے۔ آپ کے آباؤ اجداد کا تعلق کشمیر سے تھا۔ ان کے والد شیخ نور محمدؒ ایک مذہبی اور نیک انسان تھے۔ ان کی والدہ امام بی بی بھی ایک پاک باز خاتون تھیں۔ ان کی تربیت نے ان کی زندگی پر گہرا اثر ڈالا۔ انہوں نے ابتدائی عمر میں ہی قرآن پاک کی تعلیم مکمل کر لی۔ انہوں نے میٹرک کا امتحان مقامی مشن ہائی سکول سے پاس کیا۔ انہوں نے ایف اے کا امتحان مرے کالج سیالکوٹ سے پاس کیا۔ انہوں نے گورنمنٹ کالج لاہور میں داخلہ لیا اور ایم اے فلسفہ کا امتحان پاس کیا۔ وہ اعلیٰ تعلیم کے لیے بیرون ملک چلے گئے۔ انہوں نے انگلینڈ میں قانون کی تعلیم حاصل کی اور بیرسٹر بن گئے۔ پھر وہ جرمنی چلے گئے جہاں سے انہوں نے فلسفہ کی تعلیم حاصل کی اور انہیں پی ایچ ڈی کی ڈگری ملی۔ وہ واپس آئے اور لاہور میں قانون کی پریکٹس شروع کر دی۔ انہوں نے اپنا زیادہ وقت شاعری میں گزارا۔ اپنی شاعری میں انہوں نے مسلمانوں کو امید کا پیغام دیا۔ انہوں نے سیاست میں سرگرم حصہ لیا۔ انہوں نے نظریہ پاکستان پیش کیا۔ انہوں نے قائداعظمؒ سے کہا کہ پاکستان کے حصول کے لیے جدوجہد کے سلسلہ میں وہ مسلم لیگ کی قیادت قبول کر لیں۔ انہوں نے 21 اپریل 1938ء کو وفات پائی۔ انہیں لاہور میں بادشاہی مسجد کے قریب دفن کیا گیا۔ ان کی کتابوں کے نام ہیں بانگ درا، بال جبریل، ضرب کلیم، پیام مشرق، جاوید نامہ، زبور عجم اور اسرار خودی ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی روح کو امن عطا فرمائے۔ آمین۔

21. The Teacher I Like the Most
استاد محترم جنہیں میں سب سے زیادہ پسند کرتا ہوں

The Holy Prophet (S.A.W) says, "You have three parents (والدین) namely, your father (باپ), your teacher and your father-in-law (سسر)." This Hadith (حدیث پاک) lays stress (زور دیتی ہے) on the importance (اہمیت) of these relations (رشتے،تعلقات). I have many teachers but Mr. Akbar is my best teacher. He is an M.A.B.Ed. He is our teacher-in-charge. He teaches us English, Mathematics and Islamic Studies. His method of teaching is very nice (اچھا) and attractive (پرکشش). He is very able (قابل), intelligent (ذہین) and hardworking (محنتی). He is never late for school. He calls the roll and starts his lesson. He is an old man of fifty-five years old. He has a smiling face, bright (روشن) eyes and gray (سرمئی) hair. He wears simple but neat and clean (صاف اور ستھرا) dress. He maintains a strict discipline (سخت نظم وضبط) in the class. He always instructs the students to fear from Allah and follow (پیروی کرنا) the right path (صراطِ مستقیم،سیدھا راستہ). He advises us to follow the instructions (ہدایت) given by the Holy Quran and the Holy Prophet (S.A.W). Most of his students have become sincere (مخلص) followers (پیروکار) of religion (مذہب). He has made us true patriots (محبِ وطن). He shows very high results. He is an ideal (مثالی) teacher. He is loved and respected by everybody for his sweet and scholarly (عالمانہ) habits (عادات). I am proud of him. May he live long!

حضور پاک ﷺ ارشاد فرماتے ہیں، "تمہارے تین باپ ہیں، تمہارا باپ، تمہارا استاد اور تمہارا سسر۔" یہ حدیث پاک ان رشتوں کی اہمیت پر زور دیتی ہے۔ میرے بہت سے اساتذہ ہیں لیکن مسٹر اکبر میرے بہترین استاد ہیں۔ ان کی تعلیم ایم اے، بی ایڈ ہے۔ وہ ہماری کلاس کے انچارج ٹیچر ہیں۔ وہ ہمیں انگریزی، ریاضی اور اسلامیات پڑھاتے ہیں۔ ان کے پڑھانے کا طریقہ بہت اچھا اور پرکشش ہے۔ وہ بہت قابل، ذہین اور محنتی ہیں۔ وہ کبھی بھی دیر سے سکول نہیں آتے۔ وہ حاضری لگاتے ہیں اور اپنا سبق شروع کر دیتے ہیں۔ وہ پچپن برس کے بزرگ ہیں۔ ان کا چہرہ مسکراتا ہوا، آنکھیں روشن اور بال سرمئی ہیں۔ وہ سادہ لیکن صاف ستھرا لباس پہنتے ہیں۔ وہ جماعت میں سختی سے نظم وضبط قائم رکھتے ہیں۔ وہ ہمیشہ طلبا کو ہدایت دیتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سے ڈریں اور صحیح راستے پر چلیں۔ وہ ہمیں نصیحت کرتے ہیں کہ ہم قرآن پاک اور حضور ﷺ کی دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ ان کے اکثر طلبا صحیح مذہبی پیروکار بن گئے ہیں۔ انہوں نے ہمیں سچا محبِ وطن بنا دیا ہے۔ اُن کے نتائج بہت اچھے ہوتے ہیں۔ ایک مثالی استاد ہیں۔ ان کی اچھی اور عالمانہ عادتوں کی وجہ سے ہر کوئی ان سے پیار اور احترام کرتا ہے۔ مجھے ان پر ناز ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کی عمر دراز فرمائے۔

22. A House on Fire (ایک گھر میں آتشزدگی)

Last month, I was sleeping (سورہا) at night when I heard (سنا) some persons crying (چلاتے ہوئے) "Fire! Fire!". I got up (اٹھا، بیدار ہوا) and saw that a house in the street was on fire. It was a big (بڑا) bungalow (بنگلہ) with a lot of wood (لکڑی) used in it. Many people had gathered there and were throwing (پھینک رہے) water to put out (بجھانے کے لیے) the fire. The inmates (رہائشی افراد) were saved but they were crying for help to save their property (جائیداد). I began to throw sand (ریت) on the fire. After some time the fire brigade reached there. The fire was extinguished (بجھادی گئی) after one hour. Though (اگرچہ) there was no loss of life but loss (نقصان) of property was very big.

گزشتہ مہینے میں رات کو سو رہا تھا جب میں نے کچھ لوگوں کو چلاتے ہوئے سنا "آگ! آگ!" میں بیدار ہوا اور دیکھا کہ گلی میں ایک گھر میں آگ لگی ہوئی تھی۔ یہ ایک بڑا بنگلہ تھا جس میں بہت زیادہ لکڑی استعمال ہوئی تھی۔ وہاں بہت سے لوگ اکٹھے ہو چکے تھے اور آگ بجھانے کے لیے پانی پھینک رہے تھے۔ گھر میں رہائشی افراد کو بچا لیا گیا لیکن وہ اپنی جائیداد کو بچانے کے لیے مدد کے لیے چلا رہے تھے۔ میں نے آگ پر ریت ڈالنا شروع کر دی۔ کچھ دیر بعد فائر بریگیڈ والے وہاں پہنچ گئے۔ ایک گھنٹے بعد آگ بجھا دی گئی۔ اگرچہ کوئی جانی نقصان نہ ہوا لیکن جائیداد کا نقصان بہت زیادہ تھا۔ ☆☆☆☆

STORY WRITING (کہانی نویسی)

To devise and write a story is an art. You can write a story easily after getting mastery in grammar and translation. In the examinations, this quiestion is asked in either of three ways i.e.

کہانی بنانا اور کہانی لکھنا ایک فن ہے۔ قواعد و ترجمہ نویسی میں مہارت کے بعد آپ آسانی سے کہانی لکھ سکتے ہیں۔

While writing a story, keep the following points in mind:

کہانی لکھتے وقت درج ذیل باتیں مدنظر رکھنی چاہئیں۔

1- کہانی کا خاکہ زمانہ حال میں ہوتا ہے جبکہ کہانی زمانہ ماضی میں لکھی جاتی ہے۔
2- کہانی آسان الفاظ اور چھوٹے فقرات میں لکھیں۔
3- واقعات کی ترتیب مدنظر رکھیں۔
4- کہانی لکھتے وقت قواعد کے اصولوں کی پابندی کر لی جائے۔
5- دو آدمیوں کی گفتگو کو ڈائریکٹ فارم میں لکھیں تاکہ غلطی کا امکان نہ ہو۔
6- کہانی کا عنوان اور اخلاقی سبق ضرور لکھیں۔

نیچے کچھ اہم کہانیاں دی جا رہی ہیں۔ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کے امتحانات میں اکثر انھی کہانیوں میں سے کوئی ایک کہانی پوچھی جاتی ہے۔ ان کہانیوں کا اردو ترجمہ بھی ساتھ دیا گیا ہے تاکہ آپ انھیں سمجھ کر اچھی طرح تیار کر سکیں۔

(1) Kindness of The Holy Prophet (ﷺ) (رسول پاک ﷺ کی شفقت)

(Easy)

The Holy Prophet (ﷺ) was kind (مہربان) and affectionate (شفیق، شفقت فرمانے والے) to all creatures (مخلوقات) of the universe (کائنات). Once he (ﷺ) was going on a journey (سفر). There were some of his companions (ساتھی/صحابہ کرامؓ) with him. They were passing (گزر رہے) by bushes (جھاڑیاں). One of his companions saw a nest in a bush (جھاڑی). It was the nest of sparrows. There were two sparrow chicks (چڑیا کے بچے) in it.He picked up (اٹھالیا) the young sparrows. The parent sparrows came crying (چلاتے ہوئے). The Holy Prophet (ﷺ) asked his companion the reason (وجہ) of their crying. He told that he had taken out (نکال لیے تھے) their chicks. The Holy Prophet (ﷺ) advised (نصیحت فرمائی) his companion to put back (واپس رکھنا) the baby sparrows in the nest, at once. His companion obeyed (بجالایا) his order. The sparrows felt happy (خوش ہوگئیں) and stopped crying.

رسول پاک (ﷺ) کائنات کی تمام مخلوقات پر مہربان اور شفیق تھے۔ ایک بار رسول پاک (ﷺ) کسی سفر پر تشریف لے جا رہے تھے۔ آپ (ﷺ) کے ساتھ آپ (ﷺ) کے کچھ صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین تھے۔ وہ جھاڑیوں کے پاس سے گزر رہے تھے۔ آپ (ﷺ) کے ایک صحابی نے کسی جھاڑی میں ایک گھونسلہ دیکھا۔ یہ چڑیوں کا گھونسلہ تھا۔ اس میں چڑیوں کے دو بچے تھے۔ انھوں نے بچوں کو اٹھا لیا۔ والدین چڑیاں چلاتی ہوئیں اکٹھی ہوگئیں۔ رسول پاک (ﷺ) نے اپنے صحابیؓ سے ان کے چلانے کی وجہ دریافت فرمائی۔ انھوں نے بتایا کہ انھوں نے ان کے بچے نکال لیے تھے۔ رسول پاک (ﷺ) نے اپنے صحابیؓ کو حکم فرمایا کہ فوراً ان کے بچے گھونسلے میں رکھ دیں۔ آپ (ﷺ) کا صحابی آپ (ﷺ) کا حکم بجا لایا۔ چڑیاں خوش ہوگئیں اور انھوں نے چلانا بند کر دیا۔

Moral: اخلاقی سبق:

1. The Holy Prophet (ﷺ) is the benefactor of all the worlds. رسول پاک (ﷺ) تمام جہانوں کے لیے رحمت ہیں۔
2. God is kind to him who is kind to others. اللہ تعالیٰ اس پر رحم فرماتا ہے جو دوسروں پر رحم کرتا ہے۔
3. Always be kind to others. ہمیشہ دوسروں پر مہربانی کرو۔

(Standard)

Our beloved (محبوب) Holy Prophet, Hazrat Muhammad (ﷺ) was the benefactor of all worlds (رحمت اللعالمین). He was benevolent (مشفق) not only to his fellow-beings (ساتھی انسان), but also to all the other creatures (مخلوقات) of Allah Almighty (اللہ تعالیٰ). Indeed (درحقیقت), he (ﷺ) was the greatest blessing (عظیم ترین نعمت) of God to humanity (نوع انسانی), who set highest examples to be followed through his kindness (شفقت), affection (رحم دلی), generosity (سخاوت) and sympathy (ہمدردی). One among several events (واقعہ) of his examplery (مثالی) kindness is enough (کافی) to show the practical implication (عملی اطلاق) of Divine Words (خدائی احکامات); "Be kind to the creature on earth and Allah will be kind to you in the Heaven." کرو مہربانی تم اہلِ زمیں پر، خدا ہوگا مہرباں عرشِ بریں پر

Once our Holy Prophet (ﷺ) had to take a journey (طویل سفر) with his pious companions (صحابہ کرامؓ). As they were passing through (سے گزرنا) the woods (جنگل), one of his companions saw there a nest of sparrows in a bush (جھاڑی). The nest was containing two sparrow chicks (چوزے) in it. That companion (ساتھی) picked up (اُٹھانا) those chicks, but as the parent sparrows realized (احساس کیا) the absence (غیر موجودگی) they began to cry (چلانا) and hover (منڈلانا) with intranquility (بے کلی / بے سکونی). The beloved Prophet of Allah(ﷺ) enquired (پوچھا) the real cause (اصل وجہ) of their sorrowful crying. The companion narrated (بیان کرنا) the whole event. After listening it, the Holy Prophet (ﷺ) advised (نصیحت کرنا) his companion to put the baby sparrows immediatly (فوری) back into their nest. That companion acted upon (عمل کرنا) his advice (نصیحت), at once. Finding their chicks back in the nest, parent sparrows felt relief (سکون) and stopped crying. No doubt (بے شک), our Holy Prophet (ﷺ) is the benefactor of all worlds.

ہمارے پیارے رسول حضرت محمد (ﷺ) رحمت اللعالمین بنا کر بھیجے گئے تھے آپ (ﷺ) نہ صرف اپنے ساتھی انسانوں پر مہربان تھے بلکہ اللہ تعالیٰ کی تمام مخلوقات پر بھی مشفق تھے۔ درحقیقت آپ (ﷺ) نوعِ انسانی کے لیے خدا کی ایک عظیم ترین نعمت تھے جنھوں نے اپنی شفقت، رحم دلی، سخاوت اور ہمدردی سے انسانیت کے لیے بلند پایہ مثالیں قائم کیں۔ آپ (ﷺ) کی قائم کردہ مہربانی کی کئی مثالوں میں سے ایک واقعہ ہی اس خدائی حکم کی عملی تعبیر ثابت کرنے کے لیے کافی ہے کہ "تم اہلِ زمین پر شفقت / مہربانی کرو (اور) خدا تم پر عرشِ بریں پر مہربان ہوگا۔"

ایک مرتبہ ہمارے پاک پیغمبر (ﷺ) اپنے متقی ساتھیوں (صحابہ کرامؓ) کے ہمراہ ایک سفر پر تشریف لے گئے۔ جب آپ سب جنگل سے گزر رہے تھے تو آپ (ﷺ) کے ساتھیوں میں سے ایک نے کسی جھاڑی میں چڑیوں کا گھونسلا دیکھا۔ گھونسلے میں چڑیا کے دو چوزے تھے۔ انھوں نے وہ چوزے اُٹھا لیے مگر جیسے ہی والدین چڑیوں کو اپنے بچوں کی غیر موجودگی کا احساس ہوا تو انھوں نے بے کلی سے چلانا اور سروں پر منڈلانا شروع کر دیا۔ اللہ کے پیارے رسول (ﷺ) نے اُن پرندوں کی آزردہ آہوں کا اصل سبب دریافت فرمایا۔ آپ (ﷺ) کے صحابیؓ نے پورا ماجرا بیان کر دیا۔ یہ سننے کے بعد رسول پاک (ﷺ) نے اپنے ساتھی کو نصیحت کی کہ ننھی چڑیوں کو فوراً ان کے گھونسلے میں واپس رکھو۔ آپ (ﷺ) کے صحابیؓ نے فوراً آپ (ﷺ) کی نصیحت پر عمل درآمد کیا۔ اپنے بچوں کو گھونسلے میں واپس پا کر والدین چڑیاں پرسکون ہوئیں اور چلانا بند کر دیا۔ کوئی شک نہیں کہ ہمارے پیارے رسول (ﷺ) تمام جہانوں کے لیے رحمت ہیں۔

Moral:

Note: *See the easy version above.*

(2) Union is Strength (اتفاق میں برکت ہے)

(Easy)

Once there was a farmer (کسان). He had three lazy (سست) sons. They often quarrelled (لڑتے) (جھگڑتے رہتے) with one another. This practice (رویہ) caused to increase (اضافے کی وجہ بنا) the worries

(پریشانیاں) of their father. He was gloomy (غمزدہ) and sad (افسردہ). Suddenly, he fell ill (بیمار پڑ گیا) and was at death bed (بستر مرگ). He was disappointed (مایوس) for their future. He hit upon a plan (ترکیب). One day he called for his sons. He asked one of his sons to bring (لانے کیلئے) a bundle of sticks (لکڑیوں کا گٹھا) then asked them to break (توڑنے کیلئے) that bundle. They one by one tried (کوشش کی) to break the bundle. No one succeeded (کامیاب ہوا). He untied (کھولا) the bundle and firstly asked the youngest (سب سے چھوٹا) son to break it. He broke all the sticks one by one. He said to them, "If you are united like sticks, none can harm (کوئی بھی نقصان نہیں پہنچا سکتا) you. If you are not united (متحد), you will be perished (مٹ جاؤ گے)." This noble example (شاندار مثال) made them wise. They promised with their father to be united in future.

ایک دفعہ ایک کسان تھا۔ اس کے تین کھلے بیٹے تھے۔ وہ اکثر ایک دوسرے سے لڑتے جھگڑتے رہتے تھے۔ ان کے اس رویے سے ان کے باپ کی پریشانیوں میں اضافہ ہوا۔ وہ غمزدہ اور افسردہ تھا۔ اچانک وہ بیمار پڑ گیا اور وہ بستر مرگ پر تھا۔ وہ ان کے مستقبل سے مایوس تھا۔ اسے ایک ترکیب سوجھی۔ ایک دن اس نے اپنے بیٹوں کو بلایا۔ اس نے اپنے ایک بیٹے سے لکڑیوں کا گٹھا لانے کے لیے اور پھر ان سے گٹھا توڑنے کے لیے کہا۔ انہوں نے ایک ایک کر کے گٹھا توڑنے کی کوشش کی۔ کوئی بھی کامیاب نہ ہوا۔ اس نے گٹھا کھول دیا اور پہلے سب سے چھوٹے بیٹے سے اسے توڑنے کو کہا۔ اس نے ایک ایک کر کے تمام لکڑیاں توڑ ڈالیں۔ اس نے ان سے کہا، "اگر تم لکڑیوں کی طرح متحد ہو تو کوئی بھی تمہیں نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ اگر تم متحد نہیں ہو تو تم مٹ جاؤ گے۔" اس شاندار مثال نے انہیں عقلمند بنا دیا۔ انہوں نے اپنے باپ سے وعدہ کیا کہ مستقبل میں متحد رہیں گے۔

Moral: اخلاقی سبق:

1. Union is strength. — اتفاق میں برکت ہے۔
2. Be United. — اتفاق سے رہو۔
3. United you stand, divided you fall. — اتحاد مضبوط بناتا ہے نفاق کمزور کرتا ہے۔

(Standard)

Once upon a time. There lived an old farmer in a village. He had three sons who were sturdy (قوی الجثہ), but extremely (بے انتہا) lazy and quarrelsome. They used to quarrel (جھگڑا) for nothing (بے کار/فضول). Their father remained worried (فکرمند) all the time for their odd practices (بھدی عادات). He was desired (خواہش مند تھا) that they should be devoted (جانثار) to their work and be united (متحد). He often advised (نصیحت کی) them to do so, but his words always fell on deaf ears (لا پرواہ لوگ) and they didn't change their ways (طور طریقے) of living (رہن سہن). Soon the old farmer fell ill and got disappointed (مایوس ہوا) about their future (مستقبل). Their negligence (غفلت) to father's advices was the real cause (اصل وجہ) of his sickness (بیماری) and he was soon at death bed (بستر مرگ). But before his death, he wanted (چاہا) to reform (اصلاح کرنا) their bad habits (بری عادات) so he hit upon (سوجھنا) an effective plan (موثر منصوبہ). He called for (بلایا) his all sons and ordered them to bring (لانا) there a bundle (گٹھا) of sticks. When they managed (بندوبست کیا) it, their father asked them one by one to break (توڑنا) it into pieces, but no one of them could succeed (کامیاب ہونا) to do so; as the bundle was strong enough (کافی مضبوط). Then they untide it at their father's order (حکم). The father asked his youngest son first of all to break those sticks of untied bundle. He did so and broke all those sticks easily. The old, but wise (عقلمند) father spoke and revealed (انکشاف کرنا) that "it was

indeed (دراصل) the practical demonstration (عملی مظاہرہ) of unity (اتفاق) and disunity (نااتفاقی); if they all remained united just like that bundle, they would be unconquered (ناقابل تسخیر) by the others, but their disunity would cause them conquered (غلبہ پانا/تسخیر کرنا) or perished (نیست و نابود کرنا) by their enemies." All the sons really impressed (متاثر ہوئے) by their father's lesson and promised (وعدہ کرنا) him that they would remain united onward (مستقبل میں/آگے). That made their old father satisfied (مطمئن کرنا) and they all started living happily (ہنسی خوشی).

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ کسی گاؤں میں ایک بوڑھا کسان رہتا تھا۔ اُس کے تین بیٹے جو قوی الجثہ/توانا مگر بے انتہا سست اور جھگڑالو تھے۔ وہ بلاوجہ لڑتے رہتے تھے۔ اُن کا باپ ہر وقت اُن کی بُری عادات کی وجہ سے فکرمند رہتا تھا۔ وہ خواہشمند تھا کہ اُن سب کو اپنے کام میں دل لگانا اور متحد رہنا چاہیے۔ اُس نے اکثر اپنے بیٹوں کو ایسا کرنے کی نصیحت کی مگر اُس کی باتوں کو یہاں سے سُن کر وہاں نکال دیا گیا اور انھوں نے اپنے اطوار زندگی نہ بدلے۔ جلد ہی بوڑھا کسان بیمار پڑ گیا اور اُن کے مستقبل سے مایوس ہو گیا۔ اُن کا اپنے باپ کی نصیحتوں سے غفلت برتنا ہی اُس (کسان) کی بیماری کا اصل سبب تھا اور وہ جلد ہی بسترِ مرگ پر پہنچ گیا۔ مگر وفات سے قبل وہ اُن کی بُری عادات کی اصلاح کرنا چاہتا تھا لہٰذا اُسے ایک مؤثر ترکیب سوجھی۔ اُس نے اپنے تمام بیٹوں کو بُلا بھیجا اور اُنھیں چھڑیوں کا گٹھا لانے کا حکم دیا۔ جب وہ اُس کا بندوبست کر چکے تو اُن کے باپ نے باری باری اُنھیں اُس گٹھے کو ٹکڑوں میں توڑنے کے لیے کہا مگر اُن میں سے کوئی بھی ایسا کرنے میں کامیاب نہ ہو سکا۔ چونکہ گٹھا خاصا مضبوط تھا۔ تب اُنھوں نے اپنے باپ کے حکم پر اُسے کھول دیا۔ والد نے سب سے پہلے اپنے سب سے چھوٹے بیٹے کو کھلے گٹھے کی چھڑیاں توڑنے کے لیے کہا۔ اُس نے ایسا ہی کیا اور تمام چھڑیاں آسانی سے توڑ ڈالیں۔ بوڑھا مگر عقلمند/دانا باپ مخاطب ہوا اور یہ انکشاف کیا کہ وہ سب دراصل اتفاق و نااتفاقی (سے رہنے) کا عملی مظاہرہ تھا۔ اگر وہ سب اس گٹھے کی طرح متحد رہے تو وہ دوسروں کے لیے ناقابلِ تسخیر ہو جائیں گے مگر اُن کی نااتفاقی اُن کو دشمنوں کے ہاتھوں اُن پر غلبہ پانے یا نیست و نابود کرنے کا سبب بنے گی۔ تمام بیٹے اپنے باپ کے (سکھائے) سبق سے حقیقتاً متاثر ہوئے اور اُس سے وعدہ کیا کہ وہ آئندہ متحد رہیں گے اُس بات نے اُن کے بوڑھے باپ کو مطمئن کر دیا اور وہ سب ہنسی خوشی رہنے لگے۔

Moral:
Note: *See the easy version above.*

(3) Robbers Turned Good Citizens (ڈاکو اچھے شہری بن گئے)

(Easy)

Hazrat Sheikh Abdul Qadir Jilani (رحمۃ اللہ علیہ) was a young (کم سن) boy. His mother asked him to visit (سفر کرنا) other countries for the sake of knowledge (علم کی خاطر). She stiched (سی دیے) forty gold coins (سونے کے سکے، اشرفیاں)in his shirt. She advised (نصیحت کی) him to speak (بولنا) truth (سچ) always (ہمیشہ). Hazrat Sheikh Abdul Qadir Jilani (رحمۃ اللہ علیہ) joined (شامل ہو گئے) a caravan (قافلہ). The caravan set off (روانہ ہوا) its journey. When the caravan was passing (گزر رہا)through (میں سے) a forest (جنگل), a gang (گروہ) of robbers (ڈاکو) fell on travellers (مسافروں پر حملہ آور ہوا) and deprived (محروم کر دیا) them of their valuables (قیمتی اشیاء). A robber came to Hazrat Sheikh Abdul Qadir Jilani (رحمۃ اللہ علیہ) and asked him if he had anything (کچھ). He told that he had some coins (اشرفیاں), stitched (سلی ہوئی) in his shirt. That robber took (لے گیا) the boy to his leader (سردار). The leader asked him why he had not denied (انکار کرنا) of having money. Hazrat Sheikh Abdul Qadir Jilani (رحمۃ اللہ علیہ) replied (جواب دیا) that his mother had advised him to speak only truth always. That had a deep effect (گہرا اثر) on chief's heart and he along (ہمراہ) with his companions gave up robbery (لوٹ مار). All of them became pious (نیک).

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کمسن لڑکے تھے۔ ان کی والدہ نے انہیں کہا کہ علم حاصل کرنے کے لیے دوسرے ملکوں کا سفر کریں۔ انہوں نے ان کی قمیص میں چالیس اشرفیاں سی دیں۔ انہوں نے انہیں ہمیشہ سچ بولنے کی نصیحت کی۔ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ ایک قافلے کے ساتھ مل گئے۔ قافلہ سفر کے لیے روانہ ہوا۔ جب قافلہ جنگل میں سے گزر رہا تھا تو ڈاکوؤں کا ایک گروہ قافلے پر حملہ آور ہوا۔ اور انہیں اپنے قیمتی اسباب سے محروم کر دیا۔ ایک ڈاکو حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ کے پاس آیا اور ان سے پوچھا کہ کیا ان کے پاس کچھ ہے؟ انہوں نے بتایا کہ ان کی قمیص میں کچھ اشرفیاں سلی ہوئی ہیں۔ وہ ڈاکو لڑکے کو اپنے سردار کے پاس لے گیا۔ سردار نے ان سے پوچھا کہ آپ نے اس بات سے انکار کیوں نہیں کیا کہ آپ کے پاس اشرفیاں ہیں۔ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے جواب دیا کہ ان کی والدہ نے انہیں ہمیشہ سچ بولنے کی تلقین فرمائی تھی۔ اس بات کا سردار پر گہرا اثر ہوا۔ اس نے اپنے ساتھیوں کے ہمراہ لوٹ مار سے توبہ کر لی۔ وہ سب نیک بن گئے۔

Moral: — اخلاقی سبق:

1. Always speak the truth — ہمیشہ سچ بولو۔
2. Never tell a lie. — کبھی جھوٹ نہ بولو۔
3. Self remorse is a light-house to right path. — ندامت صراطِ مستقیم کی طرف روشنی کا مینار ہے۔
4. Good, sometimes, comes out of evil. — بعض اوقات اچھائی برائی سے جنم لیتی ہے۔

(Standard)

Hazrat Sheikh Abdul Qadir Jilani (رحمۃ اللہ علیہ) was a saint (درویش) of highest rank (بلند مرتبہ). During his childhood (بچپن), his pious (پارسا) mother decided to send him Baghdad (بغداد) to seek knowledge (علم سیکھنا). Before his departure (روانگی), she stitched (سینا) forty gold coins in the sewings (سلائیاں) of his shirt as provisions (زادِ راہ) of journey. She bid him farewell (الوداع کیا) with a golden piece of advice (زریں نصیحت); "To speak only the truth in all circumstances." Hazrat Sheikh Abdul Qadir Jilani (رحمۃ اللہ علیہ) set out (روانہ ہوا) his journey with a caravan (قافلہ). It did so happen (کچھ یوں ہوا) that when the caravan was on its move to the destination (منزلِ مقصود), it had to stayed in a passing by jungle to spend night. When the travellers (مسافر) were sleeping in the forest, a gang of robbers (ڈاکوؤں کا جتھا) fell upon (حملہ بولا) them and deprived (محروم کیا) them of all their possessions (اسباب ملکیت) ruthlessly (بے دردی سے). One robber came to Hazrat Abdul Qadir Jilani (رحمۃ اللہ علیہ) too, for the purpose (مقصد) of robbery (ڈاکہ) and asked him that if he had anything in possession? And got the reply that there were forty coins, but he found nothing after boy's full search (تلاش). Then the noble and pious boy told the robber that he had those forty gold coins sewed (سلا ہوا) in the sewings (بخیے) of his shirt. That robber got amazed (حیران رہ جانا) and took the boy to his leader (سردار), who ordered to unsew (بخیہ کھولنا) his shirt for those coins. When forty coins were found (پائے) there, sewed in boy's shirt, the head of gang asked him why he had not told a lie to save his possession, as he could do it easily without any detection (کھوج). The little pious boy replied that my mother had advised me to speak only the truth always. The honesty (ایمانداری) of boy impressed (متاثر کرنا) the leader a lot and he repented (پچھتانا) on his sins (گناہ) and all violations (خلاف ورزیاں) of Divine orders (خدائی احکامات). He along with (فوراً), his companions (ساتھی) gave up (ترک کرنا) robbery at once gave returned the robbed possessions (لوٹا ہوا اسباب) of travellers and asked forgiveness (معافی) from Allah Almighty (اللہ تبارک تعالیٰ) for his bad deeds (بداعمال). Thus, all of them turned good citizen (اچھے شہری) and became pious (نیک).

حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی (رحمتہ اللہ علیہ) ایک بلند پایہ درویش تھے۔ جب آپ چھوٹے تھے تو آپ کی مشفق والدہ نے آپ کو بغداد بھیجنے کا فیصلہ کیا تاکہ آپ تحصیل علم کر سکیں۔ آپ کی روانگی سے قبل انہوں نے زادِ راہ کے طور پر سونے کے چالیس سکے آپ کی قمیض کی سلائیوں میں سی دیے۔ (اور پھر) انہوں نے (اس) زرین نصیحت کیساتھ آپ کو الوداع کیا کہ "تمام حالات میں صرف سچ ہی بولنا"۔ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ ایک قافلے کے ساتھ سفر پر روانہ ہو گئے۔ ماجرا کچھ یوں ہوا کہ جس وقت قافلہ اپنی منزل مقصود کی جانب رواں دواں تھا تو اسے رات گزارنے کے لیے ایک جنگل سے گزرتے ہوئے وہیں قیام کرنا پڑا۔ جب مسافر جنگل میں سو رہے تھے تو ڈاکوؤں کا ایک گروہ ان پر ٹوٹ پڑا اور بے رحمی سے انہیں اپنے مال و اسباب سے محروم کر دیا۔ ایک ڈاکو اڑکے کی غرض سے حضرت عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ کے پاس بھی آیا اور آپ سے پوچھا کہ کیا آپ کے پاس بھی کچھ تھا؟ اور یہ جواب پایا کہ ہاں وہاں چالیس اشرفیاں تھیں مگر لڑکے کی پوری تلاشی لینے کے بعد بھی اسے کچھ نہ ملا۔ تب اس نیک و پارسا لڑکے نے ڈاکو کو بتایا کہ اس کے پاس وہ چالیس طلائی اشرفیاں قمیض کی بخیوں میں سلی ہوئی تھیں۔ ڈاکو حیران و ششدر رہ گیا اور لڑکے کو اپنے سردار کے پاس لے گیا جس نے ان اشرفیوں کے لیے لڑکے کی قمیض کی سلائیاں کھول دینے کا حکم دیا۔ جب وہ چالیس اشرفیاں لڑکے کی قمیض میں سلی ہوئی پائی گئیں تو گروہ کے سرغنہ نے آپ سے پوچھا کہ اپنا اثاثہ بچانے کے لیے آپ نے جھوٹ کیوں نہ بولا جب کہ آپ کوئی سراغ چھوڑے بنا آسانی ایسا کر سکتے تھے۔ چھوٹے پارسا لڑکے نے جواب دیا کہ میری ماں نے مجھے سچ بولنے کی نصیحت کی تھی۔ ڈاکوؤں کا سردار لڑکے کی ایمانداری سے بے پناہ متاثر ہوا اور اپنے گناہوں اور خدائی احکامات کی تمام خلاف ورزیوں پر پچھتایا۔ اس نے فوراً اپنے پورے گروہ کے ہمراہ ڈاکہ زنی ترک کر دی، لوگوں کا لوٹا ہوا مال واپس لوٹایا اور اللہ تبارک تعالیٰ سے اپنی بداعمالیوں کی معافی مانگی۔ یوں، وہ سب اچھے شہری بن گئے اور نیک ہو گئے۔

Moral:

Note: *See the easy version above.*

(4) The Donkey Trapped in his own Trick (گدھا اپنے ہی جال میں پھنس گیا)

(Easy)

A villager (دیہاتی) had a donkey. He used to bring (لایا کرتا تھا) salt (نمک) from the city on its back. There was a stream (ندی) on his way (راستہ). One day the donkey slipped (پھسلا) and fell down (گر گیا) into the stream, by chance. The rushing (تیز بہتا ہوا) water of stream washed away (بہا کر لے گیا) a good deal (بہت سا) of salt in no time. Its master (مالک) helped (مدد کی) it to stand up (کھڑا ہونے میں). The donkey was happy to find (پا کر) the load (وزن) lighter (کم ہلکا) than before (پہلے). It thought (خیال کیا) it a good trick (ترکیب) to lighten (کم کرنا) the load. The Next day, it sat down (بیٹھ گیا) in the mid (درمیان) of stream intentionally (جان بوجھ کر، ارادتاً). The master saw through (سمجھ گیا) its trick (چال) and made up (بنایا) his mind (ذہن) to teach (سکھانے کے لیے) the donkey a good lesson (اچھا سبق). On the third day, he put (رکھی، لادی) a bale (گانٹھ) of cotton (کپاس) on the back of donkey. The donkey again tried (آزمائی) the same trick (وہی ترکیب), but when it got up (اوپر اٹھا), it could not walk easily under the heavy load (بہت زیادہ وزن، بوجھ) of soaked (پانی سے بھری) cotton. In this way (اس طرح), the foolish (احمق) donkey was punished (سزا پائی) for his bad intention (بری نیت).

ایک دیہاتی کے پاس گدھا تھا۔ وہ شہر سے اس پر نمک لاد کر لایا کرتا تھا۔ راستے میں ایک ندی تھی۔ ایک دن اتفاقاً گدھا پھسلا اور ندی میں گر گیا۔ ندی کا تیز بہتا ہوا پانی تھوڑی ہی دیر میں بہت سا نمک بہا کر لے گیا۔ اس کے مالک نے کھڑا ہونے میں اُسے مدد دی۔ گدھا پہلے سے کم وزن پا کر خوش ہو گیا۔ اس نے اسے وزن کم کرنے کی اچھی ترکیب خیال کیا۔ اگلے دن وہ ارادتاً ندی کے عین درمیان میں بیٹھ گیا۔ مالک اس کی چال سمجھ گیا۔ اس نے گدھے کو سبق سکھانے کا فیصلہ کیا۔ تیسرے دن اس نے گدھے پر کپاس کی گانٹھ لاد دی۔ گدھے نے دوبارہ وہی ترکیب آزمائی مگر جب وہ اٹھا تو پانی بھری روئی کے بوجھ کی وجہ سے آسانی سے نہ چل سکا۔ اس طرح احمق گدھے کو اپنی بدنیتی کی سزا مل گئی۔

Moral: اخلاقی سبق:

1. Experience is the best teacher. تجربہ بہترین استاد ہے۔

2. Do not play foul game. احمقانہ کھیل مت کھیلو۔

(Standard)

Once upon a time, there was a villager. He had a donkey which he used to transport (ترسیل کرنا) salt from the city. There lay (راہ میں پڑنا) a stream (ندی/آب جو) in their way to the city. One day it did so happen (کچھ یوں ہوا) that when the villager (دیہاتی) was transporting salt on the back of donkey, the donkey could not maintain (برقرار رکھنا) his balance while passing through that stream and fell down (نیچے گرنا) by stumbling (لڑکھڑانا) badly. Though (اگرچہ), its master tried his best (بھرپور کوشش کرنا) to make it stand promptly (فوراً), but due to heavy load (بھاری وزن) on its back, the donkey could not stand at once. After a while (چند لمحے بعد), it realized (احساس کیا) that the load on back had lighten (کم وزن ہونا) than before. The donkey felt relief (سکون کرنا) and stood steadily (ثابت قدمی سے), because excessive quantity (زیادہ مقدار) of salt had washed away by the water. It had liked that way (طریقہ) to disburden (بوجھ اتارنا) the load. Though, its master (مالک) was sad (اداس) at the loss (نقصان), but the donkey was quite happy. The following day (اگلے روز), they again had to pass through the stream, and the donkey played again that trick (چال) intentionally (جان بوجھ کر) and suddenly (اچانک) sat in the middle of stream. But this time, its master saw through (ارادہ تاڑ لینا) its trick and angrily (غصے سے) decided (فیصلہ کیا) to teach donkey a good lesson (سبق). On the third day , villager loaded a heavy bale (گانٹھ) of cotton (کپاس) on donkey's back and proceeded (روانہ ہونا) to the town. The foolish donkey again played the usual trick (حسب معمول چال چلنا), but trapped (چال میں پھنسنا) in its own trick, because cotton had got heavier (نسبتاً بھاری) by soaking (بھیگنا) into water. Thus (یوں), the soaked cotton (بھیگی روئی) proved a heavy load to the foolish beast (احمق حیوان) and punished (سزا دینا) it for it evil intentions (برے ارادے). Then (تب), the foolish donkey had decided to never play such a foul trick (بری چال) again.

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ کہیں ایک دیہاتی تھا۔ اس کے پاس ایک گدھا تھا جسے وہ شہر میں نمک کی ترسیل کے لیے استعمال کرتا تھا۔ شہر کو جاتے ہوئے ان کے راستے میں ایک ندی پڑتی تھی ایک روز کچھ یوں ہوا کہ جب وہ دیہاتی اپنے گدھے کی پیٹھ پر نمک کی نقل و حمل کر رہا تھا تو گدھا توازن برقرار نہ رکھ سکا اور بری طرح لڑکھڑاتے ہوئے نیچے گر پڑا۔ اگرچہ اس کے مالک نے فوراً اسے کھڑا کرنے کی بھرپور کوشش کی مگر کمر پر لدے ہوئے وزنی بوجھ کی وجہ سے گدھا فوری طور پر کھڑا نہ ہو سکا۔ تھوڑی ہی دیر میں اس نے محسوس کیا کہ کمر پر اس کا بوجھ پہلے کی نسبت ہلکا ہو چکا تھا۔ گدھے نے سکھ کا سانس لیا اور ثابت قدمی سے اٹھ کھڑا ہوا کیونکہ نمک کی بڑی مقدار تو پانی بہا لے گیا تھا۔ گدھے نے بوجھ کم کرنے کے لیے اس (ترکیب) کو پسند کیا۔ اگرچہ اس کا مالک نقصان پر افسردہ تھا مگر گدھا (تو) بہت خوش تھا۔ اگلے دن انہیں (پھر سے) ندی سے گزرنا تھا مگر تب گدھے نے ارادتاً وہی چال پھر سے چلی اور ایکدم ندی کے بیچوں بیچ بیٹھ گیا۔ مگر اس بار اس کے مالک نے اس کے ارادے کو تاڑ لیا اور غصے سے گدھے کو اچھا سبق سکھانے کا فیصلہ کیا۔ تیسرے دن دیہاتی نے گدھے کی پیٹھ پر کپاس کی وزنی گانٹھ لادی اور قصبے کی جانب روانہ ہو گیا۔ احمق گدھے نے پھر وہی چال چلی مگر اپنی ہی چال میں پھنس گیا کیونکہ پانی میں بھیگنے کی وجہ سے کپاس پہلے کی نسبت بھاری ہو چکی تھی۔ یوں بھیگی ہوئی روئی اس احمق جانور کے لیے بھاری وزن ثابت ہوئی اور اسے برے ارادوں کے لیے سزا دے دی۔ تب گدھے نے آئندہ کبھی ایسی بری چال نہ چلنے کا فیصلہ کر لیا۔

Moral:
Note: *See the easy version above.*

(5) A Foolish Stag (احمق بارہ سنگھا)

(Easy)

One hot (گرم) summer day (موسم گرما کا دن), a stag (بارہ سنگھا) went to a stream (ندی، تالاب) to drink water. He looked down (نیچے دیکھا). The water was neat and clean (صاف ستھرا). Everything (ہر چیز)

could be seen (دیکھی جا سکتی تھی) in it. The stag saw its reflection (عکس)in the water and liked its beautiful horns (سینگ). When it looked its legs, it felt sorry (افسوس ہوا) and hated (نفرت کرنے لگا) for thin (پتلی) and lean (دبلی، کمزور) legs. Meanwhile (اسی دوران), it heard (سنی) the barking (بھونکنے کی آواز) of some hounds (شکاری کتے). It ran for its life (پیاری زندگی). It ran as fast (اتنا تیز) as (جتنا) it could. As (جب) it was crossing (گزر رہا) thick bushes (جھاڑیاں), its horns were caught (پھنس گئے) in bushes. It tried (کوشش کی) its best to free (چھڑانے کے لیے) itself (خودکو) but failed (ناکام ہوگیا) and was cursing (برا بھلا کہہ رہا تھا) its beautiful horns. In no time, (تھوڑی دیر میں) the hounds came. They overtook (آن پکڑا) it and tore into pieces (ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا). Its ugly legs helped it but its beautiful horns betrayed and caused for its death.

موسم گرما کے ایک گرم دن کو ایک بارہ سنگھا پانی پینے کے لیے ندی پر گیا۔ اس نے بیٹھ کر دیکھا۔ پانی صاف ستھرا تھا۔ اس میں ہر چیز دکھائی دیتی تھی۔ بارہ سنگھے نے پانی میں اپنا عکس دیکھا اور اپنے خوبصورت سینگوں کو پسند کیا۔ جب اس نے اپنی ٹانگوں کو دیکھا تو اسے افسوس ہوا اور دبلی پتلی ٹانگوں سے نفرت کرنے لگا۔ اسی دوران اس نے کچھ شکاری کتوں کے بھونکنے کی آواز سنی۔ وہ اپنی زندگی بچانے کے لیے بھاگا۔ وہ جتنا تیز بھاگ سکتا تھا بھاگا۔ جب وہ گھنی جھاڑیوں میں سے گزر رہا تھا تو اس کے سینگ جھاڑیوں میں پھنس گئے۔ اس نے اپنا آپ چھڑانے کی بہت کوشش کی لیکن ناکام ہوگیا۔ وہ بے بس کھڑا تھا اور اپنے خوبصورت سینگوں کو برا بھلا کہہ رہا تھا۔ تھوڑی ہی دیر میں شکاری کتے آ گئے۔ انہوں نے اسے آن پکڑا اور ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔ اس کی بدصورت ٹانگوں نے اس کی مدد کی لیکن اس کے خوبصورت سینگوں نے دھوکہ دیا تھا اور اس کی موت کا سبب بن گئے۔

Moral: / اخلاقی سبق:

1. All that glitters is not gold. — ہر چمکتی ہوئی چیز سونا نہیں ہوتی۔
2. Appearances are often deceptive. — ظاہری وضع اکثر دھوکا دیتی ہے۔
3. Pride hath a fall. — غرور کا سر نیچا ہوتا ہے۔
4. Don't find fault with Divine Hand. — قدرت کی کاریگری میں عیب نہ نکالو۔

(Standard)

During a hot summer day, a stag went to the stream to quench its thirst (پیاس بجھانا). While (کے دوران) drinking water it caught sight its reflection (عکس دیکھا) in the crystal clear (صاف شفاف) water of stream. The stag observed its reflection thoroughly (مکمل طور پر) and admired (سراہا/پسند کیا) its magnificent (عمدہ) and beautiful (حسین) horns (سینگ). But when it looked at (کی جانب دیکھا) its slander (ناتواں/پتلا ہونا) legs, it became sad (اداس) and disapproved them (ناپسند کیا). As it was busy in its self praise (ذاتی تعریف), it heard howl (غراہٹ) of hounds (شکاری کتے), nearby (نزدیک ہی). Suddenly, there appeared (نمودار ہوا) a pack (غول) of hounds from the opposite side (مخالف سمت). They had got smell (خوشبو پائی) of their prey (شکار), so were rushing towards that stag. Frightendly (خوف سے), it ran as fast as it could to save its dear life and rushed (گھسنا) into the thick forest (گھنا جنگل). Soon, it found itself far away (دور) from those hounds as they had left far behind (کافی دور). When it was passing through (سے گزرنا) the jungle, its horns entangled (الجھ گئے) in bushes (شاخیں/جھاڑیاں) by chance (اتفاقاً). The stag tried its best to free itself quickly, but all in vain (بے سود). It was standing there helpless (بے یار و مددگار), and was repenting (پچھتانا) over the futile (فضول) admiration (تعریف و توصیف) of those horns, which had proved (ثابت ہونا) a curse (لعنت) for its safety (حفاظت). Meanwhile (اسی اثنا میں), the pack of hounds reached there and tore (چیر ڈالا) it into pieces (ٹکڑوں میں). Thus (یوں), stag's

beautiful and magestic (شاہانہ) horns caused for its death, while the thin legs which he had disliked and hated a lot, had helped it running as fast as it could. So, it is true that appearance (ظاہری صورت) is always deceptive.

موسم گرما کے ایک گرم دن کوئی بارہ سنگھا پیاس بجھانے ندی پر گیا۔ اس نے پانی پینے کے دوران ندی کے صاف شفاف پانی میں اپنا عکس دیکھ لیا۔ بارہ سنگھے نے بغور اپنے عکس کا مشاہدہ کیا اور اپنے شاندار و حسین سینگوں کو سراہا۔ مگر جب اس نے اپنی دبلی پتلی ٹانگوں کو دیکھا تو وہ اداس ہو گیا اور انہیں ناپسند کیا۔ جب وہ خود توصیفی میں مشغول تھا تو اس نے کہیں قریب ہی شکاری کتوں کے غول کی آواز سنی۔ اچانک ہی وہاں مخالف سمت سے شکاری کتوں کا غول نمودار ہو گیا۔ انہوں نے اپنے شکار کی بو پالی تھی لہٰذا وہ اس بارہ سنگھے کی جانب لپک رہے تھے۔ خوفزدگی کے عالم میں وہ اپنی عزیز زندگی کو بچانے کے لیے جتنی تیز دوڑ سکتا تھا دوڑا اور گھنے جنگل میں گھس گیا۔ جلد ہی اس نے خود کو ان شکاری کتوں سے کافی دور پایا کیونکہ وہ کافی پیچھے رہ گئے تھے۔ جب وہ جنگل سے گزر رہا تھا تو اچانک اس کے سینگ جھاڑیوں میں الجھ گئے۔ بارہ سنگھے نے خود کو تیزی سے آزاد کرانے کی اپنی سی کوشش کی مگر سب بے سود۔ وہ وہاں بے یارومددگار کھڑا تھا اور ان سینگوں کی فضول تعریف پر پچھتا رہا تھا جو اس کی سلامتی کے لیے ایک لعنت ثابت ہوئے تھے۔ اسی اثنا میں شکاری کتوں کا غول وہاں پہنچ گیا اور اس بارہ سنگھے کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔ یوں بارہ سنگھے کے خوبصورت اور شاہانہ سینگ اس کی موت کا سبب بن گئے جبکہ وہ پتلی ٹانگیں جن کو اس نے ناپسند کیا تھا اور نفرت کی تھی، انہوں نے اس کو اتنا تیز دوڑنے میں مدد دی جتنا کہ وہ تیز دوڑ سکتا تھا۔ چنانچہ یہ بھی سچ ہے کہ (کسی بھی شے کی) ظاہری صورت فریب ہوتی ہے۔

Moral:

Note: *See the easy version above.*

(6) A Friend in Need is a Friend Indeed (دوست وہ جو مصیبت میں کام آئے)

(Easy)

Two friends lived (رہتے تھے) in a village (گاؤں). They were fast friends (پکے دوست) and sworn (قسم کھائی تھی) to help each other in the hour of need (ضرورت کے وقت). One day, they set out (روانہ ہوئے) on a journey (سفر) and sworn (قسم کھائی) to help each other in the hour of need (بوقت ضرورت). Their way led through (سے گزرتا تھا) a forest (جنگل). During (کے دوران) the travel (سفر), they saw (دیکھا) a bear (ریچھ) coming to their side (اپنی طرف). It was so near (اتنا قریب) that they could not (نہ سکے) run (بھاگ) or hide (چھپ). There was a tree nearby (قریب ہی). One of them could climb (چڑھ سکتا تھا) but the other (دوسرا) did not know (نہیں جانتا تھا) how to climb up (اوپر چڑھنا) a tree. He at once (فوراً) climbed up the tree leaving (چھوڑتے ہوئے) his friend helpless (بے یارومددگار). The other friend fell down (نیچے گر گیا) holding (روکتے ہوئے) his breath (سانس). He pretended (ظاہر کیا) to be dead (مردہ ہونا). The bear sniffed (سونگھا) him and went away (چلا گیا). When the bear disappeared (غائب ہو گیا), the friend on the tree came down (نیچے آیا) and asked his friend,"What did the bear say in his ear?" The other friend replied (جواب دیا). "The bear told me not to trust a selfish friend."

کسی گاؤں میں دو دوست رہتے تھے۔ وہ پکے دوست تھے۔ وہ ایک دوسرے سے بہت پیار کرتے تھے۔ انہوں نے قسم کھا رکھی تھی کہ ضرورت کے وقت ایک دوسرے کی مدد کریں گے۔ ایک دن دو سفر پر روانہ ہوئے۔ ان کا راستہ ایک جنگل سے گزرتا تھا۔ سفر کے دوران انہوں نے ایک ریچھ کو اپنی طرف آتا دیکھا۔ یہ اتنا قریب تھا کہ وہ نہ تو بھاگ سکتے تھے نہ ہی چھپ سکتے تھے۔ قریب ہی ایک درخت تھا۔ ان میں سے ایک دوست درخت پر چڑھ سکتا تھا جبکہ دوسرا درخت پر چڑھنا نہیں جانتا تھا۔ وہ اپنے دوست کو ریچھ کے رحم و کرم پر چھوڑتے ہوئے فوراً درخت پر چڑھ گیا۔ دوسرا دوست اپنی سانس روک کر نیچے گر پڑا۔ اس نے مردہ ہونا ظاہر کیا۔ ریچھ نے اسے سونگھا اور چلا گیا۔ جب ریچھ غائب ہوا تو جو دوست درخت پر چڑھا ہوا تھا نیچے اتر آیا۔ اس نے اپنے دوست کو ہلایا اور اسے بتایا کہ خطرہ ٹل گیا تھا۔ اس نے اپنے دوست سے کہا: "ریچھ نے تمہارے کان میں کیا کہا؟" دوسرے دوست نے جواب دیا: "ریچھ نے مجھے بتایا کہ "خود غرض دوست پر بھروسہ نہ کرو"۔

Moral: اخلاقی سبق:

1. Beware of fair-weather friends. مطلبی دوستوں سے خبردار رہو۔
2. Do not trust a selfish friend. کبھی خودغرض دوست پر بھروسہ نہ کرو۔
3. A friend in need is a friend indeed. دوست وہ جو مصیبت میں کام آئے۔

(Standard)

Once upon a time , there lived two friends in a village. They were fast friends and used to express (ظاہر کرنا) great love and sincerity for each other. One day, they had to take a long journey (طویل سفر) for some far off (دوردراز) place (مقام). So, they sowrn to help each other in all ups and downs (نشیب وفراز) and then set out (سفر پر روانہ ہونا) their journey. While making their way through a forest, they suddenly got sight of a bear (ریچھ). The beast (درندہ) was so near to them that they neither (نہ تو) could run away nor (نہ ہی) hide themselves in a safe place. One of the friends climbed up (پر چڑھنا) a nearby (قریبی) tree, quickly (تیزی سے), but the other didn't know how to climb a tree. However (تاہم), he thought of a plan (ترکیب سوجھی) and fell down on the ground (زمین) by holding his breath (سانس روک کر), because he had once heard that the bears do not eat the dead (مردار). So when the bear approached (پہنچا) and sniffed (سونگھا) him, it thought that man a dead body, as the man was pretending (بہانہ کرنا) to be a corpse (لاش). The bear had left him unharmed (نا نقصان پہنچائے) and went away. The other friend came down and shook (ہلایا) his friend by asking: "What the bear had whispered in your ear?" The friend replied (جواب دیا), "The bear had advised me never to trust (کبھی نہ بھروسہ کرنا) a selfish friend (خودغرض دوست)." Saying this he alone took his way to the destination (منزل مقصود).

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ کسی گاؤں میں دو دوست رہتے تھے۔ وہ گہرے دوست تھے اور ایک دوسرے کے لیے بہت پیار و خلوص ظاہر کیا کرتے تھے۔ ایک روز، انہیں کسی دوردراز مقام کا طویل سفر طے کرنا تھا۔ لہٰذا انہوں نے تمام نشیب وفراز میں ایک دوسرے کی مدد کرنے کی قسم کھائی اور اپنے سفر پر روانہ ہو گئے۔ جنگل سے گزرتے ہوئے انہیں ایک ریچھ دکھائی دیا۔ وہ درندہ ان سے اتنا قریب تھا کہ نہ تو وہ دوڑ بھاگ سکتے تھے اور نہ ہی خود کو کسی محفوظ جگہ میں چھپا سکتے تھے۔ دوستوں میں سے ایک تیزی سے قریبی درخت پر چڑھ گیا مگر دوسرا دوست درخت پر چڑھنا نہیں جانتا تھا۔ تاہم اسے ایک ترکیب سوجھی اور وہ اپنی سانس روکتے ہوئے زمین پر لیٹ گیا کیونکہ اس نے کبھی سنا تھا کہ ریچھ مردار نہیں کھاتے۔ چنانچہ جب ریچھ وہاں پہنچا اور اسے سونگھا تو اس نے اس شخص کو مردہ تصور کیا کیونکہ آدمی لاش ہونے کا دکھاوا کر رہا تھا۔ ریچھ نے اسے کوئی بھی نقصان پہنچائے بغیر وہیں ہی چھوڑ دیا اور پرے چلا گیا۔ دوسرا دوست نیچے اترا اور اپنے دوست کو ہلاتے ہوئے پوچھا کہ "ریچھ تمہارے کان میں کیا سرگوشی کر کے گیا تھا؟" اس دوست نے جواب دیا، "ریچھ نے مجھے نصیحت کی کہ کبھی بھی کسی خودغرض دوست پر بھروسہ نہ کرنا"۔ یہ کہتے ہوئے اس نے تنہا ہی منزل مقصود کی جانب اپنی راہ لی۔

Moral:
Note: *See the easy version above.*

(7) Haste Makes Waste (جلد بازی باعث تباہی ہے)

(Easy)

Once upon a time (ایک دفعہ کا ذکر ہے), a hunter (شکاری) had a beatiful hound (شکاری کتا). It was very faithful (وفادار). It loved (محبت کرتا تھا) the hunter's (شکاری کے) only son (اکلوتا بیٹا). The son also (بھی) liked (پسند کرتا تھا) to play with it (اس کے ساتھ). The hunter had (رکھتا تھا) no one (کوئی نہیں) else (مزید کوئی اور) in the

house. One day the hunter went out (باہر چلا گیا) for hunting (شکار کے لیے) but forgot (بھول گیا) to take (لے جانا) the hound (شکاری کتا) with him. His son was still (ابھی تک) sleeping (سو رہا). He decided (فیصلہ کیا) to go back (واپس) home and bring (لانا) the hound. When he entered (داخل ہوا) the house he saw (دیکھا) his hound all blood stained (خون میں لت پت) standing at the gate. He thought (سوچا، سمجھا) that the hound had killed (مار ڈالا) his son. He brought (نکالی) out his sword (تلوار) and killed the hound. Then (پھر) he quickly (تیزی سے) walked into the house. He saw blood scattered here and there (اِدھر اُدھر). He also saw his son coming out (باہر آتے ہوئے) of his room. His son told (بتایا) him that a wolf (بھیڑیا) had come into the house. The wolf was about to kill (مارنے ہی لگا تھا) him when the hound attacked (حملہ کیا) it and tore into pieces (ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا). The hunter cried (چلایا/رویا) at his haste (جلد بازی) in killing the faithful (وفادار) animal, but of no use (لیکن اب کیا فائدہ).

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک شکاری کے پاس ایک خوبصورت شکاری کتا تھا۔ یہ بہت وفادار تھا۔ یہ شکاری کے اکلوتے بیٹے سے محبت کرتا تھا۔ اس کا بیٹا بھی اس کے ساتھ کھیلنا پسند کرتا تھا۔ اس کے علاوہ شکاری کے گھر میں اور کوئی نہ تھا۔ ایک دن شکاری شکار کے لیے باہر چلا گیا لیکن اپنے ساتھ شکاری کتا لے جانا بھول گیا۔ اس کا بیٹا ابھی سو رہا تھا۔ اس نے گھر واپس جانے اور کتا لانے کا فیصلہ کیا۔ جب وہ گھر میں داخل ہوا تو اس نے اپنے شکاری کتے کو خون میں لت پت دروازے پر کھڑا دیکھا۔ وہ سمجھا کہ شکاری کتے نے اس کے بیٹے کو مار ڈالا۔ اس نے اپنی تلوار نکالی اور کتے کو مار ڈالا۔ پھر وہ تیزی سے گھر میں داخل ہوا۔ اس نے اِدھر اُدھر خون بکھرا دیکھا۔ اس نے اپنے بیٹے کو بھی کمرے سے آتے دیکھا۔ اس کے بیٹے نے اسے بتایا کہ گھر میں ایک بھیڑیا آیا۔ بھیڑیا اسے مارنے ہی لگا تھا کہ شکاری کتے نے اس پر حملہ کیا اور اسے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔ شکاری وفادار جانور کو جلد بازی میں مارنے پر رونے لگا لیکن اب کیا فائدہ۔

Moral: اخلاقی سبق:

1. It is no use of crying over spilt milk. اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔
2. Haste makes waste. جلد بازی سے کام خراب ہو جاتے ہیں۔
3. Look before you leap. چھلانگ لگانے سے پہلے دیکھو۔

(Standard)

Once upon a time (ایک دفعہ کا ذکر ہے), a hunter used to live with his only son in the forest. They also had a pet hound (پالتو شکاری کتا) with them. It was a very faithful pet and was quite sincere (مخلص) to his master. The hunter's boy was a little child and had great love for that hound. The kid used to play with it and also enjoyed (لطف اندوز ہوتا) its company (صحبت) as he had nobody else in the world, except (سوائے) that hound and his loving father.

One day, the hunter went out for hunting, but forgot to take the hound with him, by chance (اتفاقاً). His kid was alone at home and sleeping in his room. As the hound was fully trained in hunting and helped his master for entrapping (جال میں پھانسنے) the prey (شکار), therefore the hunter determined (تہیہ کیا) to go back home to bring (لانا) the hound with him. But as he entered the house, he found his pet hound standing at the entrance all blood stained (خون میں لتھڑا ہوا). The hunter got furious (آگ بگولہ ہونا) and thought that it surely (یقیناً) had killed his beloved son in the absence of master. Thinking this, the hunter brought out his sharp sword (تیز دھار تلوار) and killed (ہلاک کر دیا) it in no time (جلدی). When he entered (داخل ہوا) the house, to his surprise, he found his son coming out of the room quite safe and sound (صحیح و سلامت). Then his son narrated (بیان کیا) the

whole incident (سارا/واقعہ) that how a fierce (خونخوار) wolf had entered their home and was about to kill the kid when their faithful hound interrupted (مداخلت کی) and tore that wolf into pieces. The hunter was extremely sorrow (بہت دکھی) over his haste and cried bitterly, but it was quite late for repentance (پچھتاوا).

ایک وقت کا ذکر ہے کہ ایک شکاری جنگل میں اپنے اکلوتے بیٹے کے ساتھ رہا کرتا تھا۔ ان کے ساتھ ان کا پالتو شکاری کتا بھی ہوتا تھا۔ وہ بہت ہی وفادار پالتو تھا اور اپنے مالک سے بہت زیادہ مخلص تھا۔ شکاری کا بیٹا چھوٹا بچہ تھا اور اس شکاری کتے سے اسے بہت پیار تھا۔ بچہ (سارا وقت) اس (کتے) کے ساتھ کھیلا کرتا اور اس کی صحبت سے لطف اندوز ہوتا کیونکہ اس دنیا میں اس کا اس کتے اور اپنے مشفق باپ کے سوا کوئی نہ تھا۔

ایک روز شکاری، شکار کے لیے باہر نکلا مگر اتفاق سے کتے کو اپنے ساتھ لانا بھول گیا۔ اس کا بچہ گھر میں اکیلا تھا اور اپنے کمرے میں سو رہا تھا۔ چونکہ شکاری کتا شکار کرنے میں پوری طرح تربیت یافتہ تھا اور شکار کو پھانسنے میں اپنے مالک کی مدد کیا کرتا تھا اسی لیے شکاری نے گھر واپس لوٹنے اور اُسے اپنے ساتھ لانے کا ارادہ کیا۔ مگر جوں ہی وہ گھر میں داخل ہوا اس نے اپنے شکاری کتے کو خون میں لت پت داخلی دروازے پر کھڑا پایا۔ شکاری آگ بگولہ ہو گیا اور سوچا کہ شکاری کتے نے اپنے مالک کی غیر موجودگی میں یقیناً اس کے چھوٹے سے بیٹے کو مار ڈالا تھا۔ یہ سوچتے ہوئے شکاری نے فی الفور اپنی تیز دھار تلوار باہر نکالی اور آناً فاناً شکاری کتے کو ہلاک کر ڈالا۔ جب وہ گھر میں داخل ہوا تو حیران رہتے ہوئے اس نے اپنے بیٹے کو بالکل ٹھیک ٹھاک کمرے سے نکلتے ہوئے پایا۔ تب اس کے بیٹے نے سارا ماجرا اس سے بیان کیا کہ کیسے ایک خونخوار بھیڑیا گھر میں داخل ہو گیا تھا اور اس کو مارا ڈالنے ہی والا تھا کہ ان کے وفادار شکاری کتے نے مداخلت کی اور اس بھیڑیے کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔ شکاری اپنی جلد بازی پر بے حد دکھی / افسردہ تھا اور بہت رویا مگر اب پچھتاوے کے لیے (بھی) بہت دیر ہو چکی تھی۔

Moral:

Note: *See the easy version above.*

(8) A Big Reward (ایک عظیم صلہ)

(Easy)

Once (ایک دفعہ) there was a hungry wolf (بھوکا بھیڑیا). He had preyed (شکار کیا) a deer (ہرن). In order to finish it quickly (تیزی سے), he swallowed (نگل گیا) a big bite (بڑا ٹکڑا) of flesh (گوشت). A bone (ہڈی) also went in and stuck (پھنس گئی) into his throat (گلا). It hurt (زخمی کر دیا) him a lot (بہت زیادہ). He went to a crane (سارس) to get (حاصل کرنے کیلئے) his help. He promised (وعدہ کیا) to reward (انعام دے گا) the crane if he would pick out (نکال دیتا) the bone. At last (آخرکار), the crane agreed (رضامند ہو گیا). It (اس نے) put (داخل کی) its long beak (لمبی چونچ) into the throat of the wolf and pulled out (باہر نکال لی) the bone. The wolf felt very happy. The crane demanded (مطالبہ کیا) his reward. The wolf at once (فوراً)replied (جواب دیا), "I have not bitten (نہیں چبایا)of your head when it was between (درمیان) my teeth. It is a big reward (بڑا انعام)."

ایک دفعہ کہیں ایک بھوکا بھیڑیا تھا۔ اس نے ایک ہرن کا شکار کیا۔ اسے تیزی سے کھانے کے چکر میں اس نے گوشت کا بڑا ٹکڑا نگل لیا۔ ایک ہڈی بھی نیچے اتر گئی اور گلے میں پھنس گئی۔ اس نے اسے بہت زخمی کیا۔ وہ مدد حاصل کرنے کے لیے ایک سارس کے پاس گیا۔ اس نے سارس سے وعدہ کیا کہ وہ ہڈی نکال دے گا تو اسے انعام دے گا۔ آخرکار سارس رضامند ہو گیا۔ اس نے اپنی لمبی چونچ بھیڑیے کے گلے میں داخل کی اور ہڈی باہر نکال لی۔ بھیڑیا بہت خوش ہوا۔ سارس نے اپنے انعام کا مطالبہ کیا۔ بھیڑیے نے فوراً جواب دیا "جب تمہارا سر میرے جبڑوں میں تھا تو میں نے اسے نہیں چبایا۔ یہ ایک بڑا انعام ہے۔"

Moral: اخلاقی سبق:

1. Might is right. — جس کی لاٹھی اس کی بھینس۔
2. A fair face may hide a foul heart. — خوبصورت جسم میں بدصورت دل بھی ہو سکتا ہے۔
3. A light purse is a heavy curse. — ہلکی جیب بھی ایک بڑی مصیبت ہے۔

4. A poor man's voice is never heard by the rich. امیر کبھی غریب کی بات نہیں سنتے۔
5. Nature can never change. فطرت کبھی نہیں بدل سکتی۔

(Standard)

Once, there lived a brutal (ظالم) wolf in the jungle. One day he preyed (شکار کیا) a deer (ہرن) and wanted (مطلوب ہوا) to finish the meat (گوشت) as soon as possible. So, in haste (جلد بازی) he swallowed (نگل گیا) a piece of meat having bone inside (اندرونی جانب). Thus (یوں), that bone stuck into (پھنس گئی) his throat (گلا) and caused him a lot of pain (درد) and injury (زخم). He could neither (نہ تو) swallow it nor draw out (باہر نکالا) easily. The wolf was in a miserable state (دردناک حالت) as the bone had hurt him a lot. Finally (بالآخر), he thought of a good scheme (منصوبہ) and went to a crane (سارس) and pleaded (التجا کی) to help him in drawing out the stuck bone. But the crane was reluctant (متذبذب) to help him, because that wolf was defamed (بدنام تھا) among other animals for his brutality (ظلم و بربریت). Then the clever wolf promised (وعدہ کیا) a big reward (بڑا انعام) for that service (خدمت گزاری). The crane liked his offer (پیشکش) and agreed (متفق ہوا). It inserted (داخل کی) its long beak (لمبی چونچ) into wolf's throat and drew out (باہر نکالا) the stuck bone within no time (جلدی). The wolf took a sigh of relief (سکھ کا سانس لیا) and thanked (شکریہ ادا کیا) the bird. Then the crane reminded (یاد دلایا) him of his promise and demanded (مطالبہ کیا) for a big reward. But to bird's surprise, the clever wolf said "I have not bitten (چبایا) off your neck while it was between my jaws (جبڑے). Indeed, (دراصل) it was a big reward for you to be quite safe in death's clutch (موت کا شکنجہ)". Saying this, he took his way (اپنی راہ لی).

ایک دفعہ کسی جنگل میں ایک ظالم بھیڑیا رہتا تھا۔ ایک دن اس نے ہرن کا شکار کیا اور وہ گوشت کو جلد از جلد ختم کر دینا چاہتا تھا۔ چنانچہ جلد بازی میں گوشت کا ایسا ٹکڑا نگل لیا جس کے اندر ہڈی تھی۔ یوں وہ ہڈی اس کے گلے میں پھنس گئی اور اسے بہت درد اور زخم دینے کا سبب بن گئی۔ وہ نہ تو اسے نگل سکتا تھا اور نہ ہی آسانی باہر نکال سکتا تھا۔ بھیڑیا مصیبت زدگی میں تھا کیونکہ ہڈی نے اسے بہت تکلیف دی تھی۔ بالآخر اُسے ایک اچھی ترکیب سوجھی اور وہ ایک سارس کے پاس گیا اور اس (پرندے) سے پھنسی ہوئی ہڈی کو باہر نکالنے کی التجا کی۔ مگر سارس اس کی مدد کرنے میں متذبذب تھا کیونکہ وہ بھیڑیا اپنے ظلم و بربریت کے لیے دیگر جانوروں میں بدنام ہو گیا تھا۔ تب چالاک بھیڑیے نے اس خدمت کے عوض بڑے انعام کی پیشکش کی۔ سارس کو اس کی پیشکش پسند آئی اور وہ متفق ہو گیا۔ اس نے اپنی لمبی چونچ بھیڑیے کے حلق میں داخل کی اور جلد ہی پھنسی ہوئی ہڈی باہر نکال دی۔ بھیڑیے نے سکھ کا سانس لیا اور پرندے کا شکریہ ادا کیا۔ تب پرندے نے اسے اپنا وعدہ یاد دلایا اور بڑے انعام کا مطالبہ کیا۔ مگر پرندے کو یہ جان کر حیرانگی ہوئی جب چالاک بھیڑیے نے کہا "جب تمہاری گردن میرے جبڑوں کے درمیان تھی تو میں اس کو نہیں چبایا۔ دراصل یہی تمہارے لیے بڑا انعام تھا کہ تم موت کے شکنجے میں بھی محفوظ اور مامون رہے"۔ یہ کہتے ہوئے اس نے اپنی راہ لی۔

Moral:
Note: *See the easy version above.*

(9) The Tailor and The Elephant (درزی اور ہاتھی)

(Easy)

A tailor (درزی) ran (چلاتا تھا) a shop in a bazaar. An elephant used to go (جایا کرتا تھا) to the river through (میں سے) that bazaar. The tailor used to give (دیا کرتا تھا) him a bun (میٹھا کلچہ) every day (روزانہ). One day the tailor pricked (چبھوئی) needle (سوئی) into the trunk (سونڈ) of the elephant. The elephant became angry (غصے میں آ گیا) but went away (چلا گیا). On return (واپسی پر) he filled (بھری) his trunk with

muddy water (گندہ پانی). On reaching (پہنچ کر) the shop of the tailor he put his trunk into it and squirted (پھینک دیا) the dirty water (گندہ پانی) into the shop of the tailor. All the fine (عمدہ) and new dresses of customers got spoiled (خراب ہو گئے). The tailor was very sorry for annoying (ناراض کرنے پر) the elephant but it was no use crying over spilt milk. (اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت)

ایک درزی بازار میں دکان چلاتا تھا۔ ایک ہاتھی اس بازار میں سے دریا کی طرف جایا کرتا تھا۔ درزی روزانہ اسے میٹھا کلچہ دیتا تھا۔ ایک دن درزی نے ہاتھی کی سونڈ میں سوئی چبھو دی۔ ہاتھی غصے میں آ گیا لیکن چلا گیا۔ واپسی پر اس نے اپنی سونڈ میں کیچڑ آلود پانی بھر لیا۔ درزی کی دکان پر پہنچ کر اس نے اپنی سونڈ اندر داخل کی اور درزی کی دکان میں گندہ پانی پھینک دیا۔ اس کے گاہکوں کے تمام عمدہ اور نئے لباس خراب ہو گئے۔ ہاتھی کو ناراض کرنے پر اس کو بہت افسوس ہوا لیکن اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔

Moral: اخلاقی سبق:

1. It is useless to cry over spilt milk. اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئیں کھیت۔
2. Look before you leap. پہلے تولو پھر بولو۔
3. Think before you speak. بولنے سے پہلے سوچو۔
4. Do not hurt others. دوسروں کو تکلیف نہ پہنچاؤ۔
5. As you sow, so shall you reap. جیسا بوؤ گے ویسا کاٹو گے۔
6. Tit for tat. ادلے کا بدلہ۔

(Standard)

Once, there lived a tailor in a small town, situated near the river. His shop was located in the bazaar of that town. An elephant used to pass through (میں سے گزرنا) the bazaar daily for drinking water at river. The tailor had developed (بنانا) friendly relation (دوستانہ تعلق) with that elephant by offering (پیش کرنا) him a bun everyday. It was the routine (معمول) of elephant to pass by the tailor's shop and put his trunk (سونڈ) into the shop for taking a bun. One day it did so happen (واقع ہونا) that the tailor was sitting upset (پریشان) in his shop, when the elephant passed (پاس سے گزرا) by his shop. The upset tailor pricked (چبھونا) needle (سوئی) in its trunk. Though (اگرچہ), that situation (صورتحال) made the elephant very angry, but it did not reacted at that time and took his way (اپنی راہ لی). While returning from the river, the elephant filled (بھرلی) his trunk with muddy water (کیچڑ) and reaching the tailor's shop he entered his trunk into shop, but for squirting (پھوار) (پھینکنے) the muddy water. As he squirted dirty water into shop, all fine clothes, sewing machines (سلائی مشینیں) and the walls were smeared (لت پت ہونا) with sludge (کیچڑ). The tailor was morseful (شرمندہ/پشیمان) for annoying (ناراض کرنا) the dear friend, but it was too late and it was useless (بے سود) to cry over spilt milk.

ایک مرتبہ کسی دریا کے قریب واقع چھوٹے سے قصبے میں ایک درزی رہتا تھا۔ اُس کی دکان اس قصبے کے بازار میں تھی۔ ایک ہاتھی دریا سے پانی پینے کے لیے روزانہ اس بازار سے گزرا کرتا تھا۔ درزی نے روزانہ ایک میٹھا کلچہ پیش کر کے اس ہاتھی سے دوستانہ تعلق استوار کر لیا تھا۔ درزی کی دکان کے پاس سے گزرنا اور میٹھا کلچہ لینے کے لیے سونڈ دکان میں داخل کر دینا اس ہاتھی کا معمول تھا۔ ایک روز کچھ یوں ہوا کہ جب ہاتھی کا وہاں سے گزر ہوا تو اس وقت درزی اپنی دکان میں پریشان بیٹھا ہوا تھا۔ (چنانچہ) متفکر درزی نے اس کی سونڈ میں سوئی چبھو دی۔ اگرچہ اس صورتحال نے ہاتھی کو خاصا غضب ناک کیا مگر اس وقت اس نے کوئی ردِعمل ظاہر نہ کیا اور اپنی راہ لی۔ دریا سے واپسی پر ہاتھی نے اپنی سونڈ کیچڑ سے بھر لی اور درزی کی دکان پر پہنچنے پر اس نے اپنی سونڈ اندر داخل کی مگر کیچڑ والا پانی پھینکنے کے

لیے۔ جیسے ہی اس نے کیچڑ والا پانی پھوار سے پھینکا تمام عمدہ کپڑے، سلائی مشینیں اور دیواریں کیچڑ سے لت پت ہو گئیں۔ درزی اپنے پیارے دوست کو ناراض کرنے پر پشیمان تھا مگر اب بہت دیر ہو چکی تھی اور اس وقت پچھتانے کا کوئی فائدہ نہ تھا جب چڑیاں کھیت چگ گئی تھیں۔

Moral:

Note: *See the easy version above.*

(10) The Clever Cat and the Vain Fox (چالاک بلی اور مغرور لومڑ)

(Easy)

Once (ایک دفعہ) a cat met (ملاقات کی) a fox (لومڑ) in a forest (جنگل). The fox invited (دعوت دی) the cat to have a chat (گپ شپ لگانے کی). The cat said that it was not a safe place (محفوظ جگہ) to have a chat. The hunter (شکاری) usually (عام طور پر) came that way (اس راستے پر). The fox did not care (پرواہ کی) for the warning (تنبیہ) of cat. He boasted (شیخی بگھاری) of his knowing many tricks (کئی ترکیبیں) to dodge (دھوکہ دینے کے لیے) the hunters. He asked (پوچھا) the cat how many (کتنی) tricks (ترکیبیں) she knew. The cat told that she only (صرف) knew (جانتی تھی) to climb (چڑھنا) a tree in the time of danger (خطرے کے وقت). The fox looked down upon (حقارت کی نگاہ سے دیکھا) the cat. Just then (اسی وقت), the cat noticed (دیکھا) a hunter coming (آتے ہوئے) there with (ہمراہ) a pack of hounds (شکاری کتے). She at once (فوراً) climbed up a tree. The fox ran but he was caught (پکڑا گیا) by hounds very soon (بہت جلد) and they tore him into pieces (اُسے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا).

ایک دن ایک بلی جنگل میں کسی لومڑ سے ملی۔ لومڑ نے بلی کو گپ شپ لگانے کی دعوت دی۔ بلی نے کہا گپ شپ لگانے کے لیے یہ محفوظ جگہ نہیں ہے۔ عام طور پر شکاری اسی راستے سے آتے ہیں۔ لومڑ نے بلی کی تنبیہ کی پرواہ نہ کی۔ اس نے شیخی بگھارتے ہوئے کہا کہ مجھے شکاریوں کو دھوکہ دینے کی کئی ترکیبیں آتی ہیں۔ اس نے بلی سے پوچھا کہ تمہیں کتنی ترکیبیں آتی ہیں۔

بلی نے کہا کہ خطرے کے وقت وہ صرف درخت پر ہی چڑھنا جانتی ہے۔ لومڑ نے بلی کو حقارت کی نگاہ سے دیکھا۔ عین اسی وقت بلی نے ایک شکاری کو شکاری کتوں کے ہمراہ آتے ہوئے دیکھا۔ وہ فوراً ایک درخت پر چڑھ گئی۔ لومڑ بھاگا لیکن بہت جلد اسے شکاری کتوں نے پکڑ لیا اور ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔

Moral: اخلاقی سبق:

1. Vanity is self-deception. — غرور ایک خود فریبی ہے۔
2. Pride hath a fall. — غرور کا سر نیچا۔
3. Do not boast of your riches. — اپنی دولت پر مت اتراؤ۔

(Standard)

Once upon a time, there was a jungle where all the animals used to live peacefully (پُرامن طریقے سے). One day a cat and a fox met there by chance (اتفاقاً). That fox was known for his vanity (تکبر) and clever tricks (چالاکیاں). He invited the cat to have a friendly (دوستانہ) conversation (گفتگو). Although she agreed (متفق ہونا) to hold a talk (بات چیت) with him, but she was afraid (خوفزدہ) of that place because hunters (شکاری) usually passed through (راستے سے گزرنا) that way. She expressed (اظہار کیا) her fear (خوف) and also alarmed (خطرے سے آگاہ کرنا/انتباہ کرنا) that fox, but the fox laughed heartily (دل کھول کر ہنسنا) and said that he did not afraid of such threats (خدشات) as he knew how to dodge (دھوکہ دینا) others in the time of danger (خطرے کے وقت). He explained (وضاحت کی) to the cat that he was very

clever and did never become a prey (شکار) of hunters tricks (چالیں), rather (بلکہ) he himself played many tricks on hunters to escape (بچنا/فرار ہونا) the danger. Then he enquired (پوچھا) the cat, how many tricks she knew. She replied (جواب دیا) that the only (واحد) trick she knew was to climb up (اوپر چڑھنا) a tree in the time of need (بوقتِ ضرورت). At this, the fox hated (نفرت کی) her and looked down upon (حقارت کی) the poor cat, but the cat didn't mind (برا منانا) him. Shortly (جلد ہی) the cat noticed (غور کیا) a hunter with his pack of hounds (شکاری کتوں کا غول), advancing towards (کی جانب) them, so perceiving (جان سے گئے) the danger at hand (قریب ہی ہونا), she quickly (تیزی سے) climbed up a tree to save her dear life (پیاری زندگی). But when the clever fox ran to save his life, he soon was caught by those hounds and they tore him into pieces, at once (فوراً)

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک جنگل تھا جہاں تمام جانور پُر امن طریقے سے رہا کرتے تھے۔ ایک روز ایک بلی اور ایک لومڑ اکٹھا شامل گئے۔ لومڑ اپنے تکبر اور مکارانہ چالوں کے لیے مشہور تھا۔ اُس نے بلی کو دوستانہ گفتگو کے لیے دعوت دے ڈالی۔ اگرچہ وہ اُس سے بات چیت کرنے کے لیے متفق ہو گئی مگر وہ اُس مقام سے خوفزدہ تھی کیونکہ شکاری عموماً اُسی راستے سے گزرا کرتے تھے۔ اُس نے اپنے خوف کا اظہار کیا اور اُس لومڑ کو بھی خبردار کر دیا مگر لومڑ زندہ دلی سے ہنس دیا اور کہنے لگا کہ وہ ایسے خطروں سے خوفزدہ تھی کیونکہ شکاری عموماً اُسی راستے سے گزرا کرتے تھے۔ اُس نے اپنے خوف کا اظہار کیا اور اُس لومڑ کو بھی خبردار کر دیا مگر لومڑ زندہ دلی سے ہنس دیا اور کہنے لگا کہ وہ ایسے خطروں سے خوفزدہ نہیں کیونکہ اُسے معلوم تھا کہ خطرے کے وقت دوسروں کو دھوکا کیسے دیا جاتا ہے۔ اُس نے بلی کو وضاحت کی کہ وہ کتنا چالاک تھا اور کبھی شکاریوں کی چالوں کا شکار نہ بنا تھا بلکہ خطرے سے بچنے کے لیے اُس نے خود ہی (کئی بار) شکاریوں پر چالیں چلی تھیں۔ تب اُس نے بلی سے تفتیش کی کہ وہ کتنی چالیں جانتی تھی۔ اُس نے جواب دیا کہ واحد چال جو وہ جانتی تھی یہ تھی کہ بوقتِ ضرورت درخت پر چڑھ جانا۔ اس پر لومڑ نے بلی سے نفرت کی اور بیچاری بلی کو حقارت کی نگاہ سے دیکھا لیکن بلی نے اس کا برا نہ مانا۔ جلد ہی بلی نے ایک شکاری کو اپنے شکاری کتوں کے غول کیساتھ اپنی جانب بڑھتے ہوئے دیکھا لہٰذا خطرہ قریب ہی بھانپتے ہوئے وہ اپنی پیاری زندگی بچانے کے لیے ایک درخت پر چڑھ گئی۔ مگر جب لومڑ اپنی زندگی بچانے کو دوڑا تو جلد ہی اُن شکاری کتوں کے قابو چڑھ گیا اور انھوں نے فوراً اُسے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔

Moral:
Note: *See the easy version above.*

(11) The Muslim Brotherhood (مسلم اخوت)

(Easy)

The battle of Yarmook was over and Hazrat Abu Jahan Bin Huzefa (رضی اللہ عنہ) set out (نکلے) in search (تلاش میں) of his cousin who (جو) was fighting (لڑ رہے تھے) on the battle front. Hazarat Abu Jahan (رضی اللہ عنہ) carried (اٹھائے ہوئے) a water skin (مشکیزہ). His duty (ذمہ داری) was to offer water (پانی پلانا) to the thirsty (پیاسے) soldiers (سپاہی). He found (پایا) his cousin lying (لیٹے ہوئے) seriously injured (شدید زخمی). He was about to die (مرنے کے قریب). Hazrat Abu Jahan (رضی اللہ عنہ) asked (کہا) him (انہیں) to drink water (پانی پینے کے لیے). His cousin was about to drink (پینے ہی لگے تھے)water when he heard (سنی) the cry (آواز) of Hazrat Hisham Bin Abil Aas (رضی اللہ عنہ). He motioned (اشارے سے کہا) to Hazrat Abu Jahan (رضی اللہ عنہ) to give the cup of water to him. Hazrat Abu Jahan (رضی اللہ عنہ) came to Hazrat Hisham (رضی اللہ عنہ). Another cry (ایک اور آواز) was heard from a Mujahid. Hazrat Hisham (رضی اللہ عنہ) asked Abu Jahan (رضی اللہ عنہ) to carry water (پانی لے جانے کے لیے) to him. Hazrat Abu Jahan (رضی اللہ عنہ) went to third one but he died before he could drink. Then he hurried back (تیزی سے واپس گئے) to Hazrat Hisham (رضی اللہ عنہ). He had also died. After it (اس کے بعد), he went to his

cousin who had also died. But, those great people (عظیم انسان) had set (قائم کی) a noble and great example (مثال) of brotherhood (بھائی چارے کی). They laid down (قربان کر دیں) their lives for Muslim brotherhood.

یرموک کی لڑائی اختتام پذیر ہو چکی تھی اور حضرت ابو جہان بن حذیفہؓ اپنے چچیرے بھائی کی تلاش میں نکل پڑے جو کہ اگلی صف میں لڑ رہے تھے۔ حضرت ابو جہانؓ ایک مشکیزہ اٹھائے ہوئے تھے۔ پیاسے سپاہیوں کو پانی پلانا ان کی ذمہ داری تھی۔ انہوں نے اپنے چچیرے بھائی کو شدید زخمی لیٹے پایا۔ وہ مرنے کے قریب تھے۔ حضرت ابو جہانؓ نے انہیں پانی پینے کے لیے کہا۔ ان کے چچیرے بھائی پانی پینے ہی لگے تھے کہ انہوں نے حضرت ہشام بن ابی العاصؓ کی آواز سنی۔ انہوں نے ابو جہانؓ کو اشارے سے کہا کہ پانی کا پیالہ انہیں دیا جائے۔ حضرت ابو جہانؓ حضرت ہشامؓ کے پاس آئے۔ ایک اور مجاہد کی پکار سنائی دی۔ حضرت ہشامؓ نے حضرت ابو جہانؓ سے کہا کہ پانی اس کے پاس لے جاؤ۔ حضرت ابو جہانؓ تیسرے مجاہد کے پاس گئے لیکن وہ پانی پینے سے پہلے ہی اللہ کو پیارے ہو گئے۔ پھر وہ تیزی سے حضرت ہشامؓ کے پاس گئے وہ بھی اللہ کو پیارے ہو گئے۔ اس کے بعد وہ اپنے چچیرے بھائی کے پاس گئے جو اللہ کے پاس جا چکے تھے۔ ان عظیم انسانوں نے بھائی چارے کی شاندار اور عظیم مثال قائم کی۔ انہوں نے اسلامی بھائی چارے کی خاطر اپنی زندگیاں قربان کر دیں۔

Moral: اخلاقی سبق:

1. Islam gives the lesson to sacrifice for others. اسلام دوسروں کے لیے قربانی دینے کا درس دیتا ہے۔
2. Brotherhood demands sacrifice. اخوت قربانی مانگتی ہے۔

(Standard)

Islam has emphasized (زور دیا) brotherhood (بھائی چارہ) for development (نمو/تشکیل) of society (معاشرہ) in a positive way (مثبت انداز). Our beloved Holy Prophet Hazrat Muhammad (ﷺ) developed such great values (عظیم اقدار) among his companions (صحابہ کرامؓ), which set golden examples (زریں امثال) to be followed by humanity (نوع انسانی) in the later ages (بعد کے ادوار). This story relates تعلق (بیان کرنا/رکھنا) an exemplary heart-touching (دل کو چھو لینے والا) event of brotherhood in the battle of Yarmook (یرموک کی لڑائی).

Hazrat Abu Jahan Bin Huzefa (رضی اللہ عنہ) narrates (بیان کرنا) that in the battle of Yarmook, he was assigned (فرض سونپنا) the duty (فریضہ) of offering (پیش کرنا) water to the thirsty soldiers (سپاہی), so when he searched for his cousin; who was fighting on the battle front; he found that soldier seriously injured (شدید زخمی). Hazrat Abu Jahan (رضی اللہ عنہ) carried (لے گئے) his water skin (مشکیزہ) to his cousin, breathing his last (آخری سانس لیتے ہوئے) and offered him water. When his cousin was about to drink it, he heard the cry (پکار) of Hazrat Hisham Bin Abil Aas (رضی اللہ عنہ). His cousin pointed (اشارہ) to Hazrat Hisham (رضی اللہ عنہ) so that water might be given to him first. As Hazrat Abu Jahan (رضی اللہ عنہ) took the water to Hazrat Hisham (رضی اللہ عنہ), they heard cry of another Mujahid (مجاہد). Hazrat Hisham (رضی اللہ عنہ) asked Abu Jahan (رضی اللہ عنہ) to carry water to that man. Hazrat Abu Jahan (رضی اللہ عنہ) took water to the third soldier, but he had died before drinking water. Then Hazrat Abu Jahan (رضی اللہ عنہ) hurried (لپکنا) back to Hazrat Hisham (رضی اللہ عنہ), who had also died, last of all, he returned to his cousin, who had also died. Thus, those noble and great persons set a great example of brotherhood by sacrificing their own lives for their Muslim brothers.

اسلام نے معاشرے کی مثبت انداز میں نمو کے لیے بھائی چارے پر زور دیا ہے۔ ہمارے پیارے رسول حضرت محمد (ﷺ) نے اپنے صحابہ کرامؓ میں ایسی اعلیٰ اقدار پروان چڑھائیں جن سے بعد کے ادوار میں انسانیت کو پیروی کرانے کے لیے زریں امثال قائم ہوئیں۔ یہ کہانی یرموک کی لڑائی میں بھائی چارے کے

ایسے ہی ایک مثالی اور دل کو چھو لینے والے واقعہ کو بیان کرتی ہے۔

حضرت ابو جہان بن حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انہیں یرموک کی لڑائی میں (میدان جنگ میں) پیاسے سپاہیوں کو پانی پیش کرنے کا فریضہ سونپا گیا تھا چنانچہ جب انہوں نے اپنے اس چچیرے بھائی کو ڈھونڈا جو میدان جنگ میں اگلی صف میں لڑ رہے تھے تو اس بہادر سپاہی کو آپؓ نے شدید زخمی حالت میں پایا۔

ابو جہان رضی اللہ عنہ اپنا مشکیزہ اپنے آخری سانسیں لیتے چچیرے بھائی کے پاس لے گئے اور انہیں پانی کی پیشکش کی۔ جب ان کا چچیرا بھائی پانی پینے ہی والا تھا تو اس نے حضرت ہشام بن ابی العاصؓ کی پکار سن لی۔ آپؓ کے چچیرے بھائی نے حضرت ہشام بن ابی العاصؓ کی جانب اشارہ کیا تاکہ انہیں پہلے پانی دیا جا سکے۔ جوں ہی حضرت ابو جہان رضی اللہ عنہ پانی حضرت ہشام رضی اللہ عنہ کے پاس لے کر گئے تو انہوں نے ایک اور مجاہد کی پکار سن لی۔ حضرت ہشام رضی اللہ عنہ نے پانی اس مجاہد کے پاس لے جانے کو کہہ دیا۔ حضرت ابو جہان رضی اللہ عنہ پانی تیسرے سپاہی کے پاس لے گئے مگر وہ پانی پینے سے قبل ہی اللہ کو پیارے ہو چکے تھے۔ تب حضرت ابو جہان رضی اللہ عنہ حضرت ہشام رضی اللہ عنہ کی جانب واپس لپکے مگر وہ بھی وفات پا چکے تھے۔ سب سے آخر میں آپؓ اپنے چچیرے بھائی کے پاس واپس آئے مگر وہ بھی اللہ کو پیارے ہو چکے تھے۔ یوں ان نیکوکار اور عظیم اشخاص نے اپنے مسلم بھائیوں کے لیے اپنی جانیں قربان کرتے ہوئے بھائی چارے کی ایک عظیم مثال قائم کر دی۔

Moral:

Note: *See the easy version above.*

(12) The Boy Who Cried "Wolf, Wolf" (لڑکا جو "بھیڑیا، بھیڑیا" چلایا)

(Easy)

Once there lived a shepherd (گڈریا) in a village. He used to graze (چرایا کرتا تھا) sheep (بھیڑیں) in a jungle. One day, he thought of (اس نے سوچا) a strange (عجیب) joke (مذاق). He shouted, "Wolf! Wolf!". The villagers took thier weapons (ہتھیار) and ran to help him. When they reached there, they found (پایا) him safe and sound (صحیح سلامت). They also saw him laughing (ہنستا ہوا). They cursed (ملامت کی) him and came back. After a few days, the boy repeated (دہرایا) the joke and people again came to his help. But they found no wolf there. They were very angry (ناراض) with him. They decided (فیصلہ کیا) not to listen to his cries again. After some time, a wolf actually came there. The boy cried, "Wolf! Wolf!" many times. Nobody came to his help (مدد). The wolf killed (مار ڈالا) him and many of his sheep. Thus, his joke had brought him death.

ایک دفعہ کسی گاؤں میں ایک گڈریا رہتا تھا۔ وہ جنگل میں بھیڑیں چرایا کرتا تھا۔ ایک دن اسے عجیب مذاق سوجھا۔ وہ پکارا، "بھیڑیا! بھیڑیا!" دیہاتیوں نے اپنے ہتھیار اٹھائے اور اس کی مدد کے لیے بھاگے۔ جب وہ پہنچے تو انہوں نے اسے بالکل صحیح سلامت پایا۔ انہوں نے اسے ہنستے ہوئے بھی دیکھا۔ انہوں نے اسے برا بھلا کہا اور واپس آ گئے۔ چند دن بعد لڑکے نے دوبارہ وہی مذاق کیا اور لوگ اس کی مدد کے لیے آئے۔ مگر انہیں وہاں کوئی بھیڑیا نہ ملا۔ وہ اس کے ساتھ بہت ناراض تھے۔ انہوں نے فیصلہ کیا کہ آئندہ وہ اس کی پکار نہیں سنیں گے۔ کچھ عرصے بعد ایک بھیڑیا واقعی وہاں آ گیا۔ لڑکا کئی بار پکارا، "بھیڑیا! بھیڑیا!" کوئی بھی اس کی مدد کو نہ آیا۔ بھیڑیے نے اسے اور اس کی بہت سی بھیڑوں کو مار ڈالا۔ یوں اس کا مذاق اس کی موت کا باعث بن گیا۔

Moral: اخلاقی سبق:

1. Once (ایک دفعہ) a liar (جھوٹا), always (ہمیشہ) a liar. — ایک دفعہ کا جھوٹا ہمیشہ کے لیے جھوٹا۔
2. Never (کبھی بھی نہیں) tell a lie. — کبھی جھوٹ مت بولو۔
3. A liar is always punished. — جھوٹا ہمیشہ سزا پاتا ہے۔

(Standard)

Once, there used to live a shepherd in a small village surrounded by (سے گھرا ہوا) lush green fields (سرسبزوشاداب میدان). That shepherd used to take his herd (گلہ) of sheep in those fields for the purpose of grazing (چرانے کے مقصد سے). One day he hit upon (خیال سوجھا) a mischievous idea (شرارتی خیال) and began to shout (چلانا), "Wolf! Wolf!", for attracting (متوجہ کرنا) the villagers (دیہاتی) towards him. As they heard his cries, they rushed (لپکنا) towards those meadows (مرغزار، چراگاہیں) holding (تھامتے ہوئے) their weapons (ہتھیار) to save (زندگی کی حفاظت کرنا) shepherd' life. When they reached the spot (جائے واقعہ), they didn't find there any beast (درندہ) and the boy was laughing for befooling (بیوقوف بنانا) his fellow beings (ساتھی). All people scolded (ملامت کرنا/برا بھلا کہنا) him for such a dirty joke and returned to their jobs (کام دھندے).

After some time, the shepherd again played that silly joke (احمقانہ مذاق). Again, people came there for his and his herd's rescue (بچاؤ), but not finding any wolf there, got extremely (شدید) angry with him. Then (تب), they determined (تہیہ کیا) never to pay any attention (توجہ دینا) to shepherd's calls (پکار) and returned their homes. But one day, it did so happen (کچھ یوں ہوا) that a wolf really came there and attacked his sheep. The boy got frightened (خوفزدہ ہوا) and cried several (کئی) times for the help, yet (تاہم) nobody took his words seriously (باتوں کو سنجیدگی سے نہ لینا) and remained busy (مصروف رہے) in their own jobs. It again was a childish joke (بچگانہ مذاق) for them, so they didn't bother (زحمت کرنا/پریشانی اٹھانا) to rush towards him. The wolf killed (ہلاک کیا) not only his herd, but also the shepherd boy. Thus, the silly joke of naughty shepherd caused (سبب بنا) his out of time (بے وقت) death.

ایک مرتبہ سرسبز وشاداب میدانوں سے گھرے چھوٹے سے گاؤں میں ایک چرواہا رہتا تھا وہ چرواہا اپنا بھیڑوں کا گلہ ان میدانوں میں چرانے کی غرض سے لے جایا کرتا تھا۔ ایک دن اسے ایک شرارتی منصوبہ سوجھا اور اس نے دیہاتی لوگوں کو اپنی جانب متوجہ کرنے کے لیے بھیڑیا! بھیڑیا! چلانا شروع کر دیا۔ جوں ہی انہوں نے اس کی چیخیں سنیں تو وہ اپنے ہتھیار تھامے، گڈریے کی زندگی بچانے کے لیے ان چراگاہوں کی جانب لپکے۔ لیکن جب وہ لوگ جائے وقوعہ پر پہنچے تو انہیں وہاں کوئی درندہ نہ ملا بلکہ لڑکا اپنے ساتھیوں کو بیوقوف بنانے پر ہنس رہا تھا۔ ایسے گھٹیا مذاق پر سب لوگوں نے اسے جھڑکا اور اپنے کام دھندوں پر لوٹ گئے۔

کچھ وقت کے بعد، گڈریے نے پھر سے وہی بے ہودہ/احمقانہ مذاق کیا۔ لوگ ایک بار پھر اس کے اور اس کے ریوڑ کے بچاؤ کے لیے وہاں آئے مگر وہاں پر سے کوئی بھیڑیا نہ پاتے ہوئے اس سے بے پناہ ناراض ہوئے۔ تب انہوں نے چرواہے کی چیخ وپکار پر دوبارہ کبھی توجہ نہ دینے کا تہیہ کر لیا اور اپنے گھروں کو لوٹ گئے۔ مگر ایک روز کچھ یوں ہوا کہ سچ مچ ایک بھیڑیا وہاں آ گیا اور اس کی بھیڑوں پر حملہ کر دیا۔ لڑکا خوفزدہ ہو گیا اور کئی بار مدد کے لیے پکارا مگر کسی نے اس کی باتوں کو سنجیدگی سے نہ لیا اور اپنے اپنے کاموں میں مشغول رہے۔ ان کے لیے (تو) یہ پھر سے ایک بچگانہ مذاق ہی تھا چنانچہ انہوں نے پھر اس کی جانب دوڑنے کی زحمت ہی نہ کی۔ بھیڑیے نے نہ صرف اس کے ریوڑ کو بلکہ چرواہے کو بھی مار ڈالا۔ یوں شرارتی چرواہے کا احمقانہ مذاق اس کی بے وقت موت کا سبب بن گیا۔

Moral:

Note: *See the easy version above.*

(13) The Jester and the King (مسخرا اور بادشاہ)

(Easy)

Once upon a time (ایک دفعہ کا ذکر ہے), a king had a jester (مسخرا) in his court (دربار). The king was very fond (بہت پسند کرتا تھا) of him. The jester had every kind of liberty (آزادی) of speech. This had made him bold (دلیر) and proud (مغرور). He ridiculed (مذاق کرتا تھا) the lords (نواب), ministers (وزرا)

and even (یہاں تک کہ) the king. One day the king was busy in some serious (سنجیدہ نوعیت کے) state affairs (ملکی معاملات) when the jester made fun (مذاق کیا) of the king. The king became very angry (ناراض ہوا). He sentenced (سزا دی) the jester to death. The jester begged (التجا کی) for mercy (رحم کی) but was not forgiven (معافی نہ ملی). The jester pleaded (التجا کی) for mercy again and again. The king ordered (حکم دیا) him to choose (منتخب کرنے کا) the kind of death (موت کا طریقہ). The jester took good advantage (اچھا فائدہ اٹھایا) of this occasion (موقع). He requested (درخواست کی) the king to allow him to die in old age (بڑھاپے میں). The king was impressed (متاثر ہوا) by his ready wit (حاضر جوابی). He forgave (معاف کر دیا) and warned (آگاہ کیا) him to be careful (محتاط رہنے کے لیے) in future.

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ کسی بادشاہ کے دربار میں ایک مسخرا تھا۔ بادشاہ اس کو بہت پسند کرتا تھا۔ مسخرے کو گفتگو کی مکمل آزادی تھی۔ اس بات نے اسے دلیر اور مغرور بنا دیا۔ وہ نوابوں، وزیروں یہاں تک کہ بادشاہ کو بھی مذاق کر دیتا تھا۔ ایک دن بادشاہ چند سنجیدہ نوعیت کے ملکی معاملات نمٹا رہا تھا کہ مسخرے نے بادشاہ سے مذاق کیا۔ بادشاہ بہت ناراض ہوا۔ اس نے مسخرے کو موت کی سزا سنا دی۔ مسخرے نے رحم کی التجا کی لیکن اسے معافی نہ ملی۔ مسخرے نے بار بار رحم کی التجا کی۔ بادشاہ نے اسے مرنے کا طریقہ منتخب کرنے کا حکم دیا۔ مسخرے نے اس موقع کا خوب فائدہ اٹھایا۔ اس نے بادشاہ سے درخواست کی کہ وہ اسے بڑھاپے میں مرنے دے۔ بادشاہ اس کی حاضر جوابی سے متاثر ہوا۔ اس نے اسے معاف کر دیا۔ اس نے اسے آئندہ محتاط رہنے کی تنبیہ کی۔

Moral: اخلاقی سبق:

1. Cut your coat according to your cloth. — چادر دیکھ کر پاؤں پھیلاؤ۔
2. Never jump over your limits. — کبھی اپنی حد سے باہر نہ نکلو۔
3. Beware of the royal mood. — شاہی مزاج سے خبردار رہو۔
4. Always live within your limits. — ہمیشہ حد کے اندر رہو۔

(Standard)

Once upon a time, there was a jolly (ہنس مکھ) king who liked jokes and jests (لطائف و دل لگی کی باتیں). Therefore (اس لیے), he had kept a jester (مسخرا) in his court (دربار), who was known (مشہور) for his wit (حاضر دماغی) and shrewdness. Soon he became king's favorite (پسندیدہ) jester and king became fond (شوقین) of his ready witted remarks (حاضر جواب آراء). The jester had every kind of liberty to make fun. Thus he became extremely rude (بہت گستاخ), bold (بے باک) and proud (مغرور). He did not give exception (استثنیٰ رکھنا) to anyone for passing funny remarks (مزاحیہ تبصرات), even the king along with his lords, ministers and other courtiers (درباری) was ridiculed by him. Though, king used to amuse by his fun making talent (مذاق کرنے کی اہلیت), but all the courtiers were annoyed (ناراض/خفا) with his rude remarks (گستاخانہ جملہ بازی) and could not scold (جھڑکنا) him as he was king's favorite.

One day, the king was busy in solving (حل کرنا) some serious state affairs, when the jester made fun of him. The king became very angry. He, at once sentenced him to death. The jester realized (ادراک کیا) the severity of situation (صورتحال کی سنگینی). Therefore, he constantly implored (التجا کی) for the mercy (رحم), but his request was not entertained (التفات نہ کیا گیا). The furious (غصے میں آگ بگولہ ہونا) king declared (اعلان کیا) that jester's death was must (ناگزیر), yet (تاہم) he gave him a concession (رعایت) to select (منتخب کرنا) his way (انداز/طریقہ) of death. Thus, the jester got a golden chance (سنہرا موقع) to save himself. So he implied (عمل میں لایا) his wit (فراست) and demanded the king to give

him death of old-age (بڑھاپا). This demand really impressed (متاثر کیا) the emperor (شہنشاہ) and he enjoyed (لطف اٹھایا) jester's intelligence (ذہانت) heartily (دلی طور پر). In this way, the king forgave him but warned (انتباہ کر دیا) to be careful (محتاط) in future (مستقبل). The jester thanked (شکریہ ادا کیا) his master and promised him to be careful.

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہیں ایک ملک میں ایک بادشاہ رہتا تھا جسے لطائف و دل لگی کی باتیں پسند تھیں۔ اسی لیے اس نے اپنے دربار میں ایک مسخرا رکھ لیا تھا جو اپنی بذلہ سنجی اور فہم و فراست کے لیے نامور تھا۔ جلد ہی وہ بادشاہ کا پسندیدہ مسخرا بن گیا اور بادشاہ اس کے حاضر جواب تبصرات کا شوقین ہو گیا۔ مسخرے کو مذاق کرنے کے لیے ہر قسم کی آزادی تھی۔ یوں وہ بہت ہی گستاخ، بے باک اور مغرور ہو گیا۔ وہ کسی کو مزاحیہ تبصرات سے مستثنیٰ نہ رکھتا حتیٰ کہ وہ بادشاہ کا بھی بشمول اس کے سرداروں، وزراء اور دیگر درباریوں کے استہزا اڑایا کرتا تھا۔ گرچہ بادشاہ اس کی مذاق اڑانے کی اہلیت سے خوش ہوا کرتا تھا مگر سب درباری اس کے گستاخانہ تبصرات کی وجہ سے اس سے خفا تھے مگر اسے حرکت بھی نہیں سکتے تھے کیونکہ وہ بادشاہ کا پسندیدہ تھا۔

ایک دن، بادشاہ چند اہم ریاستی امور طے کرنے میں مصروف تھا کہ مسخرے نے اس کا مذاق اڑا لیا۔ بادشاہ بہت ناراض ہوا۔ اس نے فوراً ہی اسے سزائے موت سنا دی۔ مسخرے نے صورتحال کی سنگینی کو بھانپ لیا۔ چنانچہ اس نے متواتر رحم کی التجا کی مگر اس کی درخواست پر کوئی غور نہ کیا گیا۔ غصے میں آگ بگولہ بادشاہ نے اعلان کیا کہ مسخرے کی موت یقینی تھی، تاہم اس نے اپنی موت کے لیے کوئی راہ خود سے منتخب کرنے کی رعایت دے دی۔ یوں مسخرے کو خود کو بچانے کا سنہرا موقع مل گیا۔ لہٰذا اس نے اپنی عقل استعمال کرتے ہوئے بادشاہ سے مطالبہ کیا کہ اسے بڑھاپے میں مرنے دیا جائے۔ اس مطالبے نے شہنشاہ کو حقیقتاً متاثر کر دیا اور وہ مسخرے کی ذہانت سے بھرپور لطف اندوز ہوا۔ اس طرح، بادشاہ نے اسے معاف کر دیا مگر آئندہ کے لیے خبردار بھی کر دیا۔ مسخرے نے اپنے آقا کا شکریہ ادا کیا اور محتاط رہنے کا وعدہ کیا۔

Moral:
Note: *See the easy version above.*

(14) A Greedy Dog (ایک لالچی کتا)

(Easy)

Once there was a dog. He was very hungry (بھوکا). He tried his best to get (حاصل کرنے کی) some food, but all in vain (کوئی فائدہ نہ ہوا). At last he went to the market. There, he found a piece of meat (گوشت کا ٹکڑا) at the butcher's table (قصائی کا میز). He took that piece of meat in his mouth and slipped away (کھسک گیا). He was very happy them. He wanted to eat it in privacy (الگ بیٹھ کر). There was a bridge (پل) over a stream (ندی) nearby (قریب ہی). When he was running over the bridge, he looked down (نیچے دیکھا). The water of the stream was neat and clean. He saw his own shadow (اپنا سایہ). He took it (اسے سمجھا) for another (کوئی اور) dog with a piece of meat in his mouth. He thought (سوچا) of snatching (چھیننے کا) that piece as well. He growled (غرایا) and barked (بھونکنے لگا) at the shadow, but his own (اپنا) piece of meat fell down (نیچے گر گیا). Then he was greatly disappointed (بہت مایوس) at his loss.

ایک لالچی کتا تھا۔ ایک روز اسے بہت بھوک لگی تھی۔ اس نے کھانے کے لیے کچھ حاصل کرنے کی پوری کوشش کی لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا۔ آخر کار وہ مارکیٹ گیا۔ اسے قصاب کے میز پر گوشت کا ایک ٹکڑا ملا۔ اس نے گوشت کا ٹکڑا منہ میں دبایا اور کھسک گیا۔ تب وہ بہت خوش تھا۔ وہ اسے الگ بیٹھ کر کھانا چاہتا تھا۔ قریب ہی ایک ندی کے اوپر پل تھا۔ جب وہ دوڑ کر پل پر سے گزر رہا تھا تو اس نے نیچے دیکھا۔ ندی کا پانی صاف ستھرا تھا۔ اس نے اپنا سایہ دیکھا۔ وہ سمجھا کہ یہ کوئی اور کتا ہے جس کے منہ میں گوشت کا ٹکڑا ہے۔ اس نے وہ ٹکڑا بھی چھیننے کا سوچا۔ وہ غرایا اور سایہ پر بھونکنے لگا مگر اس کا اپنا گوشت کا ٹکڑا نیچے گر گیا۔ تب وہ اپنے نقصان پر بہت مایوس ہوا۔

Moral: اخلاقی سبق:

1. Greed (لالچ) is a curse. لالچ بری بلا ہے۔

2. Do not be greedy (لالچی). لالچی نہ ہو۔
3. Something is better than nothing. کچھ نہ ہونے سے کچھ ہونا بہتر ہے۔

(Standard)

Once upon a time, there was a greedy dog. One day he had nothing to eat. He roamed about, but could not get anything. finally he headed towards the only market of that town and reached a butcher's shop. There, by chance, he found a piece of meat at butcher's table. He stole that piece of meat and slipped away (کھسک گیا). He was extremely glad (بے پناہ خوش) for having such a big piece of fresh meat. He intended (ارادہ کیا) to go into woods for eating that piece in privacy. So, he proceeded (روانہ ہوا) to the jungle, but there was a stream in his way and he had to cross it through its bridge. When he reached there and started running over the bridge, suddenly he got sight (نظارہ/منظر) of a dog in the stream. The running water (چلتا پانی) of stream was crystal clear (صاف وشفاف) and he actually had seen his own reflection in the water. As he had took his own shadow as another dog with a piece of meat, so his greedy nature urged (اُکسایا) him to snatch (چھینا جھپٹی کرنا) that piece of meat, too. Acting upon (عمل کرتے ہوئے) his thought, he growled (غرایا) and barked at his reflection and resultantly (نتیجتاً) lost his own piece of meat. Then he realized (ادراک کیا) the fact that it was not another dog but was himself. He was greatly disappointed at his loss.

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک لالچی کتا تھا۔ ایک دن اس کے پاس کھانے کو کچھ نہ تھا۔ وہ ادھر ادھر بھٹکتا پھرا مگر کھانے کو کچھ نہ پا سکا۔ بالآخر، وہ اس قصبے کی واحد مارکیٹ کی جانب چل دیا اور ایک قصاب کی دکان پر پہنچا۔ اسے وہاں اتفاقاً قصاب کی میز سے گوشت کا ٹکڑا مل گیا۔ اس نے وہ ٹکڑا چرایا اور کھسک گیا۔ وہ تازہ گوشت کا اتنا بڑا ٹکڑا پانے پر بہت مسرور تھا۔ اس نے وہ ٹکڑا اکیلے میں کھانے کے لیے جنگل میں جانے کا ارادہ کیا۔ چنانچہ وہ جنگل کو روانہ ہوگیا مگر اس کے راستے میں ایک ندی پڑتی تھی اور اسے اس ندی کے پل کے ذریعے اسے پار کرنا تھا۔ جب وہ وہاں پہنچا اور پل پر بھاگنا شروع کیا تو اچانک ہی اس نے ندی میں ایک کتا دیکھ لیا۔ ندی کا بہتا پانی صاف شفاف تھا اور اس نے دراصل پانی میں اپنا ہی عکس دیکھ لیا تھا۔ چونکہ وہ اپنے ہی سائے کو اب دوسرا کتا سمجھ بیٹھا تھا لہٰذا اسکی لالچی فطرت نے اسے گوشت کا وہ ٹکڑا بھی چھین لینے پر اکسایا۔ اپنی سوچ پر عمل کرتے ہوئے وہ غرایا اور اپنے ہی سائے پر بھونکا اور نتیجتاً گوشت کا اپنا ٹکڑا بھی کھو دیا۔ تب اسے حقیقت کا ادراک ہوا کہ وہ کوئی اور کتا نہیں بلکہ وہ خود ہی تھا۔ وہ اپنے نقصان پر بے پناہ مایوس ہوا۔

Moral:
Note: *See the easy version above.*

(15) The Fox and the Grapes (لومڑ اور انگور)

(Easy)

Once there was a fox. He was very hungry (بہت بھوکا). He went in search (تلاش میں) of food, but nothing (کچھ نہیں) could be seen (نظر آیا) to eat. He kept on running (دوڑتا رہا) and looking for (تلاش کرتا رہا) food. At last he reached (پہنچا) a garden. He saw the bunches (گچھے) of ripe (پکے ہوئے) grapes hanging (لٹکے ہوئے) by the vines (بیلیں). His mouth watered (پانی بھر آیا) to see them. He jumped again and again (بار بار), but in vain. He jumped so many times that his back (کمر) began to ache (دُکھنے لگی). At last he gave up (ترک کردی) his attempt (کوشش) and went away (چلا گیا) saying, "These grapes are sour (کھٹے)."

کہیں ایک لومڑ تھا۔ وہ بہت بھوکا تھا۔ وہ کھانے کی تلاش میں نکلا مگر کھانے کو کچھ بھی نظر نہ آیا۔ وہ دوڑتا رہا اور کھانے کے لیے تلاش کرتا رہا۔ آخر کار وہ ایک باغ میں پہنچا۔ اس نے بیلوں سے لٹکتے ہوئے پکے ہوئے انگوروں کے گچھے دیکھے۔ انہیں دیکھ کر اس کے منہ میں پانی بھر آیا۔ وہ بار بار اچھلا لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا۔ وہ

اتنی بار اچھلا کہ اس کی کمر دکھنے لگی۔ آخرکار اس نے کوشش ترک کردی۔ وہ یہ کہتا ہوا چلا گیا: "یہ انگور کھٹے ہیں۔"

Moral: اخلاقی سبق:

1. People excuse (بہانہ کرتے ہیں) to dislike (ناپسند کرنا) what they cannot get (حاصل نہ کرسکیں).
لوگ جو چیز حاصل نہ کرسکیں اسے ناپسند کرنے کا بہانہ کرتے ہیں۔
2. Grapes are sour.
انگور کھٹے ہیں۔

(Standard)

Once there lived a fox in a jungle. One day, he was very hungry (بھوکا) because there was nothing (کچھ بھی نہیں) to eat. Though he tried his best and wandered (بھٹکا پھرا) here and there in search of food and sniffed (سونگھا) everything on the ground. But unluckily (بدقسمتی سے) could not be able to find any eatable anywhere. An orchard (پھلوں کا باغ) was located (واقع تھا) at nearby (قریبی) town, so he decided (فیصلہ کیا) to visit (دورہ کرنا) that place in search (تلاش) of food. Finally (بالآخر) he reached there and amazed (حیران رہ گیا) at the sight (نظارہ) of abundant (وافر) riped and juicy grapes (پکے ہوئے رسیلے انگور). His mouth watered (منہ میں پانی آ گیا) to see those vines (انگور کی بیلیں) laden (لدی ہوئی) with riped fruit. However (تاہم), the grapes were hanging (لٹکنا) at certain (خاص) height (اونچائی) and he could not access (رسائی پانا) them easily, therefore he jumped at them. He did so again and again, but they remained out of his reach (اس کی پہنچ سے باہر). He jumped at the bunches (گچھے) of grapes for several times (کئی مرتبہ), even his backbone (ریڑھ کی ہڈی) began to ache (درد). At last, he got extremely (بہت زیادہ) disappointed (مایوس ہوگیا) and was convinced (قائل) that he was unable (نااہل تھا) to get the grapes. Then he gave up (ترک کیا) his efforts (کوششیں) to get grapes and went away saying sorrowfully (دکھ سے), "These grapes are sour (کھٹا) and I must not eat them".

ایک دفعہ کسی جنگل میں ایک لومڑ رہتا تھا۔ ایک دن وہ بہت بھوکا تھا کیونکہ وہاں کھانے کو کچھ بھی نہیں تھا۔ اگرچہ اس نے اپنی بھرپور کوشش کی اور کھانے کی تلاش میں یہاں وہاں بھٹکتا پھرا اور زمین پر ہر شے کو سونگھتا گیا لیکن بدقسمتی سے کہیں بھی کوئی خوراک نہ پاسکا۔ ایک قریبی قصبے میں پھلوں کا باغ تھا چنانچہ اس نے کھانے کی تلاش کے لیے اس جگہ کا دورہ کرنے کا فیصلہ کیا۔ بالآخر وہ وہاں پہنچ گیا اور بکثرت پکے ہوئے اور رسیلے انگوروں کے نظارے پر حیران و ششدر رہ گیا۔ پکے میووں سے لدی انگور کی وہ بیلیں دیکھ کر اس کے منہ میں پانی آ گیا۔ تاہم انگور کافی اونچائی پر لٹک رہے تھے اور وہ آسانی سے ان تک نہ پہنچ سکتا تھا اسی وجہ سے اس نے ان کی جانب چھلانگ لگائی۔ اس نے بار بار ایسا کیا مگر وہ اس کی پہنچ سے باہر ہی رہے۔ اس نے کئی مرتبہ انگور کی بیلوں پر چھلانگ لگائی حتیٰ کہ اس کی کمر درد کرنے لگی۔ بالآخر وہ بہت زیادہ مایوس ہوگیا اور اس بات پر قائل ہوگیا کہ انگور پانا اس کے بس میں نہیں تھا۔ تب اس نے انگور پانے کے لیے اپنی کاوشیں ترک کردیں اور دکھ سے یہ کہتا ہوا چل دیا کہ "یہ انگور کھٹے ہیں اور میں انہیں نہیں کھاؤں گا۔"

Moral:
Note: *See the easy version above.*

(16) A Merchant and His Horse (ایک سوداگر اور اس کا گھوڑا)

(Easy)

Once a merchant (تاجر) went to fair (میلہ) to sell his goods (چیزیں). He got much money for it. When he was returning (واپس آرہا تھا) home, he stopped (ٹھہرا) at an inn (سرائے). The next morning, he asked the inn boy (سرائے والا لڑکا) to bring (لانے کے لیے) his horse. The inn boy brought (لایا) the horse and said, "Sir, there is a nail out of this shoe. It will be good (بہتر ہوگا) if you have it put in it." The merchant said, "No, no, I cannot stay (نہیں رک سکتا) here any longer (مزید). I must start (ضرور چلنا چاہیے) just now. One nail does not matter (فرق نہیں پڑتا)." Saying (کہتے ہوئے) this, he

mounted (سوار ہوا) the horse, and galloped out (باہر نکل گیا) of the town. In the afternoon (سہ پہر), he stopped at another inn. The inn boy there said to him, "Sir, your horse has lost a shoe (نعل). You had better put it on." The merchant said, "No, I am already getting late (دیر ہو رہی ہے).One shoe does not matter. Let me go (مجھے جانے دو)." Saying this, he rode on (سوار ہوا). He had not gone far, when his horse began to limp (لنگڑانا شروع کر دیا). The merchant tried hard to urge it on but to no purpose (کوئی فائدہ نہ ہوا). Night fell (رات ہو گئی), but he was still (اب بھی) many miles far from home. All of a sudden (اچانک) some robbers (لٹیرے)appeared there and robbed (چھین لی) him of his money.

ایک دفعہ ایک تاجر اپنی چیزیں بیچنے کے لیے کسی میلے میں گیا۔ اسے ان کی بہت رقم ملی۔ جب وہ گھر واپس آ رہا تھا تو وہ ایک سرائے میں ٹھہرا۔ اگلی صبح اس نے سرائے والے لڑکے سے گھوڑا لانے کے لیے کہا۔ سرائے والا لڑکا گھوڑا لایا اور کہا، "جناب اس گھوڑے کے نعل کا ایک کیل نکل گیا ہے۔ بہتر یہی ہوگا کہ آپ یہ لگوا لیں۔" تاجر نے کہا، "نہیں نہیں۔ میں اب یہاں مزید نہیں رک سکتا۔ مجھے اب چل پڑنا چاہیے۔ ایک کیل سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔" یہ کہتے ہوئے وہ گھوڑے پر سوار ہوا اور تیزی سے گھوڑا دوڑاتے ہوئے قصبے سے باہر نکل گیا۔ سہ پہر کو وہ ایک دوسری سرائے میں ٹھہرا۔ سرائے والے لڑکے نے اسے کہا، "جناب آپ کے گھوڑے کا ایک نعل گم ہو گیا ہے۔ بہتر یہی ہوگا کہ آپ یہ لگوا لیں۔" تاجر نے کہا، "نہیں، مجھے پہلے ہی دیر ہو رہی ہے۔ ایک نعل اترنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ مجھے جانے دو۔" یہ کہہ کر وہ گھوڑے پر سوار ہو گیا۔ وہ زیادہ دور نہیں گیا تھا کہ اس کے گھوڑے نے لنگڑانا شروع کر دیا۔ تاجر نے اسے تیز چلانے کی پوری کوشش کی لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا۔ رات ہو گئی لیکن وہ اب بھی اپنے گھر سے کئی میل دور تھا۔ اچانک وہاں کچھ لٹیرے آ گئے اور انہوں نے اس سے اس کی رقم چھین لی۔

Moral: اخلاقی سبق:

1. Give weight to the words not to the speaker. — الفاظ کی وقعت ہوتی ہے نہ کہ بولنے والے کی۔
2. Words spoken are more important than the speaker. — بولے گئے الفاظ بولنے والے سے زیادہ اہم ہیں۔
3. Nip the evil in the bud. — برائی جڑ سے اکھاڑ پھینکو۔
4. A stitch in time saves nine — بروقت چارہ جوئی آنے والی مصیبت سے بچا لیتی ہے۔

(Standard)

Once upon a time, a merchant visited a newly held (منعقدہ) fair and did huge (وسیع) business (بیوپار) there. He was very glad, because he had got huge profit (بہت منافع). Before sunset (غروب آفتاب), he departed (روانہ ہوا) from there, as he was quite tired (تھکا ہوا). As he passed by (پاس سے گزرا) an inn, (سرائے) he stopped there for a night. The next morning, he ordered the inn boy to bring his horse. The boy brought his horse and also informed him about the absence of one of horse shoes (گھوڑے کی نعل). The boy had perceived (بھانپ لیا) the expected (متوقع) difficulty (دشواری) of man's journey, therefore he said, "Sir, there is a nail (کیل) out of the shoe, It will be good if you have put in it intime (بروقت)." But the careless (بے پرواہ) merchant didn't pay any attention (توجہ دینا) to boy's words and said, "No, no I cannot stay (قیام کرنا) here any longer (مزید). I must start just now. One nail does not matter." Saying this, he mounted his horse and galloped out (تیزی سے نکل گیا) of the town.

In the afternoon, he again had to pass by an inn and stayed there for time being (وقتی طور پر). Again he was informed about the absence of nail out of horse' shoe by the inn boy. But the merchant didn't bother (زحمت کرنا) to consider (غور کرنا) the repeated (دہرائی گئی) warning and took his way (اپنی راہ لی). Still (تاحال), he had not gone far away (زیادہ دور) when his horse began to limp (لنگڑانا) and couldn't run any longer. The merchant tried his best to motivate (تحریک دینا) his horse but it could not proceed. As it was night and still he was miles away (میلوں دور) from his home.

Suddenly (اچانک), there appeared (نمودار ہوئے) some robbers from nearby bushes (جھاڑیاں) and ruthlessly (بے رحمی سے) robbed (لوٹ لیا) him of his earned money (کمائی) and other belongings (مال و اسباب). The merchant repented (پچھتایا), but of no avail (بے سود).

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک تاجر نئے نئے منعقد ہوئے میلے کا دورہ کیا اور وہاں خوب کاروبار کیا۔ وہ بہت خوش تھا کیونکہ اس نے کثیر منافع کمایا تھا۔ غروب آفتاب سے قبل وہ وہاں سے روانہ ہو گیا کیونکہ وہ بہت تھک چکا تھا۔ جیسے ہی وہ ایک سرائے کے پاس سے گزرا تو رات وہاں گزارنے کے لیے رک گیا۔ اگلی صبح اس نے سرائے کے ملازم لڑکے کو اس کا گھوڑا لانے کا حکم دیا۔ لڑکا اس کا گھوڑا لے آیا اور اسے گھوڑے کے نعلوں میں سے ایک کے نہ ہونے کی اطلاع بھی دے دی۔ لڑکے نے اس آدمی کے سفر کی متوقع دشواری کو بھانپ لیا تھا اسی لیے اس نے کہا، "جناب، اس والی نعل کا کیل نہیں ہے اچھا ہو گا اگر آپ بروقت ہی ڈلوا لیں"۔ مگر بے پرواہ تاجر نے لڑکے کی باتوں پر کوئی توجہ نہ دی اور کہا، "نہیں نہیں میں یہاں زیادہ دیر نہیں ٹھہر سکتا۔ مجھے ابھی چلنا چاہیے۔ ایک کیل سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔" یہ کہتے ہوئے وہ اپنے گھوڑے پر سوار ہو گیا اور تیزی سے قصبے سے نکل گیا۔

سہ پہر میں اس کا گزر پھر سے اک سرائے کے پاس سے ہوا اور وہ وقتی طور پر وہاں رک گیا۔ دوبارہ اسے سرائے کے ملازم لڑکے سے گھوڑے کے نعل کا کیل نہ ہونے کی اطلاع ملی۔ مگر تاجر نے پھر بھی دہرائے جانے والے الفاظ پر غور کرنے کی زحمت نہ کی اور اپنی راہ لی۔ ابھی وہ زیادہ دور نہ جانے پایا تھا کہ اس کے گھوڑے نے لنگڑانا شروع کر دیا اور مزید دوڑ نہ سکا۔ تاجر نے گھوڑے کو تحریک دینے کی اپنی سی کوشش کر ڈالی مگر وہ آگے نہ بڑھ سکا۔ چونکہ اب رات تھی اور وہ تاحال اپنے گھر سے میلوں دور تھا کہ وہاں اچانک قریبی جھاڑیوں سے ڈاکو نمودار ہوئے اور بے رحمی سے اس کی کمائی ہوئی رقم اور دوسرا مال و اسباب لوٹ لیا۔ (تب) تاجر پچھتایا مگر بے سود۔

Moral:
Note: *See the easy version above.*

(17) A Tiger and a Greedy Man (ایک شیر اور ایک لالچی آدمی)

(Easy)

Once (ایک دفعہ) a tiger killed (مار ڈالا) a woman wearing (پہنے ہوئے) a gold bangle (سونے کی چوڑی). The tiger kept (رکھی) this bangle with him (اپنے پاس). One day a man came there. As he was standing on the bank of stream (ندی کے کنارے) and was getting ready (تیار ہو رہا) to cross the stream. Just then (اسی وقت) the tiger appeared (نمودار ہوا). The man got afraid (خوفزدہ ہو گیا). The tiger told him that he had become harmless (بے ضرر) and left preying (شکار کرنا). So he should not get afraid of him. The tiger offered (پیش کی) him the bangle as a gift (تحفے کے طور پر). The man was greedy (لالچی). He went near the tiger to get the bangle. The tiger pounced (جھپٹ پڑا) upon him and tore him into pieces. In this way (اس طریقے سے), the greedy man fell a prey to a clever tiger.

ایک دفعہ ایک شیر نے ایک عورت کو مار ڈالا جس نے سونے کی چوڑی پہنی ہوئی تھی۔ شیر نے یہ چوڑی اپنے پاس رکھی۔ ایک دن ایک آدمی وہاں آیا۔ وہ ندی کے کنارے کھڑا تھا۔ وہ ندی پار کرنے کی کوشش کر رہا تھا۔ عین اسی وقت شیر نمودار ہوا۔ آدمی خوفزدہ ہو گیا۔ شیر نے اسے بتایا کہ وہ بے ضرر بن گیا ہے اور اس نے شکار کرنا چھوڑ دیا ہے۔ اس لیے اسے چاہیے کہ اس سے خوفزدہ نہ ہو۔ شیر نے اسے تحفے کے طور پر چوڑی کی پیش کش کی۔ وہ آدمی لالچی تھا۔ وہ چوڑی حاصل کرنے کے لیے شیر کے نزدیک گیا۔ شیر اس پر جھپٹ پڑا اور اسے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔ اس طریقے سے لالچی آدمی شیر کا شکار ہو گیا۔

Moral: اخلاقی سبق:

1. No vice like avarice. لالچ سے بڑھ کر کوئی برائی نہیں۔
2. Greed is a curse. لالچ بری بلا ہے۔
3. Do not be greedy. لالچی مت بنو۔

(Standard)

Once, there was a cruel (ظالم) tiger in the jungle, who used to entrap (شکنجے میں پھانسنا) his prey (شکار) tactfully (تدبیر سے). Once he killed a lady and ate her up, but he kept her gold bangle (طلائی چوڑی) in his den (شیر کی کچھار). He had done so for the purpose (مقصد) of entraping another prey at suitable (موافق) time. Soon, he got chance (موقع), as one day he found a man passing through (سے گزرتا ہوا) the jungle. As the man reached the bank of stream (ندی کا کنارا) and was about to cross it, the clever tiger appeared (نمودار ہوا) there with a gold bangle. That man got frightened (خوفزدہ ہوا), seeing such a strong and sturdy (مضبوط و توانا) tiger before him. But the tiger spoke so kindly (شفقت سے) that he had become a harmless (بے ضرر) tiger and had left preying, long ago (بہت پہلے), so the man should not be afraid of him. The tiger showed him a gold bangle keeping at a distance and offered (پیشکش کی) the man to come close and take that bangle as a gift. The man was a greedy fellow and could not control (قابو رکھنا) himself at the sight of wealth (دولت). Therefore, he advanced towards the tiger to get gold bangle. Suddenly (اچانک ہی) the tiger pounced upon (اچک کر حملہ کیا) the man and tore him into pieces. Thus, a greedy man fell an easy prey to that clever tiger.

ایک دفعہ کسی جنگل میں ایک ظالم ببر شیر تھا جو اپنے شکار کو بڑی تدبیر سے پھانسا کرتا تھا۔ ایک مرتبہ اس نے ایک خاتون کو مار ڈالا اور اسے کھا گیا مگر اس عورت کی طلائی چوڑی اپنے کچھار میں (ہی) رکھ لی۔ اس نے ایسا اس مقصد سے کیا تھا کہ کسی مناسب موقع پر وہ کسی اور شکار (انسان) کو پھانس سکے۔ جلد ہی اسے موقع مل گیا جب اسے ایک آدمی جنگل سے گزرتے ہوئے مل گیا۔ جوں ہی وہ آدمی ندی کے کنارے پر پہنچا اور اسے عبور کرنے ہی والا تھا کہ عیار ببر شیر سونے کی اس چوڑی کے ہمراہ وہاں نمودار ہو گیا۔ وہ آدمی ایسا مضبوط و توانا شیر اپنے سامنے دیکھ کر خوفزدہ ہو گیا۔ مگر شیر بہت ہی شفقت سے بولا کہ اب وہ بے ضرر شیر بن چکا تھا اور شکار کرنا بہت پہلے ہی چھوڑ چکا تھا، لہٰذا اس شخص کو اس سے ڈرنا نہیں چاہیے۔ شیر نے فاصلے (ہی) پر رہتے ہوئے اس آدمی کو سونے کی وہ چوڑی دکھائی نیز نزدیک آ کر اسے بطور تحفہ لینے کی بھی پیشکش کی۔ آدمی لالچی تھا اور دولت دیکھ کر خود پر قابو نہ پا سکا۔ چنانچہ وہ ببر شیر سے سونے کی چوڑی حاصل کرنے کے لیے آگے بڑھا۔ یکایک شیر نے آدمی پر اچک کر حملہ کیا اور اسے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا۔ یوں، ایک لالچی آدمی چالاک شیر کا آسان شکار بن گیا۔

Moral:

Note: *See the easy version above.*

(18) A Flock of Pigeons and the Net (کبوتروں کا ایک غول اور جال)

(Easy)

Once upon a time, a flock (ایک غول) of pigeons (کبوتروں کا) came flying (اُڑتا ہوا) to a vast green field (سرسبز کھیت). They looked down. They saw there plenty (بہت زیادہ) of grains (دانے). They asked their chief to alight. He did not agree (متفق نہ ہوا) to them. He feared (ڈرتا) that some hunter had set there a net. The pigeons insisted (اصرار کیا) that there was no fear (خوف) of a net and his fear was imaginary (غیر حقیقی). At last, the leader was convinced (قائل ہو گیا) and he accepted (مان لی) their proposal (تجویز). All of them landed (اتر گئے) there, but were caught (پھنس گئے) in the net. They repented (پچھتائے) and felt sorry for their deed. They requested their leader to do something to get out (نکلنے کے لیے) of the net. He advised them to exert their power together and pull the net up. They acted upon (عمل کیا) his advice, flew (اُڑ گئے) with the net and saved their lives.

ایک دفعہ کبوتروں کا ایک غول ایک سرسبز کھیت میں اڑتا ہوا پہنچا۔ انہوں نے غور سے نیچے دیکھا۔ انہیں بہت زیادہ دانے نظر آئے۔ انہوں نے اپنے سردار

سے اترنے کی اجازت چاہی۔ وہ ان سے متفق نہ ہوا۔ اسے ڈر تھا کہ وہاں کسی شخص نے جال لگایا ہوا تھا۔ کبوتروں نے اصرار کیا کہ وہاں جال کا کوئی خطرہ نہیں تھا اور اُس کا خوف غیر حقیقی تھا۔ آخر کار سردار قائل ہو گیا اور ان کی تجویز مان لی۔ وہ سب وہاں نیچے اتر گئے مگر جال میں پھنس گئے۔ وہ پچھتائے اور اپنے کیے پر افسوس کرنے لگے۔ وہ اپنے سردار سے درخواست کرنے لگے کہ جال سے نکلنے کے لیے کچھ کرے۔ اس نے انہیں مشورہ دیا کہ مل کر زور لگاؤ اور جال کھینچ کر ساتھ لے جاؤ۔ انہوں نے اس کی نصیحت پر عمل کیا' جال کے ساتھ اڑ گئے اور اپنی جانیں بچائیں۔

Moral: اخلاقی سبق:

1. Union is strength. اتفاق میں برکت ہے۔
2. United (متحد) you stand, divided (تقسیم ہوگئے) you fall. اگر تم متحد ہو تو کامیاب رہو گے اور اگر تقسیم ہو گئے تو شکست کھاؤ گے۔
3. Be united. متحد رہو۔

(Standard)

Once upon a time, a flock of pigeons was enjoying flight (پرواز) in a pleasant day (خوشگوار دن). They happened (وقوع ہوا) to pass over (اوپر سے گزرنا) a vast green field. They looked down and to their extreme delight (بے پناہ مسرت) saw there plenty (کثرت) of grains (اناج کے دانے) scattered (بکھرے ہوئے) on the ground (زمین، میدان). That was mouth-watering sight (منہ میں پانی لانے والا نظارہ) and they became restless (بے سکون) to devour (چگنا) the fresh grains. They asked their chief-pigeon to let them alight (نیچے اترنا). But their chief did not agree to them, as he was a wise (دانا) and aged (عمر رسیدہ) pigeon, having seen ups and downs (اتار چڑھاؤ) of life. He was alarmed (خبردار ہوا) of expected (متوقع) threat (اندیشہ، خطرہ) for getting caught in hunter's net (شکاری کا جال). Therefore (لہٰذا), he expressed (ظاہر کیا) his fear (خوف) and forbade (منع کیا) his fellow-beings (ساتھیوں) to alight, because he couldn't see them caught in any trouble (کسی مصیبت میں گرفتار). However (تاہم), the pigeons insisted (اصرار کیا) to descend (نیچے اترنا) and tried their best (اپنی پوری سعی کی) to convince (قائل کرنا) the leader that his fear was just an illusion (نظر کا دھوکا), as there was not any net casted by the hunter (شکاری). At last (آخر کار), the chief had to agree with them, but it was still (تاحال) worried (متفکر) about their protection (حفاظت). As they all landed (زمین پر اترے), they found themselves entrapped., They all had caught in hunter's hidden net (پوشیدہ جال). The situation (صورتحال) made them really worried and they repented (پچھتائے) over their negligence (غفلت). They all felt sorry for their unsiwse (بیوقوفانہ) deed (کارنامہ، عمل) and implored (التجا کی) their leader to sort out (ڈھونڈنا) some solution (حل) to rescue (بچانا) them all. The wise chief was also so sad (بہت اداس). He considered (غور و فکر کیا) the situation seriously (سنجیدگی سے) and devised (ترکیب کی) a plan (منصوبہ). He advised (نصیحت کی) them not to lose heart (دل چھوٹا کرنا) and exert their power (قوت لگانا) collectively (اجتماعی طور پر) and carry the net away (ساتھ لے جانا) with them. They all acted upon (عملدرآمد کیا) chief's advice and applied whole of their strength and pulled the net up. Thus, they flew with the net and saved their lives (زندگیاں بچائیں).

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک خوشگوار دن کو کبوتروں کا ایک غول پرواز سے لطف اندوز ہو رہا تھا۔ ان کا گزر ایک وسیع و شاداب میدان کے اوپر سے ہوا۔ انہوں نے نیچے دیکھا اور زمین پر بکثرت بکھرے اناج کے دانے دیکھ کر ان کی خوشی کی انتہا نہ رہی۔ وہ منہ میں پانی لانے والا منظر تھا اور وہ تازہ اناج کو چگنے کے لیے بے چین ہو رہے تھے۔ انہوں نے اپنے سردار کبوتر سے نیچے اترنے کی اجازت چاہی۔ مگر ان کا سردار ان سے متفق نہ ہوا کیونکہ وہ ایک دانا اور عمر دراز کبوتر تھا اور زندگی کے نشیب و فراز دیکھ چکا تھا۔ (اسی لیے) وہ شکاری کے بچھائے جال میں پھنسنے کے متوقع خطرے سے خبردار ہو گیا۔ چنانچہ اس نے اپنا خوف ظاہر کر دیا اور

اپنے ساتھیوں کو نیچے اترنے سے منع کیا کیونکہ وہ انہیں کسی مصیبت میں گرفتار نہیں دیکھ سکتا تھا۔ تاہم کبوتروں نے نیچے اترنے پر اصرار کیا اور سردار کبوتر کو اس بات پر قائل کرنے کی بھرپور کوشش کی کہ اس کا خوف محض ایک وہم ہی تھا اور وہاں شکاری کی جانب سے لگایا گیا کوئی جال نہ تھا۔ بالآخر سردار کو ان سے متفق ہونا پڑا مگر وہ تا حال ان کی حفاظت کے بارے میں متفکر تھا۔ جوں ہی وہ سب نیچے اترے تو انہوں نے خود کو شکنجے میں جکڑا پایا۔ وہ سب شکاری کے پوشیدہ جال میں پھنس چکے تھے۔ صورتحال نے انہیں حقیقتاً پریشان کر دیا اور وہ اپنی غفلت پر پچھتانے۔ وہ سب اپنے بیوقوفانہ عمل پر افسوس کرتے لگے اور اپنے سردار سے التجا کی کہ ان سب کو بچانے کے لیے کوئی حل ڈھونڈے۔ دانا سردار بھی دکھی تھا مگر اس نے صورتحال پر سنجیدگی سے غور کیا اور ایک ترکیب سوچی۔ اس نے انہیں دل چھوٹا نہ کرنے اور اجتماعی قوت لگا کر جال کو اپنے ساتھ اڑا لے جانے کی نصیحت کی۔ ان سب نے سردار کی نصیحت پر عمل کیا، اپنی پوری قوت لگائی اور جال اپنے ساتھ اوپر اٹھا لیا۔ یوں وہ جال کے ساتھ ہی اڑ گئے اور اپنی جانیں بچا لیں۔

Moral:

Note: *See the easy version above.*

(19) A Kind Man and an Ungrateful Tiger (ایک نرم دل آدمی اور ایک احسان فراموش شیر)

(Easy)

Once upon a time, there was a kind hearted (نرم دل) man. He was passing (گزر رہا) through (میں سے) a forest. There he found a tiger caught (پھنسا ہوا) in a trap (پنجرہ). The tiger begged (التجا کی) for his help to get out. The man was afraid (خوفزدہ) of the beast (درندہ). The tiger assured (یقین دلایا) him that he would not kill him. At last the man trusted (بھروسہ کیا) him and set him free (اسے آزاد کر دیا). The tiger knocked (گرا لیا) the man down to eat him. The man said that he was ungrateful (ناشکرا). Both went to Pipal tree for opinion (رائے). The tree said that the man was ungrateful. Then they went to bullock (بیل). It upheld (برقرار رکھا) the decision (فیصلہ) of Pipal. Next they came to a jackal (گیدڑ). He had to announce (سنانا) the final decision. The jackal heard them (ان کی باتیں سنیں). He showed surprise (حیران ہوا) and said that a big beast like the tiger could not be contained (نہیں رہ سکتا) in that small cage. The tiger jumped into the cage to prove (ثابت کرنے کے لیے) himself true. The jackal, at once shut the door of the cage. The man thanked the jackal for saving his life and went his way (اپنی راہ لی).

ایک دفعہ کہیں ایک نرم دل انسان تھا۔ وہ ایک جنگل سے گزر رہا تھا۔ اسے پنجرے میں پھنسا ہوا ایک شیر ملا۔ شیر نے باہر نکلنے کے لیے اس سے مدد کی التجا کی۔ وہ آدمی درندے سے خوفزدہ تھا۔ شیر نے اسے یقین دلایا کہ وہ اسے نہیں مارے گا۔ آخرکار آدمی نے اس پر بھروسہ کیا اور اسے آزاد کر دیا۔ شیر نے آدمی کو کھانے کے لیے نیچے گرا لیا۔ اس آدمی نے کہا کہ وہ (شیر) ناشکرا تھا۔ دونوں پیپل کے درخت کے پاس رائے لینے گئے۔ درخت نے کہا کہ وہ آدمی احسان فراموش تھا۔ پھر وہ بیل کے پاس گئے۔ اس نے پیپل والا فیصلہ ہی برقرار رکھا۔ اس کے بعد وہ گیدڑ کے پاس گئے۔ اس نے آخری فیصلہ سنانا تھا۔ گیدڑ نے ان کی باتیں سنیں۔ اس نے حیرت ظاہر کی اور کہا کہ شیر جیسا بڑا جانور اس چھوٹے پنجرے میں نہیں رہ سکتا۔ شیر نے اپنے آپ کو سچا ثابت کرنے کے لیے پنجرے میں چھلانگ لگا دی۔ گیدڑ نے فوراً پنجرے کا دروازہ بند کر دیا۔ اس آدمی نے جان بچانے پر گیدڑ کا شکریہ ادا کیا اور اپنی راہ لی۔

Moral: اخلاقی سبق:

1. Nature cannot change. — فطرت بدل نہیں سکتی۔
2. He who digs a pit for others himself falls into it. — جو دوسروں کے لیے گڑھا کھودتا ہے خود ہی اس میں گر پڑتا ہے۔
3. Catch time by the forelock. — وقت کا سامنا دانش مندی سے کرو۔
4. A fair face may hide a foul heart. — اچھے چہرے کے پیچھے برا دل بھی چھپا ہو سکتا ہے۔
5. Beware of a wolf in lamb's clothes. — میمنے کی کھال میں چھپے بھیڑیے سے خبردار رہو۔
6. An enemy never becomes a friend. — دشمن کبھی بھی دوست نہیں بنتا۔

(Standard)

Once upon a time, there was a kind-hearted (رحم دل) traveller (مسافر) who was passing through (میں سے گزرنا) thick forest (گھنا جنگل). There he happened to pass by an entrapped (شکنجے میں پھنسا ہوا) tiger. The tiger was of huge size (بڑی جسامت والا), but he had become miserable (قابلِ رحم) in that traped-condition. As he saw the traveller, he deeply (شدت سے) requested him to set him free (آزاد کرنا). The man was afraid (خوفزدہ) of such a fierce (دہشت ناک) beast (درندہ) and was hesitant (ہچکچاہٹ کا شکار) to take such a great risk (بڑا خطرہ). He expressed his fear to the tiger and excused (معذرت کی) that he could not endanger (خطرہ میں مبتلا کرنا) himself. The tiger continued (جاری رکھا) begging (بھیک مانگنا) and assured (یقین دہانی کرائی) the man that he would remain quite safe and sound (صحیح سلامت). The noble man (شریف آدمی) trusted (بھروسہ کیا) the beast and set him free. As soon as the tiger got freedom, he proved (ثابت ہوا) really (حقیقتاً) ungrateful (احسان فراموش) and promptly (فوراً) knocked down (نیچے گرالیا) his benefactor (محسن) for eating. The man reminded (یاد دلایا) the beast his promise (قول/وعدہ), but he remained ungrateful. To decide (طے کرنا) the matter (معاملہ) they seeked the opinion (رائے) of Pipal(پیپل), which declared (اعلان کیا) the man ungrateful. Then they went to a bullock for the decision (فیصلہ), but it too upheld the opinion of Pipal. Last of all, they came to a jackal, who had to announce (اعلان کرنا) the final decision. The jackal heard them carefully (احتیاط سے) and expressed amazement (حیرانگی ظاہر کی) that how a big beast like (مشابہ) the tiger could confine (مقید ہونا) in such a small cage. The tiger, at once jumped into the cage to prove (ثابت کرنا) himself truthful (سچا). Then, the decider (ثالث) jackal promptly (فوراً) shut the door of cage. The man thanked jackal, cordially (دلی طور پر) and took his way (اپنی راہ لی).

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک رحم دل مسافر گھنے جنگل سے گزر رہا تھا۔ وہاں اس کا گزر شکنجے میں پھنسے ایک ببر شیر کے پاس سے ہوا۔ شیر بڑی جسامت کا تھا مگر شکنجے میں پھنسے ہونے کی وجہ سے وہ قابلِ رحم حالت میں تھا۔ اس نے جوں ہی مسافر کو دیکھا تو آزاد کرانے کے لیے اس سے شدید التجا کی۔ آدمی ایسے خوفناک درندے سے خوفزدہ تھا اور اتنا بڑا خطرہ مول لینے سے ہچکچا رہا تھا۔ اس نے شیر پر اپنا خوف ظاہر کیا اور خود کو خطرے میں مبتلا نہ کرنے پر اس سے معذرت چاہی۔ ببر شیر نے منت سماجت جاری رکھی اور آدمی کو یقین دلایا کہ وہ بالکل صحیح سلامت ہی رہے گا۔ شریف آدمی نے درندے پر بھروسہ کرلیا اور اسے آزاد کر دیا۔ جیسے ہی شیر نے آزادی پائی تو وہ بڑا ہی احسان فراموش ثابت ہوا اور فوراً اپنے محسن کو کھانے کے لیے نیچے گرالیا۔ آدمی نے درندے کو اس کا وعدہ یاد دلایا مگر وہ احسان فراموش ہی رہا۔ معاملہ حل کرانے کے لیے وہ دونوں پیپل کے درخت کے پاس اس کی رائے لینے گئے، جس نے آدمی ہی کو احسان فراموش قرار دیا۔ تب وہ فیصلہ کرانے ایک بیل کے پاس گئے مگر اس نے بھی پیپل والی ہی رائے دی۔ سب سے آخر میں وہ ایک گیدڑ کے پاس گئے جسے حتمی فیصلہ سنانا تھا۔ گیدڑ نے انہیں احتیاط سے سنا اور حیرت ظاہر کی کہ ببر شیر جیسا بڑا جانور اتنے چھوٹے پنجرے میں کیسے سما سکتا تھا۔ شیر نے خود کو سچا ظاہر کرنے کے لیے فوراً ہی پنجرے میں چھلانگ لگا دی۔ تب ثالث گیدڑ نے پنجرے کا دروازہ بند کر دیا۔ آدمی نے تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور اپنی راہ لی۔

Moral:

Note: *See the easy version above.*

(20) The Farmer and His Lazy Sons (کسان اور اس کے سست بیٹے)

(Easy)

Once there lived a farmer in a certain village. He had four sons. They were all very lazy (بہت سست). They always quarrelled with one another. Their bad habits (بری عادتیں) were a great cause (سبب) of trouble (تکلیف) for the old farmer. He longed (خواہش رکھتا تھا) to see them live in peace, but they always threw cold water on his hopes (امیدیں). He was very anxious (بےچین) to shake off (ختم کرنے کے لیے) their laziness. But he did not find such chance, till (یہاں تک) he fell seriously ill. When he was at the point of death, he sent for (بلا بھیجا) his sons. When they came to him, he said, "My sons, a large treasure (خزانہ) lies hidden in our field. But I am sorry I cannot tell you the exact place (صحیح جگہ) where it is buried (دفن، چھپا ہوا), for I don't remember it. You can find it, if you try." Saying this, the old farmer breathed his last.

After a few days, the boys decided to find out the treasure. They turned up every nook and corner of the field to a great depth (بہت گہرائی تک). But they did not find the treasure. They got disappointed. They did not know that their field had become very fertile (بہت زرخیز) by their thorough search of the treasure. They sowed (بوئے) the seeds and got very rich harvest. They sold it in the market and got immense wealth . This was the treasure referred to by their father. It was then that they realised (احساس ہوا) how hard work pays in the long run, and they got rid (چھٹکارا پا لیا) of their laziness forever.

ایک دفعہ کسی گاؤں میں ایک کسان رہتا تھا۔ اس کے چار بیٹے تھے، وہ سب بہت سست تھے۔ وہ ہمیشہ آپس میں لڑتے جھگڑتے رہتے تھے۔ ان کی بری عادتیں بوڑھے کسان کے لیے بہت تکلیف دہ تھیں۔ وہ انہیں پر امن طور پر رہتے ہوئے دیکھنے کی خواہش رکھتا تھا۔ لیکن وہ ہمیشہ اس کی امیدوں پر پانی پھیر دیتے تھے۔ وہ ان کی سستی ختم کرنے کے لیے بےچین تھا۔ لیکن اسے ایسا موقع نہ ملا یہاں تک کہ وہ بری طرح بیمار پڑ گیا۔ جب وہ مرنے کے قریب تھا تو اس نے اپنے بیٹوں کو بلا بھیجا۔ جب وہ اس کے پاس آئے تو اس نے کہا، "میرے بیٹو، ہمارے کھیت میں ایک بڑا خزانہ چھپا ہوا ہے۔ لیکن مجھے افسوس ہے کہ میں تمہیں وہ صحیح جگہ نہیں بتا سکتا جہاں یہ چھپا ہوا ہے، کیونکہ یہ مجھے یاد نہیں۔ اگر تم کوشش کرو تو اسے تلاش کر سکتے ہو۔" یہ کہتے ہوئے بوڑھا آدمی اللہ کو پیارا ہو گیا۔

چند دن بعد لڑکوں نے خزانہ تلاش کرنے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے کھیت کا چپہ چپہ گہرائیوں تک چھان مارا۔ لیکن انہیں خزانہ نہ ملا۔ وہ مایوس ہو گئے۔ وہ نہیں جانتے تھے کہ خزانے کی بھرپور تلاش کی وجہ سے ان کا کھیت بہت زرخیز بن چکا ہے۔ انہوں نے بیج بوئے اور خوب فصل حاصل کی۔ انہوں نے اسے مارکیٹ میں بیچا اور بہت دولت کمائی۔ یہی وہ خزانہ تھا جس کا حوالہ ان کے باپ نے دیا تھا۔ تب سے انہیں احساس ہوا کہ کس طرح محنت کا صلہ ملتا ہے اور انہوں نے اپنی سستی سے ہمیشہ کے لیے چھٹکارا پا لیا۔

Moral: اخلاقی سبق:

1. Self done, well done. آپ کاج مہا کاج۔
2. Want is the mother of industry. ضرورت محنت کی ماں ہے۔
3. Belly teaches all arts. پیٹ تمام ہنر سکھا دیتا ہے۔
4. No pains, no gains. بغیر مشقت کچھ ہاتھ نہیں آتا۔

(Standard)

Once, there lived an old farmer in a village. That farmer had four sons, all hail and hearty (تندرست توانا) but extremely lazy (سست) and work shirker (کام چور). Despite of (کے باوجود) their young

age and physical strength (جسمانی قوت), they avoided (گریز کرنا), work to earn (کمانا) livelihood (روزی). Rather (بلکہ) they remained busy in unreasonable (بے موقع) quarrels (جھگڑے) with each other. Their bad habits (بری عادات) were a constant (مسلسل) headache (دردسر) for their old father, yet there wasn't any sign (علامت) of their reformation (اصلاح). The old farmer was willing (خواہشمند) to see them united (متحد) and devoted (وقف) to the work, but they always threw cold water on his hopes (امیدوں). He continued (جاری رکھا) advising them until (جب تک کہ) he reached his death bed and fell seriously ill. There was no chance (امکان) of his recovery (صحت یابی). Before embrassing (گلے لگانا) call of nature (موت), he suddenly (اچانک) thought of a plan (ترکیب سوچی) and sent for (بلا بھیجا) his lazy sons. When they all arrived (پہنچے) there, he said to them, "My dear sons. there lies a large treasure (وسیع خزانہ) hidden (پوشیدہ) in our field, but I am unable (معذور ہونا) to tell you the exact location (درست مقام) of it as I have forgotten that spot long ago. And now you can find it out with a little effort (تھوڑی سی جدوجہد)." Saying this, he breathed his last (آخری سانس لی).

After a few (چند) days of their father's death, the lazy boys intended (ارادہ کیا) to search for (ڈھونڈنا) the treasure. So they turned up every nook and corner (کونا کھدرا) of their field to great depth (گہرائی), but could not find (پانا) there any treasure. They got disappointed (مایوس ہو گئے). One day, one of them suggested to sow (بونا) crop (فصل) for the next season, as their field had become fertile (زرخیز) by their thorough search for the treasure. The other three agreed (متفق ہوئے) and they sowed there crop and resultantly got rich crop, which brought them great profit (بڑا منافع), as they sold it In the market. They soon understood their father's actual meaning of a hidden treasure.

ایک بار کسی گاؤں میں ایک بوڑھا کسان رہتا تھا۔ اس کسان کے چار بیٹے تھے، سبھی تندرست و توانا مگر بے پناہ سست اور کام چور تھے۔ جسمانی قوت و جوانی کے باوجود وہ روزی روٹی کمانے کے لیے کوئی کام کرنے سے گریز کرتے تھے۔ بلکہ وہ تو ایک دوسرے سے موقع بے موقع جھگڑوں میں مشغول رہتے تھے۔ ان کی بری عادات ان کے بوڑھے باپ کے لیے مسلسل دردسر تھیں، تاہم ان کی اصلاح کی بھی کوئی امید نظر نہ آتی تھی۔ بوڑھا کسان انہیں متحد اور کام کاج میں وقف دیکھنے کا خواہش مند تھا مگر انہوں نے ہمیشہ اس کی امیدوں پر پانی پھیرا۔ اس نے انہیں نصیحت جاری رکھی حتیٰ کہ بستر مرگ پر پہنچ گیا اور شدید بیمار ہو گیا۔ اس کی صحت یابی کا کوئی امکان نہ رہا۔ موت کے منہ میں جانے سے قبل اسے یکا یک ایک منصوبہ سوجھا اور اس نے اپنے سست بیٹوں کو بلا بھیجا۔ جب وہ سبھی وہاں پہنچ گئے تو اس نے انہیں کہا: "میرے عزیز بیٹو، ہمارے کھیت میں وسیع خزانہ چھپا ہوا ہے مگر میں تمہیں اس کی ٹھیک ٹھیک جگہ بتانے سے قاصر ہوں چونکہ میں وہ مقام کافی عرصہ پہلے ہی بھول چکا ہوں۔ اب تم تھوڑی سی جدوجہد سے اسے ڈھونڈ سکتے ہو۔" یہ کہتے ہوئے اس نے اپنی آخری سانس لی۔

اپنے باپ کی موت کے چند دنوں بعد سست لڑکوں نے خزانہ ڈھونڈنے کا ارادہ کیا اور یوں گہرائی تک اپنے کھیت کا ہر کونا کھدرا کھود ڈالا مگر وہاں کوئی خزانہ نہ پا سکے۔ وہ مایوس ہو گئے۔ ایک دن ان میں سے ایک لڑکے نے کھدے ہوئے کھیت میں اگلے موسم کے لیے فصل بونے کی تجویز دی کیونکہ ان کا کھیت خزانے کی تلاش میں کھدنے کی وجہ سے زرخیز ہو چکا تھا۔ دیگر تینوں بھائیوں نے اتفاق کر لیا اور انہوں نے وہاں فصل بوئی اور نتیجتاً وافر فصل پائی جس کو منڈی میں بیچ کر انہیں کثیر منافع ملا جلد ہی وہ پوشیدہ خزانے کے متعلق اپنے باپ (کے الفاظ) کا حقیقی مطلب سمجھ گئے۔

Moral:
Note: *See the easy version above.*

(21) The Ant and the Cricket (چیونٹی اور جھینگر)

(Easy)

There lived a foolish (احمق) cricket (جھینگر) in a garden. He spent (گزار دیں) the summer in singing and merry making (مزے اڑانے). He ate whatever (جو بھی) he got and did not lay by anything

against the rainy day (برا دن). Winter was soon in full swing (پورے عروج پر). The earth was all covered over with snow. He could find nothing whatever to eat. He went to an ant and begged for food and shelter (پناہ). "My store of food (جمع کی ہوئی خوراک)," said she, "is hardly (مشکل سے) sufficient (کافی) for myself. I regret that I cannot lend you anything. But what have you been doing throughout the summer (پوری گرمیوں میں)?" "It was so pleasant (خوشگوار)" replied the cricket, "that I had been singing all the while." "Then beggars (بھکاری) like you," remarked the ant, "should go and dance the winter away!"

ایک باغ میں ایک احمق جھینگر رہتا تھا۔ اس نے گرمیوں گیت گاتے اور مزے اڑاتے گزار دیں۔ اسے جو بھی ملا کھا گیا اور برے دنوں کے لیے کچھ بھی نہ بچا کر رکھا۔ جلد ہی موسم سرما عروج پر تھا۔ تمام زمین برف سے ڈھک گئی۔ اسے کھانے کو کچھ نہ ملا۔ وہ ایک چیونٹی کے پاس گیا اور اس سے کھانے کے لیے اور پناہ دینے کے لیے التجا کی۔ اس نے کہا "میری جمع کی ہوئی خوراک مشکل سے میرے لیے ہی کافی ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ میں تمہیں کچھ بھی ادھار نہیں دے سکتی۔ لیکن تم پوری گرمیوں میں کیا کرتے رہے ہو؟" جھینگر نے جواب دیا "موسم اتنا خوشگوار تھا کہ میں تمام موسم کے دوران گیت گاتا رہا۔" چیونٹی نے کہا "پھر تم جیسے بھکاریوں کو چاہیے کہ جاؤ اور موسم سرما ناچتے ہوئے گزار دو۔"

Moral: اخلاقی سبق:

1. God helps those who help themselves. — خدا ان کی مدد کرتا ہے جو اپنی مدد آپ کرتے ہیں۔
2. No work, no food. — بے کاری بھوک کا پیغام ہے۔
3. No pains, no gains. — محنت بن میوہ نہیں۔
4. Do not depend upon others. — دوسروں پر انحصار نہ کرو۔
5. Save something for rainy days. — مصیبت کے لیے کچھ بچا کر رکھو۔

(Standard)

Once, there lived a careless (لاپرواہ) and somewhat (کسی حد تک) foolish (احمق) cricket (جھینگر) in a garden. When it was summer (موسم گرما) and days were quite pleasant (خوشگوار), he did not care (پرواہ کی) for storing (ذخیرہ کرنا) food for winter (موسم سرما). He spent the summer in merry making (موج مستی کرنا), singing and dancing all about. He had not any tension (فکر) about the rainy days (برے دن) and had consumed (صرف کر لیا/کھا گیا) all the food. As he had not spared (بچا کر رکھا) anything to eat during bad weather (خراب موسم), therefore when winter was soon in full swing (پورے جوبن پر) and everything was covered with snow (برفباری), the poor cricket couldn't find (ڈھونڈنا) anything to eat. He searched for (ڈھونڈا) food all around (سب جگہ), but to no avail (بے سود). At last, he decided to go to a neighbour ant (پڑوسی چیونٹی) for help and begged (التجا کرنا/بھیک مانگنا) for some food and cozy shelter (گرم جائے پناہ) for a few days (چند روز). She said to him, "My store (ذخیرہ) of food is hardly (بمشکل) sufficient (کافی) for myself. I regret (افسوس کرنا) that I cannot lend (ادھار دینا) you anything." Then she asked him, "But what have you been doing throughout the summer?" At this cricket replied. "It was so pleasant (خوشگوار) during the summer that I had been singing all the while." Hearing (سنتے ہوئے) this, the ant got furious (آگ بگولا ہونا) and said, "Then beggers, like you should go and dance the winter away." Thus, the careless cricket had to return from ant's door.

ایک بار، کسی باغ میں ایک بے پرواہ اور کسی حد تک بیوقوف جھینگر رہتا تھا۔ جب موسم گرما تھا اور دن بہت خوشگوار تھے تو اس نے سردیوں کے لیے کھانا ذخیرہ کرنے کی کوئی پرواہ نہ کی۔ اس نے موسم گرما ادھر ادھر موج مستی کرتے، گیت گاتے اور ناچتے ہوئے گزار دیا۔ اسے برے دنوں کی کوئی فکر نہ تھی اور ساری خوراک

بھی صرف کر چکا تھا۔ چونکہ اس نے خراب موسم میں کھانے کے لیے کوئی خوراک نہ بچائی تھی لہٰذا جلد ہی جب موسم سرما اپنے جوبن پر آ گیا اور ہر شے برف سے ڈھک گئی، بے چارا جھینگر کھانے کو کچھ نہ ڈھونڈ پایا۔ اس نے ہر جگہ کھانا ڈھونڈ لیا مگر بے سود۔ بالآخر اس نے ایک پڑوسی چیونٹی سے مدد لینے کے لیے اس کے ہاں جانے کا فیصلہ کیا اور اس سے چند دنوں کے لیے خوراک و جائے پناہ کی بھیک مانگی۔ اس نے اسے کہا: "میرے بچے لیے میرا ذخیرہ خوراک بمشکل کافی ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ میں تمہیں کچھ بھی ادھار نہیں دے سکتی۔" تب اس نے (جھینگر) سے پوچھا: "مگر تم سارے موسم گرما کیا کرتے رہے ہو؟" اس (سوال) پر جھینگر نے جواب دیا: "موسم گرما بڑا خوشگوار تھا کہ میں سارا وقت گیت (ہی) گنگناتا رہا۔" یہ سنتے ہوئے چیونٹی آگ بگولا ہو گئی اور کہا: "تب تو تم جیسے بھکاریوں کو چلے جانا چاہیے اور موسم سرما رقص کرتے ہوئے گزارنا چاہیے۔" یوں لاپرواہ جھینگر کو چیونٹی کے دروازے سے لوٹنا پڑا۔

Moral:

Note: *See the easy version above.*

(22) A Richman and His Servant (ایک امیر آدمی اور اس کا نوکر)

(Easy)

Once there lived a rich man. One day he and his family was riding (سفر کر رہے) in a four horse carriage alongwith (ہمراہ) their servant. They passed (گزرے) through a forest. Suddenly (اچانک) some hungry wolves (بھیڑیے) attacked them. They were terrified (خوفزدہ). The rich man ordered his faithful (وفادار) servant to let lose two horses one by one so that they might escape (بچ سکتے) from the hungry wolves, quickly. The servant did so (ایسا ہی کیا). But the wolves attacked again and again. At last his brave and faithful servant drew (نکالی) his sword (تلوار) and jumped on the wolves. He fought the wolves bravely. This fight gave the rich man and his family enough time (کافی وقت) to escape.

ایک دفعہ ایک امیر آدمی تھا۔ ایک دن وہ اور اس کے خاندان کے افراد چار گھوڑوں والی بگھی میں اپنے ملازم کے ہمراہ سفر کر رہے تھے۔ وہ ایک جنگل میں سے گزرے۔ اچانک کچھ بھوکے بھیڑیوں نے ان پر حملہ کیا۔ وہ خوفزدہ ہو گئے۔ امیر آدمی نے اپنے وفادار ملازم کو حکم دیا کہ ایک ایک کر کے دو گھوڑے چھوڑ دے تاکہ وہ بھوکے بھیڑیوں سے نجات پا سکیں۔ ملازم نے ایسا ہی کیا۔ لیکن بھیڑیے بار بار حملہ آور ہوتے رہے۔ آخرکار بہادر اور وفادار ملازم نے اپنی تلوار نکالی اور بھیڑیوں پر حملہ آور ہوا۔ وہ بہادری سے بھیڑیوں سے لڑا۔ اس لڑائی سے امیر آدمی اور اس کے خاندان کو بچ جانے کے لیے کافی وقت مل گیا۔

Moral: اخلاقی سبق:

1. Nothing venture nothing have. ہمت کے بغیر کوئی کام نہیں ہوتا۔
2. A desperate man can do all things. ایک مایوس آدمی تمام کام کر سکتا ہے۔
3. Fortune favours the brave. قسمت بہادروں کا ساتھ دیتی ہے۔
4. It is a great deed to save others on one's life. اپنی زندگی داؤ پر لگا کر دوسروں کی جان بچانا عظیم کام ہے۔

(Standard)

Once upon a time, there lived a rich man in a small town. One day, he was riding (سواری کرنا) with his family and a servant in a carriage (بگھی) being pulled by four horses. They were passing through a jungle, when all of a sudden some hungry wolves attacked (حملہ کیا) them in pack (غول). They all got frightened (خوفزدہ ہو گئے). The rich man devised a plan (ترکیب سوچی) and ordered his servant to let loose (آزاد کرنا) two horses one by one (ایک ایک کر کے), so that the hungry wolves could satisfy their hunger with the flesh (گوشت) of these horses and they could escape (فرار ہونا) from there easily (آسانی سے). The faithful (وفادار) servant obeyed his master's order, but that plan did not work effectively (موثر طور پر) and the wolves continued (جاری رکھا) attacking their carriage (بگھی).

They all realized (احساس کیا) that it was impossible (ناممکن) for them to dodge (دھوکا دینا) the fierce beasts (خونخوار درندے).

Finally (آخر کار), the obedient and faithful servant determined (تہیہ کیا) to face the danger (خطرے کا سامنا کرنا) and drew out (باہر نکالا) his sharp sword (تیز تلوار) and fell upon (ہلا بول دیا) the beasts (درندے). He fought the wolves bravely and valiantly (جواں مردی سے) and thus, provided (مہیا کیا) his master a golden chance (سنہرا موقع) to escape from the sport easily. Though (اگرچہ), the rich man and his family had got enough time to escape, but their faithful servant had sacrificed (قربان کیا) his own life for the protection (حفاظت) of his master and his family members (اہل خانہ). Thus, he had set a new example of faithfulness (وفاداری).

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ کسی چھوٹے سے قصبے میں ایک امیر کبیر آدمی رہتا تھا۔ ایک روز وہ اپنی فیملی اور ایک ملازم کے ہمراہ چار گھوڑوں والی بگھی کی سواری کر رہا تھا۔ وہ ایک جنگل سے گزر رہے تھے جب چند بھوکے بھیڑیوں کے غول نے اچانک ہی ان پر حملہ کر دیا۔ وہ سب خوفزدہ ہو گئے۔ امیر آدمی نے ایک ترکیب سوچی اور اپنے ملازم کو دو گھوڑے بگھی سے ایک ایک کر کے جدا کرنے کا حکم دیا تا کہ بھوکے بھیڑیے ان گھوڑوں کے گوشت سے اپنی بھوک کو مٹا سکیں اور وہ لوگ وہاں سے باآسانی بھاگ سکیں۔ وفادار نوکر نے اپنے مالک کا حکم مانا مگر اس منصوبے نے مؤثر طور پر کام نہ کیا اور بھیڑیوں نے ان کی بگھی پر حملہ جاری رکھا۔ ان سب کو احساس ہو گیا کہ خونخوار درندوں کو دھوکہ دینا ناممکن تھا۔

آخر کار فرماں بردار اور وفادار ملازم نے خطرے کا سامنا کرنے کا پختہ ارادہ کر لیا اور اپنی تیز دھار تلوار باہر نکالی اور درندوں پر جھپٹ پڑا۔ وہ بھیڑیوں سے بہادری و جواں مردی سے لڑا اور اس طرح اپنے مالک کو باآسانی اس جگہ سے فرار ہونے کا موقع فراہم کر دیا۔ اگرچہ امیر آدمی اور اس کے اہل خانہ کو فرار ہونے کے لیے کافی وقت مل گیا تھا مگر ان کے وفادار ملازم نے اپنے مالک اور اس کے اہل خانہ کی حفاظت کے لیے اپنی جان قربان کر دی۔ یوں اس نے وفاداری کی ایک نئی مثال قائم کر دی تھی۔

Moral:

Note: *See the easy version above.*

(23) The Wise Hare and the Foolish Lion (عقلمند خرگوش اور احمق شیر)

(Easy)

Once a lion lived in a jungle. He killed many animals every day. The animals held a meeting (اجلاس منعقد کیا) in desperate condition (مایوسی کی حالت). They decided to send the lion one animal everyday. The lion agreed (متفق ہو گیا) to the proposal (تجویز). One day, it was the turn (باری) of a hare. It willfully (جان بوجھ کر) reached the lion's den (شیر کی کچھار) very late. The lion roared (دھاڑا) out to it, where you had been for so long (اتنی دیر). "Your Majesty (جناب عالی)", replied the hare, "I was coming to you with another hare today. But, another lion killed my companion (ساتھی) on the way and I have come alone (اکیلا)." The lion was filled with rage (بہت غصے میں) to hear about the other lion. And he wanted to fight the matter out with his rival (حریف). The hare led (لے گیا) him to a well. The lion peeped (جھانکا) into it, and took his own reflection (اپنا عکس) for his rival. He jumped into it with an angry roar and was drowned (ڈوب گیا). The hare returned to his friends with the happy news.

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ کسی جنگل میں ایک شیر رہتا تھا۔ وہ روزانہ بہت سے جانور مار ڈالتا تھا۔ جانوروں نے مایوسی کی حالت میں ایک اجلاس منعقد کیا۔ انہوں نے فیصلہ کیا کہ شیر کو روزانہ ایک جانور بھیجا جائے۔ شیر اس تجویز سے متفق ہو گیا۔ ایک دن خرگوش کی باری تھی۔ یہ جان بوجھ کر شیر کی کچھار میں دیر سے پہنچا۔ شیر اسے دیکھ کر دھاڑا کہ تم اتنی دیر کہاں رہے؟ خرگوش نے جواب دیا، "جناب عالی! میں آج ایک دوسرے خرگوش کے ساتھ آپ کے پاس آ رہا تھا۔ لیکن راستے میں ایک دوسرے شیر نے میرے ساتھی کو مار ڈالا۔ اس لیے میں اکیلا آیا۔" شیر دوسرے شیر کا سن کر بہت غصے میں آیا۔ وہ اپنے حریف سے لڑ کر معاملہ طے کرنا چاہتا

تھا۔ خرگوش اسے ایک کنوئیں پر لے گیا۔ شیر نے اس میں جھانکا اور اپنے عکس کو اپنا مخالف شیر سمجھا۔ وہ غصے سے دھاڑتا ہوا اندر کودا اور ڈوب گیا۔ خرگوش یہ خوشخبری لے کر اپنے دوستوں کے پاس چلا گیا۔

Moral: اخلاقی سبق:

1. Two of a trade seldom agree. — ایک نیام میں دو تلواریں نہیں رہتیں۔
2. Intelligence rules over the strength. — ذہانت طاقت پر غالب آ جاتی ہے۔

(Standard)

Once, there lived a lion in a certain (خاص) jungle. He was very cruel (ظالم) and quarrelsome (جھگڑالو) by nature (فطرتاً). He used to kill (ہلاک کرنا) several (کئی) animals even (حتیٰ کہ) in a single day. All the animals of that jungle were sick of (تنگ ہونا) that lion and remained afraid (خوفزدہ) of him all the time. One day, they held (منعقد کی) a grand meeting (بڑا جلسہ) in a safe place (محفوظ مقام) and began to consider (غور و فکر) the matter (معاملہ) of lion that how they could live their lives out of lion's fear (شیر کا خوف). But could not reach any decision, except (ماسوائے) it that they themselves would have to send a prey (شکار) daily in lion's den (شیر کی کچھار), so that other animals might have a sigh of relief (سکھ کی سانس لینا). That lion too, agreed (متفق ہونا) to their proposal (تجویز).

One day, it was turn (باری) of a hare (خرگوش) to be a prey of lion. That hare was quite intelligent (ذہین) so he devised a plan and reached lion's den very late (تاخیر). The lion was angry at him, so he roared (دھاڑا) fiercely (خوفناک انداز میں) and enquired (پوچھ گچھ کی) the hare, the cause (وجہ) of late arrival (تاخیر سے آمد). The hare replied, "Your Majesty, I was coming to you with another hare, but another lion met us and killed my companion to satisfy his hunger (بھوک مٹانا) and I have to come to you alone." Hearing this, the cruel lion got furious (آگ بگولہ ہو گیا) and decided to finish (ختم کرنا) other lion out of rivalry (رقابت). Then the hare led (راہنمائی کی) to a deep well (گہرا کنواں) and pointed (اشارہ کیا) that the other lion was in it. The lion peeped into (جھانکا) the well and took his own reflection (عکس/سایہ) as the other lion. Thus, he jumped into the well with a fierce roar and soon drowned (ڈوبا) in it. The cruel lion had been punished for his bad deeds (برے اعمال) and the hare returned to his friends with a good news.

ایک بار کسی جنگل میں ایک ببر شیر رہتا تھا۔ وہ فطرتاً بہت ظالم و جھگڑالو تھا۔ وہ ایک ہی دن میں کئی کئی جانور ہلاک کر ڈالتا تھا۔ اس جنگل کے تمام جانور اس شیر سے تنگ تھے اور ہر وقت اس سے خوفزدہ رہتے تھے۔ ایک دن انہوں نے کسی محفوظ مقام پر بہت بڑا اجلاس منعقد کیا اور اس شیر کے معاملے پر سوچ بچار کرنے لگے کہ وہ کیسے شیر کے خوف سے نکل کر اپنی زندگیاں گزار سکتے تھے۔ مگر کسی فیصلے پر نہ پہنچ سکے ماسوائے اس کے کہ انہیں بذات خود روزانہ ایک شکار شیر کی کچھار میں بھیجنا ہو گا تاکہ دیگر جانور سکھ کا سانس لے سکیں۔ وہ شیر بھی ان کی تجویز سے متفق ہو گیا۔

ایک دن شیر کا شکار بننے کے لیے کسی خرگوش کی باری تھی۔ وہ خرگوش بہت ذہین تھا لہٰذا اس نے ایک منصوبہ بنالیا اور کافی تاخیر سے شیر کی کچھار میں پہنچا۔ شیر کو اس پر غصہ تھا چنانچہ وہ بھیانک انداز میں اس پر دھاڑا اور خرگوش سے تاخیر سے آمد کی وجہ دریافت کی۔ خرگوش نے جواب دیا، "جناب عالی میں ایک اور خرگوش کے ساتھ آپ کے پاس آ رہا تھا مگر ہمیں ایک اور ببر شیر مل گیا اور اس نے اپنی بھوک مٹانے کے لیے میرے ساتھی کو مار ڈالا اور مجھے اکیلے ہی آپ کے پاس آنا پڑا۔" یہ سنتے ہوئے ظالم شیر نے رقابت کی وجہ سے اس شیر کو مارنے کا فیصلہ کر لیا۔ تب خرگوش نے ایک گہرے کنوئیں تک اس کی راہنمائی کی اور اشارہ کیا کہ وہ ببر شیر وہاں اس (کنوئیں) میں تھا۔ ببر شیر نے کنوئیں میں جھانکا اور اپنے عکس کو دوسرا شیر سمجھ لیا۔ یوں اس نے خوفناک دھاڑ سے کنوئیں میں چھلانگ لگا دی اور جلد ہی اس (کے پانی) میں ڈوب گیا۔ ظالم شیر کو اپنی بداعمالیوں کی سزا مل گئی تھی اور خرگوش ایک اچھی خبر کے ساتھ اپنے ساتھیوں کے پاس لوٹ گیا۔

Moral:

Note: *See the easy version above.*